# لطفا رشید

[illegible]

[illegible]

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

سلسلۂ مطبوعات :

مقتدرہ : ۱۹۹

طبع اول : ستمبر ۱۹۸۸ء

تعداد : ایک ہزار

قیمت : مجلد 120/- روپے
غیر مجلد 100/- روپے

فنی تدوین : ڈاکٹر انعام الحق جاوید

طابع : الطاف ایجوکیشنل پرنٹرز اینڈ پبلشرز ،
۱۱ - نسبت روڈ ، لاہور -

ناشر : ڈاکٹر جمیل جالبی
(صدر نشین)
مقتدرہ قومی زبان ، ۱۶ - ڈی (غربی)
بلیو ایریا ، ایف ۶/۱ ، اسلام آباد -

# کشافِ اصطلاحاتِ تاریخ

(مسوّدی اشاعت)

(DRAFT EDITION)

مرتّبہ
محمّد صدّیق قریشی

مقتدرہ قومی زبان ○ اِسلام آباد

۱۹۸۸ء

Marfat.com

132667

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

# پیش لفظ

انگریزی اصطلاحات کے اُردو تراجم کے ساتھ ساتھ مقتدرہ کی طرف سے کشاف یعنی اصطلاحات کے وضاحتی تراجم پر مبنی کتابیں بھی شائع کی جا رہی ہیں تا کہ پڑھنے والے ان اصطلاحات کے پس منظر اور مفہوم و معنی سے واقف ہو سکیں۔ ”کشاف اصطلاحات تاریخ“ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب سے نہ صرف ”تاریخ“ کے طالب علم بلکہ تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے افراد بھی مستفید ہوں گے۔

اصطلاحات سازی ایک مسلسل عمل ہے اور عام استعمال میں آنے کے بعد ہی کسی اصطلاح کی قبولیت یا عدم قبولیت کے بارے میں کوئی فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ اسی وجہ سے فی الحال اس کتاب کا تسویدی ایڈیشن پیش کیا جا رہا ہے تا کہ اہل علم کی آراء کی روشنی میں الفاظ و اصطلاحات کی معیار بندی کی جا سکے۔

Marfat.com

# A

**Aaverji**

**آورجی**

دولت عثمانیہ کے مرکزی ادارہ حکومت کا عہدہ دار ۔ یہ عہدہ بظاہر سترہویں صدی کے بعد معرض وجود میں آیا ۔ اس کا شمار باب عالی کے پانچ اعلیٰ ترین عہدے داروں میں ہوتا تھا ۔

**Abastanoi**

**آباسٹینوئی**

اسکندر اعظم کے حملے کے وقت ہندوستان کے شمال مغربی حصے میں دریائے چناب کے اُوپر کی طرف آباد قوم ۔ اس کا نام سنسکرت امسبتھا کی یونانی شکل ہے جن کا ذکر اتیاریہ برہمنا ، سہابھارتا اور برہسپتیا ارتھا شاسترا میں ملتا ہے ۔ یہ لوگ جنگجو تھے لیکن بعد میں ان میں سے کئی ایک نے دوسرے پیشے اختیار کر لیے جیسے پروہت ، کسان اور معالج وغیرہ ۔

**Abazes**

**آبازہ**

عثمانیوں کی تاریخ میں بہت سے اشخاص کے نام کے ساتھ ، جو آبازیوں کی نسل سے ہیں ، لقب کے طور پر استعمال ہوا تھا مثلاً آبازہ محمد پاشا ، آبازہ حسن پاشا ۔

**Abbasides**

**عباسی**

عرب خاندان جس نے ۷۴۹ء - ۱۲۵۸ء تک حکومت کی ۔ اس خاندان کا پہلا خلیفہ ابوالعباس السفاح تھا ۔ بنو عباس کا اولین دور زریں تھا جس میں ہارون الرشید اور مامون الرشید جیسے خلفا نے حکومت کی ۔ ۱۲۵۸ء میں چنگیز خان کے پوتے ہلاکو خان نے اس خلافت کا خاتمہ کیا ۔

Marfat.com

Abbe فرانسیسی شہری جسے کلیسائی لباس زیب تن کرنے کا حق حاصل ہو لیکن اُس کے ذمے کوئی فرض منصبی نہ ہو ۔

A. B. C. Powers اے ۔ بی ۔ سی دول ، اے ۔ بی ۔ سی قوتیں

یہ اصطلاح ارجنٹائن ، برازیل اور چلی کے لیے اُس وقت استعمال کی جاتی ہے جب وہ ہم آہنگ ہو کر اقدامات کریں ۔

Abdali ابدالی

ایک افغان قبیلہ جو اب درانی کے نام سے مشہور ہے ۔ اس قبیلے کا جد امجد ابدال ابن نسرین تھا اور وہ سلسلہ چشتیہ کے ایک ابدال یا ولی اللہ خواجہ ابو احمد کا ملازم تھا ۔ ابدالی ایک مدت تک قندھار کے علاقے میں آباد رہے بعد میں ہرات کے علاقے میں اُٹھ آئے ۔ یہ شاہ عباس اول کا زمانہ تھا ۔ نادر شاہ کی وفات (۱۷۴۷ء) کے بعد محمد زمان خان سدوزئی کا دوسرا بیٹا احمد خان قندھار میں احمد شاہ ابدالی کے نام سے بادشاہ بن گیا ۔ اُس نے دردوراں کا لقب اختیار کیا ۔ اُس وقت سے یہ قبیلہ درانی بن گیا ۔ اُس کی دو بڑی شاخیں پوپل زئی اور بارک زئی تھیں ۔

Abdication (۱) ترک سلطنت ، دستبرداری ، کنارہ گیری

سرکاری منصب خاص کر بادشاہت کو کسی دوسرے کے حق میں چھوڑنا ۔ یہ اقدام عموماً رضا کارانہ ہوتا ہے جیسے برطانیہ کے چارلس پنجم کی دستبراری ۔ دستبرداری جبری بھی ہوسکتی ہے مثلاً ۱۹۱۲ء میں چین کے ہسوان تنگ کی دستبرداری ۔ برطانیہ میں ۱۶۸۸ء کے بعد سے دستبرداری کی ممانعت کر دی گئی ہے تاوقتیکہ پارلیمنٹ اس کے لیے رضامند نہ ہو ، مثال کے طور پر ۱۹۳۶ء میں ایڈورڈ ہشتم کے معاملے میں پارلیمنٹ کی منظوری حاصل کر لی گئی تھی ۔

(۲) محروم الارث

Aberdonian ایبرڈین کا باشندہ

Abhisares ابھساراس

یہ قبائلی لوگ اسکندر اعظم کے حملے کے وقت پنچ ، کشمیر کے بعض ملحقہ اضلاع اور ہزارہ کے کچھ حصوں میں آباد تھے -

Abhisheka — چھڑکاؤ

قدیم ہندوستان میں چھڑکاؤ کی یہ رسم اُس بادشاہ کی تاج پوشی کی ایک لازمی خصوصیت ہوتی تھی جس کو سترہ قسم کی سیال اشیا نذر کی جاتی تھیں - یہ اُس پر برہمن پروہت ، رشتہ دار (جو عام طور پر بھائی ہوتا تھا) کوئی دوست مصاحب اور ویسیا چھڑکتے تھے -

Abhorrer — متنفر

اُن لوگوں کے چڑانے کا نام جنھوں نے ۱۶۸۰ء میں چارلس دوم کو پیش کیے گئے سپاس ناموں پر اپنے دستخط ثبت کیے -

Abjuration — دستبرداری ، حلف انکاری

مراعات یا کسی حق مثلاً شہریت سے حلف اُٹھا کر اعراض یا روگردانی کرنا -

Abortive coup — لاحاصل انقلاب

Abortive revolt — بے سود یا ناکام شورش

Abrasion (of coins) — فرسودگی (سکہ زر)

Absolutism, dynastic — دودمانی مطلق العنانیت

Absolutism, hellenistic — یونانی مطلق العنانیت

Abuse of liberty — آزادی کا بے جا استعمال

Abuse of power — اختیارات کا بے جا استعمال

اپنے اختیارات کا اس طریقے سے استعمال کرنا جس طرح کہ اس کو اختیار نہیں ہے -

Acadian — نوواسکو شیائی

Marfat.com

امریکہ کا باشندہ ۔ لفظی معانی میری ٹائم صوبوں کا فرانسیسی بولنے والا باشندہ ۔

Accadian

عکادی

(۱) بابل کے قدیم باشندے ۔

(۲) عکادی زبان جو پیکانی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی ۔

Acephalous

بے رہنما ، بے سر

ایسا فرد جو کسی کو اپنا سردار یا رہنما نہ مانے ۔

Achaemenidae/Achaemenids

عکامانی

۵۵۰ - ۳۳۱ قم کے درمیانی عرصے میں اُس ایرانی خاندان کا رکن جس نے سائرس اول ، کیمبسز دوم اور دارا اول اور دیگر بادشاہوں کے دور میں وسیع سلطنت قائم کی ۔ اُس نے مصر کو فتح کیا اور یونان پر حملہ کیا ۔ اس کا تختہ ۳۳۱ قم میں اسکندر اعظم نے آربیلا کے مقام پر اُلٹا ۔

Adhyaksha

اذیا کاشا

کوتلیہ کی ارتھ شاستر میں محکمہ جات کے سربراہوں کے لیے استعمال کیا جانے والا نام ، جیسے ناگار اذیا کاشاس یعنی شہروں کا نگران میجسٹریٹ ۔

Adi Granth

ادی گرنتھ

سکھوں کی پہلی مقدس کتاب جسے ۱۶۰۴ء میں پانچویں گرو ارجن مل (۱۵۸۱ء - ۱۶۰۶ء) نے مرتب کیا ۔ اس میں گرو نانک ، اُس کے تین جانشینوں کے علاوہ ہندو اور جین بزرگوں کے اقوال بھی شامل ہیں ۔

Adil Shahi dynasty, the

عادل شاہی خاندان

یہ ۱۴۸۹ء میں یوسف عادل خان نے بیجا پور میں قائم کیا جو کہ

Marfat.com

بنیادی طور پر ایک غلام تھا ۔ اس خاندان نے ۱۳۸۹ء سے ۱۶۸۵ء تک حکومت کی ۔ اس خاندان کا آخری فرمانروا سکندر تھا جسے اورنگ زیب نے شکست دی ۔ اس خاندان کے حکمرانوں میں یوسف، اسماعیل ، مالو ، ابراہیم اول ، علی ، ابراہیم دوم ، محمد علی دوم اور سکندر شامل ہیں ۔ یہ حکمران فن تعمیر کے دلدادہ تھے ۔

Adivaraha
ادی ورہا

قنوج کے خاندان گرجارا پریتھارا کے بادشاہ مہیرا بھوجا کا لقب ۔ یہ لقب شمالی ہندوستان میں کثرت سے پائے گئے سکوں پر کندہ ہے ۔ اس بادشاہ نے ۸۴۰ء - ۸۹۰ء تک حکومت کی ۔

Administration, royal
نظم و نسق شاہی

Administrations, short-lived
قلیل العمر حکومتیں

Adventism
ظہوریت

ابتدائی اُنیسویں صدی کے شروع میں کئی ایک مذہبی مجالس کا اُصول جس نے اپنا محور بائبل کے پیغمبرانہ تناسب پر دلچسپی کو رکھا اور اسے مذہب کا اہم رکن قرار دیا ان کے نزدیک یسوع مسیحؑ کا دوسرا ظہور بہت اہم ہے ۔

Adventist
ظہوری

Adventurer, merchant
مہم جو تاجر

Aeolian
ایولیان

ایولیان قدیم یونانیوں کے ایک گروہ کا رکن ۔ اُنھوں نے تھیسلے (۱۰۰۰ ق م) سے بیوٹیا ، مغربی پیلوپونٹسس ، ایجین جزائر ، شمال مغربی ایشیائے کوچک کی طرف ہجرت کی ۔

Afghans, the
افغان

افغانستان میں آباد لوگوں کے لیے مستعمل اصطلاح ۔ یہ لوگ جنگجو

ہیں اور قدیم زمانے سے اس خوبی کے مالک ہیں - محمود غزنوی اور شہاب الدین غوری افغان بادشاہ تھے جنھوں نے ہندوستان پر حملے کیے - لودھی خاندان (۱۴۵۰ء - ۱۵۲۶ء) خالص افغان خاندان تھا - پہلے مغل بادشاہ بابر نے ۱۵۲۶ء میں پانی پت کی پہلی لڑائی میں ان کا اقتدار ختم کیا - شیر شاہ نے (۱۵۳۹ء - ۱۵۴۲ء) دوبارہ افغان اقتدار قائم کیا لیکن اس خاندان کا اقتدار بھی ۱۵۵۶ء میں پانی پت کی دوسری لڑائی میں اکبر کے ہاتھوں ختم ہو گیا -

**Afridis, the** — آفریدی

پاکستان کے علاقہ خیبر میں آباد ایک قدیم جنگجو قبیلہ جو ۱۶۶۷ء میں اورنگ زیب عالمگیر[7] کے خلاف اُٹھ کھڑا ہوا اور خون ریز لڑائی کے بعد ہی اُن پر قابو پایا جا سکا - ۱۸۹۳ء کی قائم کردہ ڈیورنڈ لائن کے بعد وہ انگریزوں کے ماتحت آ گئے -

**Agalassoi, the** — آ گالاسوئی

سبوئی سے آگے وادی سندھ میں آبادؔ ایک قبیلہ جس سے سکندر اعظم کا واپسی پر آمنا سامنا ہوا - آ گالاسوئی کی فوج میں چالیس ہزار پیادہ اور تین ہزار گھوڑے تھے - اُنھوں نے سکندر اعظم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا لیکن آخرکار شکست کھائی - کہا جاتا ہے کہ یونانیوں کی ماتحتی سے بچنے کے لیے اُن میں سے بیس ہزار افراد نے اپنی بیویوں اور بچوں سمیت اپنے آپ کو نذر آتش کر لیا - اس کے ساتھ ہی اُنھوں نے اپنی بستیوں کو بھی آگ لگا دی -

**Aganzi** — آقینجی

دولت عثمانیہ کی ابتدائی صدیوں میں بے قاعدہ سوار فوج جو اصل میں یورپ میں استعمال کرنے کی غرض سے تیار کی گئی تھی اور وہیں اس کی چھاؤنیاں تھیں -

**Aga Khan, the** — آغا خان

برصغیر پاک و ہند میں بوہرہ اسماعیلی فرقے کے مذہبی سربراہ کا لقب-

Marfat.com

یہ لقب سب سے پہلے حسن علی کو عطا کیا گیا - اُس کے بیٹے آغا علی شاہ کے پاس یہ لقب تین سال (۱۸۸۱ء - ۱۸۸۴ء) تک رہا - یہ لقب اب اُس کی اولاد کے پاس ہے - اُس کے بیٹے سلطان محمد آغا خان سوم کو ہزہائی نیس کا خطاب دیا گیا -

**Age** زمانہ ، عصر

زمانے کا ایک بڑا عرصہ جو کہ اپنی خاص خصوصیات کی بنا پر دوسروں سے ممتاز ہوتا ہے جیسے قرون وسطیٰ -

**Age of enlightenment** روشن فکری کا عہد

**Age of Reason** عہد تعقل

**Age to age** قرن بہ قرن

**Agnikulas, the** اگنی کولاس

چار راجپوت خاندان یعنی پاوار ، پری ہار ، چوہان اور سولانکی - ایک روایت ہے کہ یہ چاروں قبائل آگ سے پیدا ہوئے اور جنوبی راجپوتانہ میں ماؤنٹ ابو پر ایک آگ کے گڑھے سے اُن کی اصل ہوئی -

**Agni Purana** اگنی پرانہ

اگنی پرانوں میں سے ایک پرانہ جو ہندوستانی تاریخی روایت کے باضابطہ ریکارڈ پر مشتمل ہے -

**Agra-Mahisi** اگراماہیسی

سیکاتھی دور میں اعلیٰ ملکہ کا منصب ، مثال کے طور پر ناگانیکا -

**Agrarismo** زرعی اصلاحات کے لیے میکسیکو کی دیسی تحریک

یہ کسانوں کے مابین منصفانہ تقسیم نو (اراضی) پر زور دیتی تھی -

**Agronomoi, the** اگرونوموئی

Marfat.com

چندرگپت موریہ کے عہد میں میجسٹریٹ تھے ۔ ان کے ذمہ دریاؤں کی حفاظت اور زمین کی پیمائش وغیرہ تھی ۔ وہ زمین کا لگان وصول کرتے تھے ، سڑکوں کی دیکھ بھال کرتے تھے ۔ دیہی نظم و نسق بھی اُن کے ذمے ہوتا تھا ۔

اہاواسالا Ahavamalla

یہ کلیانی کے بادشاہ سومسوارا اول کا لقب تھا جو ۱۰۵۳ء-۱۰۶۸ء تک برسراقتدار رہا ۔

اہومس Ahoms, the

بالائی برما کا شہن قبیلہ ۔ اس نے ۱۲۲۸ء میں آسام کے شمال مشرق حصے پر سوکافا کی قیادت میں حملہ کیا اور یہاں قبضہ کر لیا ۔ اس قبیلے کی اپنی ثقافت تھی لیکن بتدریج وہ اسامی رنگ میں رنگے گئے ۔

استمداد ، اعانت ، دستگیری Aids

جاگیرداری نظام میں وہ رقم جو ایک طفیلی اپنے آقا کو پیش کرتا ہے ۔ برطانیہ میں ۱۲۱۵ء کے میگناکارٹا کی رو سے یہ رقم آقا (لارڈ) کے پہلوٹھی کے بیٹے کے نائٹ بننے یا بڑی بیٹی کی شادی پر دی جاتی تھی ۔ فرانس میں یہ رقم ایک قسم کے شاہی ٹیکس میں تبدیل کر دی گئی ۔ یہ سلسلہ ۱۷۸۹ء تک جاری رہا ۔

آئین اکبری Ain-i-Akbari

شہنشاہ اکبر کے دوست اور وزیر ابوالفضل کی فارسی میں تصنیف جو نظام ریاست کا اعداد و شمار کی مدد سے جائزہ لیتی ہے ۔ یہ اُس وقت کے معاشی اور انتظامی نظم و نسق پر سیر حاصل بحث کرتی ہے ۔

عینو Ainu

جاپان کے قدیم لمبے بالوں والے باشندے ۔ اب اُن کی تعداد محض پندرہ ہزار رہ گئی ہے ۔

Marfat.com

Ajivikas

اجیویکاس

گوتم بدھ اور مہاویر کا ہمعصر مذہبی فرقہ جسے گوسالہ نے قائم کیا ۔ اس کا انسانی کوششوں پر بالکل یقین نہیں تھا بلکہ یہ تقدیر پرستی کا قائل تھا ۔ اشوک کمار نے اُن کو گیا کے قریب باراباار کی پہاڑیوں میں غاروں والے تین مندر دیے ۔

Akbar-namah, the

اکبر نامہ

شہنشاہ اکبر کے دور حکومت کا ایک تاریخی بیان جسے اُس کے دوست اور مصاحب ابوالفضل نے تحریر کیا ۔ یہ اس دور کی ایک مستند دستاویز ہے اگرچہ اس میں جانبداری کا پہلو غالب نظر آتا ہے ۔

Akesines, the

اکیسائینز

رگ ویدا کے بھجن میں مذکور پنجاب کا ایک دریا جسے آج کل چناب کہا جاتا ہے ۔

Akkad

عکاد

بابل کا شمالی حصہ جہاں چار ہزارویں سال ق م میں ایک سامی قوم آباد ہوئی اور ۲۸۰۰ ق م میں سارگون کی قیادت میں ایک سامراجی قوت بنی ۔ ہاموربی کے دور میں عکاد اور سومر (بابل کا جنوبی علاقہ) متحد ہوگئے ۔

Alans

ایلنز

کاکیشیا کے گرد و نواح میں رہنے والے ایرانی نسل کے لوگ ۔

Albigenses

ایابیجنسی

جنوبی فرانس کے شہر البا کا کے وہ لوگ جنھوں نے بارہویں اور تیرہویں صدی میں رومی کلیسا کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور پادریوں کی اخلاقی خرابیوں کو ظاہر کیا ۔

Marfat.com

ایلبیجنسی صلیبی جنگ
Albigensian Crusade

بارہویں اور تیرہویں صدی میں رومی کلیسا کے خلاف تحریک جو اس سرعت سے پھیلی کہ پوپ ثالث کو اس فرقے کے خلاف بیس برس تک جنگ کرنا پڑی ۔

ایلکالدا
Alcalde

ہسپانوی ، پرتگالی یا ہسپانوی امریکی قصبوں کا میجسٹریٹ ۔

المانی
Alemanni

پانچویں صدی عیسوی میں جرمنی میں بیڈن اور السیاک کے علاقوں میں آباد ایک قبیلہ جسے ۴۹۶ء میں ابل فرانک نے کلوس کی قیادت میں شکست دی ۔

اسکندر
Alexander

(۱) روس کے شہنشاہ

اسکندر اول (۱۷۷۷ء - ۱۸۲۵ء) ۱۸۰۱ء - ۱۸۲۵ء تک برسر اقتدار رہا ۔

اسکندر دوم (۱۸۱۸ء - ۱۸۸۱ء) ۱۸۵۵ء - ۱۸۸۱ء تک برسر اقتدار رہا ۔

اسکندر سوم (۱۸۴۵ء - ۱۸۹۴ء) ۱۸۸۱ء - ۱۸۹۴ء تک برسر اقتدار رہا ۔

(۲) اسکاٹ لینڈ کے بادشاہ

اسکندر اول (۱۰۷۸ء - ۱۱۲۴ء) ۱۱۰۷ء - ۱۱۲۴ء تک برسر اقتدار رہا ۔

اسکندر دوم (۱۱۹۸ء - ۱۲۴۹ء) ۱۲۱۴ء - ۱۲۴۹ء تک برسر اقتدار رہا ۔

اسکندر سوم (۱۲۴۱ء - ۱۲۸۶ء) ۱۲۴۹ء - ۱۲۸۶ء تک سربر اقتدار رہا ۔

Marfat.com

(۳) سربیا اور یوگوسلاویہ کے حکمران

اسکندر (۱۸۰۶ء - ۱۸۸۵ء) ۱۸۴۲ء - ۱۸۵۸ء تک سربیا کا حکمران رہا ۔

اسکندر (۱۸۷۶ء - ۱۹۰۳ء) ۱۸۸۹ء - ۱۹۰۳ء تک سربیا کا حکمران رہا ۔

اسکندر (۱۸۸۸ء - ۱۹۳۴ء) ۱۹۲۱ء - ۱۹۳۴ء تک یوگوسلاویہ کا بادشاہ رہا ۔

اسکندریائی فلسفہ **Alexandarian philosophy**

نو افلاطونی فلسفہ یا نظام جو پلوٹینس اور پورفیرس نے پیش کیا اسی فلسفے نے تیسری صدی کے آغاز سے ۵۲۹ء تک نشو و نما پائی۔

اسکندریائی مکتب **Alexandarian school**

رومیوں اور یونانیوں کے تحت (۳۰۰ - ۱۴۶ ق م) اسکندریہ کا ادب ، سائنس اور فکر ۔

الفانسو **Alfonso**

(۱) آراگون کے بادشاہ

الفانسو اول متوفی ۱۱۳۴ء آراگون اور ناویرے کا ۱۱۰۴ء - ۱۱۳۴ء تک بادشاہ رہا ۔

الفانسو دوم (۱۱۵۲ء - ۱۱۹۶ء) آراگون کا ۱۱۶۴ء - ۱۱۹۶ء تک بادشاہ رہا ۔

الفانسو پنجم (۱۳۹۶ء - ۱۴۵۸ء) آراگون اور سسلی کا ۱۴۱۶ء - ۱۴۵۸ء تک بادشاہ رہا ۔ ۱۴۴۳ء - ۱۴۵۸ء تک نیپلز کا بادشاہ رہا ۔

(۲) پرتگال کے بادشاہ

الفانسو اول (۱۱۱۱ء - ۱۱۸۵ء) پرتگال کا پہلا بادشاہ ۱۱۳۹ء میں بنا ۔

Marfat.com

الفانسو دوم (۱۱۸۵ء - ۱۲۲۳ء) ۱۲۱۱ء - ۱۲۲۳ء تک برسر اقتدار رہا ۔

الفانسو سوم (۱۲۱۰ء - ۱۲۷۹ء) ۱۲۴۸ء - ۱۲۷۹ء تک برسر اقتدار رہا ۔

الفانسو چہارم (۱۲۹۱ء - ۱۳۵۷ء) ۱۳۲۵ء - ۱۳۵۷ء) تک برسر اقتدار رہا ۔

الفانسو پنجم (۱۳۳۲ء - ۱۳۸۱ء) ۱۳۳۸ء - ۱۳۸۱ء) تک برسر اقتدار رہا ۔

الفانسو ششم (فاتح) (۱۶۴۳ء - ۱۶۸۳ء) ۱۶۵۶ء - ۱۶۶۷ء تک برسر اقتدار رہا ۔

(۳) اسپین کے بادشاہ

الفانسو اول (کیتھولک) (۶۹۳ء - ۷۵۷ء) آسٹریاس کا ۷۳۹ء - ۷۵۷ء تک بادشاہ رہا ۔

الفانسو سوم (الفانسو اعظم) (۸۳۸ء - ۹۱۰ء) آسٹریاس کا ۸۶۶ء - ۹۰۹ء تک بادشاہ رہا ۔

الفانسو پنجم (نوبل) (۹۹۴ء - ۱۰۲۷ء) ۹۹۹ء - ۱۰۲۷ء تک آسٹریاس اور لیون کا بادشاہ رہا ۔

الفانسو ششم (۱۰۳۰ء - ۱۱۰۰ء) ۱۰۶۵ء - ۱۱۰۹ء تک لیون اور ۱۰۷۰ء - ۱۱۰۹ء تک کاسٹائل کا بادشاہ رہا ۔

الفانسو ہفتم (شہنشاہ) (۱۱۰۴ء - ۱۱۵۷ء) ۱۱۲۶ء - ۱۱۵۷ء تک لیون اور کاسٹائل کا بادشاہ رہا ۔

الفانسو ہشتم (نوبل) (۱۱۵۵ء - ۱۲۱۴ء) ۱۱۵۸ء - ۱۲۱۴ء تک کاسٹائل کا بادشاہ رہا ۔

الفانسو یازدہم (۱۳۱۱ء - ۱۳۵۰ء) ۱۳۱۲ء - ۱۳۵۰ء تک کاسٹائل اور لیون کا بادشاہ رہا ۔

الفانسو دوازدہم (۱۸۵۷ء - ۱۸۸۵ء) اسپین کا ۱۸۷۰ء - ۱۸۸۵ء تک بادشاہ رہا ۔

الفانسو سیزدہم (۱۸۸۶ء - ۱۹۳۱ء) ۱۸۸۶ء - ۱۹۳۱ء تک بادشاہ رہا ۔

**الگانکون** **Algonquin**

الگانکون انڈین قبیلے کا ایک رکن ۔

**الحمرا** **Alhambra**

مسلمان دور کے غرناطہ میں ایک پہاڑی پر تعمیر کردہ عمارت جس کے اندر محلات اور اُمرا کی رہائش گاہیں شامل تھیں ۔ الحمرا کے لغوی معانی سرخ کے ہیں اور یہ عمارت ۱۲۴۸ء - ۱۳۵۴ء کے دوران میں تعمیر کی گئی - ۱۴۹۲ء میں مسلمانوں کے زوال کے بعد عیسائیوں نے اس عمارت کو بے حد نقصان پہنچایا ۔

**الموحدز** **Almohades/Almohads**

بارہویں اور تیرہویں صدی کے مراکش اور اسپین کا بربر نسل کا مسلمان حکمران خاندان ۔ اس کی بنیاد محمد بن حارث نے رکھی (۱۱۲۰ء) ۔

**الابلہ** **Al-Obolla**

قرون وسطیٰ کا ایک بڑا شہر جو دریائے دجلہ کے ڈیلٹا میں بصرہ کے مشرق جانب واقع تھا ۔

**حروف تہجی** **Alphabets**

ہندوستان میں قدیم ترین حروف تہجی جو پپراوا کے گلدان اور اشوک کمار (۲۷۳ - ۲۳۲ ق م) کے کتبوں پر ملتے ہیں ۔ ان کو براہمی رسم الخط کہا جاتا ہے ۔

**کل یوم اولیا** **All Saints' Day**

Marfat.com

یکم نومبر کو مسیحی دنیا کی عید ۔ اسے گریگوری سوم نے تمام اولیا کے احترام میں شروع کیا ۔

All Souls' Day
کل یوم ارواح

۲ نومبر کو مسیحی دنیا میں منایا جانے والا وہ تہوار جو اُن لوگوں کی یاد میں منایا جاتا ہے ۔ جنھوں نے مذہب کے لیے جان دی ۔

Alp
آلپ

شجاع ، دلیر مثلاً آلپ طغرل ۔ یہ لفظ ترکوں میں اسلام سے قبل بطور اسم معرفہ یا لقب اعزازی عموماً مستعمل تھا اور اسلام کے ظہور کے بعد بھی قائم رہا ۔

Altaians
التائیہ

جبال التای کا ایک ترک قبیلہ ۔

Alumni
طلبائے قدیم

Alvars, the
آلورس

تامل اور جنوبی ہندوستان میں قدیم ترین ویش نادا گروہ جس نے ساتویں اور آٹھویں صدی میں فروغ پایا ۔ اس کے قائدین کو اچاریہ کہتے تھے ۔

Amalric
عمالرک = عماری

بیت المقدس کے لاطینی بادشاہ

عمالرک اول (۱۱۳۵ء - ۱۱۷۴ء) ۱۱۶۳ء - ۱۱۷۴ء تک برسر اقتدار رہا ۔
عمالرک دوم متوفی ۱۲۰۵ء - ۱۱۹۴ء میں قبرص کا بادشاہ بنا ۔

Amatya
امیتہ

موریہ عہد میں انتظامیہ اور عدلیہ کے اعلیٰ حکام ۔

Ambitious, imperial
استعماری عزائم

Marfat.com

**Ambitious, national** — قومی عزائم

**American Revolution** — امریکی انقلاب

یہ انقلاب ۱۷۷۵ء - ۱۷۸۳ء کے عرصہ میں برپا ہوا - اس کی رو سے تیرہ ریاستوں نے برطانیہ سے آزادی حاصل کی -

**Ammonite** — عمالقی

ٹرانس اُردن کے قدیم سامی لوگوں کی ایک شاخ جس کا بڑا مرکز رباتھ عمان تھا جو اب عمان کہلاتا ہے - عمالقی بادشاہت تیرہویں صدی ق م میں قائم ہوئی اور چھٹی صدی ق م تک اس کا عروج رہا -

**Amoghavarsha** — اموگا ورشا

رشٹرا کٹا خاندان (دکن) کے تین بادشاہوں کا لقب

اموگا ورشا اول ۸۱۴ء - ۸۷۷ء تک برسر اقتدار رہا -

اموگا ورشا دوم ۹۱۷ء - ۹۱۸ء تک برسر اقتدار رہا -

اموگا ورشا سوم = ودگا ۹۳۴ء - ۹۳۹ء تک حکمران رہا -

**Anakim/Anakims** — انوکم

بائبل کی روایت کے مطابق جنوں کی ایک نسل جو کنعان کی فتح کے وقت ہبران میں آباد تھی - یہ جوشا اور کالب کے ہاتھوں نیست و نابود ہوئی -

**Ananda Vikrama Era** — عہد آنند وکرما

مختلف سالوں کا استعمال جو پرتھوی راج کے درباری شاعر چاند بردائی نے اپنے مجموعہ چاند ریسا میں کیا ہے - آنندا کے معانی 'نو سے خالی' کے ہیں - یعنی ۱۰۰ میں سے ۹ منفی کر کے ۹۱ رہ جاتے ہیں یا ۵۷ - ۵۸ ق م کے سانندا وکرما عہد کے لیے ۹۰ سال - لہذا اس کا آغاز ۳۳ء میں ہوا -

**Ancestor** — مورث ، جد ، اسلاف

Marfat.com

Ancestor, common — مورث اعلیٰ

Ancestral greatness — عظمت اسلاف

Ancient — قدیم

بہت طویل ماضی کے وقتوں خاص کر مغرب میں ۴۷۶ء رومی سلطنت کے زوال سے پہلے کا زمانہ ۔

Ancient aids — اعانت قدیمہ

Ancient history — قدیم تاریخ

ماقبل تاریخی دور سے ۴۷۶ء رومی سلطنت کے زوال تک کے عرصہ کی تاریخ ۔

Ancient regime — عہد قدیم

Ancient traditions — قدیم روایات

Ancient world — قدیم دنیا

Andalusia — اُندلس

اسپین کا پرانا نام اُندلس ہے ۔ اسے گیارہویں صدی ق م میں فونسیوں نے فتح کیا ۔ اس کے بعد یہاں یونانی ، کارتھیج اور رومی آباد ہوئے ۔ ۷۱۱ء میں اسے مسلمانوں نے فتح کیا ۔ یہ اسپین کی خوشحالی کا زمانہ تھا ۔ اسے کاسٹائل نے تیرہویں صدی میں فتح کیا ، صرف غرناطہ باقی رہ گیا جسے ۱۴۹۲ء میں زیر کر لیا گیا ۔

Andhra — آندھرا

ہندوستان کے مشرق ساحل کے ساتھ ساتھ کرشنا تک گوداوری کے دہانے تک پھیلی ہوئی سرزمین ۔ برطانوی عہد میں اسے تامل زبان بولنے والی مدراس پریذیڈنسی میں شامل کر دیا گیا ۔

Andhra dynasty, the — خاندان آندھرا

132667

Marfat.com

برصغیر پاک و ہند میں کرشنا اور گوداوری کے درمیان آندھرا کے علاقے میں اس خاندان نے ۶۰ ق م میں سیموکا کی قیادت میں حکومت کی بنیاد ڈالی ۔ اسے ساتا واہنا خاندان بھی کہتے ہیں ۔

حکایت نگار — Anecdotist

آنگ — Anga

ہندوستان میں مشرق بہار کا قدیم نام ۔ اس کا دارالحکومت دریائے گنگا کے کنارے بھاگل پور کے جدید شہر کے نزدیک چمپا تھا ۔ اسے پانچویں صدی ق م میں مگدھا کی بادشاہت میں شامل کر دیا گیا ۔

فرشتہ سیرت ڈاکٹر — Angelic Doctor

مشہور سیاسی مفکر تھامس ایکیوناس ۔

فرشتہ پرستی — Angelolatry

انگکور واٹ — Angkor Vat

بارہویں صدی میں کمبوڈیا کے دارالحکومت میں ہندوستان اور کمبوڈیا کے درمیان روابط کی یاد میں تعمیر کی گئی عظیم یادگار جسے ۱۰۴۹ء - ۱۰۶۶ء میں شاہ سرداوارمان دوم نے تعمیر کیا ۔

اینگل — Angle

ایک جرمن قبیلہ جس نے پانچویں صدی میں مشرق، مرکزی اور شمالی انگلینڈ کو فتح کیا اور وہاں آباد ہوا ۔

اینگلو نارمن — Anglo-Norman

(۱) ۱۰۶۶ء میں نارمن فتح کے بعد انگلینڈ کی سرکاری زبان جو تین صدیوں تک بولی جاتی رہی ۔

(۲) فرانسیسی زبان کی اقسام جنہیں وہ نارمن بولتے تھے جو فرانس میں آباد ہوگئے تھے ۔ یہ اقسام حملہ آور انگلینڈ میں بھی لائے ۔

(۳) نارمن قبیلے کا فرد جو نارمن فتح کے بعد انگلینڈ میں آباد ہوا ۔

Marfat.com

Annals — وقائع ، تاریخی اسناد ، اخبار

Anthropology, physical — طبیعی انسیات ، مادی انسیات

Anti-Pope — حریف پوپ ، پوپ دشمنی

پوپ ، اُس کی حکومت اور اُس کے مسلک کا مخالف ۔

Antiquarian interest — قدائمی دلچسپی

Antiquarianism — سلفیات ، علم سلف ، قدامت شناسی

Antiquated figure — دقیانوسی شخصیت

Antiquities — قدائم

Antitrinitarianism — انکار تثلیث

Anzac Day — یوم انیزاک

۲۵ اپریل ۱۹۱۵ء کو انیزاک افواج کا گیلی پولی میں اُترنے کی یاد میں آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں سرکاری تعطیل ۲۵ اپریل کو دی جاتی ہے ۔

Apalche — آپالچی

قدیم امریکی انڈین لوگ جو فلوریڈا میں خلیج آپالچی کے گرد و نواح میں آباد تھے ۔ ان کو اٹھارویں صدی میں انگریزوں نے نیست و نابود کیا اور زیادہ تر لوگوں کو غلام بنا کر فروخت کر دیا ۔

Apanage/Appanage — وظیفۂ شہزادگی

قرون وسطیٰ کے حکمران کا اپنی چھوٹی اولاد کے لیے زمین یا آمدنی کی صورت میں وظیفہ مقرر کرنا ۔

Applied history — اطلاقی تاریخ

Arachosia — آراکوشیا

Marfat.com

قدیم مورخین قندھار کو آراکوشا کا نام دیتے تھے ۔

Aragon, house of — خاندان آراگون

قرون وسطیٰ میں آراگون ، کاٹالونیا ، میجورکا ، سسلی ، نیپلز ، سارڈینیا اور ایتھنز وغیرہ میں برسر اقتدار خاندان ۔ اس خاندان کا بانی رامیرو اول تھا ۔

Arakan — آراکان

خلیج بنگال کے مشرقی ساحل پر ایک پٹی جو ۱۷۸۴ء تک ایک آزاد بادشاہت تھی ۔ اسے برمیوں نے فتح کیا ۔ یہ علاقہ پہلی برمی جنگ (۱۸۲۴ء - ۱۸۲۶ء) کا باعث بنا جس کے خاتمے پر آراکان کو معاہدہ یندابو کی رو سے برطانوی ہند میں شامل کر لیا گیا ۔

Aravidu (or Karante) Dynasty, the — خاندان آراویدیو (یا کرناٹا)

اس خاندان کی بنیاد وجیانگر کی تباہی کے بعد رکھی گئی جو تاسی کوٹا کی لڑائی (۱۵۶۵ء) کا نتیجہ تھی ۔ اس کا بانی بروملا تھا۔

Archaeological — آثار قدیمہ کے متعلق ، اثری

Archaeologist — ماہر اثریات ، ماہر آثار قدیمہ

Archaeology — اثریات ۔ علم آثار قدیمہ

Archaic — متروک ، دقیانوسی ، فرسودہ ، قدیم

Archaism — دقیانوسیت ، فرسودگی ، قدامت پسندی (خاص کر زبان اور فن میں)

Archaist — متروک پسند

Archbishop — أسقف اعظم ، لاٹ پادری

Archbishopric — سکونت أسقف اعظم ، دائرہ اختیارات أسقف اعظم

Marfat.com

Archdeacon — صدر شماس

لاٹ پادری کا نائب

Archdeaconry — عہدۂ آرچ ڈیکن یا سکونت آرچ ڈیکن

Archdeaconship — عہدہ آرچ ڈیکن

Archdiocese — حلقہ آرچ ڈیکن

Archduchess — آرچ ڈچز

(۱) آرچ ڈیوک کی بیگم

(۲) شاہ آسٹریا کی اہلیہ

Archduchy — آرچ ڈیوک کا علاقہ

Archduke — آرچ ڈیوک

شاہ آسٹریا کا بیٹا

Architects of ruin — بربادی کے بانی

Archon (Greek) — قدیم یونان کا میجسٹریٹ

لفظی معانی قائد ۔ قدیم ایتھنز میں حکومت کے نو میجسٹریٹ یا عہدیدار ہوا کرتے تھے ، انھیں آرکنز کہا جاتا تھا ۔

Arhat — آرہاٹ

بدھ اور جین بزرگوں کے لیے مستعمل اصطلاح ۔

Aria — آریا

قدیم مورخین ہرات کو اس نام سے یاد کرتے تھے ۔

Ariana — آریانہ

افغانستان کے لیے قدیم یونانی نام ۔

Marfat.com

Arianism — آرین ازم

ایک ملحدانہ تحریک جو اسکندریہ میں لیبیا کے ماہر الٰہیات، آریوس (۲۵۶ء - ۳۳۶ء) کی تعلیمات کا نتیجہ تھی ۔ اُس کا کہنا تھا کہ تمام تخلیق سے قبل اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹا بھی پیدا کیا تھا جو ہرگز اپنے باپ کے ہمسر نہ تھا ۔ آریوس کی مخالفت کی گئی اور شہنشاہ کنسٹینٹائن نے نائیشیا کی پہلی کونسل طلب کی جس نے آریوس کے خیالات کی زبردست مخالفت کی ۔ اُس کی مذمت کی گئی لیکن اُس کے پیروکار بڑھتے گئے اور ساتویں صدی تک اُس کے پیروکار افریقہ میں رہے ۔

Aristocracy, defenders of — حامیان اشرافیہ

Aristocracy, feudal — جاگیری اشرافیہ

Aristocracy, hereditary — موروثی اشرافیہ

Aristocracy, landed — صاحب اراضی اشرافیہ

Aristocracy, land owning — مالک زمین اشرافیہ

Aristocracy, priestly — کلیسائی اشرافیہ

Aristocracy, sham — مصنوعی اشرافیہ

Aristocracy, spiritual — روحانی یا مذہبی اشرافیہ

Aristocrat — خواص ، اشراف ، امارت پسند ، رکن طبقہ اُمرا
اشرافیہ میں سے ایک حکمران

Aristocratic class — طبقۂ اشراف

Aristocratic factor — اشرافی عنصر

Aristotelian logic — ارسطاطالیسی منطق

روایتی رسمی منطق جو ارسطو کے پیش کردہ خیالات پر منحصر ہے۔

Marfat.com

بادشاہت آرلس — Arles, kingdom of

یہ بادشاہت ۹۳۳ء میں قائم ہوئی - ۱۰۳۳ء میں اسے مقدس رومی سلطنت کے ساتھ منسلک کر دیا گیا - فرانس کے چارلس ششم کے وکر بنائے جانے کے بعد یہ محض نظریہ میں ہی باقی رہی -

آرٹزرکسیسز — Artaxerxes

قدیم ایران کے بادشاہ

آرٹزرکسیسز اول (متوفی ۴۲۵ ق‌م) ۴۶۵ ق‌م - ۴۲۵ ق‌م تک برسر اقتدار رہا -

آرٹزرکسیسز دوم (متوفی ۳۵۸ ق‌م) ۴۰۴ ق‌م - ۳۵۸ ق‌م تک برسر اقتدار رہا -

آرٹزرکسیسز سوم (متوفی ۳۳۸ ق‌م) ۳۵۸ ق‌م - ۳۳۸ ق‌م تک برسر اقتدار رہا -

آریہ — Aryan

کاکیشائی نسل جس سے انڈو یورپی اقوام نے جنم لیا -

آریہ سماج — Aryan Samaj

معاشرتی اصلاحی مجلس جس کی بنیاد دیانندا سَراسوتی نے ہندوستان میں ۱۸۷۵ء میں رکھی - اس کا مقصد مغربی تعلیم کے اثرات تلے عیسائی بننے کے رجحان کو روکنا تھا -

آریائی علم — Aryan science

آریہ ورتا — Aryavarta

لغوی اعتبار سے اس کے معانی وہ علاقہ جہاں آریہ آباد ہیں - منو کے مجموعہ قانون میں اس اصطلاح کا استعمال شمالی ہندوستان کا وہ تمام علاقہ ہے جو ہمالیہ اور وندیاس کے درمیان سمندر سے سمندر تک واقع ہے -

آباؤ اجداد — Ascendants

Marfat.com

Ascending line

سلسلہ اجداد

Ashkenazim

اشکینہزم

پولینڈ اور جرمنی کے یہودی

Assent, royal

شاہی منظوری

Astronomer, royal

شاہی ہیئت دان ، شاہی منجم

Asvamedha

اسوامیدہ

قدیم ہندوستان میں فاتح بادشاہ کا اپنے شاہی اقتدار کا جشن منانے کے لیے ملک بھر میں خوشی کی رسم ۔ اس موقع پر فاتح بادشاہ یا اُس کے مسلح بیٹوں کی رہنمائی میں ایک گھوڑے کو آزاد پھرنے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ۔ ایک خاص وقت کے بعد اگر یہ بحفاظت واپس آ جاتا تو یہ اس بات کی علامت تھی کہ اُس کا شاہی آقا غیر متنازعہ طاقت کا مالک تھا ۔

Ataleeq

اتالیق

اتابک کی ہم معنی ایک اصطلاح جو صرف ترکوں ہی میں نہیں بلکہ قفقاز ، ترکستان اور ہندوستان میں رہنے والے تیموری اور ترکی خاندانوں میں بھی رائج تھی ۔ یہ اصطلاح اُنیسویں صدی تک بخارا و خیوا کے امیروں میں مستعمل تھی اور کاشغر کا امیر یعقوب بے اپنے لیے اتالیق غازی کا لقب استعمال کرتا تھا ۔

Augustan

آگسٹن

(۱) رومی شہنشاہ آگسٹس قیصر کے متعلق ۔ اس نے ۲۷ ق م ۔ ۱۴ء تک حکومت کی ۔

(۲) اٹھارویں صدی کے پہلے نصف کا مصنف ۔

Augustus

آگسٹس

(۱) پہلا رومی شہنشاہ جو جولسیز سیزر کا رشتے میں بھتیجے کا بیٹا تھا ۔ اُس نے ۶۳ ق م ۔ ۱۴ء تک حکومت کی ۔

Marfat.com

(۲) پولینڈ کے بادشاہ ۔

آگسٹس اول (۱۳۶۸ء - ۱۴۳۴ء) ۱۴۳۳ء - ۱۴۳۴ء تک برسر اقتدار رہا ۔

آگسٹس دوم (۱۶۷۰ء - ۱۷۳۳ء) ۱۶۹۷ء - ۱۷۰۶ء تک برسر اقتدار رہا ۔

آگسٹس سوم (۱۶۹۶ء - ۱۷۶۳ء) ۱۷۳۶ء - ۱۷۳۲ء تک برسر اقتدار رہا ۔

آسٹرو ہنگری ملوکیت
Austro-Hungarian Monarchy

یہ بادشاہت ۱۸۶۷ء سے ۱۹۱۸ء تک قائم رہی ۔ یہ ہنگری اور آسٹریا کے درمیان ایک آئینی معاہدے کا نتیجہ تھی ۔

کلیسائی حکام ، کلیسائی زمامداران
Authorities, ecclesiastical

آونٹی
Avanti

قدیم ہندوستان میں ایک اہم ریاست جس کا دارالحکومت یوجینی تھا جو موجودہ مالوہ کے قریب واقع تھا ۔

آواتاراس
Avataras

خدائے بزرگ و برتر کے زندہ و جاوید شکل میں مجسمے ۔ ہندو عقیدے کے مطابق نیکی اور بدی کے بھی مجسمے ہیں ۔

آیدین اوغلو
Aydin ogullu

ایک ترکمان خانوادہ جو ۷۰۸ھ تا ۸۲۹ھ / ۱۳۰۸ء تا ۱۴۲۵ء اسی نام کی امارت پر برسر اقتدار رہا ۔

آزٹیک
Aztec

بارھویں صدی کے آخر میں میکسیکو میں آباد ہونے والے انڈین لوگ ۔ آزٹیک نے اپنی ایک سلطنت قائم کی جسے کورٹس نے ۱۵۲۱ء میں ختم کیا ۔ نفیس سرکاری فن تعمیر ، علوم و فنون میں ترقی اور تصویری حروف ابجد آزٹیک تہذیب کی خوبیاں تھیں ۔ ان میں ذات پات کا نظام بھی موجود تھا اور وہ بت پرستی پر یقین رکھتے تھے ۔ وہ انسانی قربانی بھی دیتے تھے ۔

Marfat.com

# B

**Baalism**

باطل پرستی

**Baalist**

باطل پرست

**Babism**

بابی ازم

اس مذہبی فرقے کی بنیاد ۱۸۴۳ء میں ایران کے شہر شیراز کے مرزا علی محمد نے رکھی جب اُس نے اپنے باب الدین ہونے کا اعلان کیا اور خود کو موسیٰؑ، عیسیٰؑ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا جانشین قرار دیا ۔ اُس نے تصوف ، عیسائیوں کے گیانیوں اور شیعیوں سے اپنے عقائد اخذ کیے - ۱۸۵۰ء میں اُسے پھانسی دے دی گئی -

**Badshah-namah**

بادشاہ نامہ

اورنگ زیب عالمگیرؒ کے عہد میں عبدالحمید کی تصنیف -

**Bahai**

بہائی

بہائیت کا پیروکار -

**Bahaism**

بہائیت

ایران کے بہاء اللہ (۱۸۱۷ء - ۱۸۹۲ء) کا قائم کردہ مذہب ۔ اس کا اصلی نام مرزا حسین علی تھا ۔ اُس نے ۱۸۶۲ء میں خود کو باب الدین کا جانشین قرار دیا ۔ بہائی سادہ معاشرت ، عالمگیر تعلیم ، تمام مذاہب کی وحدت ، عالمی امن اور عورتوں اور مردوں کی مساوات پر یقین رکھتے ہیں ۔ خدا کو صرف اُس کے اظہارات کے ذریعے ہی دیکھا جا سکتا ہے جو کہ پیغمبر ہوتے ہیں - پیغمبر ہر ایک ہزار سال کے بعد پیدا ہوتے ہیں -



Marfat.com

بہاء اللہ کی وفات کے بعد بہائیت اُس کے خاندان میں موروثی بن گئی۔ اس طرح یہ قیادت اُس کے بیٹے سر عبدالبہاء کے پاس آ گئی۔ اُس کی وفات کے بعد اُس کا بیٹا اس مذہب کا سربراہ بنا۔ ۱۹۵۷ء میں اُس کی وفات ہوئی تو اس مذہب کا انتظام ایک بین الاقوامی تنظیم (کونسل) کے ہاتھوں میں آئی۔

## بہمنی بادشاہت اور خاندان Bahmani kingdom and dynasty

اس بادشاہت اور خاندان کی بنیاد ۱۳۴۷ء میں دکن میں محمد تغلق کے ایک افسر حسن نے رکھی جسے عام طور پر ظفر خان کہتے ہیں۔ اُس نے محمد تغلق کے احمقانہ نظم و نسق اور علاقے میں نفاق سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اقتدار حاصل کر لیا۔ حسن خود کو ایران کے ہیرو بہمن کی اولاد کہتا تھا۔ اقتدار کے حصول کے بعد اُس نے علاؤ الدین بہمن شاہ کا لقب اختیار کیا اور گلبرگہ یا کلبرگہ میں اپنا دارالحکومت قائم کیا۔ اس خاندان میں چودہ بادشاہ ہوئے ہیں۔ ان میں سے چار قتل ہوئے، دو کو معزول کر کے اُن کو اندھا کر دیا گیا۔ نویں بادشاہ احمد نے اپنا دارالحکومت بدر منتقل کر لیا۔

## بلہارا Balhara

سلخد کے بادشاہوں کا لقب۔ اسے خاص کر اموگا وارشا اول نے اختیار کیا جس نے تقریباً ۶۲ برس (۸۱۵ء - ۸۷۷ء) تک حکومت کی۔

## بالی Bali

موریہ بادشاہوں کے زمانے میں ایک زرعی ٹیکس جو بھاگا کے علاوہ عائد کیا جاتا تھا۔ بھاگا کل پیداوار کا چھٹا حصہ تھا۔

## بار بیروا Bar Barua

بالائی آسام میں آہوم کنگ پرتاپ سنگھ کے دور میں کالیابار کے مشرقی علاقے کے ناظم کا سرکاری منصب۔ اس عہدے پر فائز ہونے والا پہلا شخص بادشاہ کا چچا مومائی تاسولی تھا۔

Marfat.com

Bar Gohain

بارگوہین

بالائی آسام میں آہوم گنگ پرتاپ سنگھ کے زمانے میں بادشاہ کے بعد سب سے زیادہ بااختیار افسر ۔ یہ عہدہ پندرہ آہوم خاندانوں کے کسی ایک رکن کے پاس ہوتا تھا ۔ یہ عہدہ عام طور پر موروثی ہوتا تھا لیکن بادشاہ کو یہ حق حاصل ہوتا تھا کہ وہ شاہی خاندان کے کسی بھی رکن کو یہ عہدہ تفویض کر دے ۔ اس عہدے دار کے پاس وسیع فوجی ، انتظامی اور عدالتی اختیارات ہوتے تھے ۔

Baranassi/Varanasi

بیراناسی = ویراناسی

جدید بنارس کا قدیم نام ۔

Barbarian

وحشی ، جاہل

Barbarianism

وحشت ، جہالت

Barbarious

غیر متمدن وحشی

Barbarian codes

غیر متمدن ضابطۂ ہائے قوانین

Barbarism

بربریت ، وحشی گری ، وحشی پن

Barbary states

بربر قزاق ریاستیں

طرابلس ، تیونس ، الجزائر اور مراکش کی ریاستیں جو سرکاری طور پر قزاقی میں ملوث تھیں ۔ کئی ایک اقوام اپنی تجارت کو ان کی غارت گری سے محفوظ رکھنے کے لیے اُن کو اخراج ادا کیا کرتی تھیں ۔ ۱۸۰۱ء - ۱۸۰۵ء اور ۱۸۱۵ء کی جنگوں سے اس قزاقی کا خاتمہ کیا ۔

Barid Shahi dynasty, of Bidar

بدر کا برید شاہی خاندان

دکن میں بہمنی خاندان کے بعد ۱۴۹۲ء میں یہ خاندان قاسم برید نے قائم کیا ۔ اس خاندان نے ۱۶۱۹ء تک حکومت کی جب اسے

Marfat.com

بیجاپور کے سلطان نے اقتدار سے ہٹا کر اس کی قلمرو پر قبضہ کر لیا۔

**Baronet**

نوابوں کا طبقہ

**Barontage**

اعزاز نوابی، رتبہ نوابی

برطانیہ کے نوابوں کا ایک سلسلہ جو جیمز اول نے ۱۶۱۱ء میں قائم کیا۔ بنیادی طور پر یہ رقوم اکٹھی کرنے کے لیے تھا۔ ہر نائٹ کو ۱۰۹۵ پونڈ ادا کرنا پڑتے تھے جو تین سال کے لیے ۳۰ پیادہ سپاہیوں کے لیے کافی ہوتے تھے۔

**Baronetcy**

بیرنی، تعلقہ، نوابی اعزاز

**Barony by writ**

بیرنی از روئے پروانہ

**Barony by tenure**

بیرنی از روئے حقیقت اراضی

**Barrowists**

بیرو وسٹس

برطانیہ کی ملکہ الزبتھ اول کے دور کا پیورٹن طبقہ جس کا نام اپنے قائد ہنری بیرو کے نام پر پڑا۔ بیرو کو باغیانہ کتب لکھنے کی بنا پر پھانسی دے دی گئی۔ ۱۵۹۳ء کے قانون کے تحت اس طبقے کے اراکین کو جلاوطنی کی سزا کا اعلان کیے جانے کے بعد بیشتر لوگ ہالینڈ اور بعد میں نیو انگلینڈ چلے گئے۔

**Basil**

باسل

بازنطینی شہنشاہوں کے نام

باسل اول ۸۱۳ء - ۸۸۶ء۔

باسل دوم ۹۵۸ء - ۱۰۲۵ء۔

**Bastard Feudalism**

نیا جاگیرداری نظام

برطانیہ کے شاہ ولیم اول کا وضع کردہ معاشرتی نمونہ۔ یہ مائل بہ مرکز یعنی مرکز میں بادشاہ کی بجائے دافع المرکز تھا۔ کئی عناصر

Marfat.com

اس کے ذمہ دار تھے یعنی ولیم کے بیرن اور نائٹس جنگجو نہ رہے - شادی وغیرہ کی وجہ سے زمینیں خاندانوں کے پاس آ گئیں - ایسی بڑی جاگیریں ایسے افسروں کے پاس ہوتی تھیں جن کو زمین کی بجائے تنخواہ وغیرہ دی جانے لگی -

**Bats, Parliament of**

**چمگاڈروں کی پارلیمنٹ**

۱۴۲۶ء کی برطانوی نارتھمپٹن پارلیمنٹ کو یہ نام دیا گیا جس کی رو سے ہمفری اور ہنری باؤ فورٹ کے محافظوں کو ہتھیار بند ہو کر آنے کی ممانعت کر دی گئی - ہمفری گلوکیسٹر کا ڈیوک اور ہنری باؤ فورٹ ونچسٹر کا بشپ تھا - اب ان کے محافظ اپنے ساتھ لٹھ اور چمگاڈر لانے لگے -

**Batta**

**بھتا**

بنگال میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے افسروں کو تنخواہ کے علاوہ دیا جانے والا الاؤنس - جب میر جعفر بنگال کا نواب بنا تو اس نے اسے دوگنا کر دیا لیکن ۱۷۶۶ء میں کمپنی کے ڈائریکٹروں نے اسے بند کر دیا - ۱۷۹۵ء میں اسے یورپی افسروں کے مطالبہ پر بحال کر دیا گیا لیکن اسے لارڈ ولیم بینٹنک کے اقتدار (۱۸۲۸ء - ۱۸۳۵ء) میں دوبارہ ختم کر دیا گیا -

**Beaufort Family**

**خاندان بیوفورٹ**

برطانیہ کے شاہ ولیم سوم اور اُس کی تیسری بیوی کیتھرائن سوائن فورڈ کے تیسرے بیٹے جان آف گاؤنٹ کی اولاد جس نے یہ نام اپنے ایک قلعہ سے اپنایا -

**Begotten of aggression**

**زائیدہ جارحیت**

**Begums of Oudh, the**

**بیگمات اودھ**

اودھ کے نواب آصف الدولہ کی والدہ اور دادی کا لقب - آصف الدولہ اودھ کے تخت پر ۱۷۷۵ء میں بیٹھا - وارن ہیسٹنگز اُس وقت گورنر جنرل تھا - اُس نے آصف الدولہ سے حکومت کے واجبات ادا

Marfat.com

کرنے پر زور دیا تو اُس نے یہ عذر پیش کیا کہ جب تک اُسے بیگمات اودھ کی بڑی بڑی جاگیروں اور دولت کا قبضہ نہیں مل جاتا ایسا ممکن نہیں ہوگا - ۱۷۷۵ء میں اودھ میں برطانوی ریذیڈنٹ مڈلٹن کی وکالت پر بیگمات اودھ نے تین لاکھ پونڈ دیے جو اُن اڑھائی لاکھ پونڈ کے علاوہ تھے جو آصف الدولہ کو پہلے ہی ادا کیے جا چکے تھے - کلکتہ کی کونسل کی یقین دہانی کے باوجود کہ دوبارہ اُن پر دباؤ نہیں ڈالا جائے گا ۱۷۸۱ء میں ایسا کیا گیا - بیگمات کے وزراء کو گرفتار کر لیا گیا - بیگمات کو بھی حراست میں لے لیا گیا اور اُن پر خوراک کی فراہمی بند کرنے کے ساتھ ساتھ اُن پر کوڑے بھی برسائے گئے - دسمبر ۱۷۸۲ء میں اُن کے خزانے پر قبضہ کر لیا گیا -

بیلگئی

**Belgae**

شمالی گاؤل میں آباد کیلٹک اور جرمن لوگ جو پہلی صدی ق م میں جنوبی برطانیہ میں ہجرت کر گئے - انہیں ۷۵ ق م میں قیصر نے فتح کیا -

کلیسائی وقف ، وقف مذہبی

**Benefice**

مراعات کلیسا

**Benefits of clergy**

برنیسیا

**Bernicia**

اینجلز کی بادشاہت جو برطانیہ میں سکاٹ لینڈ کے نشیبی علاقوں سے لے کر مغرب میں کمبر لینڈ تک پھیلی ہوئی تھی - اس کا پہلا بادشاہ ایدا تھا جس نے ۵۴۷ء میں یہاں قبضہ کیا - برنیسیا ایک علیحدہ بادشاہت کے طور پر چھٹی صدی کے آخر تک قائم رہی - اس کے بعد اسے نارتھمبریا کی بادشاہت میں شامل کر لیا گیا -

بھگوت گیتا

**Bhagavad Gita**

ہندوؤں کی کتاب مہابھارتا کی چھٹی کتاب کا ایک حصہ - قدامت پسند ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس میں شری کرشنا کے اقوال موجود

Marfat.com

ہیں جو اُنھوں نے اپنے شاگرد ارجنا کے لیے کہے ۔ ہندو مورخوں کا خیال ہے کہ یہ گوتم بدھ کے دور سے پہلے ترتیب دی گئی ۔

**Bhaga** بھاگ

قدیم ہندوستان میں یہ زرعی ٹیکس کل پیداوار کے چھٹے حصے کے طور پر عائد کیا جاتا تھا ۔ البتہ اشوک کمار نے لمبنی گراما کے لیے کل پیداوار کا آٹھواں حصہ کر دیا کیونکہ وہاں گوتم بدھ نے جنم لیا تھا ۔

**Bhagavatas, the** بھگواتاس

قدیم ہندوستان میں لارڈ وشنو کی پوجا کرنے والا ایک مذہبی فرقہ ۔ اسے وشو دیوا اور کرشنا بھی کہا جاتا تھا ۔ اس کے مبلغوں کو اچاریہ کہا جاتا تھا ۔

**Bhargas, the** بھرگاس

موریہ خاندان سے قبل سمسارا پہاڑیوں میں آباد جمہوری اطوار کے مالک قبائلی لوگ ۔

**Bhat Family** بھٹ خاندان

ہندوستان کا ایک قدیم خاندان جس نے بالا جی وشوا ناتھ بھٹ جیسے شخص کو پیدا کیا جو راجہ شاہو کے آٹھ وزرا میں سے ایک تھا اور پیشوا کے مقام تک پہنچا ، وہ مرہٹہ ریاست کا وزیر اعلیٰ بنا ۔ اس خاندان کے اراکین بھٹ کہلانے لگے ۔

**Bhils, the** بھلس

ہندوستان کے قدیم قبائلی لوگ ۔ ان کو ویدک ادب میں نشا داس کہا جاتا ہے ۔ یہ آسٹرک زبان بولتے ہیں ۔

**Bhogas, the** بھوگاس

بدھ روایات میں مذکور قبائلی لوگ جن کا مرکز وئیسالی تھا ۔

Marfat.com

**بھوئی خاندان** Bhoi dynasty

اس خاندان نے ہندوستان کے علاقے اُڑیسہ میں ۱۵۴۲ء سے ۱۵۵۹ء تک حکومت کی ۔ اسے گووندا نے قائم کیا جو پرتاپا ردرا کا ایک سابق وزیر تھا ۔ گووندا کا تعلق لکھاری خاندان سے تھا ۔ اس خاندان نے صرف اٹھارہ برس حکومت کی اور اس میں صرف تین بادشاہ ہوئے یعنی گووندا ، اُس کا بیٹا اور پوتا ۔

**بھوجا** Bhoja

ہندوستان کے قدیم ادب میں اس کا استعمال تین طرح ہوتا تھا :

(۱) جنوبی علاقے کے دین کے لیے وقف بادشاہوں کا شاہی لقب ۔

(۲) بیرار کے علاقے میں آباد لوگ جن کا ذکر اشوک کے آرای سیزدہم میں ملتا ہے ۔

(۳) قنوج اور مالوہ کے کئی ایک شہزادوں کا نام ۔

**بھونسلہ** Bhonsla

ہندوستان کے شیوا جی کے خاندان کا نام ۔ اس خاندان کی ایک شاخ بعد میں ناگ پور میں قائم ہوئی اور بھونسلہ راج خاندان کے نام سے مشہور ہوئی ۔

**بھوتی یاس** Bhotiyas, the

ہندوستان میں گوجروں کی طرح معاشرتی گروہ جس میں ساتویں اور آٹھویں صدی کے ہندو بنائے گئے بیرونی حملہ آور جذب ہو گئے ۔

**بھوتا وستی** Bhottavisti

ہندوستان میں گپتا خاندان کے دور اقتدار میں تبت کی سرحدوں کے پاس لی جانے والی بیگار ۔

**بھکتی** Bhukti

ہندوستان میں گپتا سلطنت کا ایک انتظامی یونٹ جو عام طور پر

Marfat.com

ایک صوبہ کی مثل ہوتا تھا۔ اس کی ذیلی تقسیم کی جاتی تھی۔
بھگتی کے سربراہ کو اپاریکا کہتے تھے۔

Birthday honours
ایسے خطابات جو بادشاہ کی سالگرہ کے موقع پر
عطا ہوں

Bitikchi, the
بٹکچی

مغلیہ دور حکومت میں صوبے کے حسابات کا ذمہ دار افسر

Black Shirts
سیاہ پوش

مسولینی کی فاشی جماعت کے اراکین جو سیاہ قمیضیں پہنتے تھے۔

Bodhi-sattva
بودھی ستوا

بدھوں کے مہایانا مکتب فکر کا ایک تصور۔ ایسے بدھ اولیا جو اس زندگی میں گیان حاصل کر لیتے ہیں وہ اپنے ساتھیوں کو وہ خوشی دلوانے کے لیے رضاکارانہ طور پر وہ حالت چھوڑ دیتے ہیں۔ ایسے افراد کو بودھی ستوا کا نام دیا جاتا ہے۔ اُن کی عزت بدھ کی طرح ہی کی جاتی ہے۔

Boleslaus
بولسلاس

پولینڈ کے بادشاہ

بولسلاس اول (بہادر) (۹۶۶ء - ۱۰۲۵ء) ۹۹۲ء - ۱۰۲۵ء تک برسر اقتدار رہا۔

بولسلاس سوم (۱۰۸۵ء - ۱۱۳۸ء) ۱۱۰۲ء - ۱۱۳۸ء تک برسر اقتدار رہا۔

Bondmaid
باندی، کنیز (زر خرید)

Bondsman
بردہ، زر خرید، غلام

Bondservice
غلامی

Bonds of union — روابط غلامی

Book of Common Prayer — دعا نامۂ عام

چرچ آف انگلینڈ اور دوسرے انگریز کلیساؤں کی سروس بک جسے ۱۵۴۹ء میں شائع کیا گیا - ۱۵۵۲ء میں تھامس کریمر کی نظرثانی کو بھی اس میں شامل کیا گیا - ملکہ میری نے اس کو منقطع کر دیا جب کہ ملکہ الزبتھ اول نے اسے دوبارہ جاری کیا - ۱۶۶۲ء میں اسے قانوناً سرکاری اور لازمی قرار دیا گیا -

Book of Concord — کتاب موافقت

کلیسائے لوتھر کے مذہب کے اعتقادات کا مجموعہ جو ۱۵۸۰ء میں شائع کیا گیا -

Book of the Dead — کتاب مرحومین

مصر کا مذہبی متن جسے آخری شکل میں ساتویں اور چھٹی صدی ق م میں قائم کیا گیا - اگرچہ اس میں منتر، اُصول اور دیگر قصے سولھویں صدی ق م میں ہی کتبوں میں پائے جاتے تھے -

Book, revealed — الہامی کتاب

Boot — اذیت دینا

قدیم زمانے میں اس طریقے سے اذیت دینے کا طریقہ جس سے پاؤں کچل دیا جاتا تھا -

Booty — مال غنیمت ، تاراج ، لوٹ

Booty of war — عطیۂ جنگ ، مال غنیمت

مال جو جنگ سے حاصل کیا جائے -

Borough, English — برطانیہ کا قانون جو صرف سب سے چھوٹے بیٹے کو اراضی میں سے وراثت کا حقدار ٹھہراتا تھا - یہ قانون برطانیہ کے چند حصوں میں نافذ تھا -

Boris

بورس

بلغاریہ کے حکمران

بورس اول (متوفی ۹۰۳ء) اُس نے خان کے طور پر ۸۵۳ء - ۸۸۸ء تک حکومت کی -

بورس سوم (۱۸۹۴ء - ۱۹۴۳ء) -

Bourbon

بوربو

فرانس ، اسپین ، صقلیہ (سسلی) اور پارما کا شاہی خاندان -

Boustrophedon

بوسٹرو فیڈن

لکھنے کا قدیم یونانی طریقہ جس میں دائیں سے بائیں اور پھر بائیں سے دائیں کو لکھا جاتا تھا -

Boxer Rebellion/Boxer Rising/Boxer Uprising مکے بازوں کی بغاوت

چین میں مغربی طاقتوں اور جاپان کے بڑھتے ہوئے مفادات کے ردعمل کے طور پر چینی بغاوت (۱۸۹۹ء - ۱۹۰۰ء) جو ایک فوجی گروہ نے کی جسے مکے بازوں کا گروہ کہا جاتا تھا - اس بغاوت کو برطانوی ، فرانسیسی ، اطالوی ، جرمن ، آسٹروی ، روسی ، امریکی اور جاپانی فوجوں نے مشترکہ طور پر کچل دیا - چین سے بھاری تاوان حاصل کرنے کے علاوہ پیکنگ میں غیر ملکی دستے رکھنے کی اجازت بھی حاصل کر لی گئی - اس کے علاوہ سمندر کے راستے اس تک رسائی بھی حاصل ہوگئی -

Boycott, social

معاشرتی بائیکاٹ ، سماجی مقاطعہ

قدیم ہندوستان میں ذات پات کے نظام میں شودروں کو کمتر ذات خیال کیا جاتا تھا - باقی ذاتیں اُن سے کسی قسم کا لین دین نہیں کرتی تھیں - اگر کوئی شودر گیتا کے الفاظ بھی سن لیتا تو سیسہ پگھلا کر اس کے کانوں میں ڈال دیا جاتا تھا -

Boyscout

بوائے سکاؤٹ

Marfat.com

۱۹۰۸ء میں انگلینڈ میں لارڈ رابرٹ بیڈن پاول نے نوجوان لڑکوں میں اعلیٰ صلاحیتیں پیدا کرنے کے لیے یہ تحریک شروع کی۔ ان میں قیادت، ذمہ داریاں، باہمی تعاون کا جذبہ وغیرہ کو اُجاگر کرنا شامل تھے۔ یہ تحریک پھیلتے پھیلتے دنیا بھر میں عام ہوگئی۔

**برہما** — **Brahma**

ایک ہندو دیوتا جو ہندو عقیدے کے مطابق خالق ہے۔ اُس کا ذکر ویدوں میں ملتا ہے۔

**برہمن** — **Brahaman, the**

برہمنی فلسفیوں نے اُس عالمگیر روح کو یہ نام دیا جو "ہر چیز میں موجود ہے" اور جو تمام وجودوں کی رہنمائی کرتی ہے۔ اسے پراماتمن بھی کہا جاتا ہے۔

**تحریک برہما** — **Brahma Movement**

اس تحریک کو ہندوستان میں راجہ رام موہن رائے نے ۱۸۲۸ء میں شروع کیا۔ اس کا مقصد ہندوستان میں صرف ہندوؤں کو ہی رہنے کا حق دینا تھا۔ کلکتہ سے شروع ہوکر یہ جلد ہی اُتر پردیش، پنجاب اور مدراس میں پھیل گئی۔ لیکن بتدریج اس نے اپنی قوت کھو دی۔

**برہما سبھا** — **Brahma Sabha**

یہ تنظیم راجہ رام موہن رائے نے ہندوستان میں کلکتہ کے مقام پر ۱۸۲۸ء میں قائم کی۔ یہ بتوں کی پوجا کے خلاف تھی۔

**برہمن کی ذات** — **Brahmana, the caste of**

ہندوؤں میں ذات پات کے نظام میں اعلیٰ ترین ذات۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق اس کی اصل ربانی ہے۔

**برہمناس، ویدک** — **Brahamanas, the Vedic**

Marfat.com

ویدوں کے ضمیمے جو نثر میں لکھے گئے - یہ قربانیوں ، رسم و رواج اور پرانے قصیدوں پر مشتمل ہیں -

**Brahamanism**

برہمنیت

ہندو مت کی ابتدائی شکل کو دیا گیا نام - اُس وقت قبل مسیح دور میں ہندو مت ابھی بدھ مت اور جین مت میں تقسیم نہیں ہوا تھا -

**Brahmarshi-desha**

برہما رشی دیشا

منو نے گنگا اور جمنا کے درمیانی علاقے کو برہما رشی دیشا یعنی داناؤں کی سرزمین قرار دیا - یہ علاقہ تھانیسر ، مشرقی راجستھان اور دوآب کا تھا -

**Brahmavarta**

برہما ورتا

قدیم ہندوستان میں دریائے سرماوتی اور دریائے درشداوتی کے درمیانی علاقے کو برہما ورتا کہا جاتا تھا یعنی دیوتاؤں کی سرزمین - یہ دونوں دریا آج موجود نہیں ہیں اس لیے اُن کی نشاندھی نہیں ہوسکتی -

**Brahmin**

برہمن

ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے پہلی اور ارفع ذات - یہ پروہتوں پر مشتمل ہوتی تھی -

**Brahmi-script**

براہمی رسم الخط

جدید دیونا گری کی قدیم شکل جو سنسکرت لکھنے میں استعمال کی جاتی تھی - اس کے علاوہ اس کا استعمال شمالی اور مغربی ہندوستان کی اتحادی زبانوں میں بھی ہوتا تھا - اشوک کے کتبے اسی رسم الخط میں لکھے جاتے تھے - ماسوئ شمال مغربی سرحدی خطے میں پائے جانے والے کتبوں کے -

**Brevet**

مسند شاہی جس کی رو سے کوئی اعزازی فوجی عہدہ عطا کیا جائے

**Brigantes**

برگینٹس

برطانیہ میں لنکولن شائر کے جنوب سے سکاٹ لینڈ کی سرحدوں کے

Marfat.com

درمیانی علاقے میں آباد ایک قدیم قبائلی فرقہ ۔ ان لوگوں نے رومی فتح کے زمانے میں یہاں حملہ کیا ۔ وہ ۳۴۳ء میں روم کے باجگزار بن گئے ۔

**British Empire** برطانوی سلطنت

اُنیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے آخر میں برطانوی سلطنت اپنے عروج پر تھی ۔ اس کی پہلی نو آبادی نیو فلووِنڈ لینڈ (۱۵۸۳ء) تھی ۔ اس سلطنت کی بنیادیں سترہویں صدی کے شروع میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے قیام سے پڑیں ۔ تجارت کی خواہش اور بیرون ملک آباد ہونے کے جذبے نے سلطنت کی سرحدوں کو بڑھایا۔ اس کے متعلق کہا جاتا تھا کہ برطانیہ کی سلطنت میں کبھی سورج غروب نہیں ہوتا ۔ لیکن بیسویں صدی میں قومیت کی تحریکوں کی وجہ سے یہ سلطنت جزائر برطانیہ تک سمٹ آئی ۔

**Briton** برطانوی

(۱) برطانیہ کا باشندہ ۔

(۲) اُن قبائل میں سے کسی ایک قبیلہ کا رکن جنھیں رومیوں نے برطانیہ میں تلاش کیا ۔

**Broad arrow** کشادہ تیر

برطانوی توپ خانہ اور سرکاری املاک پر کشادہ تیر کا نشان تاریخی اہمیت کا حامل ہے ۔

**Broad sword** کشادہ تلوار

ایسی تلوار جس کا بلیڈ (پھل) کشادہ اور چپٹا ہوتا تھا ۔ یہ بھونپنے کی بجائے کاٹنے کے کام آتی تھی ۔ ایسی تلوار سولھویں صدی میں استعمال ہوتی تھی ۔

**Bronze age** عصر کانسی ، کانسی کا زمانہ

تاریخ سے قبل کا زمانہ جب اوزار اور ہتھیار کانسی کے ہوتے تھے ۔ یہ پتھر کے زمانے کے بعد اور لوہے کے زمانے کے درمیان کا زمانہ

Marfat.com

تھا ۔ یہ زمانہ مختلف جگہوں پر مختلف وقتوں میں تھا ۔ مصر اور جنوب مغربی ایشیا ۲۵۰۰ ق م میں اور برطانیہ ۲۰۰۰ ق م میں اس زمانہ میں تھا ۔ مغربی کرے میں یہ زمانہ کبھی بھی نہیں آیا ۔

**Brumaire** — **برائمیر**

(۱) فرانسیسی انقلابی کیلنڈر کا دوسرا مہینہ ۔

(۲) ۹ نومبر ۱۷۹۹ء کو فرانس میں پنج رکنی نظامت کی جگہ نپولین کی قنصلیت نے لی ۔ یہ برائمیر کا اٹھارواں دن تھا ۔

**Buccaneer** — **بحری قزاق**

سولھویں اور سترہویں صدی میں کریبین سمندر میں اسپین سے لڑنے والا بحری قزاق جو اینگلو فرانسیسی قزاقوں کے گروہ سے تعلق رکھتا تھا ۔ ان قزاقوں کا نام بکانیر نامی قزاق پر پڑا ۔ ان میں مشہور قزاق ہنری مورگن تھا ۔ جب برطانیہ اور فرانس کی لڑائی لگی تو یہ اتحاد ختم ہوگیا ۔

**Buddh Gaya/Bodha Goya** — **بدھ گیا**

ہندوستان میں بہار کے علاقے میں ایک دیہات جہاں گوتم بدھ نے گیان حاصل کیا ۔

**Buddhism** — **بدھ مت**

چھٹی صدی ق م کے آخری نصف میں گوتم بدھ نے یہ مذہب قائم کیا ۔ یہ پیدائش نو اور کرما کے اُصولوں سے شروع ہوا ۔ دنیا دکھوں کا گھر ہے ، دکھوں کی بنیاد خواہش پر ہے ، دکھوں کا خاتمہ خواہشات کے خاتمے کے ساتھ ہی ہو جاتا ہے ، خواہشات کے اختتام کا راستہ آٹھ پہلوؤں والے راستہ پر چل کر کیا جا سکتا ہے ، یہ چار بدھ مت کے اُصول ہیں ۔ بدھ مت کے پیروکار سری لنکا ، برما ، جاپان اور کوریا میں ملتے ہیں ۔

**Buddhist Councils** — **بدھ کونسلیں**

Marfat.com

ان کونسلوں کا انعقاد چار مرتبہ ہوا ۔ پہلی کونسل گوتم بدھ کی وفات کے فوراً بعد بہار کے قصبے راجا گریہا (موجودہ راج گیر) میں ہوئی ۔ اس میں گوتم بدھ کی تعلیمات کو تحریر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ۔ ایک صدی بعد دوسری کونسل ویسالی میں منعقد ہوئی ۔ اس میں نظم و ضبط کے بعض مسائل کے متعلق پیدا ہونے والے تنازعات کا فیصلہ کیا گیا ۔ گوتم کی وفات کے ۲۳۶ سال بعد تیسری کونسل اشوک موریہ کی سرپرستی میں منعقد ہوئی ۔ چوتھی کونسل کانشکا کے عہد میں منعقد ہوئی ۔

## بدھ صحیفے — Buddhist scriptures

گوتم بدھ نے اپنی تعلیمات کو تحریر کی شکل میں نہیں چھوڑا تھا ۔ اُن کو گوتم بدھ کی وفات کے فوراً بعد منعقد ہونے والی کونسل میں تحریر میں منضبط کیا گیا ۔ ان کو تریپی تاکا کہا جاتا ہے ۔

## بدھ فرقے — Buddhist sects

چونکہ گوتم بدھ کی تعلیمات کسی تحریر میں منضبط نہیں کی گئی تھیں اس لیے اختلاف رائے کی بنا پر بدھ مت مختلف فرقوں میں تقسیم ہو گیا ۔ ان میں سے اہم ترین ہنیانا اور مہیانا تھے ۔ اول الذکر کے صحیفے پالی اور موخرالذکر کے صحیفے سنسکرت میں لکھے گئے ۔ یہی وجہ ہے کہ ہنیانا کو پالی مکتب فکر اور مہیانا کو بدھ مت کا سنسکرت مکتب فکر بھی کہا جاتا ہے ۔ گوتم بدھ کی تعلیمات کی روح دونوں فرقوں میں پائی جاتی ہے ۔

## بنڈیلاس — Bundellas, the

راجپوتوں کا ایک طبقہ جو چودہویں صدی میں ممتاز ہوگیا ۔ یہ لوگ جنگجو تھے ۔ ان کا علاقہ ان کے نام سے ہی مشہور ہوا یعنی بنڈل کھنڈ ۔ اکبر نے ان کو زیر کیا لیکن اورنگزیب عالمگیر کے عہد میں اُنھوں نے مشرق مالوہ کے علاقے میں ایک خود مختار علاقہ قائم کر لیا جس کا دارالحکومت پنا تھا ۔

## نقب زن — Burglar

**Burh**

قدیم انگلستان میں ایک قلعہ بند علاقہ جس کے ارد گرد خندق اور فصیل ہوتی تھی -

ایسے علاقوں کو ایڈورڈ - کبیر نے رواج دیا جس نے ۸۹۹ء - ۹۲۴ء تک حکومت کی -

**Burha Gohain**

برہا گوہین

آسام کے اوہوم بادشاہوں کے دور میں دو اعلیٰ ترین افسروں میں سے ایک افسر - دوسرا عہدیدار بار گوہین تھا - یہ عہدہ موروثی ہوتا ہے -

**Burhan-i-Maasir, the**

برہان معاصر

ہندوستان میں بہمنی بادشاہت کے فرمانرواؤں کی سرگزشت جسے سید علی طباطبا نے تحریر کیا - اُس نے اسے چھ سال (۱۵۹۱ء - ۱۵۶۶ء) میں مکمل کیا -

**Burnt offering**

قربانیٔ آتش

صلیب پر آگ جلا کر اس میں قربانی پیش کرنا قدیم زمانے میں ایک عام رسم تھی -

**Bush-rangers**

کمین گاہ کے ڈاکو

آسٹریلیا کی تاریخ میں مسلح ڈاکو جو اُنیسویں صدی میں مختلف مقامات پر لوگوں کو دہشت زدہ کرتے اور جرم سے بچ بھی جاتے -

**Bush-whacker**

کمین گاہ کے ڈنڈے مار

امریکہ کی خانہ جنگی کے دنوں میں گوریلوں کو یہ نام دیا گیا -

**Byzantine Empire**

بازنطینی سلطنت

روسی سلطنت کی جانشین - اسے مشرقی روسی سلطنت کا نام بھی دیا جاتا ہے - قسطنطنیہ اس کا دارالحکومت تھا - کئی صدیاں قائم رہنے والی یہ سلطنت بالآخر محمد دوم کے آگے ۱۴۵۳ء میں جھک گئی جب اُس نے کانسٹینٹائن بازدہم کو شکست دے کر قسطنطنیہ پر قبضہ کیا -

Marfat.com

# C

## Cabinet Mission وزارتی مشن

برطانوی حکومت نے ۲۴ مارچ ۱۹۴۶ء کو ہندوستان کے سیاسی قائدین سے مذاکرات کی خاطر ایک کمیشن دہلی بھیجا ۔ یہ کمیشن لارڈ پیتھک لارنس ، سرسٹیفورڈ کرپس اور اے وی الیگزنڈر پر مشتمل تھا ۔ اس نے یہاں کے مختلف رہنماؤں سے مذاکرات کرنے کے بعد اپنی طرف سے کچھ تجاویز پیش کیں جن میں یہاں کے بحران کا آئینی حل پیش کیا گیا ۔

## Caesarea قیصریہ

روسی قیصروں کے اعزاز میں رکھے گئے مختلف قدیم شہروں کو دیا گیا نام ۔ اہم شہروں میں ماریطانہ میں قیصریہ تھا جوکہ ایک بڑا کامیاب تجارتی شہر تھا ۔ اسے پانچویں صدی میں وانڈلوں نے تاراج کیا ایک اور اہم قیصریہ فلپی تھا جو شمالی فلسطین میں تعمیر کیا گیا تھا۔ یہ شہر کوہ ہرمن کے دامن میں واقع تھا اور اسے فلپ نے آباد کیا تھا ۔

## Cahita کاہٹا

سولھویں صدی کے شمالی امریکہ میں رہنے والے ریڈ انڈین ۔ ان کی زبان میکسیکو کے شمال کے لوگوں والی زبان تھی ۔ وہ کامیاب جنگجو تھے اور کاشتکاری کرتے تھے ۔ انھوں نے قدیم اعتقادات کے امتزاج کے ساتھ عیسائیت کو قبول کر لیا ۔ ابتدائی بیسویں صدی میں وہ میکسیکو اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے علاقوں میں پھیل گئے ۔

Calendar

جنتری ، تقویم ، کیلنڈر

سال کے دنوں ، ہفتوں اور مہینوں کی فہرست جس میں عام طور پر سرکاری تعطیلات کا بھی ذکر کر دیا جاتا ہے - جولیس سیزر نے ۴۵ ق م میں جولین کیلنڈر متعارف کرایا - اسے سولھویں صدی میں پوپ گریگری سیزدہم نے نظرثانی کرایا - اسے ۱۷۵۲ء میں انگلینڈ میں رواج دیا گیا -

Cambrian period

کیمبری عہد

پلوزک عہد کا ابتدائی عہد جس میں براعظم نشیبی سمندر میں ڈوبے ہوئے تھے -

Camp follower

لشکری مصاحب

ریاستہائے متحدہ امریکہ کی تاریخ میں لشکر کے ہمراہ جانے والے غیر فوجی جن میں داشتہ ، دھوبن یا قلی وغیرہ شامل ہوتے تھے -

Cannibalism

آدم خوری

Caodaism

کاؤڈیئت

ہند چینی کا مذہب جو بدھ مت ، عیسائیت ، تاؤ ازم ، کنفیوشزم اور روحانیت کا امتزاج ہے - اس کا آغاز ۱۹۲۶ء سے ہوا -

Caodaist

کاؤڈی

کاؤڈیئٹ کا پیروکار

Capetian

کیپٹین

(۱) فرانس (۹۸۷ء - ۱۳۲۸ء) کے بادشاہوں کے متعلق جن کے متعلقہ خاندان ویلائس جانشین ہوئے -

(۲) کیپٹین بادشاہوں میں سے ایک -

Capitol

کیپٹل

ریاستہائے متحدہ امریکہ کی ایک عمارت جہاں کانگریس کا اجلاس

Marfat.com

ہوتا ہے۔ یہ عمارت واشنگٹن میں کیپٹل نامی ایک پہاڑی پر واقع ہے یہ عمارت ۷۲۵ فٹ طویل اور ۱۸۵ فٹ چوڑی ہے۔ یہ جگہ امریکہ کے پہلے صدر جارج واشنگٹن نے میجر ایل اینفینٹ کے مشورے سے منتخب کی تھی۔ اس کی تعمیر ۱۷۹۳ء میں شروع ہوئی۔ پہلا معمار ولیم تھارنٹن تھا۔ ۱۸۱۴ء میں برطانوی افواج نے اسے نذر آتش کر دیا۔ ۱۸۳۰ء میں بلفیخ نے اس کا نقشہ مکمل کیا۔ ٹی یو والٹر نے ۱۸۵۱ء - ۱۸۶۵ء کے درمیانی عرصے میں اس کے وسیع پہلوؤں اور گنبد کا اضافہ کیا۔ یہ گنبد ۲۸۸ فٹ بلند ہے۔

فرامین ، مجموعۂ قوانین **Capitulary**

احکام کا مجموعہ ، خاص کر شاہان فرینک کا۔

کاراویل **Caravel**

پندرہویں اور سولھویں صدی کا ایک چھوٹا اور تیز رفتار بحری جہاز

کارڈنل **Cardinal**

کیتھولک کلیسا کا ایک شہزادہ جو پاپائی کونسل کے انتخاب میں حصہ لیتا تھا۔

کارل **Carol**

رومانیہ کے بادشاہ

کارل اول ۱۸۳۹ء - ۱۹۱۴ء

کارل دوم ۱۸۹۳ء - ۱۹۵۳ء

کارولنجیئن **Carolingian**

فرنیک بادشاہوں (۷۵۱ء - ۹۸۷ء) کا دوسرا خاندان جس کی بنیاد چارلس دوم نے رکھی۔

چربی والے کارتوس **Cartridges, greased**

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کا ایک سبب چربی والے کارتوسوں کا اجرا تھا۔ جن کو جانوروں کی چربی سے چکنا کیا گیا تھا۔ ان کو استعمال

Marfat.com

کرنے سے پہلے دانتوں سے کاٹنا پڑتا تھا - یہ مشہور ہوگیا کہ ان کارتوسوں پر گائے اور سور کی چربی چڑھی ہوئی ہے - یہ بات ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے لیے قابل قبول نہ تھی -

Casca کاسکو

کسی بھی سازشی کے لیے یہ نام استعمال ہوتا ہے۔ کاسکو جولیس سیزر کے خلاف سازش کرنے والوں میں سے ایک تھا - اس کا پورا نام پیلبوئس سرویلیس کاسکو لانگس تھا - کہتے ہیں کہ اُس نے فلپی کے مقام پر شکست کھانے کے بعد خود کشی کرلی تھی -

Casimir کاسومر

پولینڈ کے بادشاہ

کاسومر دوم ۱۱۳۸ء - ۱۱۹۴ء

کاسومر سوم ۱۳۱۰ء - ۱۳۷۰ء

کاسومر چہارم ۱۴۲۷ء - ۱۴۹۲ء

Caste ذات ، برادری

Caste, high اعلیٰ ذات

Caste, low ادنیٰ ذات

Castile, kingdom of بادشاہت کا سٹائل

اس بادشاہت کا دعویٰ ۱۳۷۱ء میں ایڈورڈ سوم کے تیسرے بیٹے جان آف گانٹ نے کیا - وہ اسے اپنی بیوی کانسٹنس کا حق خیال کرتا تھا جو پیڈورکی دختر تھی جسے ٹراسٹیمرا کے ہنری نے شکست کے باوجود نکال باہر کیا تھا -

Casualities of civilization کشتگان تہذیب

Cataclasm/ Cataclysm ہیجان عظیم ، سیاسی یا معاشرتی انقلاب

Cataclymist انقلابی

Marfat.com

**Catastrophism** فلسفہ انقلاب عظیم

یہ اُصول کہ کچھ کچھ وقفے کے بعد تمام اشیا تغیر سے تباہ ہو جاتی ہیں اور اُن کی جگہ بالکل ہی مختلف چیزیں لے لیتی ہیں - اس فلسفے پر اٹھارویں صدی میں جیمز ہٹن نے زبردست تنقید کی -

**Catherine, Saint** سینٹ کیتھرائن

اسکندریہ کی کنواری شہید جو چوتھی صدی میں گذری ہے - اُس کے متعلق روایت ہے کہ وہ پہیوں پر مرنے سے معجزانہ طور پر بچ گئی۔ بعد میں اُس کا سر قلم کر دیا گیا - عیسائی اُس کا روزہ ۲۵ نومبر کو رکھتے ہیں -

Cathedral بڑا گرجا

Cathedral chapters اہل کلیسا

(۱) ہمہ گیر ، عالم گیر

Catholic conservatives کیتھولک قدامت پسند

Catholic controversialists کیتھولک متنازعین

Catholic hierarchy کیتھولک نظام مراتب

Catholicite (۱) ہمہ گیریت

(۲) بے تعصبی ، روا داری

(۳) رومن کیتھولک مذہب پر اعتقاد

Catholicity رومن کیتھولک مذہب کا پیرو

Cavalcade سواروں کا دستہ

Cavalier Parliament شجاع پارلیمنٹ

برطانیہ کی طویل پارلیمنٹ (۱۶۶۱ء - ۱۶۷۹ء) کو یہ نام دیا جاتا ہے - اس کی وجہ تسمیہ اس میں شاہ کے وفاداروں کی کثرت تھی - یہ پارلیمنٹ جاعتی سیاست کے لیے بھی مشہور ہے -

Marfat.com

**Cavalry**
رسالہ ، سوارہ نظام ، گھوڑ سوار فوج

**Cavalryman**
رسالے کا سپاہی ، سوار ، گھوڑ سوار فوجی

**Cave architecture**
غاروں کا فن تعمیر

قدیم ہندوستان کے فن تعمیر کا ایک دلچسپ پہلو ۔ غاروں کو رہائش کے مقاصد کی خاطر اشوک کے عہد میں استعمال کیا جانے لگا تھا اور گیا کے نزدیک برابر کے مقام پر پہلے پہل غار اس مقصد کے لیے استعمال ہوئے ۔ شروع میں غار سادہ ہوتے تھے لیکن بعد میں ستون بنانے کے علاوہ نقش و نگار بھی کیے جانے لگے ۔ ان میں عبادت کی جگہ علیحدہ مخصوص ہوتی تھی ۔ ۲۰۰ قم اور ۳۲۰ء کے درمیانی عرصے میں بمبئی پریذیڈنسی کے علاقے میں واقع کارل کی غار فن تعمیر کے لحاظ سے نہایت ہی نفیس نمونہ کی حامل تھی ۔

**Cell**
حجرہ

قدیم زمانے میں ننوں کی کوٹھری یا حجرہ

**Census**
مردم شماری

مختلف ضرورتوں کے لیے آبادی کی گنتی کرنے کا رواج قدیم ہے ۔ قدیم ہندوستان میں چندر گپت موریہ (۳۲۵ قم - ۲۹۸ قم) کے دور میں پاٹلی پتر کے شہر میں شہریوں کی پیدائش اور اموات کا رجسٹر رکھنے کا رواج تھا ۔ برطانیہ میں پہلی سرکاری مردم شماری ۱۸۰۱ء میں کی گئی ۔

**Cento**
سنٹو

۲۴ فروری ۱۹۵۵ء کو ترکی ، ایران ، پاکستان اور برطانیہ نے اس معاہدے کے مطابق ایک تنظیم میں شمولیت اختیار کی جسے سنٹو کا نام دیا گیا ۔ بعد میں امریکہ اور عراق بھی اس میں شامل ہوگئے ۔ جولائی ۱۹۵۸ء میں عراق میں انقلاب آیا اور نئی حکومت نے اس معاہدہ سے علیحدگی اختیار کرلی ۔ اس طرح اس کے مرکزی دفاتر بھی بغداد سے انقرہ منتقل ہوگئے ۔ کئی سال فعال رہنے کے بعد یہ

Marfat.com

تنظیم معدوم ہو گئی۔ اس کا مقصد وسطی ایشیا میں اشتمالیت کے فروغ کو روکنا تھا۔ پہلے اس کا نام معاہدہ بغداد ہوا کرتا تھا۔

**دول وسطیٰ ، مرکزی طاقتیں** **Central powers**

جنگ عظیم اول کے دوران میں جرمنی ، آسٹریا ، ہنگری ، بلغاریہ اور ترکی کو اس نام سے یاد کیا جاتا تھا۔

**مرکزی شاہی حکومت** **Centralised royal government**

**انصاف کی زنجیر** **Chain of Justice, the**

۱۶۰۵ء میں اپنی تخت نشینی کے فوراً بعد شہنشاہ جہانگیر نے قلعہ آگرہ میں شاہ برجی اور ایک پتھریلے ستون کے درمیان ایک زنجیر نصب کروائی جس میں ساٹھ گھنٹیاں لگی ہوئی تھی۔ یہ پتھریلا ستون دریائے جمنا کے کنارے تعمیر کیا گیا تھا۔ اس زنجیر کے ہلانے والا شاہ کے دربار سے کسی بھی قسم کی شکایت کا ازالہ چاہ سکتا تھا۔

**بگھی** **Chaise**

قرون وسطیٰ میں یورپ کی ایک کھلی ہلکی گاڑی جس پر سائبان بھی بنا ہوتا تھا۔

**چیٹانیا بھگواتا** **Chaitanya Bhagavata**

یہ چیٹانیا کی حیات اور اُس کے عقائد پر مشتمل کتاب ہے۔ جسے برن دیوان نے بنگالی میں تحریر کیا۔ مصنف ۱۵۰۷ء میں پیدا ہوا۔ کتاب میں بنگال کی معاشرتی زندگی پر بے پناہ مواد ملتا ہے۔

**چالدیا** **Chaldaea/Chaldea**

میسو پوٹیمیا کا جنوبی حصہ۔ لیکن بعض دفعہ چالدیا سے مراد پورا بابل ہی لیا جاتا ہے۔ بحال شدہ بابلی بادشاہت کو اکثر سلطنت چالدیا کا نام دے دیا جاتا ہے۔ چونکہ بابل میں فلکیاتی علم کی کثرت تھی اس لیے چالدیا سے مراد نجومی یا جادوگر بھی لی جاتی تھی۔

Marfat.com

**Chamber of Princes, the** — ایوان شہزادگان

ہندوستان میں مانٹیگو چیمسفورد اصلاحات کی رو سے ۸ فروری ۱۹۲۱ءکو شاہی فرمان کی رو سے ایوان شہزادگان قائم کیا گیا۔ اس میں برصغیر کی ریاستوں کے حکمران شامل ہوتے تھے ۔ وائسرائے اس کا صدر ہوتا تھا جب کہ اراکین میں سے ایک چانسلر اور پرو چانسلر سالانہ بنیادوں پر منتخب کیے جاتے تھے ۔ ایوان ایک مشاورتی مجلس کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے کوئی انتظامی اختیارات نہ تھے ۔

**Chamberlainship** — عہدہ چیمبرلین ، حاجبی ، گنجوری ، پیشکاری ، پردہ داری ۔

**Champa, kingdom of** — بادشاہت چمپا

دوسری صدی عیسوی میں قائم کی گئی ایک ہندو بادشاہت ۔ جو موجودہ ویت نام میں مہاجرین نے قائم کی ۔ اس کا دارالحکومت چمپا تھا ۔ یہ ۱۵۰ء سے ۱۴۷۱ء تک قائم رہی ۔ اسے منگولی نژاد انامیوں نے ختم کیا ۔

**Chand Raisa** — چاند ریسا

دہلی اور اجمیر کے چوہان بادشاہ پرتھوی راج کے درباری شاعر چاند بردائی کی ہندی میں لکھی گئی رزمیہ نظم ۔ بعد کے اضافوں کے ساتھ اب یہ کتاب تقریباً سوا لاکھ اشعار پر مشتمل ہے ۔ اس سے اُس وقت کے حالات پر روشنی پڑتی ہے ۔

**Chandellas, the** — چنڈال

ہندوؤں کی ذات کھشتریہ کی ایک راجپوت شاخ جو جمنا اور وندیا پردیش کے درمیانی علاقے میں آباد تھی ۔ چنڈال شیوا اور کرشنا کی پوجا کرتے تھے لیکن کچھ نے بدھ مت اور جین مت بھی قبول کیا دسویں صدی کے آخر میں اُن چنڈالوں کو شمالی ہندوستان میں سیاسی قوت کے طور پر اُبھرنے کا موقعہ ملا لیکن وہ اسے برقرار نہ رکھ سکے

Chandellas, the dynasty of — خاندان چنڈال

نویں صدی کے شروع میں نانکو چنڈال نامی ایک شخص نے اس خاندان کی بنیاد رکھی اور ہندوستان کے موجودہ علاقے بندھیل کھنڈ میں طاقت پکڑی - اس خاندان میں تقریباً بیس بادشاہ گذرے ہیں -

Chandras, the — چندراس

گیارہویں صدی میں پالا خاندان کے زوال کے بعد مشرق بنگال کے مختلف حصوں پر حکومت کرنے والے مقامی حکمران -

Changer — (۱) صراف

(۲) دارالضرب یا ٹکسال کا عہدیدار

Chap-book — قصے

قرون وسطیٰ میں یورپ میں خوانچہ فروش حکائتوں ، کہانیوں اور قصوں کو پمفلٹ وغیرہ کی شکل میں گلی گلی فروخت کرتے تھے - ان کو مجموعی اعتبار سے قصے کہا جاتا تھا -

Chapel — نماز گاہ ، حجرہ ، رومن کیتھولک گرجا

Chaperon/Chaperone — سن رسیدہ اتالیق

کنواری دوشیزہ کی محافظت کرنے والی سن رسیدہ اتالیق جو اُسے آداب محفل بھی سکھاتی تھی -

Chariot — رتھ

دو پہیوں والی گاڑی جسے گھوڑے کھینچتے - یہ گاڑی پہلے زمانے میں جنگ کے علاوہ دوڑوں میں بھی استعمال کی جاتی تھی -

Charioteer — رتھ بان ، گاڑی بان

Charity school — خیراتی سکول

اٹھارویں اور اُنیسویں صدی میں چرچ آف انگلینڈ کے قائم کردہ سکول

Marfat.com

جو غریب بچوں کے لیے مخصوص تھے - ان میں سے کچھ اُنیسویں صدی میں ایلمنٹری سکول بنا دیے گئے -

## Charles
## چارلس

(۱) مختلف بادشاہوں کے نام (رومی مقدس سلطنت)

چارلس اول (۷۴۲ء - ۸۱۴ء) یہ رومی مقدس سلطنت کے شارلیمان کا نام تھا - مغرب اور فرنیکوں کا بادشاہ -

چارلس دوم (۸۲۳ء - ۸۷۷ء) یہ گنجے کے نام سے مشہور تھا - فرانس کا بادشاہ -

چارلس سوم (۸۳۹ء - ۸۸۸ء) یہ فربہ اندام کے نام سے مشہور تھا - فرانس کا بادشاہ -

چارلس چہارم (۱۳۱۶ء - ۱۳۷۸ء) بوہیمیا کا بادشاہ بھی تھا -

چارلس پنجم (۱۵۰۰ء - ۱۵۵۸ء) اسپین کا بادشاہ بھی تھا -

چارلس ششم (۱۶۸۵ء - ۱۷۴۰ء) ہنگری کا بادشاہ بھی تھا -

چارلس ہفتم (۱۶۹۷ء - ۱۷۴۵ء) شہنشاہ -

(۲) چارلس اول (۱۸۸۷ء - ۱۹۲۲ء) آسٹریا کا آخری بادشاہ -

(۳) انگلینڈ ، اسکاٹ لینڈ اور آئر لینڈ کے بادشاہ -

چارلس اول (۱۶۰۰ء - ۱۶۴۹ء)

چارلس دوم (۱۶۳۰ء - ۱۶۸۵ء)

(۴) فرانس کے بادشاہ -

چارلس اول (۷۴۲ء - ۸۱۴ء) -

چارلس دوم (۸۲۳ء - ۸۷۷ء)

چارلس سوم (۸۷۹ء - ۹۲۹ء) یہ سادہ لوح کے نام سے مشہور تھا -

Marfat.com

چارلس چہارم (۱۲۹۴ء - ۱۳۲۸ء) یہ منصف اور عادل کے نام سے مشہور تھا -

چارلس پنجم (۱۳۳۷ء - ۱۳۸۰ء) یہ دانا کے طور پرمشہور تھا۔

چارلس ششم (۱۳۶۸ء - ۱۴۲۲ء) یہ پاگل اور محبوب کے نام سے پہچانا جاتا ہے -

چارلس ہفتم (۱۴۰۳ء - ۱۴۶۱ء) اسے فاتح بھی کہا جاتا ہے -

چارلس ہشتم (۱۴۷۰ء - ۱۴۹۸ء)

چارلس نہم (۱۵۵۰ء - ۱۵۷۴ء)

چارلس دہم (۱۷۵۷ء - ۱۸۳۶ء)

(۵) ہنگری کے بادشاہ

چارلس اول (۱۲۸۸ء - ۱۳۴۲ء)

چارلس دوم (۱۳۸۱ء - ۱۳۸۶ء) یہ نیپلز کے چارلس سوم کے نام سے مشہور ہے -

چارلس سوم (۱۶۸۵ء - ۱۷۴۰ء) یہ روسی مقدس سلطنت کے چارلس ششم کے طور پر مشہور ہے -

چارلس چہارم (۱۸۸۷ء - ۱۹۲۲ء) یہ آسٹریا کا چارلس اول تھا -

(۶) نیپلز کے بادشاہ

چارلس اول (۱۲۲۶ء - ۱۲۸۵ء)

چارلس دوم (۱۲۴۸ء - ۱۳۰۹ء)

چارلس سوم (۱۳۴۵ء - ۱۳۸۶ء)

(۷) نیور کا بادشاہ

چارلس دوم (۱۳۳۲ء - ۱۳۸۷ء) یہ بد کے نام سے بھی مشہور تھا -

Marfat.com

(۸) پرتگال کا بادشاہ

چارلس اول (۱۸۶۳ء - ۱۹۰۸ء)

(۹) اسپین کے بادشاہ

چارلس اول (۱۵۰۰ء - ۱۸۵۸ء) اسے روسی مقدس سلطنت کا پنجم کہا جاتا ہے -

چارلس دوم (۱۶۶۱ء - ۱۷۰۰ء)

چارلس سوم (۱۷۱۶ء - ۱۷۸۸ء)

چارلس چہارم (۱۷۴۸ء - ۱۸۱۹ء)

(۱۰) سویڈن کے بادشاہ

چارلس نہم (۱۵۵۰ء - ۱۶۱۱ء)

چارلس دہم (۱۶۲۲ء - ۱۶۶۰ء)

چارلس یازدہم (۱۶۵۵ء - ۱۶۹۷ء)

چارلس دوازدہم (۱۶۸۲ء - ۱۷۱۸ء)

چارلس سیزدہم (۱۷۴۸ء - ۱۸۱۸ء)

چارلس چہاردہم (۱۷۶۳ء - ۱۸۴۴ء)

چارلس پانزدہم (۱۸۵۹ء - ۱۸۷۲ء)

(۱۱) لورین کے ڈیوک

چارلس چہارم (۱۶۰۴ء - ۱۶۷۵ء)

چارلس پنجم (۱۶۴۳ء - ۱۶۹۰ء)

**فرمان ، سند شاہی** Charter

بادشاہ کی طرف سے قوم یا کسی خاص طبقے کو دی گئی سند شاہی جیسے حکومت برطانیہ نے ایسٹ انڈیا کمپنی کو کئی ایک چارٹر دیے -

Marfat.com

## چارٹر قوانین
## Charter Acts, the

ایسٹ انڈیا کمپنی کو ملکہ الزبتھ اول نے سن ۱۶۰۰ء کے آخری دن ہندوستان میں کلی طور پر تجارت کرنے کی سند عطا کی ۔ اس اجارہ داری کو مضبوط کرنے کے لیے ۱۷۹۳ء، ۱۸۱۳ء، ۱۸۳۳ء اور ۱۸۵۳ء میں چارٹر قوانین منظور کیے گئے جن کی رو سے اسے ہندوستان کے علاقوں کی سپرد داری بھی کر دی گئی ۔ ۱۸۵۸ء تک یہ سلسلہ جاری رہا ۔ اس کے بعد کمپنی توڑ دی گئی اور اس کے اختیارات اور حقوق براہ راست تاج برطانیہ نے لے لیے ۔

## چوہان
## Chauhans, the

ان کو چمنساس بھی کہتے ہیں ۔ یہ راجپوتوں کی ایک شاخ ہے اور روایت ہے کہ یہ جنوبی راجپوتانہ میں کوہ ابو کی مقدس آگ سے پیدا ہوئے ۔ لیکن جدید علما کا یہ خیال ہے کہ یہ پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی میں ہندوستان میں آئے اور یہاں آباد ہونے کے بعد ہندو مت میں داخل ہوئے ۔ یہ اپنے فوجی پیشوں کی بنا پر کھشتریہ کہلائے ۔

## خاندان چوہان
## Chauhans, the dynasty of the

اس خاندان نے راجپوتانہ کے علاقہ سمبھار میں کئی صدیوں تک حکومت کی ۔ اجمیر اُن کا دارالحکومت تھا ۔ ۱۱۹۲ء میں ترائن کی دوسری لڑائی میں پرتھوی راج کی شکست اور موت کے بعد خاندان چوہان کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا ۔

## چوری چورا
## Chauri-Chaura

ہندوستان کے علاقہ بہار کے ضلع گورکھ پور کا ایک قصبہ جہاں ۵ فروری ۱۹۲۲ء کو تحریک خلافت کے دنوں میں مشتعل ہجوم نے تھانہ پر حملہ کر دیا اور پھر اسے نذر آتش کر دیا ۔ تھانیدار اور ۲۱ کانسٹیبل جل کر خاکستر ہوگئے ۔ اس واقعہ کے بعد کانگریس نے تحریک خلافت سے علیحدگی اختیار کر لی ۔ اس طرح ایک ایسے

Marfat.com

وقت جب مسلمان فتح و کامرانی سے ہمکنار ہونے والے تھے کہ اُن سے غداری کی گئی -

**Chauth**

چوتھ

ہندوستان میں عائد کیا گیا ایک ٹیکس جو علاقے میں لگائے جانے والے کل لگان کا ایک چوتھائی ہوتا تھا - یہ ایک جبری ٹیکس تھا جس کی وصولی ایک فوجی قائد کرتا تھا - یہ ایک ایسے علاقہ سے وصول کیا جاتا تھا جس کو وہ روند تو سکتا تھا لیکن براہ راست اپنے ماتحت نہیں رکھ سکتا تھا - یہ پہلے پہل دمن میں مقیم پرتگالی باشندوں سے رام نگر کے راجہ نے وصول کیا - سیوا جی نے اسے ۱۶۷۰ء میں ایک لازمی ٹیکس کی شکل دے دی -

**Chedi**

چدی

ہندوستان میں جمنا اور نربدا کے درمیان واقع علاقے کا قدیم نام - بدھ صحیفوں میں مذکور سولہ بڑی ریاستوں میں سے یہ ایک تھی - بعد میں اس پر کالا چوریس کی حکومت رہی ہے -

**Chiefdom**

سردار کا علاقہ یا حلقہ

**Chieftaincy**

چودہراہٹ ، چودہری کا علاقہ

**Chieftainry/Chieftainship**

سرداری ، چودہراہٹ

**Chin**

چن

(۱) چین کا حکمران خاندان جس نے ۲۲۱ سے ۲۰۷ء قم تک حکومت کی - اس کا بانی شی ہونگ شی تھا جو اس کا پہلا شہنشاہ تھا - اُسی نے ہی بنیادی طور پر دیوار چین تعمیر کروائی -

(۲) چین کا خاندان جس نے ۲۶۵ء - ۴۲۰ء تک حکومت کی -

**China, Great Wall**

چین کی دیوار عظیم

چین کی یہ دیوار ۱۵۰۰ میل لمبی ہے اور ہوپہ صوبے اور کانسو

صوبے کے درمیان منگولیا کی پوٹھوار کے ساتھ ساتھ چلی گئی ہے۔ اسے چن خاندان نے تعمیر کروایا۔ اس کی موجودہ شکل کو زیادہ تر منگ خاندان نے ترتیب دیا۔

چینی حاجی Chinese pilgrims

ہندوستان کی یاترا کرنے والے بدھ جو بدھ کے صحیفوں اور تبرکات کی تلاش میں یہاں آئے۔ ان میں سے قدیم ترین فاہین تھا جو یہاں چندر گپت سوریہ دوم کے عہد میں آیا اور یہاں ۴۰۱ء - ۴۱۰ء تک مقیم رہا۔ اس تاریخ سے ۷۰۰ء تک کی درمیانی مدت میں مزید ساٹھ چینی حاجی یہاں آئے اور ٹیکسلا، نالندا، وکرم سیلا اور ولابھی کی یونیورسٹیوں میں قیام کیا۔ ان حاجیوں میں سے مشہور ترین ہیون سانگ تھا۔

چنگ یا مانچو Ching

چین کا آخری خاندان جس نے ۱۶۴۴ء سے ۱۹۱۲ء تک حکومت کی۔ اس کی بنیاد مانچو نے رکھی جس نے ۱۶۴۴ء میں اس کی نیو رکھی تھی۔ ۱۹۱۱ء کے انقلاب نے اس خاندان کی حکومت کا خاتمہ کیا جب ہنری پو یی کی دستبرداری عمل میں آئی۔

جوانمردی، فتوت Chivalry

چولاس Cholas, the

قدیم وقتوں میں ہندوستان کے انتہائی جنوب میں آباد ایک قوم۔ یہ علاقہ نیلور سے کورو منڈل کے ساحل کے ساتھ ساتھ پھیلا ہوا تھا۔ یہ لوگ تامل زبان بولتے تھے۔ اس قوم کا قدیم ترین بادشاہ کاری کل تھا جو ۱۰۰ء میں تخت نشین ہوا۔ اس نے سیلون کے ساتھ ایک طویل جنگ لڑی۔ ۱۳۱۰ء میں ملک کافور نے ان لوگوں کو شکست دی۔

چولا نظم و نسق Chola administration

یہ نظم و نسق بڑا باضابطہ تھا۔ یہ دیہاتوں کے اتحاد (یونین) پر

Marfat.com

مشتمل تھا جسے قرم یا قوتم کہتے تھے - ہر یونین اپنے اُمور خود چلاتی تھی - اس مقصد کے لیے ایک اسمبلی ایک سال کے لیے منتخب کی جاتی تھی - اس کے وسیع اختیارات ہوتے تھے اور اس کا اپنا خزانہ ہوتا تھا - کچھ قرم مل کر ضلعے کی تشکیل کرتے تھے جسے نادو کہا جاتا تھا - کچھ نادو جمع ہوکر ایک صوبہ بنتا جس کا نام منڈالا ہوتا تھا - اُس وقت چولاس کی بادشاہت میں چھ صوبے تھے جن کو کافی حد تک خود مختاری حاصل تھی -

Christadelphian

کرسٹا ڈیلفین

جان تھامس (۱۸۰۵ء - ۱۸۷۱ء) نامی انگریز ڈاکٹر کا قائم کردہ ایک فرقہ جس نے نیویارک کی طرف نقل مکانی کر لی - یہ راسخ عیسائی اُصولوں کو مسترد کرتا تھا اور عالمگیر پیشوائیت کے قیام کا داعی تھا -

Christian

کرسچین

ڈنمارک کے بادشاہ

کرسچین اول (۱۴۲۶ء - ۱۴۸۱ء) - ڈنمارک کا بادشاہ (۱۴۵۰ء - ۱۴۸۱ء) - سویڈن کا بادشاہ (۱۴۵۷ء - ۱۴۶۴ء) -

کرسچین دوم (۱۴۸۱ء - ۱۵۵۹ء) - ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ (۱۵۱۳ء) - سویڈن کا بادشاہ (۱۵۲۰ء - ۱۵۲۳ء) -

کرسچین سوم (۱۵۰۳ء - ۱۵۵۹ء) - ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ (۱۵۳۴ء - ۱۵۵۹ء) -

کرسچین چہارم (۱۵۷۷ء - ۱۶۴۸ء) - ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ (۱۵۸۸ء - ۱۶۴۸ء) -

کرسچین پنجم (۱۶۴۶ء - ۱۶۹۹ء) - ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ (۱۶۷۰ء - ۱۶۹۹ء) -

کرسچین ہفتم (۱۷۴۹ء - ۱۸۰۸ء) - ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ (۱۷۶۶ء - ۱۸۰۸) -

Marfat.com

کرسچین ہشتم (۱۷۸۶ء - ۱۸۴۸ء) - ڈنمارک کا بادشاہ (۱۸۳۹ء - ۱۸۴۸ء) -

کرسچین نہم (۱۸۱۸ء - ۱۹۰۶ء) - ڈنمارک کا بادشاہ (۱۸۶۳ء - ۱۹۰۶ء) -

کرسچین دہم (۱۸۷۰ء - ۱۹۴۷ء) - ڈنمارک کا بادشاہ (۱۹۱۲ء - ۱۹۴۷ء) -

**Christian Aristotelianism** مسیحی ارسطوئیت

**Christian Catholic Apostolic Church in Zion** صیہون کا مسیحی کیتھولک اپساٹالک کلیسا

جے اے ڈوئی کا قائم کردہ (۱۸۹۶ء) فرقہ - اس کے اراکین کو عام طور پر صیہونی کہا جاتا ہے -

**Christian communities** مسیحی فرقے

**Christian era** سن عیسوی

**Christian Gospel** مسیحی انجیل ، مسیحی عقائد

**Christian Science** مسیحی سائنس

میری بیکر ایڈی کا قائم کردہ مذہب جس کی بنیاد یسوع مسیح ؑ کے افعال اور اقوال سے اخذ کردہ اُصولوں اور ربانی قوانین پر رکھی گئی - مسز ایڈی کی تعلیمات نے ۱۸۶۶ء میں اُس کی صحت یابی کے بعد فروغ پایا - اُس نے ۱۸۹۲ء میں (بوسٹن) یو ایس اے میں مسیح کا پہلا کلیسا قائم کیا - اُس کے اُصولوں کی کتاب ۱۸۷۵ء میں شائع ہوئی - اُس کا نام Science and Health ہے -

**Christian scripture** انجیل

**Christian Socialism** مسیحی اشتراکیت

اُنیسویں صدی میں انگلینڈ میں شروع کی گئی تحریک جس کا مقصد

Marfat.com

اقتصادی زندگی میں مسیحی مطمع ہائے نظر کو شامل کرنا تھا ۔ اس کے قائدین فریڈرک ڈینی سن ماؤ رائس اور چارلس کنگسلے تھے ۔

Christian Socialist — مسیحی اشتراکی

Christian theologians — مسیحی علمائے دین

Christianity — عیسائیت

یسوع مسیحؑ کی تعلیمات پر مشتمل تمام عقائد اور مذہبی گروہ ۔

Christmas — کرسمس

۲۵ دسمبر کو یسوع مسیحؑ کی پیدائش کا دن ۔ یہ دن سن ۲۰۰ میں منایا جانے لگا ۔

Chronicle — سرگزشت ، تاریخ وار سوانح

Chronicler — وقائع نگار

Chronological — تاریخ وار

Chronological age — عمر بلحاظ سنین

Chronological order — زمانی ترتیب

Chronologist — مؤرخ ، تاریخ دان

Chronology — وقائع نگاری ، علم تواریخ

Church fathers — آبائے کلیسا

Churchman — اہل کلیسا

Church meeting — جلسۂ کلیسا

Church officers — افسران کلیسا

Church rate — کلیسائی محصول

Church warden — ناظر کلیسا

Church writers
کلیسائی مصنفین

Chutu dynasty
خاندان چوٹو

جنوبی بمبئی کے علاقے اپر تنگا بھادرا میں حکومت کرنے والا خاندان ۔ اس کی حکومت ۲۲۵ء کے لگ بھگ قائم ہوئی جو تیسری صدی کے آخر تک قائم رہی ۔

Cimmerians
سمیرین

قدیم لوگ جو آٹھویں صدی ق‌م میں کریمیا سے جھیل وین کے علاقے میں اُٹھ آئے ۔ ساتویں صدی ق‌م میں اُنھوں نے ایشیائے کوچک میں یلغار کی ۔ روائتی طور پر وہ وحشی اور تیز و تند لوگ تھے ۔

Cinquecento
سنکونیٹو

سولھویں صدی میں تحریک احیائے علوم کے دور کا اٹلی خاص کر اس کا آرٹ اور ادب ۔

Circumscription
سکوں کے ارد گرد نقش کاری

City state
شہری ریاست

ایک ایسا شہر جو سیاسی اور معاشرتی طور پر خود مختار ہو ۔ تاریخ کے آغاز پر شہری ریاست میسوپوٹیمیا کے علاقے کی منظم زندگی کا ایک حصہ تھی ۔ اسی طرح اسیریا کی سلطنتیں بھی شہری ریاست کی ہی پیداوار ہیں ۔ قدیم یونان میں بھی شہری ریاستیں عام تھیں ۔ ان میں مقدونیہ ، اسپارٹا اور ایتھنز کی شہری ریاستیں ممتاز تھیں ۔ اگرچہ جمہوریت کا تصور انھی ریاستوں سے ہی شروع ہوا لیکن وہ مکمل طور پر جمہوری نہیں تھیں ۔ وہ ملوکیت یا عدیدیہ کی نوعیت کی تھیں ۔ شہری ریاستوں کی دیگر ممتاز مثالوں میں مقدس رومی سلطنت اور تحریک احیائے علوم کے زمانے کے اٹلی کے آزاد غیر جانبدار شہریوں کو شامل کیا جا سکتا ہے ۔

Civitas
سویٹاس

یہ لاطینی لفظ ہے جس کے معنی شہر کے ہیں ۔ رومی برطانیہ میں اس

Marfat.com

نے ایک ایسے قبائلی گروہ کے معانی اختیار کر لیے جو اجتماعی شخصیت کے لیے منظم ہو اور جس کا مقصد مقامی حکومت کا قیام ہو ۔ اس کی بنیاد ماقبل روسی قبائلی تنظیم تھی لیکن بے شمار چھوٹے قبائل نے اپنا جداگانہ وجود یا شناخت کھو دی ۔ اس طرح چند ایک مصنوعی گروہ بندیاں معرض وجود میں آ گئیں ۔ ہر سویٹاس کا ایک متعینہ علاقہ تھا ۔ ایک بڑا شہر ہوتا تھا جس کا کنٹرول ایک مجلس کرتی تھی اور ٹیکس بھی عائد کرتی تھی ۔ یہ سویٹاس خارجہ تعلقات بھی رکھتی تھیں جیسے ۴۱۰ء اور ۴۴۶ء میں روم سے مدد کی اپیل کی ۔

Clannish قبیلہ دوستی ، قبائلی

Clanship دستہ بندی ، جتھا بندی

Clansman عضو خانوادہ ، عضو طائفہ ، ہم خیلہ

Clarendon, constitutions of دساتیر کلیرنڈن

برطانیہ کے ہنری دوم کی عظیم کونسل کے منظور کردہ (۱۱۶۴ء میں) ۱۶ آرٹیکل ۔ اُنھوں نے برطانوی قانون کے فروغ میں حصہ لیا اور کلیسائی عدالتوں پر شہری عدالتوں کا دائرہ اختیار بڑھایا ۔ تھامس اے بیکٹ نے اُن کو مسترد کر دیا اور ہنری کے ساتھ اُس کا جھگڑا ۱۱۷۰ء میں اُس کے قتل پر ختم ہوا ۔

Clarendon code مجموعہ قانون کلیرنڈن

قائم شدہ کلیسا کو مضبوط کرنے کے لیے برطانیہ میں کیولر پارلیمنٹ (۱۶۶۱ء - ۱۶۶۵ء) کے اختیار کردہ قوانین ۔ یہ تعداد میں چار تھے ۔ ان کو ۱۶۷۳ء کے ٹیسٹ ایکٹ نے موقوف کیا ۔

Classical economics کلاسیکی اقتصادیات

اٹھارویں صدی کے آخر اور اُنیسویں صدی کے شروع میں معاشی نظریات کا فروغ جو آدم سمتھ ، مالتھس اور ریکارڈو نے کیا ۔ اُن کا خیال تھا کہ دولت میں اضافہ آزاد مقابلہ اور تقسیم کار کے رہین منت ہوتا ہے ۔

Marfat.com

Classical economists — کلاسیکی معاشیین

Classical Latin — کلاسیکی لاطینی

روم کی عظیم ترین ادبی مدت (۱۰۰ ق‌م - ۱۷۵ء) کی لاطینی خصوصیت جو کہ سسرو، سیزر، ورجل، ہوریس اور اووڈ کی تصنیفات میں پائی جاتی ہے -

Classicism — وہ جذبہ جو یونانی و رومی تہذیب کے کارناموں سے آگاہ کرتا ہے جن میں نفاست، وضاحت اور خوبصورتی پائی جاتی ہے -

Classification of cities — شہروں کی درجہ بندی

Class warfare — طبقاتی جنگ و جدل

کارل مارکس کے خیال میں محنت کشوں اور آجروں (سرمایہ داروں) کے درمیان ناگزیر مخالفت - محنت کش ذرائع پیدائش کو فعال بناتے ہیں جب کہ سرمایہ داروں کی تحویل میں یہ ذرائع ہوتے ہیں - یہ مخالفت اس لیے ناگزیر ہے کیونکہ سرمایہ دار محنت کشوں کا استحصال کرتے ہیں - کارل مارکس کے خیال میں تاریخ اسی جنگ و جدل سے عبارت ہے -

Claudius — کلوڈئیس

رومی شہنشاہ

کلوڈئیس اول ۱۰ ق‌م - ۵۴ء - اس نے ۴۱ء - ۵۴ء تک حکومت کی -
کلوڈئیس دوم متوفی ۲۷۰ء - اس نے ۲۶۸ء - ۲۷۰ء تک حکومت کی -

Claymore — کلے مور

اسکاٹ لینڈ کی سولھویں صدی میں استعمال ہونے والی دو دھاری تلوار -

Clearchus — کلیرکس

اسپارٹا کا افسر جو ۴۰۱ ق‌م میں فوت ہوا - وہ بازنطیت کا گورنر تھا - اُس کی موت سنا کانہ قتل کے ذریعے ہوئی -

Marfat.com

کلیومینز **Cleomenes**

اسپارٹا کے بادشاہ

کلیومینز اول متوفی ۴۸۹ ق م -

کلیومینز سوم متوفی ۲۱۹ ق م -

اہل کلیسا کا حق استثنا **Clergy, benefit of**

پادریوں کا وہ حق جس کی رو سے اُن پر عام آدمیوں کی طرح عدالت میں مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا تھا -

تیز رو جہاز یا کشتی **Clipper**

چین کی چائے کی تجارت میں استعمال ہونے والا تیز رو جہاز جو اب ماضی کا حصہ بن چکا ہے -

کلوتار **Clotaire**

جرمن بادشاہ

کلوتار اول متوفی ۵۶۱ء -

کلوتار دوم ۵۸۴ء - ۶۲۹ء -

گھمسان کی لڑائی **Close combat**

اسیر نگرانی **Close prisoner**

قیدی جس کی کڑی نگرانی کی جائے -

بند شہر **Closed city**

شہر جہاں کسی خاص فرقے ، مذہب ، نسل ، قوم اور رنگ کے افراد ہی رہائش پذیر ہو سکتے ہیں -

کلیونیاک **Cluniac**

مشرقی فرانس میں کلنی کے مقام پر ۹۱۰ء میں قائم کی گئی تنظیم جس نے عبادت کے طور اطوار پر گہرے اثرات مرتب کیے - مغربی

Marfat.com

دنیائے مسیحیت میں اس کا زور بارہویں صدی تک رہا - اسے انقلاب فرانس کے زمانے میں دبایا گیا - گیارہویں صدی میں تعمیر کی گئی ایک خانقاہ اٹھارویں صدی میں مسمار کر دی گئی۔ اس طرح کلیونیاک کی آخری نشانی بھی تباہ کر دی گئی -

Cniht — خادم

برطانیہ میں کسی امیر آدمی کا نوکر جو اُس کے گھربار کی حفاظت کرتا اور کچھ فوجی اور انتظامی فرائض بھی ادا کرتا - اس لفظ کا اطلاق انگریزوں نے نارمن فاتحین کے پیروکاروں پر کیا -

Cockpit — کاک پٹ

برطانیہ کی پریوی کونسل کی جوڈیشیل کمیٹی کا سابقہ نام -

Code Napolean — مجموعہ ضابطۂ قوانین نپولین

فرانسیسی نجی باقاعدہ قانون جس کی تدوین نپولین بونا پارٹ کی فرمائش پر کی گئی - یہ مجموعہ لاطینی اقوام میں زبردست مقبول ہوا -

Codes, barbarian — غیر متمدن ضابطہ ہائے قانون

Coercion of powers — استبدادی اختیارات

Coercive authority — جابرانہ اختیار

Coercive collectivization — جبری تجمیع

Coeval — ہم عہد ، معاصر ، ہم آغاز

Coevality — ہم عصری

Coherent civilization — مربوط تہذیب

Co-hort — فوج کا دستہ

رومی تاریخ میں فوج کے بڑے لشکر کا دسواں حصہ -

Marfat.com

Coif — ٹوپی

یورپ میں قرون وسطیٰ کے سپاہی ایک ایسی ٹوپی پہنتے تھے جو زرہ بکتر کے اُوپر پہنی جاتی تھی اور چہرے پر ایک سایہ سا آ جاتا تھا ۔

Co-imperium — مشترکہ شہنشاہیت

Coin, King's — سکہ شاہی

Coiner — ٹکسالیہ ، سکہ زن ، سکہ بنانے والا

Collateral consanguinity — ہم جدی قرابت

Collateral relatives — ہم جدی رشتہ دار

Collaterals — رشتہ داران جدی

Collective suicide — اجتماعی خود کشی

College of cardinals — حلقۂ کارڈن نلان

Colonia — کالونیا

پرانے رومی فوجیوں کی شہری بستی ۔ وہ رومی شہری تھے جو قصبے میں رہتے تھے ۔ اُن کے پاس وسیع زرعی زمین ہوتی اور کافی حد تک مقامی اُمور میں اُن کو حکومت کی خود اختیاری حاصل ہوتی ۔ اس میں ارد گرد کا علاقہ بھی شامل ہوتا ۔ موخر رومن برطانیہ میں کالونیا اور اس کا علاقہ کسی حد تک سویٹاس سے مختلف نظر آتی ہے ، خاص طور پر اس لیے کہ اس میں بتدریج برطانوی عنصر بڑھتا گیا ۔ برطانیہ میں چار کالونیاں تھیں یعنی کیمولوڈنڈم (کولچسٹر) ، ابوریکم (یارک) ، کیوم (گلوکیسٹر) اور لینڈم (لنکن) ۔

Colonization officer — افسر نو آبادی

Colonizer — مستعمرہ نشین

Colony work — کار نو آبادی

Colossus — استعماری ریاست

Colour — پرچم ، علم ، جھنڈا ، رنگ

Columbus Day — یوم کولمبس

۱۲ اکتوبر ۱۴۹۲ء کو کولمبس نے امریکہ دریافت کیا ۔ اس کی یاد میں یو ایس اے کی کئی ریاستوں اور جنوبی امریکہ کے کئی ممالک میں تعطیل کی جاتی ہے ۔

Comitatus — قومیٹیٹس

رومی مورخ ٹیسی ٹس (پہلی صدی عیسوی) نے جرمن سرداروں کے محافظوں کے لیے اس اصطلاح کا استعمال کیا ہے ۔ یہ محافظ حسب ونسب اور شہرت کے اعتبار سے معتبر ہوتے تھے ۔ اُن کا تعلق ٹیٹونک علاقے سے ہوتا تھا ۔

Commandment — حکم ، امر ، فرمان ، اُصول

Commando — دستہ ، کمانڈو

چھوٹا فوجی حملہ کرنے والا یونٹ جسے برطانیہ نے ۱۹۴۰ء میں منظم کیا ۔ اسی طرح کا یونٹ امریکہ نے رینجر یونٹ میں قائم کیا ۔ بوبیرز نے جنوبی افریقہ کی جنگ میں پہلی دفعہ کمانڈو کا استعمال کیا کمانڈو دشمن کی صفوں میں آناً فاناً تباہی پھیلا دیتے ہیں ۔

Command papers — شاہی حکم سے پیش کیے جانے والے کاغذات

Commonage — (۱) حقوق شاملات ، حقوق مشترک

(۲) شاملات ، مشترکیت

Common allegiance — مشترک اطاعت

Common ancestor — مشترک مورث اعلیٰ ، مشترک اسلاف

Marfat.com

Common blood — مشترک خون

Commonwealth, British — برطانوی دولت مشترکہ

ایسے تمام ممالک جو کبھی برطانیہ کے ماتحت تھے اور اب خود مختار حیثیت کے مالک ہیں - اُنھوں نے ایک انجمن قائم کر رکھی ہے - ان کے باہمی تعلقات میں ۱۹۳۱ء کے ویسٹ منسٹر کے قانون کا بڑا دخل ہے - اس کا ایک دیباچہ ہے اور بارہ دفعات ہیں - دیباچے کی رو سے کراؤن دولت مشترکہ کے تمام اراکین کی وحدت کا نشان ہے -

Commonwealth, Christian — مسیحی دولت مشترکہ

Commonwealths of antiquity — عہد عتیق (نامعلوم وقت سے پچاس ہزار مسیح) کی دولت مشترکہ

Commune of Paris — پیرس کی کمیون

فرانس اور پرشیا کی لڑائی کے اختتام پر مارچ - مئی ۱۸۷۱ء کو پیرس میں قائم کی گئی حکومت جو ورسائی میں ایڈولف تھیرز کی حکومت کی مخالفت میں قائم کی گئی -

Communion, The Holy — عشائے ربانی

Communist settlements — اشتمالی بستیاں

Comneus — کمنیس

بازنطینی شہنشاہوں کا خاندان - ان شہنشاہوں نے ۱۰۵۷ء - ۱۰۵۹ء اور ۱۰۸۱ء - ۱۱۸۵ء تک حکومت کی -

Company, the Dutch East India — ولندیزی ایسٹ انڈیا کمپنی

اس کا مکمل نام یونائیٹڈ ایسٹ انڈیا کمپنی آف نیدر لینڈ تھا - اسے ۱۶۰۲ء میں قائم کیا گیا - اس کے وسیع مالی ذرائع تھے اور حکومت کی پشت پناہی بھی حاصل تھی - یہ کمپنی ۱۶۰۲ء سے ۱۷۹۸ء تک قائم رہی - اس کے مقاصد اسپین کے خلاف جنگ آزادی کی مدد

کرنا اور تجارت کو فروغ دینا بھی شامل تھے ۔ اس کمپنی نے انڈونیشیا ، ملایا اور سیلون سے انگریزوں کو مار بھگایا اور جزائر سپائس کی تجارت کی اجارہ داری حاصل کی ۔ اس نے جنوبی افریقہ میں کیپ آف گڈ ہوپ کا شہر قائم کیا ۔ اس کے مقبوضات ولندیزی سامراجی سلطنت کا حصہ بنے ۔ البتہ ہندوستان میں کمپنی انگریزوں کے مقابلے میں نہ ٹھہر سکی اور ۱۷۵۹ء میں بدرا کی لڑائی میں اس کو قطعی شکست ہوئی ۔

**Company, the East India** **ایسٹ انڈیا کمپنی**

اس کا مکمل نام برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی تھا اور یہ ۱۶۰۰ء سے ۱۸۵۸ء تک قائم رہی ۔ اسے برطانیہ کی ملکہ الزبتھ اول کے فرمان کے ذریعے قائم کیا گیا ۔ اسے مشرقی کرہ میں تجارت کی اجارہ داری حاصل تھی۔ جلد ہی یہ ہندوستان کے ساتھ تجارت تک محدود ہوگئی۔ یہ زیادہ تر کپڑے کی برآمد کرتی تھی ۔ اسے ۱۶۹۸ء میں توڑ دیا گیا اور ۱۷۰۸ء میں دوبارہ قائم کی گئی ۔ اس نے لارڈ کلائیو کی فرانسیسیوں پر فتوحات (۱۷۵۵ء - ۱۷۶۱ء) کے بعد ممتاز حیثیت حاصل کی ۔ اس نے ہندوستان کے حالات سے فائدہ اٹھا کر یہاں مختلف علاقوں پر قبضہ کرنا شروع کیا۔ وارن ہیسٹنگز اس کے مقبوضات ہند کا پہلا گورنر جنرل تھا ۔ ۱۸۳۳ء میں اس کی سرگرمیاں انتظامی نوعیت کی ہوگئیں ۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کی ناکامی کے بعد ہندوستان کو براہ راست تاج برطانیہ کی تحویل میں دے دیا گیا ۔

**Company, the French East India** **فرانسیسی ایسٹ انڈیا کمپنی**

اسے ۱۶۶۴ء کولبرٹ کے ایما پر قائم کیا گیا ۔ اسے لوئی چہاردہم نے ہندوستان میں انگریزوں کی تجارت کا مقابلہ کرنے کے لیے قائم کیا ۔ اس نے بھی ہندوستان کے حالات سے فائدہ اٹھا کر یہاں کے کئی علاقوں پر قبضہ کر لیا اور مدراس اور دکن میں انگریزوں کی رقیب بن گئی۔ لیکن بتدریج اس کی تجارت خسارے میں چلی گئی اور کئی ایک لڑائیوں میں انگریزوں نے فرانسیسیوں کو شکست دی۔ ۱۷۶۳ء میں پیرس کے معاہدہ امن کے بعد کمپنی ہندوستان میں سیاسی طاقت

Marfat.com

کے طور پر ختم ہو گئی اور پانڈی چری ، چندرن آ گور ، ماہے اور کاری کل میں اس کے مراکز خالصتاً تجارت کے لیے رہ گئے ۔

Conciliar party — کلیسائی مجلس

Conciliar reform of Church government — کلیسائی حکومت کی مجلس اصلاح

Conciliar theory of Church government — کلیسائی حکومت کا مجلسی نظریہ

Conciliarist controversy — نزاع پاپائیت و حامیان مجلس کلیسا

Confederate cruisers — عہدیہ کے جنگی جہاز

امریکی خانہ جنگی میں عہدیہ نے شمال کے تجارتی جہازوں کو تباہ کرنے کے لیے جنگی جہاز روانہ کیے جو تعداد میں اٹھارہ تھے ۔ ان میں فلوریڈا ، الباسہ شناندوھا قابل ذکر ہیں ۔ ان جہازوں نے امریکی تجارت پر ضرب کاری لگائی ۔

Conference of titles — عطائے خطابات

Confucian — کنفیوشس کا پیرو

Confucianism — کنفیوشسیت

چھٹی صدی قبل مسیح کے آخر میں چین میں کنفیوشس کا قائم کردہ اخلاق اور مذہبی نظام ۔ اسے تانگ خاندان (۶۱۸ء - ۹۰۶ء) نے سرکاری مذہب قرار دینے کے ساتھ ساتھ اس کا احیا بھی کیا ۔

Congregational religion — جماعتی مذہب

Congregationalism — خود مختاری کلیسا

ایک قسم کی کلیسائی حکومت جو مقامی حکومت کو خود مختار بناتی ہے ۔ ایسی تحریک ۱۵۶۷ء میں انگلینڈ میں شروع ہوئی ۔ اس نے

Marfat.com

سترہویں صدی کے آغاز میں امریکہ کے علاقے نیو انگلینڈ میں استحکامت حاصل کی -

Congregationalists حاسیان خود مختاری کلیسا

برطانیہ میں ملکہ الزبتھ اول کے زمانے سے خود مختار غیر مقلدین - ان میں سے بیشتر تشدد کی وجہ سے ہالینڈ اور نیو انگلینڈ ہجرت کر گئے انہوں نے کراسویل کے زمانے میں مکمل آزادی حاصل کی - ۱۶۸۹ء کے قانون کی رو سے اُن کو تشدد سے نجات ملی -

Conquered nation مفتوحہ قوم

Conquered territory مفتوحہ علاقہ

علاقہ جو دشمن کی مسلح افواج کے حملہ کرنے سے عارضی طور پر اُن افواج کے کمانڈر کے زیر اثر اور دائرہ اختیارات میں آ گیا ہو -

Conqueror فیروز ، کشور گیر ، ملک گیر ، فاتح

Conquest فیروز مندی ، غلبہ ، فتح

Conquistadors کانکو سٹیڈرز

سولھویں صدی کے میکسیکو ، وسطی امریکہ اور پیرو کے ہسپانوی فاتحین - ان میں سے کورٹز اور پیزارو زیادہ مشہور تھے -

Conrad کانریڈ

مقدس رومی سلطنت کے حکمران

کانریڈ اول (متوفی ۹۱۸ء)

کانریڈ دوم ۹۹۰ء - ۱۰۳۹ء

کانریڈ سوم ۱۰۹۳ء - ۱۱۵۲ء - یہ ۱۱۳۸ء - ۱۱۵۲ء تک جرمن کا بادشاہ بھی رہا -

کانریڈ چہارم ۱۲۲۸ء - ۱۲۵۴ء - یہ ۱۲۳۷ء - ۱۲۵۴ء تک جرمنی اور ۱۲۵۰ء - ۱۲۵۴ء تک سسلی اور بیت المقدس کا بھی بادشاہ رہا -

Marfat.com

Consanguinity — خونی رشتہ ، تعلق نسبی ، قرابت

Conscript fathers — جبری والد

قدیم روم کے سینٹرز ۔

Conservative connotation — قدامت پسند تعبیر

Conservative nation — قدامت پسند قوم

Conservative nationalism — قدامت پسندانہ قوم پرستی

Conservative party, British — برطانوی قدامت پسند جماعت

یہ جماعت اُنیسویں صدی کی ٹوری جماعت سے پیدا ہوئی ۔ یہ پرانی روایات کی علمبردار ہے ۔

Constance, Council of — کونسل آف کانسٹنس

یہ کونسل ۱۴۱۴ء ۔ ۱۴۱۸ء تک قائم رہی ۔ یہ رومن کیتھولک چرچ کی کونسل تھی ۔ یہ اُس انتشار کو ختم کرنے کے لیے قائم کی گئی تھی جو تین رقیب پوپ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی یعنی گریگوری دوازدہم، جان بستم دوم اور بنیڈکٹ سیزدہم۔ کونسل کے فیصلے کبھی بھی مؤثر ثابت نہ ہوئے ۔

Constans — کانسٹانز

(۱) رومی اور بازنطینی شہنشاہ

کانسٹانز اول ۳۲۰ء ۔ ۳۵۰ء ۔

کانسٹانز دوم ۶۳۰ء ۔ ۶۶۸ء ۔ یہ ۶۴۲ء ۔ ۶۶۸ء تک بازنطینی شہنشاہ رہا ۔

Constantine — کانسٹینٹائن

(۱) رومی اور بازنطینی شہنشاہ

کانسٹینٹائن اول ۲۸۸ء ۔ ۳۳۷ء ۔

Marfat.com

کانسٹینٹائن دوم ۳۱۶ء - ۳۴۰ء -

کانسٹینٹائن چہارم متوفی ۶۸۵ء -

کانسٹینٹائن پنجم ۷۱۸ء - ۷۷۵ء -

کانسٹینٹائن ششم ۷۷۰ء میں پیدا ہوا - ۷۸۰ء - ۷۹۷ء تک بازنطینی شہنشاہ رہا -

کانسٹینٹائن ہفتم ۹۰۵ء - ۹۵۹ء -

کانسٹینٹائن یازدہم متوفی ۱۴۵۳ء -

(۲) کانسٹینٹائن

ہیلنس کا بادشاہ ۱۹۱۳ء - ۱۹۱۷ء ، ۱۹۲۰ء - ۱۹۲۲ء -

**Constantinople, Councils of** قسطنطنیہ کی کونسلیں

روسی کیتھولک چرچ کی دوسری ، پانچویں ، چھٹی اور آٹھویں کونسل - پہلی کونسل ۳۸۱ء میں ، دوسری کونسل ۵۵۳ء میں ، تیسری کونسل ۶۸۰ء میں اور چوتھی کونسل ۸۶۹ء میں طلب کی گئی - راسخ العقیدہ کلیسا ان کونسلوں کی بجائے ۸۸۰ء کونسل کو تسلیم کرتا ہے - یہ دونوں قسم کی کونسلیں مشرقی اور مغربی کلیساؤں کی تلخ تقسیم کی نشاندہی کرتی ہیں -

**Constantinople, Latin Empire of** قسطنطنیہ کی لاطینی سلطنت

چوتھی صلیبی جنگ کے قائدین کی قائم کردہ جاگیردارانہ نوعیت کی سلطنت جو جنوبی بلقان اور جزیرہ نمائے یونان میں قائم کی گئی - اس کا نمونہ بیت المقدس کی لاطینی بادشاہت رکھا گیا - اس کے حکمران بالڈون اول ، ہنری آف فلینڈرز ، رابرٹ آف کورٹنے ، جان آف برین اور بالڈون دوم تھے - یہ سلطنت ۱۲۰۴ء - ۱۲۶۱ء تک قائم رہی -

**Continental** براعظمی

(۱) یو ایس اے میں انقلابی جنگ کے وقت اجتماعی طور پر نو آبادیوں کے متعلق -

(۲) یو ایس اے میں انقلابی جنگ میں شامل یورپی فوج کا سپاہی -

Marfat.com

Continental congress
براعظمی اجتماع
یو ایس اے کی تیرہ نو آبادیوں اور بعد میں امریکی انقلاب میں اور نیم وفاق کی دفعات کے تحت قائم ہونے والی وفاق مقننہ جو ۱۷۷۴ء سے ۱۷۸۹ء تک قائم رہی -

Continental system
براعظمی نظام
نپولین کی معاشی جد و جہد اور جنگ جو اُس نے برطانیہ کے خلاف اختیار کی - یہ اعلان برلن (۱۸۰۶ء) کے ساتھ شروع ہوئی اور ۱۸۱۳ء تک جاری رہی جب نپولین کا یورپ میں ایک طاقت کے طور پر خاتمہ ہوا - برطانیہ کے ساتھ ہر قسم کی تجارت ممنوع کر دی گئی حتیٰ کہ غیر جانبداروں کو بھی اس کی اجازت نہ تھی -

Contractual agreement — معاہدی اتفاق رائے ، معاہداتی اتفاق رائے

Contractual limitations — معاہداتی حدود ، معاہداتی پابندیاں

Contractual obligations — معاہداتی ذمہ داریاں

Contractual relation — معاہداتی تعلق

Contractual rights
معاہداتی حقوق
کسی معاہدے کے تحت جائیداد یا دیگر حاصل کیے گئے حقوق جیسے نظریۂ معاہدہ عمرانی کے تحت حقوق جو افراد کو ملے -

Contractual theory — نظریۂ معاہدہ ، معاہداتی نظریہ

Contractual theory of government — حکومت کا معاہداتی نظریہ

Contravallation
حصار بندی
کسی بستی کا محاصرہ کرنے والوں کا مٹی سے گھیرا تعمیر کرنا تاکہ محصورین کی حوصلہ شکنی کی جا سکے - ایسا امریکہ میں ہوتا تھا -

Conventionalist — رسوم کا پابند ، تشریفات دوست ، مقلد ، رسوم پرست

Conventionality — رسم ، قید رسمی

Convict labour — مشقت مجرمین

Convoy — بدرقہ ، محافظت ، مشایعت

تجارتی بیڑا ، فوجی دستہ یا سامان رسد جس کے ہمراہ بدرقہ بھی ہو -

Co-operative Movement — تحریک امداد باہمی

یہ تحریک ۱۸۴۴ء میں رابرٹ اوون سے متاثر ہوکر رودح ڈیل پائینرز نے شروع کی - برصغیر میں اس کا آغاز ۱۸۹۲ء میں فریڈرک نکلسن ، ایک مدراسی نے کیا - اس تحریک کا مقصد باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا ہے - بعد میں حکومتی سطح پر ایک محکمہ بھی اس مقصد کے لیے قائم کیا گیا -

Co-operative production — تعاونی پیداوار

Co-operative society — انجمن امداد باہمی

Copperhead — تامڑا

(ریاستہائے متحدہ امریکہ) شمالی ریاستوں کا وہ شہری جس نے خانہ جنگی کے دوران میں جنوبی ریاستوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا - یہ نام نوعی مار زہر دار سانپ سے اخذ کیا گیا ہے جو متنبہ کیے بغیر حملہ کرتا ہے -

Copt — قبطی

قدیم مصری قوم - فرعون کے ساتھی - مصر کا قدیم نام قبط تھا -

Copy — نقل

قدیم برطانیہ میں تعلقہ داروں کی عدالت کی فہرست کی نقل -

Copy-holder — اجارہ دار

Coritani — کوریٹانی

انگلستان کے وسطی اضلاع میں آباد ایک قبیلہ - اُن کو ۴۷ء میں

Marfat.com

رومیوں نے زیر کیا اور اس طرح وہ راناٹی (لیکیسٹر) کو دارالحکومت بنا کر شہری آبادی میں منتقل ہو گئے ۔

**Cornovii** کورنووی

ایک برطانوی قبیلہ جو سٹیفور شائر ، چیشائر اور شروپشائر میں آباد تھا ۔ اُن کو بھی ۷۸ء میں رومیوں نے زیر کیا ۔ وہ ورو کونیم (ورو کسٹر) کو اپنا دارالحکومت بنا کر شہری آبادی میں منتقل ہو گئے ۔

**Corporal oath** مذہبی حلف

کسی مقدس چیز کو ہاتھ لگا کر حلف لینا ۔

**Corporal punishment** جسمانی سزا

انضباط کی خلاف ورزی یا جرم کی سزا کے طور پر تازیانے لگانا یا جسمانی سزا کی کوئی دوسری قسم ۔

**Corsair** بحری ڈاکو

بربر ریاستوں کے ساحل پر زمانہ قدیم کے ڈاکو ۔

**Corslet/Corselet** کورسلیٹ

جسم کے دفاع کے لیے زرہ بکتر یا چمڑے کا بنا ہوا لباس ۔

**Corvee** بیگار

اُجرت دیے بغیر کسی سے کام لینا ۔ ایسی مزدوری کا نظام فرانس میں ۱۷۷۶ء تک موجود رہا ہے ۔

**Corvette** کورویٹی

ایک جنگی جہاز جس پر توپوں کی ایک ہی قطار ہوتی تھی اور عرشہ ہموار ہوا کرتا تھا ۔

کائناتی ارتقا — Cosmic evolution

وسیع المشربی ، پردیسی پن — Cosmopolitanism

جنگ عظیم دوم کے بعد روس میں یہ اصطلاح زبردست یہود دشمنی کی گونج کے ساتھ یہودی غیر مقلد دانشوروں کے خلاف استعمال کی جاتی رہی ہے -

جھولا — Cot

امریکی تاریخ میں لٹکنے والا بستر -

کاؤنٹ — Count

یورپ کے کئی ممالک میں اُمرا کا لقب -

دسیسہ متقابل ، جوابی سازش — Counter-plot

سازش جس کا مقصد دوسرے کو شکست دینا ہو -

جوابی تحریک اصلاح — Counter-reformation

زن کاؤنٹ — Countess

فٹن — Coupe

چار پہیوں والی گاڑی جس میں دو افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہو - کوچوان کی سیٹ باہر کی جانب بنی ہوتی تھی -

ملازمت متعہدہ — Covenanted civil service, the

ملازمت جو ایک خاص مدت کے لیے ہو -

ملک کا نظم و نسق چلانے کی خاطر ایسٹ انڈیا کمپنی نے ہندوستان میں افسر شاہی کا جو انتظامی ڈھانچہ قائم کیا اُسے ملازمت متعہدہ کہا جاتا تھا - بعد میں اسے انڈیا سول سروس کا نام دیا گیا - کمپنی تجارت کی غرض سے ہندوستان میں آئی تھی ، یہ نوجوانوں کو منشی

Marfat.com

کے طور پر ملازم رکھتی تھی - اُن کی عمر بیس برس سے کم ہوتی تھی اور اُن کو کم تنخواہ ملتی تھی - ۱۷۵۷ء کی جنگ پلاسی میں کمپنی کو فتح حاصل ہوئی اور اُسے ہندوستان کے کئی علاقوں پر قبضہ حاصل ہوا - اب ان منشیوں کو نئے علاقوں کا انتظام دے دیا گیا - جلد ہی یہ عہدیدار بدعنوانیوں کا شکار ہوگئے اس لیے کمپنی نے ان ملازمین کو ایک عہد نامہ دستخط کرنے کو دیا - اس عہدنامہ کو لارڈ کلائیو کے عہد میں زیادہ مؤثر بنایا گیا - بعد میں اس ملازمت میں آنے کے لیے مختلف وقتوں میں مختلف شرائط متعین کی گئیں اور اُن کی تربیت کے لیے اکادمی قائم کی گئی اور اس سروس میں آنا اعزاز خیال کیا جانے لگا -

Covenanter — متعہد ، عہد کنندہ

Crass force — وحشیانہ قوت

Creationism — تخلیقیت

Creative evolution — تخلیقی ارتقا

Credulous — زود یقین ، سادہ لوح ، خوش اعتقاد ، ضعیف الاعتقاد

Creed — اعتقاد ، عقیدہ ، مسلک ، دھرم ، مت ، مذہب

Creedless — بے دین ، بے عقیدہ

Cresset — مشعل ، قندیل ، شمع ، قمقمہ

Crimination — (۱) تہمت ، اتہام
(۲) مجرم گرداننا

Cristeros — کرسٹورس

ایلیس کالس کی صدارت (۱۹۲۴ء - ۱۹۲۸ء) کے دوران میں میکسیکو کی سیاسی تحریک اور بغاوت جو کہ آئین کی بعض دفعات کی مخالفت کی وجہ سے ہوئی جنھیں اُس نے نافذ کیا - تین برس (۱۹۲۶ء - ۱۹۲۹ء)

Marfat.com

تک میکسیکو میں کسی قسم کی کلیسائی سرگرمیاں نہ ہوسکیں ، اگرچہ گرجا گھر نجی عبادت کے لیے کھلے رہے ۔

باڑی — Croft

برطانیہ میں کسی مکان کے متصل قابل کاشت زمین کا ٹکڑا

صلیب — Cross

لکڑی کی بنی ہوئی سولی جس پر مجرمین کو باندھا جاتا تھا یا ہاتھ کھول کر اُن کی ہتھیلیوں میں کیل ٹھونکے جاتے تھے ۔

تصلیب ، سولی چڑھانا — Crucifixion

سفاکانہ اور غیر معمولی سزا — Cruel and unusual punishment

غیر انسانی سزا مثلاً تعذیب ، تڑپا تڑپا کر مارنا ، ملزم کو چکر میں باندھ کر پھرانا جس کا قدیم صدیوں میں رواج تھا ۔ لیکن اب اُنھیں متروک کیا جا چکا ہے ۔

صلیبی جنگیں — Crusades

بیت المقدس کی بازیابی کے لیے یورپی عیسائیوں کی گیارہویں اور چودہویں صدی میں لڑی گئی جنگیں ۔ اس تحریک کا آغاز فرانس میں ہوا ۔ جب پوپ اُربن دوم نے ۱۰۹۵ء میں کلر مونٹ کی کونسل میں دنیائے مسیحیت پر اُکسایا ۔ اس اجلاس میں شرکا میں صلیبیں تقسیم کی گئیں اور یہیں سے اُن کا نام پڑا ۔ بنیادی طور پر مقاصد مذہبی تھے لیکن دنیاوی اغراض کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ۔

پہلی صلیبی جنگ ۱۰۹۵ء - ۱۰۹۹ء

دوسری صلیبی جنگ ۱۱۴۷ء - ۱۱۹۹ء

تیسری صلیبی جنگ ۱۱۸۹ء - ۱۱۹۲ء

چوتھی صلیبی جنگ ۱۲۰۲ء - ۱۲۰۴ء

پانچویں صلیبی جنگ ۱۲۱۷ء - ۱۲۲۱ء

Marfat.com

چھٹی صلیبی جنگ ۱۲۲۸ء - ۱۲۲۹ء
ساتویں صلیبی جنگ ۱۲۴۸ء - ۱۲۵۴ء
آٹھویں صلیبی جنگ ۱۲۷۰ء
نویں صلیبی جنگ ۱۲۷۱ء - ۱۲۷۲ء

(۲) اس اصطلاح کا استعمال اُن تمام مہمات کے لیے بھی کیا جاتا تھا جن کی منظوری پوپ نے دی ہوئی تھی اور یہ مہمیں ملحدوں کے خلاف ہوتی تھیں -

(۳) پندرہویں اور سولھویں صدی میں ترکوں کے خلاف کی گئیں مہمات

**Crusader**

مسیحی مجاہد ، سرباز جنگ صلیبی

**Cuirass**

زرہ بکتر ، چار آئینہ
زرہ بکتر کا وہ حصہ جو سینہ اور پشت کو ڈھانپتا تھا - یہ عام طور پر چمڑے سے بنایا جاتا تھا -

**Cuirassier**

زرہ بکتر پوش گھوڑ سوار سپاہی

**Cuneiform**

کیونیفارم
بابل ، اسیریا ، ایران اور عکادیا کے کتبوں پر استعمال ہونے والا قدیم رسم الخط جو نرم مٹی پر کندہ کیا گیا -

**Cupbearer**

خادم مے
امریکی معاشرے میں وہ خادم جو صرف شراب انڈیل کر دینے پر مامور تھا -

**Currency-chest**

کرنسی پیٹی

**Curricle**

دو پہیہ گاڑی
اس دو پہیوں والی گاڑی کو دو گھوڑے کھینچتے تھے -

**Curzon Line**

کرزن لائن
پولینڈ اور روس کی سرحد کا نام جسے برطانیہ کے وزیر خارجہ لارڈ کرزن نے دسمبر ۱۹۱۹ء میں اتحادیوں کی تصدیق کے بعد تجویز کیا-

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Custodian/Custodier | محافظ ، داروغہ ، نگہبان ، امین ، متولی |
| Custody | توقیف ، حبس ، حراست ، تحویل ، نگہداری |
| Customary privileges | رواجی مراعات ، رواجی حقوق امتیازی |
| Customary regulations | رسمی ضوابط |
| Custos placitorum coronae (L.) | محافظ مقدمات تاج |
| Cuthbert | جو جنگی خدمات سے پہلو بچائے |
| Cut-purse | جیب کترا |
| Cynic | کلبی ، فلسفہ کلبہ کا پیرو ، خشک مزاج ، نک چڑھا |
| Cynicism | کلبیت ، خشک مزاجی ، نک چڑھا پن |

Marfat.com

# D

**Dacia**
**ڈیشو**

رومی سلطنت کا علاقہ جو آج کے رومانیہ اور ٹرانسویلنیا پر مشتمل تھا ۔ یونانی اس کے لوگوں کو گیٹائی اور رومی دیشی کہتے ۔ اُن کی ثقافت مادی نوعیت کی تھی ۔ اُنھوں نے ڈومیشین کی مزاحمت کی جنھوں نے اُن کو ۹۰ء میں خاموش رکھنے کے لیے خراج پیش کیا ۔ ٹروجنوں نے ۱۰۵ء میں نو آبادیاں قائم کیں اور یہ ایک رومی صوبہ بن گیا ۔

**Daflas, the**
**ڈفلاس**

آسام کی شمال مشرقی سرحد پر آباد قبائلی لوگ جو ڈفلا کی پہاڑیوں سے موجودہ دارانگ کے ضلع کے شمال تک کے علاقے میں پھیلے ہوئے تھے۔

**Dalriada**
**ڈالریاڈا**

اسکاٹ لینڈ کی ایک بادشاہت جو بنیادی طور پر شمالی آئرلینڈ کے علاقے میں قائم ہوئی ۔ پانچویں صدی عیسوی میں ملحقہ جزائر میں ڈالریاڈا کی ایک اور بادشاہت قائم ہوئی ۔ چھٹی صدی کے آخر تک یہ دونوں بادشاہتیں ایک دوسرے سے خود مختار رہیں ۔ نویں صدی کے وسط میں یہ دونوں بادشاہتیں مل کر اسکاٹ لینڈ بن گئیں ۔

**Damnoii**
**ڈیمنوئی**

رومی برطانیہ کے عہد کا ایک برطانوی قبیلہ جو فیرتھ آف کلائیڈ کے جنوبی علاقہ میں آباد تھا ۔



Marfat.com

ڈیڈینیا کا
Dandanayaka

ہندوستان کے وجیانگر کے ہندو بادشاہوں کی فوج کے کمانڈر انچیف کا لقب ۔

ڈینگلیڈ
Danegeld

برطانیہ میں ۹۹۱ء - ۱۰۱۲ء کے درمیانی عرصے میں نافذ کیا گیا ٹیکس جو ڈنمارک کے لوگوں سے امن حاصل کرنے کے لیے تھا ۔ اسے ۱۱۶۳ء میں ایک باقاعدہ ٹیکس کی شکل دے دی گئی ۔

ڈینش ایسٹ انڈیا کمپنی
Danish East India Company

یہ کمپنی ۱۶۱۶ء میں قائم کی گئی ۔ اس نے ۱۶۲۰ء میں ہندوستان کے مشرق ساحل پر ٹرانکیبار میں پہلی فیکٹری قائم کی ۔ ۱۷۵۵ء میں اس نے بنگال میں سرام پور میں نو آبادی قائم کی ۔ کمپنی نے کچھ زیادہ خوشحالی حاصل نہ کی اور اس نے ۱۸۴۵ء میں حکومت برطانیہ کے ہاتھوں اپنی فیکٹریاں فروخت کر دیں ۔

دارا
Darius

قدیم ایران کے بادشاہ

دارا اول (دارا اعظم) ۵۲۱ - ۴۸۵ قم تک حکومت کی ۔

دارا دوم متوفی ۴۰۴ قم ، ۴۲۳ - ۴۰۴ قم تک حکومت کی ۔

دارا سوم متوفی ۳۳۰ قم ، ۳۳۶ قم میں برسراقتدار آیا ۔

تاریک صدیاں
Dark centuries

داروغہ
Daroga

ایرانی لفظ بمعنی سربراہ ۔ برطانوی دور میں ہندوستان میں داروغہ پولیس اسٹیشن کا انچارج ہوا کرتا تھا ۔ یہ منصف لارڈ کارنوالس (۱۷۸۶ء - ۱۷۹۳ء) کے عہد میں قائم کیا گیا جس نے ہر ضلع کو کئی ایک تھانوں میں تقسیم کیا اور ہر تھانے کا سربراہ ایک داروغہ مقرر کیا ۔

Marfat.com

Dart

بھالا ، نیزہ ، بلم

Darwinism

ڈارونیت

چارلس ڈارون کے ارتقا کے متعلق اُصول -

Darwinist

ڈارونیت کا مقصد

Dasabodha

یشا بودھا

شیوا جی کے مشہور گرو رام داس کی تحریر کردہ کتاب - وہ سترہویں صدی میں مرہٹہ بادشاہت کا بانی تھا -

Dasas, the

دساس

وید عہد کے لوگوں کا عام کلی نام - ان لوگوں کے ساتھ ابتدائی آریاؤں کو پنجاب میں لڑنا پڑا - اُن کو دسیوس بھی کہا جاتا ہے - یہ لوگ سیاہ فام اور چپٹی ناک والے تھے - اُن کی زبان سے آریا نا آشنا تھے - ان کے پاس قلعے اور وسیع ریوڑ تھے جن پر آریاؤں نے قبضہ کر لیا - بعد میں دسا سے غلام مراد لی جانے لگی -

Dastaks, the

دستکس

بنگال میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے جاری کردہ پاسپورٹ جن کی رو سے اُن کے کارندوں کو صوبے کے اندر معمول کی اڑھائی فی صد کسٹم ڈیوٹی کے بغیر تجارت کرنے کی اجازت مل گئی -

David

ڈیوڈ

اسکاٹ لینڈ کے بادشاہ

ڈیوڈ اول (۱۰۸۴ء - ۱۱۵۳ء) - یہ ۱۱۲۴ء - ۱۱۵۳ء تک برسر اقتدار رہا -

ڈیوڈ دوم (۱۳۲۴ء - ۱۳۷۱ء) - یہ ۱۳۲۹ء - ۱۳۷۱ء تک برسر اقتدار رہا -

Marfat.com

D day — یوم ڈی

دوسری عالمی جنگ میں ٦ جون ۱۹۴۴ء کو اتحادی افواج شمالی فرانس میں اُتریں ۔

Deaconess — عورت جس کو ڈیکن کی خدمات سپرد ہوں

Deaconship — ڈیکن کا منصب

Deadly weapon — سلاح مہلک ، مہلک ہتھیار

Debt — قرض ، اُدھار ، دین

Debt, bed — ناقابل وصول قرضہ

Debt, disputed — متنازعہ قرضہ

Debtee — دائن ، قرض خواہ ، لین دار

Debt of honour — قرض جو قانوناً وصول نہ کیا جا سکے

Debt, outstanding — واجب الادا قرضہ

Decadence — تنزل ، انحطاط ، زوال

Decadence — تنزل پذیر

Decalogue — احکام عشرہ

وہ دس احکام جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیے ۔

Decapitation — گردن زنی ، قتل

Decembrist — دسمبرسٹ

روس کی تاریخ میں بعض اُمرا اور فوجی افسروں میں سازش کا ایک رکن ۔ یہ تمام لوگ آئینی اصلاحات کے خواہاں تھے ۔ اُن کا انقلاب نکولس اول دسمبر ۱۸۲۵ء میں ناکام ہوا ۔

Decemvir — دسمیویر

روس کی تاریخ میں ۱۰ عہدیداروں کی کونسل کا ایک رکن ۔ خاص

Marfat.com

طور پر ۴۵۱ ق م میں جس کونسل کی تشکیل ہوئی تھی اور جس کے
ذمے پہلے رومی مجموعہ قانون کی تشکیل تھی -

Decision by war — فیصلہ بذریعہ جنگ

Deed of disinheritance — عاق نامہ

ترکے یا وراثت سے محروم کرنے کی دستاویز -

Deed of grant — عطا نامہ

Defaced coin — مسخ شدہ سکہ ، بدنما یا گھسا ہوا سکہ

Defence establishments — دفاعی انتظامات

Defenceless — بغیر دفاع ، بے کس ، تنہا

Defence of person — محافظت جان

Defence of property — محافظت جائیداد

Defence, right of private — حق حفاظت ، خود اختیاری

Defender of aristocracy — حامی اشرافیہ

Defender of the Faith — مدافع دین ، ناصر دین ، امیرالمومنین ، حامی دین

Defensive armour — دفاعی اسلحہ

Defensive war — دفاعی جنگ

Defensive weapons — حفاظتی اسلحہ ، حفاظتی ہتھیار

Degeneracy — انحطاط ، تنزل

Degenerate herd — ذلیل و خوار گروہ

Degeneration — پستی ، ذلت ، تنزل

Degradation — تنزل ، معزولی ، پستی ، ذلت

Degrading punishment — ذلیل سزا

Marfat.com

Deified — معبود ساختہ ، خدا بنایا گیا

Deira — دیرا

برطانیہ میں وسطی اور مشرق یارک شائر میں اینلجز کی بادشاہت ۔ اس کی توسیع کو ایلمیٹ کی برطانوی بادشاہت نے روکا ۔ دیرا کا نام برطانوی اصل کا حامل ہے لیکن آثار قدیمہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ علاقہ پہلے سے آباد تھا ۔ اس سے زیادہ مقامی باشندوں اور حملہ آوروں کے باہمی تعلقات کے متعلق کچھ بھی علم نہیں ہے ۔ ایل (Elle) اس کا پہلا بادشاہ تھا جس کا زمانہ ۵۶۰ء کا تھا ۔ یہ بادشاہت ۶۵۴ء تک قائم رہی ۔

Delian League — ڈیلین لیگ

ایتھنز کی قیادت میں یونانی ریاستوں کا نیم وفاق ۔ اس کے مرکزی دفاتر ڈیلوس میں اپالو کے عبادت خانے میں واقع تھے ۔ پہلی ڈیلین لیگ ایرانی بادشاہوں کی مخالفت کے لیے ۴۷۸ - ۴۰۴ قم میں قائم کی گئی ۔ ۳۷۸ قم میں ایک نئی لیگ قائم کی گئی اور یہ ۳۳۸ قم تک قائم رہی ۔

Demetrius — ڈیمٹریوس

(۱) میسوڈان (بلقان جزیرہ نما کا ایک قدیم ملک) کے بادشاہ

ڈیمٹریوس اول ۳۳۷ - ۲۸۳ قم ۔

ڈیمٹریوس دوم متوفی ۲۲۹ قم ۔

(۲) شام کے بادشاہ

ڈیمٹریوس اول ۱۸۷ - ۱۵۰ قم ۔

Demonlatry — ارواح خبیثہ کی پرستش

Deodand — دیودند

وہ مفعول ، چاہے وہ جاندار تھا یا بے جان ، جو کسی انسان کی موت کا باعث بنا اور جس کے متعلق ابتدائی قرون وسطیٰ میں یہ

Marfat.com

یقین کیا جاتا تھا کہ وہ موت کے جرم میں شریک تھا ۔ برطانیہ میں بادشاہ اس سے بچنے کے لیے صدقے وصول کرتا تھا ۔

| | |
|---|---|
| Depravity | سیاہ کاری ، فسق و فجور |
| Depredation | غارت گری ، لوٹ |
| Descendant | اولاد |
| Descendants, collatoral | ورثا جدی |
| Descendants, lineal | اولاد صلبی |
| Descent | نسل ، نسب ، توارث (جائیداد) |
| Deserted customs | متروک رسوم |
| Desired subserviency | حسب خواہ متابعت |
| Desolate freedom | سنسان آزادی ، غیر آباد آزادی |
| Desolation | غارت گری ، ویرانی ، بربادی |
| Desolator | غارت گر |
| Despoliation/Despoilment | غارت گری ، یغما ، لوٹ کھسوٹ |
| Despot | حاکم مطلق ، مستبد ، جابر |
| Despot, benevolent | فیض رساں مستبد |
| Despot, enlightened | روشن خیال مستبد |
| Despot, national | قوم پرست مستبد |
| Despot, resourceful | خوش تدبیر مستبد ، باوسیلہ مستبد |
| Despotic government | استبدادی حکومت ، جابر حکومت |

Marfat.com

ریاست جہاں جمہوری اداروں کو کام نہ کرنے دیا جائے اور کسی مطلق العنان کی حکمرانی ہو۔

Despotic rule — استبدادی حکومت

Despotic state — استبدادی ریاست

Despotic violence — استبدادی تشدد

Despotism — استبداد ، مطلق العنانی ، جابریت

سیاسی نظام جس میں حکومت کرنے کے اختیارات ایک حکمران کی ذات میں مجتمع ہوتے ہیں جس کے اختیارات لامحدود ہوتے ہیں۔

Despotism, feudal — جاگیری استبداد

Despotism, government — استبدادی حکومت

Despotism, military — فوجی استبداد

Despotism, oriental — مشرق استبداد

Devastation — بربادی ، غارت ، پامالی ، لوٹ ، اتلاف

Devastator — تاراج کنندہ ، ویران کنندہ

Deveral-Rimbury Culture — ڈیورل ریمبری ثقافت

برانز دھات کے زمانہ (۲ ہزار سال ق‌م سے ۱ ہزار ق‌م تک) کے وسطی اور آخری برسوں کی ثقافت جو برطانیہ میں پائی جاتی تھی۔ کپڑے بننے کا رواج ہو چکا تھا۔ لوگ کاشتکاری کرتے۔ جانور پالنے کا عام رواج تھا۔ کانسی کے اوزار عام تھے۔ سونا اور تعیش کی دیگر اشیا درآمد کی جاتی تھیں۔

Diadem — تاج ، کلاہ شاہی

Diademed — تاجدار

Marfat.com

Diadochi (Gr.)

جانشین

اسکندر اعظم کے جرنیل اور منتظمین جنھوں نے ۳۲۳ ق م میں اُس کی وفات کے بعد اُس کی سلطنت پر قبضہ کرنے کی کوشش کی - اُن میں اینٹی پیٹر اور اُس کا بیٹا کاسینڈر ، پرڈیکاس ، اینٹی گونس اول ، ٹولمی اول ، سلیوکس اول وغیرہ زیادہ ممتاز ہیں -

Dialectical materialism

جدلی مادیت ، جدلیاتی مادیت

طبقاتی سماج کی تاریخ کا تجزیہ کرتے ہوئے کارل مارکس نے لکھا ہے کہ طبقاتی کشمکش ان سماجوں کے نشو و نما کی قوت محرکہ ہے اور یہ کہ ہر قسم کی سماجی ، سیاسی اور دیگر سماجی تبدیلیاں طبقات کے درمیان جد و جہد سے پیدا ہوتی ہیں - سماجی مظاہر پر جدلیاتی نقطہ نظر سے غور کرتے ہوئے مارکس نے سرمایہ دارانہ نظام کی عبوری نوعیت اور اس کے ناگزیر خاتمے کو ثابت کیا - جدلیاتی مادیت مسلسل ترقی اور انقلابی اختراع کی علامت ہے - کارل مارکس اور اینجلز نے مادہ پرستی کے نظریے کو نشو و نما کے جدلیاتی نظریے سے محکم طور پر ملا دیا اور فطرت اور سماج میں مصروف عمل عمومی خارجی قوانین کا انکشاف کیا - کارل مارکس نے مادیت کا سماجی قوانین اور تاریخ پر اطلاق کیا اور اس طرح سماجی مظاہر کو سمجھنے کے سلسلے میں اس وقت پائے جانے والے بحران اور بے قاعدگی کا خاتمہ کر دیا -

Dialectologist

زبان دان ، مقامی زبان یا محاورات کا ماہر

Dialectology

زبان دانی ، مقامی زبان یا محاورات کی مہارت

Diaspora

جلاوطنی

۷۲۲ ق م میں شالما نیزر نے سامریہ کی ریاست پر حملہ کرکے اسے ختم کر دیا - نتیجتاً ایک بڑے پیمانے پر آبادی کی منتقلی عمل میں آئی - بنی اسرائیل شہر بدر کر دیے گئے اور ان کی جگہ وہ قیدی آباد کیے گئے جنھیں دوسرے مفتوحہ علاقوں سے جلاوطن کیا گیا تھا یہ جلاوطنی ۵۳۸ ق م میں ختم ہوئی -

Marfat.com

Dictatorship, benevolent — فیض رساں آمریت

Dictatorship, fascist — فسطائی آمریت

Dictatorship, iron — آہنی آمریت

Diggers — بیلدار

برطانیہ میں انتہا پسندوں کا ایک گروہ جسے وینسٹینلے نے ۱۶۴۹ء میں قائم کیا ۔ چونکہ یہ لوگ جسمانی قوت کے خلاف تھے ۔ اس لیے فوجی قائدین نے اُن کو آسانی سے دبا لیا ۔ اُن کا موقف تھا کہ سیاسی انقلاب کی اساس معاشرتی انقلاب ہونا چاہیے ۔ یہ زمین کے حقوق عوام کو بحال کرنے کے خواہاں تھے ۔

Dingaan's Day — یوم ڈنگعان

جمہوریہ جنوبی افریقہ میں ۱۶ دسمبر کو عام تعطیل ہوتی ہے ۔ یہ ۱۸۳۸ء میں اُس شکست کی یاد میں ہے جو بوہیرز کے ہاتھوں ڈنگعان کی قیادت میں ذولوس کو ہوئی ۔

Din-Ilahi — دین الہی

۱۵۸۲ء میں شہنشاہ اکبر نے ایک نیا مذہب جاری کیا اور اسے دین الہی کا نام دیا ۔ اس میں اسلام ، ہندو مت ، بدھ مت ، جین مت عیسائیت اور پارسیوں کے مذہب کے کئی ایک اُصول یکجا کر دیے گئے تھے ۔ اس میں وحدت الوجود کا رنگ غالب تھا ۔ ۱۶۰۵ء میں اکبر کی وفات کے ساتھ ہی اس کا خاتمہ ہوگیا ۔

Dipavamsa — ڈیپاوامسا

سری لنکا کی قدیم تاریخ کی سرگذشت جسے چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی میں مرتب کیا گیا ۔ اس میں اُن تمام مشنوں کا خصوصی طور پر ذکر ہے ۔ جو اشوک کمار نے ہندوستان سے باہر بدھ مت کے پرچار کے لیے بھیجے ۔ اس میں بدھ مت کے ان مبلغین کی فہرست بھی موجود ہے جو اشوک کی ملازمت میں تھے ۔

Marfat.com

Disciple — شاگرد ، تلمیذ ، مرید

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حواری ۔

Discipleship — شاگردی ، تلمذ

Disciplinarian — انضباط دہندہ ، انضباطی ، قواعد دان ، سخت گیر

برطانیہ کا ابتدائی پیورٹن جس نے جان کالون کے سیاسی نظام کی حمایت کی ۔

Discovery Day — یوم دریافت

۱۲ ۔ اکتوبر ۱۴۹۲ء میں کولمبس نے براعظم امریکہ کو دریافت کیا ۔

Discoverer — کاشف ، دریافت کرنے والا

Disentitle — استحقاق واپس لینا

Disfrock — پادریانہ منصب سے محروم کرنا

Dismissal/Dismission — برطرفی ، موقوفی ، برخاستگی

Disorder — بے نظمی ، ہنگامہ ، فتنہ ، بلوا ، انتشار

Disposition — لڑائی کا نقشہ ، فوج کی تقسیم و ترتیب

Disposition of state affairs — انتظام ملکی معاملات

Disputation — مناظرہ ، حجت ، مباحثہ

Disruption — انتشار ، تفرقہ ، پھوٹ

Ditch — خندق

Ditcher — خندق گر ، خندق کھودنے والا

Ditheism — ثنویت

خدا کو واحد نہ ماننا ، خیرو شر کی دو مستقل قوتوں کا قائل ہونا

Marfat.com

Ditheist — ثنوی

Divide and rule — پھوٹ ڈالو ، راج کرو

انگریزوں نے اس اُصول کے تحت ہندوستان میں حکومت کی اور یہاں کے لوگوں کو تقسیم کیے رکھا ۔

Divided allegiance — منقسم اطاعت

Divine authentication — تصدیق الٰہی

Divine madness — مقدس جنون

Divine perfection — کمال الٰہی

Divine providence — مشیت ایزدی

Divine reason — عقل الٰہی

Divine retribution — مکافات ایزدی

Divine revelation — الہام من اللہ

Diwan — دیوان

(۱) مغل نظم و نسق میں اعلیٰ ترین عہدیدار جو مالیات کا واحد انچارج ہوتا تھا ۔ یہ منصب مرکز کے علاوہ صوبوں میں بھی پایا جاتا تھا جہاں دیوان کی حیثیت گورنر کے بعد دوسرے نمبر پر ہوتی تھی ۔

(۲) مغل دور میں دیوان سے مراد محکمہ لیا جاتا تھا جیسے :-

دیوان عام یا شہنشاہ کا دربار ۔

دیوان انشا یا خط و کتابت کا محکمہ ۔

دیوان خیرات یا خیرات کا محکمہ ۔

دیوان رسالت یا اپیلوں کا محکمہ ۔

دیوان ریاست یا منڈیوں کے نگران کا محکمہ ۔

Doctrine ecclesiastical — کلیسائی عقیدہ

Doctrine of two authorities — دو اقتداری نظریہ

Doctrine of two swords — دو سیفی عقیدہ

Donner Party — ڈونر پارٹی

کیلیفورنیا کی طرف نقل مکانی کرنے والے افراد جن کو ۱۸۴۶ء - ۱۸۴۷ء میں حادثے کا شکار ہونا پڑا ۔ ان میں دو خاندانوں کا نام ڈونر تھا ان میں سے بیشتر افراد برف میں دب کر مر گئے -

Doubloon — ڈبلون

اسپین کا پرانا سونے کا سکہ

Doukhobor/Dukhobor — ڈوخوبر

اٹھارویں صدی کے دوسرے نصف کا روسی متشدد مذہبی طبقے کا ایک رکن ۔ وہ تثلیث کا انکار کرتے تھے اور نہ ہی اُن کا یسوع مسیحؑ کے تقدس پر یقین تھا - ۱۸۴۳ء میں وہ تعذیب کا شکار ہوئے ۔ اُن میں سے بیشتر کاکیشیا کے دور دراز علاقوں کی طرف ہجرت کر گئے۔ ۱۸۹۸ء میں وہ مغربی کینیڈا کی طرف نقل مکانی کر گئے ۔

Downtrodden — مظلوم ، پامال شدہ

Drago Doctrine — اصول ڈراگو

یہ اصول ۱۹۰۲ء میں ارجنٹائن کے وزیر خارجہ لبوس ایم ڈراگو نے پیش کیا کہ ”سرکاری قرضہ مداخلت کا حق نہیں دے سکتا اور کسی یورپی طاقت کے ہاتھوں کسی امریکن قوم کی سرزمین پر قبضہ کا اس طرح سوال ہی پیدا نہیں ہوتا“۔

Dragonnades — ڈریگونیڈز

فرانس کے بادشاہ لوئی چہاردہم کے دور میں (۱۶۸۱ء - ۱۶۸۵ء) ہیوگو ناٹس کو اذیت پہنچانا ۔

Marfat.com

Dravidians, the — دراوڑ

ہندوستان کی قدیم ترین نسل جس نے بتدریج شمالی ہندوستان سے میسوپوٹیمیا کی طرف نقل مکانی کی ۔ کہیں کہیں اُن کی کچھ ٹولیاں راستے میں ہی آباد ہو گئیں جیسے بلوچستان میں بروہی ۔ دراوڑوں کو آریاؤں نے ہندوستان سے نکلنے پر مجبور کیا جو تہذیب و تمدن کے اعتبار سے تو کم ترقی یافتہ تھے ۔ لیکن وہ بہترین جنگجو تھے ۔ دراوڑوں نے جنوبی ہندوستان میں کئی صدیوں تک اپنا تسلط برقرار رکھا ۔

Druse/Druze — دروز

گیارھویں صدی میں قائم ہونے والا ایک سیاسی اور بدعتی مسلمان فرقہ جو جنوب مغربی شام اور لبنان میں آباد ہوا ۔

Dual Monarchy — مثنی ملوکیت

جنگ عظیم اول سے قبل آسٹریا اور ہنگری کی متحدہ ریاست ۔

Dual system, the, of Clive — کلائیو کا دو عملی نظام

یہ نظام لارڈ کلائیو (۱۷۲۵ء - ۱۷۷۴ء) نے بنگال ، بہار اور اڑیسہ میں الہ آباد کے معاہدہ (۱۷۶۵ء) کے ذریعہ قائم کیا ۔ اس نظام کی رو سے ایسٹ انڈیا کمپنی نے لگان حاصل کرنے کا اہتمام کیا اور شہنشاہ شاہ عالم دوم کو ۲۶ لاکھ روپے سالانہ لگان دینے کا وعدہ کیا اور ۵۲ لاکھ روپے بنگال کے نواب کو نظم و نسق چلانے کے لیے وعدے کیے گئے ۔ کمپنی لگان کی وصولی اور نواب شہری اور فوجداری نظم و نسق چلانے کے ذمہ دار ٹھہرے ۔

Duchess — خاتون ڈیوک ، ڈیوک کی بیگم

Duchy — (۱) قلمرو ڈیوک ، ڈیوک کا علاقہ

(۲) ڈوچی

کارنوال یا لنکا سٹر کی شاہی ڈیوکیت ۔

**Duel** ڈیول

کوئی تنازعہ چکانے کے لیے دو افراد کی تلوار یا پستول وغیرہ سے باہم لڑائی -

**Dumb show** گونگوں کا مظاہرہ

ڈرامے کا ایک ایسا حصہ جس میں اشاروں اور کنایوں سے کام لیا جاتا تھا جیسے شیکسپیئر کے ڈرامے ہملٹ کے ایکٹ سوم میں کسی قسم کے الفاظ کی ادائگی نہیں ہے -

**Dungeon** کال کوٹھڑی

بادشاہت کے دور میں قلعوں کے اندر زیر زمین قید خانے -

**Dunker** ڈنکر

جرمن بیپسٹ نژاد ایک مذہبی فرقہ جس پر ظلم و ستم ڈھائے گئے - ۱۷۱۹ء میں یہ فرقہ یو ایس اے کی طرف نقل مکانی کر گیا اور پنسلوانیا کے مختلف علاقوں میں آباد ہوا -

**Durand Line** ڈیورنڈ لائن

۱۸۹۳ء میں افغانستان اور برطانوی ہندوستان کے درمیان ایک سرحدی معاہدہ ہوا - جس کے نتیجے میں سرماٹمیر ڈیورنڈ کی نگرانی میں برطانوی ہندوستان اور افغانستان کے درمیان ایک بین الاقوامی سرحد کا تعین کیا گیا - اس معاہدہ کی منظوری افغان حکمران امیر حبیب الرحمان نے دی - ۱۹۰۵ء میں اس معاہدہ کی تجدید کی گئی اور ۱۹۱۹ء میں معاہدہ راولپنڈی کے ذریعہ ایک دفعہ پھر اس کی توثیق کی گئی -

**Dutch West India Company** ڈچ ویسٹ انڈیا کمپنی

۱۶۲۱ء میں یہ کمپنی تجارت کی غرض سے قائم کی گئی - ۱۶۲۳ء میں اسے منظم کیا گیا - اس نے نیو نیدرلینڈ (نیویارک) قائم کیا - اسے خط

Marfat.com

سرطان اور کیپ آف گڈ ہوپ کے درمیانی علاقے اور امریکہ میں نیو فاونڈ اینڈ اور سیگلان کی آبنائے کے درمیانی علاقے میں تجارت کے حقوق دیے گئے ۔ کمپنی کو اپنے علاقے میں تقریباً مکمل اختیارات حاصل تھے ۔

Dyarchy دو عملی حکومت

Dynamism فلسفہ کہ مادہ اور روح فطری قوتوں کی حرکت سے پیدا ہوتے ہیں ۔

Dynasticism دود مانیت

# E

**East Africa Company, Imperial British** شاہی برطانوی ایسٹ افریقہ کمپنی

یہ کمپنی ۱۸۸۸ء میں قائم کی گئی ۔ یہ زنجبار ، کینیا اور یوگنڈا میں تجارت کرتی تھی ۔ یہ ۱۸۹۶ء میں ختم ہوگئی ۔

**East Anglia** مشرقی اینگلیا

برطانیہ میں مشرقی اینجلز کی بادشاہت ۔ یہ موجودہ نارفوک اور سفوک پر مشتمل تھی ۔ اس میں پانچویں صدی کے ابتدائی حصے میں آباد کاری شروع ہوگئی تھی ۔ یہ بادشاہت گنجان آباد تھی اور اس میں دولت کی فراوانی تھی۔ ساتویں صدی کے ابتدائی برسوں میں یہاں عیسائیت کا آغاز ہوا ۔ اس کے فرمانرواؤں میں سے صرف ریڈوالڈ (متوفی ۶۲۷ء) قابل ذکر ہے ۔ نویں صدی کے وسط میں اسے زوال آنا شروع ہوا ۔

**East India Company, British** برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی

**East India Company, Dutch** ولندیزی ایسٹ انڈیا کمپنی

**East India Company, French** فرانسیسی ایسٹ انڈیا کمپنی

**Eastern Association** مشرقی ایسوسی ایشن

دسمبر ۱۶۴۲ء میں برطانیہ کی نارفوک ، سفوک ، ایسکس ، کیمبرج اور ہرٹفورڈ کی کاؤنٹیوں کا مشترکہ نام ۔ بعد میں ان میں لنکن اور ہنٹنگ ڈان کی کاؤنٹیاں بھی شامل ہوگئیں ۔ ان کی افواج کو کرامویل



Marfat.com

نے منظم کیا اور ان میں جنگ کا جوش پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ نظم و ضبط بھی پیدا کیا ۔

**Eastern Gangas, the dynasty of** مشرق گنگا کی بادشاہت

یہ بادشاہت گیارھویں صدی کے وسط میں کالنگا (اڑیسہ) میں راجر راجہ اول نے قائم کی ۔ یہ بادشاہت ۱۴۰۲ء تک قائم رہی ۔ اس میں پندرہ بادشاہ گذرے ہیں ۔ ان میں دوسرا بادشاہ یعنی اننتاورما زیادہ مشہور ہے ۔

**Eastern Question** مشرقی مسئلہ

عثمانیہ سلطنت کے انحطاط کے بعد مغربی طاقتوں ، خاص کر برطانیہ اور پرشیا نے اٹھارویں صدی میں روسی ترکی جنگوں میں روس کی طاقت کا سخت نوٹس لیا۔ آسٹریا اور روس کا منصوبہ یہ تھا کہ ترکی کے حصے بخرے کر دیے جائیں اور درہ دانیال اور قسطنطنیہ روس کو دے دیے جائیں ۔ اس منصوبے کو روکا گیا لیکن ترکی کا انحطاط جاری رہا اور انیسویں صدی میں آزاد بلقان ریاستیں قائم ہوگئیں ۔ کئی ایک جنگوں میں روس کی شکست کے باوجود روس کی طاقت بڑھتی چلی گئی اور حالات پہلی جنگ عظیم پر جا کر منتج ہوئے ۔

**Eastland Company** ایسٹ لینڈ کمپنی

۱۴۰۴ء اور ۱۴۰۸ء کے فرامین کے ذریعے یہ کمپنی انگلینڈ میں قائم کی گئی اور تاجروں کو بالٹک کے علاقوں میں تجارت کے حقوق ملے ۔ ان کے پاس تنظیمی نوعیت کے اختیارات بھی تھے ۔ لیکن انھوں نے صدی کے اختتام سے قبل ہی اپنا جداگانہ وجود ختم کر لیا ۔ برائے نام کمپنی کا وجود جارج سوم کے عہد تک قائم رہا ۔

**Ecclesiastical Authorities** کلیسائی حکام

**Ecclesiastical Courts** کلیسائی عدالتیں

عدالتیں جو کلیسائی معاملات و مقدمات کی سماعت کرتی ہوں ۔ برطانیہ میں یہ عدالتیں نارمن فتح کے بعد قائم کی گئیں ۔ ان کی وجہ سے کلیسا کے افراد میں نظم و ضبط پیدا کیا گیا ۔

| | |
|---|---|
| Ecclesiastical doctrine | کلیسائی عقیدہ |
| Ecclesiastical functionaries | عمال کلیسا |
| Ecclesiastical measures | کلیسائی اقدامات |
| Ecclesiastical order | کلیسائی نظام ، کلیسائی سلسلہ |
| Ecclesiastical organization | کلیسائی تنظیم |
| Ecclesiastical party | کلیسائی فریق |
| Ecclesiastical policy | کلیسائی حکمت عملی ، کلیسائی مسلک |
| Ecclesiastical polity | کلیسائی منظم حکومت |
| Ecclesiastical rank | کلیسائی منصب |
| Ecclesiastical synods | کلیسائی مجالس |
| Ecclesiasticism | کلیسائیت |
| Ecclesiastics | اہل کلیسا |
| Ecclesiologist | کلیسات دان ، کلیسات کا ماہر |
| Ecclesiology | کلیسیات ، علم تعمیر و آرائش کلیسا |
| Echelon | فوج کی صفوں کو ترتیب دینا |
| Economic anachronism | معاشی غلط زمانی |
| Economic cannibalism | معاشی آدم خوری |
| Economic liberalism | معاشی حریت پسندی ، اقتصادی آزاد خیالی |
| Economic royalist | معاشی شاہ پرست |

یہ ہجویہ لقب امریکی صدر ایف ڈی روزویلٹ (۱۸۸۲ء - ۱۹۴۵ء) نے کاروباری مفادات کے نمائندوں کو دیا جنھوں نے اُس کی پالیسیوں کی مخالفت کی تھی -

Marfat.com

اصالت معاش Economism

پر از بحث اصطلاح جس کا سب سے پہلے استعمال لینن اور دیگر روسی انقلابیوں نے اُنیسویں صدی کے اختتام پر کیا ۔ اس کا مقصد معاشرتی جمہوریت پسندوں کو رسوا کرنا تھا جو اُن یونینسٹ تحریکوں پر تکیہ کرتے تھے جو محنت کش طبقے اپنی معاش کو فروغ دینے کے لیے کرتے تھے ۔ اس اصطلاح کا استعمال چین میں ۱۹۶۷ء میں ثقافتی انقلاب کے دوران میں کیا گیا ۔

کلیسائی وحدت کی تحریک Ecumenical movement

دنیا کے پروٹسٹنٹ کلیساؤں کو اور بالآخر تمام عیسائیوں کو متحد کرنے کی تحریک ، جس کا آغاز ۱۸۴۶ء میں اوینجیلیکل معاہدے کے ذریعے ہوا ۔ ۱۹۰۸ء میں امریکہ میں یسوع مسیح کے کلیساؤں کی وفاقی کونسل قائم کی گئی اور کئی ایک کانفرنسیں عالمی سطح پر منعقد کی گئیں جن میں ۱۹۴۱ء کی عالمی کونسل سرفہرست ہے ۔

پرشکوہ عمارت Edifice

ایڈورڈ Edward

انگلینڈ کے بادشاہ

ایڈورڈ اول (۱۲۳۹ء - ۱۳۰۷ء) - ۱۲۷۲ء - ۱۳۰۷ء تک برسراقتدار رہا ۔

ایڈورڈ دوم (۱۲۸۴ء - ۱۳۲۷ء) - ۱۳۰۷ء - ۱۳۲۷ء تک برسر اقتدار رہا ۔

ایڈورڈ سوم (۱۳۱۲ء - ۱۳۷۷ء) - ۱۳۲۷ء - ۱۳۷۷ء تک برسر اقتدار رہا ۔

ایڈورڈ چہارم (۱۴۴۲ء - ۱۴۸۳ء) - ۱۴۶۱ء - ۱۴۷۰ء تک برسر اقتدار رہا ۔

ایڈورڈ پنجم (۱۴۷۰ء - ۱۴۸۳ء) - صغر سنی میں ۱۴۸۳ء میں بادشاہ بنا ۔

Marfat.com

ایڈورڈ ششم (۱۵۳۷ء - ۱۵۵۳ء) - ۱۵۴۷ء - ۱۵۵۳ء تک برسر اقتدار رہا -

ایڈورڈ ہفتم (۱۸۴۱ء - ۱۹۱۰ء) - ۱۹۰۱ء - ۱۹۱۰ء تک برسر اقتدار رہا -

ایڈورڈ ہشتم (۱۸۹۴ء - ۱۹۷۲ء) - ۱۹۳۶ء میں بادشاہ بنا اور اُسی سال دستبردار ہوگیا -

**Eleatic** — **الیٹک**

چھٹی صدی ق م میں فلسفے کا ایک مکتب جس کی بعد میں زینو نے پانچویں صدی ق م میں نمائندگی کی - اس مکتب کا یہ خیال تھا کہ تمام اشیا ایک ہیں اور یہ ثنویت اور تبدیلی کا منکر تھا -

**Elective kingship** — **انتخابی بادشاہت**

**Elective monarch** — **منتخب بادشاہ**

**Elective monarchy** — **انتخابی ملوکیت ، انتخابی بادشاہت**

**Eleven Years, Tyranny** — **گیارہ سالہ استبدادیت**

۱۶۲۹ء - ۱۶۴۰ء کے عرصے میں برطانیہ میں چارلس اول کی حکومت جو پارلیمنٹ کے بغیر کی گئی - اُس کی کامیابی کا سبب مالیات کی فراوانی تھی - اس کے علاوہ اُس نے فرانس کے ساتھ امن قائم کیا -

**Elmet** — **ایلمٹ**

ایک برطانوی بادشاہت جو روسی دور کے بعد معرض وجود میں آئی - یہ موجودہ یارک شائر کے ویسٹ رائیڈنگ اور اُس کے اگلے علاقے میں قائم تھی - اسے ابتدائی ساتویں صدی میں نارتھمبریا کے بادشاہ ایڈون نے زیر کیا -

**Emanicipation** — **رہائی ، نجات ، استخلاص ، بریت**

غلام کو آزاد کرنے کا اقدام -

**Emanicipation of slaves** — **غلاموں کی آزادی**

Emanicipator — آزاد کنندہ ، نجات دہندہ

Emigre nobles — مہاجر شرفا

Eminence, His — کارڈینیل کا ایک خطاب

Emperorship — شہنشاہی

Empire — سلطنت ، شہنشاہی ، فرمانروائی ، اعلیٰ وسیع قلمرو

Empire, The — رومی مقدس سلطنت

یہ ۹۶۲ء سے ۱۸۰۶ء تک قائم رہی ۔

Empire-builder — معمار سلطنت

Empire, colonial — نو آبادیاتی سلطنت

Empire Day — یوم سلطنت

۲۴ مئی جو ملکہ وکٹوریہ کا یوم پیدائش ہے ۔

Empress — ملکہ ، شہنشاہ بیگم

Encampment — لشکر گاہ ، پڑاؤ

Enclose/Inclose — حد بندی کرنا ، احاطہ بندی

مشترکہ زمین یا کھلے کھیتوں کی کاشتکاری کی خاطر حدبندی کرنا ۔

Enclosure/Inclosure — احاطہ بندی

زمینوں کی حد بندی کرنا ۔ انگلینڈ میں احاطہ بندی بارہویں صدی میں شروع ہوئی اور اسے ۱۲۳۵ء اور ۱۲۸۵ء کے قوانین کے ذریعے قانونی تحفظ دیا گیا اور اون کی تجارت کے فروغ کے ساتھ اس کی مزید نشو و نما ہوئی ۔ ٹیوڈر عہد میں اس پر معاشرتی بے چینی کا الزام لگا اور اٹھارویں اور انیسویں صدی میں احاطہ بندیوں کا سیلاب آگیا ۔

Endogamy — خانوادی عقد ، گوت بیاہ

قبیلے کے اندر ہی شادی کرنے کا رواج

Marfat.com

Enfeoffment — عطائے جاگیر ، عطائے جاگیر کی دستاویز

England, Church of — کلیسائے انگلستان

انگلستان نے ہنری ہشتم کے دور حکومت میں رومن کیتھولک کلیسا کے ساتھ تعلق منقطع کیا اور بادشاہ برطانیہ کو کلیسائے انگلستان کا سربراہ مقرر کیا - اس اقدام کی توثیق ۱۵۳۴ء کے ایکٹ آف سپرمیسی کے ذریعے کی گئی - میری کے عہد میں برطانیہ دوبارہ کیتھولک کلیسا کے ساتھ منسلک ہوگیا - لیکن ملکہ الزبتھ اول نے پھر سے کلیسائے انگلستان کا احیا کیا - اب کنٹربری کا آرچ بشپ اس کلیسا کا سربراہ ہے - کلیسا نے سنڈے سکول اور نیشنل سوسائٹی (۱۸۱۱ء) اور دیگر نوع کی انسانی ہمدردی کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے -

Enlightenment — تنویر افکار ، روشن خیالی

Enslavement — اسارت ، غلامی ، بندگی ، ابتلا ، گرفتاری

Enslaver — اسیر کنندہ

Enthronement — تخت نشینی

Entrepot — تجارتی مرکز ، درآمد و برآمد کی منڈی

Epicurean — ابیقوری ، لذت پسند ، عیش پسند

Epicurean school of thought — ابیقوری مکتب فکر

Epicureanism — فلسفۂ ابیقوری ، لذتیت

Epicurism — عیش پسندی

Episcopalianism — أسقفیت پسندی

Episcopalism — أسقفیت

Episcopate — قلمرو أسقف ، رتبہ أسقفی

Epithets — القاب

Epoch — عہد ، عصر ، زمانہ

Marfat.com

**Epthalites/White Huns** سفید ہن

ہنوں کا ایک طبقہ جو پانچویں صدی کے وسط میں وادی آکسس میں آباد ہوا ۔ اُنہوں نے ۴۵۵ء میں ہندوستان کی گپتا سلطنت پر حملہ کیا لیکن شہنشاہ سکندا گپتا نے اُن کو پسپا کیا ۔ ۴۸۴ء میں اُنہوں نے ایران پر یلغار کی اور آنے والے برسوں میں کابل اور گندھارا کو روندا ۔ چھٹی صدی کے اوائل میں اُنہوں نے گپتا سلطنت کو شکست دی اور شمالی ہندوستان کے نچلے حصے میں اپنی حکومت قائم کی اور سیالکوٹ میں اپنا دارالحکومت مقرر کیا ۔ اُن کا ظالمانہ دور ۵۲۸ء میں ختم ہوا جب کئی ایک ہندی شہزادوں نے مہراگلا کی قیادت میں اُن کو شکست دی ۔

**Eranshahr** ابر شہر ۔ نیشاپور کا قدیم تر نام جو صوبہ خراسان کے چار حصوں میں سے ایک کا صدر مقام تھا ۔

**Eremite** گوشہ نشین ، زاہد ، رشی منی

**Eric** ایرک

سویڈن کے بادشاہوں کا لقب جیسے ایرک نہم متوفی ۱۱۶۰ء ، ایرک چہاردہم ۱۵۳۳ء - ۱۵۷۷ء -

**Errantry** آوارگی ، گمراہی ، سرگردانی

قرون وسطیٰ کے مہم جو بانکے بہادر کی طرز زندگی ۔

**Escalade** قلعہ کی دیوار پر سیڑھی یا کمند ڈال کر چڑھنا

**Escheat** (۱) ضبطی جائیداد ۔

(۲) ضبط کر لینا ۔

جائیداد جو لاوارث ہونے کی بنا پر یا کسی اور وجہ سے بحق سرکار ضبط کرلی جائے ۔

**Essex** ایسکس

برطانیہ میں مشرق سیکیسن کی بادشاہت ۔ اس کے وسائل محدود تھے

Marfat.com

اور حکمران خاندان ٹیوٹونک نسل سے تھا یہ بادشاہت کسی اور طاقتور بادشاہت کے زیر اثر تھی ۔ ساتویں صدی کے اوائل میں مڈل سیکس کو بھی اس میں شامل کر لیا گیا ۔ لندن اس کا بڑا شہر تھا۔ دسویں صدی میں یہ "شائر" بن گئی ۔

Essoins

بہانے ، عذر غیر حاضری

بادشاہ کے دربار میں حاضر نہ ہو سکنے کے لیے بہانے تراشنا جیسے راستے میں حادثہ ، علالت ، بادشاہ کے کسی حکم کی تعمیل میں کسی بیرونی مقام پر ہونا ۔ اس طرح برطانیہ میں تین ہفتوں کی رخصت لے لی جاتی ۔ بعد میں غیر حاضری کا ثبوت فراہم کرنا پڑتا ۔

Established rights

مسلمہ حقوق

Estate of inheritance

جاگیر قابل توارث

Estate of the realm

طبقات کشوری

Ethical axioms

اخلاقی بدیہیات

Ethical idealism

اخلاقی عینیت

Ethical signification

اخلاقی معنویت

Ethics of misanthropy

مردم بے زاری کی اخلاقیات

Ethnic

بت پرست ، مشرک

Etruscan civilization

اٹر یوسکان تہذیب

روم کے عروج سے قبل اٹلی میں اعلیٰ ترین تہذیب ۔ اٹر یوسکان ۸۰۰ ق م میں ایشیائے کوچک سے آئے ۔ دھات کا کام کرنا ایک عام رواج تھا ۔ وہ عمدہ ظروف بنانے اور زراعت میں خاصی پیش رفت کی ۳۹۶ ق م میں روم نے اُن کو شکست دی ۔

Evil spirit

خبیث روح

Exactor

جبری استحصال کرنے والا ، تحمیل کنندہ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Exarch | والی ، نائب السلطنت ، اُسقف بزرگ |
| Excommunication | تکفیر ، دین بدری |
| Excommunicator | تکفیر کنندہ |
| Excusable homicide | قتل قابل معافی |
| Exemplary damages | بھاری تاوان |
| Exemplary punishment | سزائے عبرت انگیز |
| Exile | جلاوطنی ، تعبید ، بن باس |
| Explicit faith | ایمان مفصل |
| Extentuating circumstances | شرائط مخففہ |
| Extermination camps | ہٹلر کی عقوبت گاہوں کا نام |
| External nature | مظاہر قدرت |
| External power | خارجی طاقت |
| External worship | ظاہری عبادت |
| External worshipper | ظاہری عبادت کرنے والا |
| Externalism | ظاہر پرستی |
| Extortion | استحصال بالجبر ، استحصال زر |
| | جبر یا دھمکی سے کوئی قیمتی شے ہتھیا لینے کا ناجائز اقدام ۔ |
| Extortionate | غاصب |
| Extortionate money lender | زرکش ساہوکار |
| Extortioner | غاصب |
| Extra-mundane | غیر دینوی |
| Extra-mural | بیرونی از دیوار شہر |

Marfat.com

# F

Fabian — فیبونی ، آہستہ رو ، احتیاط کار

Factiousness — فتنہ جوئی ، فساد ، فتنہ انگیزی

Factotum — نوکر جو ہر کام کرے یا جس کے اختیار میں سب کام ہو

Faith, Defender of — (۱) ناصر دین ، حامیٔ دین

(۲) انگلستان کے بادشاہوں کا لقب -

Faith-cure/Faith healing — علاج بالاعتقاد

Falange — فلانج

اسپین کی سیاسی جماعت جو ۱۹۳۳ء میں قائم کی گئی - اس کی اساس فسطائیت تھی - یہ قومی روایت کی زبردست حامی تھی - فرانکو نے اسے ۱۹۴۲ء میں یک جماعتی حکومت میں جذب کر لیا -

Falangism — فلانجیت

۱۹۳۳ء میں قائم کی گئی ہسپانوی فاشی تحریک جسے جے اے پریمو ڈی ریورا نے شروع کیا - اسے فرانکو کی قیادت میں خانہ جنگی کے زمانے میں فتح حاصل ہوئی -

Fallow — اراضی غیر مزروعہ

زمین جسے فصل بوئے بغیر کچھ مدت کے لیے چھوڑ دیا جائے -

False allegation — جھوٹا ادعا

False imprisonment — خلاف قانون قید ، غیر قانونی قید
فرضی اور جعلی اقتدار کے تحت محبوس کرنا ۔

False oath — جھوٹی قسم

False personation — تلبیس شخصی

Falsificator/Falsifier — تحریف کنندہ

Family courtsies — خاندانی آداب

Family customs — خاندانی رواجات

Family, joint — خاندان مشترکہ

Famine — قحط ، کال ، گرانی

Famine prices — کال کے زمانے کی قیمتیں

Fanatic — کٹر ، متعصب ، مذہبی متشدد

Fanaticism — کٹر پن ، تعصب ، مذہبی تشدد

Fantasia — خیالی منصوبہ

Farm — لگان باندھنا
ٹیکسوں کے جمع کرنے کے حق کے لیے ایک مقررہ رقم ادا کرنا ۔

Farmer-general — فارمر جنرل
فرانسیسی تاریخ میں ۱۶۹۷ء - ۱۷۸۹ء کے درمیانی عرصے میں فارم ٹیکس جمع کرنے کی مجاز کارپوریشن کا رکن ۔

Farm, home — اراضی جو مالک جائیداد خود کاشت کرنے کے لیے محفوظ کرے ۔

Farm-house — کھیت سے ملحقہ مکان

Farmer — مزارع ، کسان

Marfat.com

Farming — کھیتی باڑی

Fashoda Incident — حادثہ فشودہ

۱۸۹۸ء میں فرانس اور برطانیہ کے درمیان سفارتی تنازعہ جس کا باعث دریائے نیل کا بالائی علاقہ تھا ۔ برطانوی افواج کچنر کی قیادت میں شمالی سوڈان میں مہدی کی بغاوت دبانے میں مصروف تھیں کہ جے بی مارکنڈ کی سرکردگی میں فرانس اور ایتھوپیا کے دستے جنوبی سوڈان میں داخل ہوئے اور فشودہ (موجودہ کوڈک) پر قبضہ کر لیا ۔ انگریزوں کے اصرار پر فرانسیسی دستے واپس ہو گئے اور اُنھوں نے مارچ ۱۸۹۹ء میں نیل کے بالائی علاقے کے دعویٰ سے دستبرداری اختیار کر لی ۔ یہ پرامن تصفیہ فرانسیسی وزیر خارجہ ڈلکاسی کی کوششوں سے ہوا ۔

Father, adoptive — تبنیت میں لینے والا باپ

Fatherland — آبائی وطن

Father of the Faith — امیرالمومنین ، خلیفہ

Father of the revolution — بابائے انقلاب

Father, spiritual — مرشد ، روحانی باپ

Father, The Holy — پوپ ، پاپائے اعظم

Fatimid/Fatimite — فاطمی

عبیداللہ نامی ایک شخص نے ۹۰۹ء میں شمال مغربی افریقہ میں عباسیوں کی مخالفت میں اپنی خلافت کا اعلان کیا ۔ فاطمی خاندان کی خلافت ۱۱۷۱ء میں ختم ہوئی جب صلاح الدین ایوبی قاہرہ میں فاتحانہ انداز میں داخل ہوا ۔

Faujdar, the — فوجدار

مغل ہندوستان میں وہ افسر جو ضلعے میں امن و امان برقرار رکھنے کا ذمہ دار تھا ۔ وہ ضلعے میں مقیم فوج کا کمانڈر ہوتا تھا ۔ اُس کے

فرائض میں چھوٹی بغاوتوں کو فرو کرنا ، ڈاکوؤں کو منتشر یا گرفتار کرنا ، تمام جرائم سے آگاہی اور لگان کے مخالفین کو مرعوب کرنے کے لیے قوت کا اظہار وغیرہ شامل تھے - وہ عام طور پر ضلعے کے صدر مقام میں رہائش رکھتا تھا - بعد میں اُسے سرکار کہا جانے لگا -

## انقلاب فروری February Revolution

۱۸۴۸ء کا فرانسیسی انقلاب جس نے لوئی فلپ کا تختہ اُلٹا جو ۲۴ فروری کو دستبردار ہوا - اس طرح دوسری جمہوریہ قائم ہوئی - ناراضی بادشاہ اور اُس کے وزیر اعظم گیوزاٹ کی حکمت عملی کی وجہ سے پیدا ہوئی - نئی حکومت زیادہ تر بورژوائی اور اعتدال پسند تھی - انتہا پسندوں کو مراعات دی گئیں - روزگار کی ضمانت دی گئی اور قومی ورکشاپ قائم کیے گئے - جون میں ان ورکشاپوں کو تباہ کرنے کی کوشش کو سختی سے دبایا گیا جس میں خون خرابہ بھی ہوا -

## وفاقی Federal

امریکی تاریخ میں ۱۸۶۱ء - ۱۸٦۵ء کی خانہ جنگی میں مرکزی حکومت کی حمایت کرنے والا -

## وفاقی دستوری اجتماع Federal Constitutional Convention

امریکی تاریخ میں مئی سے ستمبر ۱۷۸۷ء منعقد ہونے والا فلاڈلیفیا میں اجتماع - کنفیڈریشن (نیم وفاق) میں مرکزی حکومت اتنی زیادہ کمزور تھی کہ وہ موثر طور پر کوئی بھی اقدام نہیں کر سکتی تھی - ان مشکلات پر قابو پانے کے لیے یہ اجتماع ہوا جس کے مباحث کے نتیجے میں یہ طے پایا کہ وفاقی طرز حکومت اختیار کی جائے -

## وفاق پسند دستاویزات Federalist Papers

اُن ۸۵ مضامین کا سلسلہ جو یو ایس اے میں الیکزنڈر ہملٹن ، جیمز میڈیسن اور جان جے نے ۱۷۸۸ء میں لکھے جن میں وفاق

Marfat.com

دستور کی وضاحت اور اُن کو اختیار کرنے کے بارے میں ذکر تھا۔ ان کو ریاستوں کے سامنے فیصلے کے لیے رکھا گیا۔

وفاق پسند جماعت Federalist Party

امریکی تاریخ میں جارج واشنگٹن کی کابینہ میں وہ افراد جو الیگزنڈر ہملٹن کے خیالات کی حمایت کرتے تھے - یہ جماعت قدامت پسند تھی اور مضبوط مرکزی حکومت کی حامی تھی - یہ صنعتوں کا فروغ چاہتی تھی اور ایک منظم معاشرے کی تشکیل کی خواہاں تھی - یہ برطانیہ کی بھی حمایت کرتی تھی - ۱۸۰۰ء میں ڈیموکریٹیک جماعت کی فتح کے بعد اس کی قیادت انتہا پسند افراد کے ہاتھ میں چلی گئی - ۱۸۲۴ء میں یہ فی الواقعہ ختم ہوکر رہ گئی -

نیم وفاق پسند Federalista

ارجنٹائن کی تاریخ میں صوبوں کے ڈھیلے ڈھالے نیم وفاق اور علاقائی خود مختاری کے حامی - اُنیسویں صدی میں نیم وفاق پسندوں اور وحدانی نظام کے حامیوں کے درمیان تصادم کی وجہ سے ملک میں خانہ جنگی بھی ہوئی -

فیصل Feisal/Faisal

عراق کے بادشاہ

فیصل اول (۱۸۸۵ء - ۱۹۳۳ء) - یہ ۱۹۲۱ء سے ۱۹۳۳ء تک برسر اقتدار رہا -

فیصل دوم (۱۹۳۵ء - ۱۹۵۸ء) - یہ ۱۹۳۹ء میں برسر اقتدار آیا - اور ۱۹۵۸ء کے انقلاب میں مارا گیا -

خود کشی کرنے والا ، خود کشی Felo-de-se (Anglo-L)

Felon

(۱) سنگین مجرم

(۲) بے رحم ، ظالم ، بدمعاش

مجرموں کا گروہ Felonry

Marfat.com

Felony — سنگین جرم ، بدمعاشی ، مجرمانہ فعل

Female-line — سلسلۂ اُناث

Femicide — زن کشی ، قتل زن

Feminine conservatism — نسوانی قدامت پسندی

Fenian movement — فینی تحریک

خفیہ آئریش تنظیم جسے ۱۸۵۸ء میں قائم کیا گیا تھا ۔ اس کا مقصد قوت کے ذریعے انگریزوں سے آزادی حاصل کرنا تھا ۔

Ferdinand — فرڈیننڈ

(۱) ہنگری اور بوہیما کے بادشاہ اور شہنشاہ

فرڈیننڈ اول ۱۵۰۳ء - ۱۵۶۴ء ۔

فرڈیننڈ دوم ۱۵۷۸ء - ۱۶۳۷ء ۔

فرڈیننڈ سوم ۱۶۰۸ء - ۱۶۵۷ء ۔

(۲) آسٹریا کا شہنشاہ

فرڈیننڈ ۱۷۹۳ء - ۱۸۷۵ء ۔

(۳) بلغاریہ کا زار ۱۸۶۱ء - ۱۹۴۸ء ۔

(۴) پرتگال کے بادشاہ

فرڈیننڈ اول ۱۳۴۵ء - ۱۳۸۳ء ۔

فرڈیننڈ دوم ۱۸۱۶ء - ۱۸۸۵ء ۔

(۵) اسپین کے بادشاہ

فرڈیننڈ اول (اعظم) متوفی ۱۰۶۵ء ۔

فرڈیننڈ سوم ۱۱۹۹ء - ۱۲۵۲ء ۔

فرڈیننڈ چہارم ۱۲۸۵ء - ۱۳۱۲ء ۔

فرڈیننڈ پنجم المعروف بہ فرڈیننڈ کیتھولک ۱۴۵۲ء - ۱۵۱۶ء ۔

Marfat.com

فرڈیننڈ ششم ۱۷۱۲ء - ۱۷۵۹ء -

فرڈیننڈ ہفتم ۱۷۸۴ء - ۱۸۳۳ء -

(٦) دو سسلیوں کے بادشاہ

فرڈیننڈ اول ۱۷۵۱ء - ۱۸۲۵ء -

فرڈیننڈ دوم ۱۸۱۰ء - ۱۸۵۹ء -

| | |
|---|---|
| Fermentation | ہیجان ، جوش ، اُبال |
| Feriage | کشتی کا کرایہ |
| Ferry | گھاٹ ، کشتی چلانا ، کشتی کے ذریعے پار اُتارنا |
| Ferry-bridge | کشتیوں کا پل |
| Ferry-man | ملاح |
| Festival | تہوار ، جشن ، میلہ |
| Fetter | زنجیر ، قید ، بیڑی ، بند |
| Fetterless | آزاد ، بے باک |
| Feudal army | جاگیری فوج |
| Feudal dependants | جاگیری متوسلین |
| Feudal despotism | جاگیری استبداد |
| Feudal documents | جاگیری دستاویزات |
| Feudal homage | جاگیری اظہار اطاعت |
| Feudal incidents | جاگیری لوازم ، جاگیری حقوق |
| Feudal institution | جاگیری ادارہ |
| Feudal lords | جاگیردار اُمرا |
| Feudal nobility | جاگیردار اُمرا |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Feudal organization | جاگیری تنظیم |
| Feudal overlords | جاگیردار |
| Feudal ranks | جاگیری مراتب |
| Feudal relationship | جاگیری تعلق |
| Feudal revenue | جاگیری محاصل |
| Feudal state | جاگیری ریاست |
| Feudal succession | جاگیری جانشینی |
| Feudal suzerainty | جاگیری سیادت |

اس نظام کی بنیاد اس اُصول پر تھی کہ تمام اراضی کا مالک حقیقت میں فرمانروائے سلطنت ہے - وہ فوجی سرداروں سے ملک کے دفاع کا وعدہ لے کر یہ اراضی بمعہ اس کی آبادی اُن میں تقسیم کر دیتا - یہ فوجی سردار سالانہ رقم کے عوض ایک معینہ مدت کے لیے زمین تعہد داروں کے سپرد کر دیتے - تعہد دار زمین بغرض کاشت لگان پر مزارعین کو دے دیتے تھے -

| | |
|---|---|
| Feudal tendency | جاگیری رجحان |
| Feudal tenure | جاگیری حقیقت |
| Feudal theory | نظریۂ جاگیری |
| Fibula | یونانی یا روسی طرہ امتیاز |
| Fiduciary relationship | تعلق امانتی |
| Field | رزم گاہ ، میدان ، کھیت |
| Field gun | توپ رزم گاہ |
| Field of battle/Battlefield | میدان جنگ ، رزم گاہ ، نبرد گاہ |
| Fight, sham | مصنوعی جنگ ، نقلی لڑائی |

Marfat.com

File-leader — سر دستہ ، سرخیل

Finality of Prophethood — ختم نبوت

Financial abyss — مالی تباہی کا گڑھا

Financial administration — مالی نظم و نسق

Financial balm — مالی تسکین

Financial sustenance — مالی اعانت

Fire-eaters — بڑے فسادی

امریکی تاریخ میں اس اصطلاح کا اطلاق شمالی ریاستوں نے جنوبی ریاستوں کے غلامی کے حامی انتہا پسندوں پر خانہ جنگی سے قبل کیا ۔ ان کی قیادت آر بی ربٹ اور ڈبلیو ایل ینیسی نے کی ۔ وہ ۱۸۵۰ء سے قبل ہی سے علیحدگی کے خواہاں تھے ۔

Firelock — توپ

توپ کی ایک قدیم شکل جس میں بارود ایک نالے کے ذریعے چلایا جاتا تھا جو فولاد اور چقماق کا ہوتا تھا ۔

Fire-worship — آتش پرستی

Fire-worshipper — آتش پرست

Firma burge — برگی محصول

Firman — فرمان ، حکم

First cause — علت العلل ، علت اُولیٰ

First fruit — ثمرۂ اول

Fisc/Fisk — (۱) خزانہ ، خزینہ

(۲) قدیم روما کا خزانہ ۔

(۳) شہنشاہ روما کا حرف خاص ۔

Marfat.com

**Five Civilized Tribes** پانچ متمدن قبائل

امریکہ کے علاقے مشرق اوکلا میں آباد قبائل — چیروکی ، چیکاسا ، چوکٹا ، کریک اور سیمی نول کے لیے مستعمل اصطلاح ۔ اُن کو سرکاری طور پر انحصار کرنے والی گھریلو اقوام تسلیم کیا گیا ۔ خانہ جنگی کے بعد اُن کی مخصوص حیثیت ختم کر دی گئی کیونکہ اُنھوں نے علیحدگی کی حمایت کی تھی ۔

**Five Forks** پانچ پنجہ

یو ایس اے کی ریاست ورجینیا کے علاقے جنوب مغربی پیٹربرگ میں ڈنوڈی کورٹ ہاؤس کے نزدیک کا چوراہا ۔ یہاں یکم اپریل ۱۸۶۵ء کو خانہ جنگی کی آخری اہم لڑائی لڑی گئی ۔ وفاق کو فتح ہوئی ۔

**Flag Day** یوم علم

۱۴ جون ۱۸۹۵ء کو یو ایس اے نے یوم علم منایا ۔ اس دن ریاستوں نے جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی تھی ۔

**Flag, royal** شاہی پرچم

**Flanker** مورچہ بندی

**Flat blasphemy** کفر مطلق

**Fleet** بحری بیڑا

**Fleet Prison** فلیٹ کا جیل خانہ

بارہویں صدی میں دریائے فلیٹ کے کنارے (موجودہ فیرنگڈن سٹریٹ کے نزدیک) شاہی فرمان سے قائم ہونے والا جیل خانہ ۔ بعد میں اس سٹار چیمبر میں کئی ایک قیدیوں کو رکھا گیا ۔ اس کے بعد یہ مکمل طور پر مقروض افراد کے لیے مخصوص کر دیا گیا ۔ ۱۶۶۶ء کی آتش عظیم میں یہ تباہ ہوگیا ۔ اس کی دوبارہ تعمیر کی گئی ۔ ۱۸۴۲ء کے ایکٹ کی رو سے اسے بند کر دیا گیا ۔

Marfat.com

Flip
فلپ
بیئر اور شراب کا محلول جس میں گرم لوہا بجھایا گیا ہو ۔

Fly
بگھی
قرون وسطیٰ میں برطانیہ میں ایک گھوڑے سے چلنے والی بگھی جس پر چھت بنی ہوتی تھی ۔

Flowery oratory
تکلف آمیز خطابت

Foederati (L)
اتحادی
برطانیہ میں موخر رومی دور میں وحشیوں کو دیا گیا نام ۔ اسی دور میں اُن کو آباد ہونے کے لیے زمینیں دی گئیں جن کا دفاع بھی اُنھی کو دیا گیا ۔ یہ طریقہ چوتھی صدی کے آخر اور پانچویں صدی کے اوائل میں اختیار کیا گیا ۔ یہ طریقہ شاہ ورٹی گرن نے اختیار کیا جب اُس نے ہینگسٹن اور اُس کے پیروکاروں کو کینٹ میں آباد ہونے کی دعوت دی ۔

Folk-lore
گھریلو قصے کہانیاں

Folk song
عوامی گیت

Follows the flag, trade
تجارت حکومت کے پرچم کے پیچھے پیچھے چلتی ہے ۔

Fomentation
اشتعال ، تحریک

Fomenter
محرک ، مفتن
اشتعال دلانے والا ۔

Fomenters of disorder
بانیان فساد

Food-vessel culture
خوراک کے برتن کی ثقافت
برطانیہ میں ٹیمز کے شمال میں فروغ پانے والی کانسی کے دور کی ثقافت ۔ اس کی وجہ تسمیہ کھلے منہ والا برتن ہے جو اُس وقت کے

Marfat.com

خانہ بدوشوں کے زیر استعمال رہا تھا ۔ یہ لوگ چرواہے تھے لیکن بعد میں تجارت کرنے لگے ۔ اُس وقت اوزار ہڈیوں اور پتھر کے بنے ہوئے تھے ۔ برتن سازی کا معیار اچھا نہ تھا ۔

Fool — مسخرہ ، گاؤدی

Force bill — جبری بل

یو ایس اے کی تاریخ میں کئی ایک قوانین کے لیے نام ۔ خاص طور پر ۲ مارچ ۱۸۳۳ء اور ۱۸۷۰ء اور ۱۸۷۱ء کے تعمیر نو کے قوانین۔

Force of coherence — قوت ربط

Force of repulsion — قوت دافعہ

Forced collectivization — جبری تجمیع

Forced conversion — جبری تبدیلی

Forced reannexation — جبری الحاق مکرر

Forceful leadership — زبردست قیادت

Forecastle/Focsle — جہاز کے اگلے حصے کا بلند عرشہ

Forefathers — آباؤ اجداد

Foreign Legion — بدیشی لشکر

کسی باقاعدہ فوج میں بدیشی رضا کاروں پر مشتمل فوج ۔ ایسی فوج فرانس الجیریا میں لڑنے کے لیے ۱۸۳۱ء میں تیار کی گئی ۔

Forfeiture — ضبطی ، جرمانہ

کسی ناجائز اقدام کی سزا یا ملک کی بے توجہی کی بنا پر املاک ۔

Forgiveness — بخشش ، عفو ، معافی

Formulary — دستور العمل ، کتاب عقائد ، سوگند نامہ ، مقررہ بیانات

Fornicate — غیر منکوحہ عورت کے ساتھ زنا کرنا

Marfat.com

**Fortification** قلعہ بندی ، مورچہ بندی ، استحکام ، حصار

**Fortified** قلعہ دار ، محروس

**Forum (L.)** فورم ، میدان ، عام مباحثوں کی جگہ
قدیم روم میں منڈی لگانے کی جگہ یا کسی شہر کا عوامی چوک جہاں عدالتی یا سرکاری اُمور انجام پاتے -

**Forum of conscience, the** ضمیر کی عدالت

**Foundation Day** یوم تاسیس
آسٹریلیا میں ۲۶ جنوری ۱۷۸۸ء میں انگریز سڈنی کوو کے مقام پر اُترے - یہ عام تعطیل کا دن ہے -

**Foundation, pious** اوقاف ، موقوفات

**Founding fathers** آبنائے بنا کنندہ ، اساسی بانی
یو ایس اے میں انقلابی اور نیم وفاقیت کے ادوار کے مدبرین اور خاص کر ۱۷۸۷ء کے کنونشن کے اراکین کے لیے شفقت آمیز نام -

**Four freedoms** چار آزادیاں
یو ایس اے کے صدر ایف ڈی روز ویلٹ نے درج ذیل چار آزادیوں کا تصور اپنے کانگریس سے خطاب (۴ جنوری ۱۹۴۱ء) میں پیش کیا -
(۱) آزادیٔ تقریر (۲) آزادیٔ مذہب (۳) بھوک سے آزادی
(۴) خوف سے آزادی -

**Fourteen Points** چودہ نکات
(۱) ۸ جنوری ۱۹۱۸ء کو کانگریس سے خطاب کے دوران میں امریکی صدر وڈرو ولسن نے امن کا ایک لائحہ عمل دیا - اس میں براہ راست لوگوں سے امن کی اپیل کرنا تھی - اس پیغام نے ولسن کو اتحادیوں کا اخلاقی قائد بنا دیا -

(۲) مارچ ۱۹۲۹ میں قائد اعظم محمد علی جناح نے نہرو رپورٹ کے

جواب میں اپنے چودہ نکات پیش کیے جن میں مسلمانوں کے جدا گانہ تشخص اور صوبائی خود مختاری کا ذکر ۔ ان نکات نے مسلمانوں کو ذہنی خلفشار سے نکالا اور انہیں آئینی جد و جہد کی راہ پر گامزن کیا ۔

چودہ جولائی Fourteenth of July

بیسٹائل کا سقوط ١٤ جولائی ١٧٨٩ء کو ہوا ۔ فرانس میں اس روز عام تعطیل ہوتی ہے ۔

اشتمالیہ چہارم ، انٹرنیشنل چہارم ، بین الاقوامیہ چہارم ۔ Fourth International

ٹراٹسکی جس کو اسٹالن نے اختلافات کی بنا پر جلا وطن کر دیا تھا ، نے ١٩٣٧ء میں میکسیکو میں انٹرنیشنل چہارم قائم کرنے کی کوششیں کیں لیکن عملی لحاظ سے اسے کوئی خاص اہمیت حاصل نہیں ہے ۔

چار جولائی Fourth of July

٤ جولائی ١٧٧٦ء کو یو ایس اے نے اعلان آزادی کیا ۔ یہ دن یو ایس اے میں عام تعطیل کے طور پر منایا جاتا ہے ۔

چوتھی جمہوریہ Fourth Republic, The

فرانس کا وہ دستور جو ١٣ اکتوبر ١٩٤٦ء کو نافذ العمل ہوا ، چوتھی جمہوریہ کہلاتا ہے ۔

فرانسس Francis

(١) رومی مقدس سلطنت کے شہنشاہ

فرانسس اول (١٧٠٨ء - ١٧٦٥ء) ۔ یہ ١٧٤٥ء میں شہنشاہ منتخب ہوا ۔

فرانسس دوم (١٧٦٨ء - ١٨٣٥ء) ۔ یہ ١٧٩٢ء میں برسر اقتدار آیا ۔

(۲) فرانس کے بادشاہ -

فرانسس اول (۱۴۹۴ء - ۱۵۴۷ء) - یہ ۱۵۱۵ء - ۱۵۴۷ء تک برسر اقتدار رہا -

فرانسس دوم ۱۵۴۴ء - ۱۵۶۰ء - صرف ایک سال یعنی ۱۵۵۹ء - ۱۵۶۰ء تک برسر اقتدار رہا -

(۳) دو سسلیوں کے بادشاہ

فرانسس اول (۱۷۷۷ء - ۱۸۳۰ء) - یہ ۱۸۲۵ء - ۱۸۳۰ء تک برسر اقتدار رہا -

فرانسس دوم (۱۸۳۶ء - ۱۸۹۴ء) - یہ ۱۸۵۹ء - ۱۸۶۱ء تک برسر اقتدار رہا -

**Franks** — فرینکی ، فرنگی

جرمن قبائل کا ایک گروہ جو تیسری صدی عیسوی میں دریائے رائن کے وسطی اور نچلے حصے میں آباد ہوا -

۴۸۱ء - ۵۱۱ء کے درمیانی عرصے میں اُنھوں نے گالوں کو فتح کیا اور متحد بھی کیا - آٹھویں صدی عیسوی میں شارلیمان نے بادشاہت کو وسیع کر کے اسے سلطنت بنایا - ۸۴۳ء میں معاہدہ ورڈن کی رو سے یہ مشرقی اور مغربی حصوں میں تقسیم ہوئی - اول الذکر جرمنی بنا اور موخر الذکر نے فرانس کہلانا شروع کیا -

**Frater** — نعمت خانہ ، لنگر خانہ

یورپ قرون وسطیٰ میں خانقاہ کا طعام خانہ -

**Fraternity** — اخوت ، برادری ، اتحادیہ ، انجمن

**Fraternization** — مواخات ، برادری ، اخوت

**Fratricide** — برادر کشی ، برادر کش

**Free-boot** — غارت گری ، بحری قزاق

Marfat.com

## فریڈرک Frederick

(۱) جرمنی کے بادشاہ اور شہنشاہ

فریڈرک اول یا فریڈرک باربیروسا ۱۱۲۲ء - ۱۱۹۰ء -

فریڈرک دوم ۱۱۹۴ء - ۱۲۵۰ء -

فریڈرک سوم ۱۴۱۵ء - ۱۴۹۳ء -

(۲) ڈنمارک کے بادشاہ

فریڈرک سوم (۱۶۰۹ء - ۱۶۷۰ء) - یہ ۱۶۴۸ء - ۱۶۷۰ء تک ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ رہا -

فریڈرک چہارم (۱۶۷۱ء - ۱۷۳۰ء) - یہ ۱۶۹۹ء - ۱۷۳۰ء تک ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ رہا -

فریڈرک پنجم (۱۷۲۳ء - ۱۷۶۶ء) - یہ ۱۷۴۶ء - ۱۷۶۶ء تک ڈنمارک اور ناروے کا بادشاہ رہا -

فریڈرک ششم (۱۷۶۹ء - ۱۸۳۹ء) - یہ ۱۸۰۸ء - ۱۸۳۹ء تک ڈنمارک اور ۱۸۰۸ء - ۱۸۱۴ء تک ناروے کا بادشاہ رہا -

فریڈرک ہفتم (۱۸۰۸ء - ۱۸۶۳ء) - یہ ۱۸۴۸ء - ۱۸۶۳ء تک ڈنمارک کا بادشاہ رہا -

فریڈرک ہشتم (۱۸۴۳ء - ۱۹۱۲ء) - یہ ۱۹۰۶ء سے ۱۹۱۲ء تک ڈنمارک کا بادشاہ رہا -

فریڈرک نہم (۱۸۹۹ء - ۱۹۷۲ء) - یہ ۱۹۴۷ء میں ڈنمارک کا بادشاہ بنا -

(۳) پرشیا کے بادشاہ

فریڈرک اول (۱۶۵۷ء - ۱۷۱۳ء) - ۱۷۰۱ء میں پرشیا کا بادشاہ بنا -

فریڈرک دوم یا فریڈرک اعظم (۱۷۱۲ء - ۱۷۸۶ء) - ۱۷۴۰ء میں برسر اقتدار آیا -

فریڈرک سوم ۱۴۱۵ء - ۱۴۹۳ء یہ جرمنی کا بھی شہنشاہ تھا -

Marfat.com

فریڈرک ولیم

پرشیا کے بادشاہ

فریڈرک ولیم اول (۱۶۸۸ء - ۱۷۴۰ء) - یہ ۱۷۱۳ء - ۱۷۴۰ء تک برسر اقتدار رہا -

فریڈرک ولیم دوم (۱۷۴۴ء - ۱۷۹۷ء) - یہ ۱۷۸۶ء - ۱۷۹۷ء تک برسر اقتدار رہا -

فریڈرک ولیم سوم (۱۷۷۰ء - ۱۸۴۰ء) - یہ ۱۷۹۷ء - ۱۸۴۰ء تک تک برسر اقتدار رہا -

فریڈرک ولیم چہارم (۱۷۹۵ء - ۱۸۶۱ء) - یہ ۱۸۴۰ء - ۱۸۶۱ء تک برسر اقتدار رہا -

**Freedman** — بندہ آزاد شدہ ، آزاد کیا گیا مرد

**Freedom** — آزادی

**Free hand** — غیر مسدود اختیار

**Free holder** — معافی دار ، مالک مطلق ، جاگیر دار

**Free monarchy** — آزاد ملوکیت

**Free state** — غلاموں سے آزاد ریاست

ایسی ریاست جہاں غلامی تھی نہ اب ہے -

**Free Soil Party** — آزاد سرزمین جماعت

امریکی تاریخ میں یہ سیاسی جماعت ۱۸۴۷ء - ۱۸۴۸ء تک قائم رہی - یہ نئے حاصل شدہ علاقوں جیسے میکسیکو میں غلامی کی وسعت کی پیداوار تھی - اس کے حامی کسی نہ کسی شکل میں ۱۸۵۴ء تک موجود رہے -

**Free State** — آزاد ریاست

یو ایس اے کی کوئی بھی ریاست جس میں ۱۸۶۱ء - ۱۸۶۵ء کی

Marfat.com

خانہ جنگی سے پہلے غلامی کی ممانعت تھی - تاجر جو آزادانہ تجارت کرتا ہو -

French reign of terror عہد آشوب فرانس

French Revolution انقلاب فرانس

۱۷۸۹ء میں ہونے والی فرانسیسی شورش جس نے پوری دنیا پر اثرات مرتب کیے - اس کی فوری وجہ سرکاری خزانے کی دیوالیہ کیفیت تھی - ۱۷۹۵ء میں نیا دستور رائج کیا گیا اور نئی حکومت قائم کی گئی - انقلاب نے یورپ کے پرانے ڈھانچے کو تبدیل کر دیا اور اُنیسویں صدی کی آزاد خیالی کو جنم دیا - اس نے قوم پرستی کا ایک نیا تصور پیش کیا -

Frisian فریسی

چھٹی صدی میں برطانیہ پر حملہ کرنے والی ایک ٹیوٹونک نسل - اُن کے نام پر کسی بادشاہت کا نام نہ پڑا لیکن انگریزی زبان کا تعلق اُن کے ساتھ گہرا ہے - آنے والی صدیوں میں فریسیوں کو بحرنوردوں کی حیثیت سے کافی شہرت ملی - بادشاہ الفریڈ (متوفی ۸۹۹ء) نے اُن کو اپنی بحریہ میں ملازم رکھا -

Frontiersman سرحد نشین ، سرحدی باشندہ

Fuhrer (Gr.) فیوہرر

قائد ، یہ لقب ہٹلر نے اختیار کیا -

Fulani فولانی

سوڈان اور سنیگال اور دریائے نائجر کے بالائی حصے پر آباد گندمی رنگ کی نسل جس نے ۱۸۰۵ء - ۱۸۱۰ء کے درمیانی عرصے میں ہاؤساس کو شکست دی - فولانیوں نے نائجیریا میں سوکوٹو کی بادشاہت قائم کی اور مغربی افریقہ کی سیاسی تاریخ میں زبردست اہمیت حاصل کی -

**Fundamentalism**

بنیادی اصالت

پروٹسٹنٹ مذہب میں دیرینہ عقائد پر قائم رہنا کہ بائبل کا ہر لفظ صحیح ہے اور مذہب کے اُصولوں کو لفظاً تسلیم کرنا ضروری ہے -

**Fundamentalist**

بنیادی اصالت کا پیروکار

**Fusilier**

برقنداز ، بندوقچی

سپاہی جو ریچھ کی کھال کی ٹوپی پہنے ہوتے تھے اور ہلکی توڑے دار بندوقوں سے مسلح ہوتے تھے -

**Fusillade**

توپوں یا بندوقوں کی باڑ

**Fustigation**

ڈنڈے مارنا

رومیوں کے ہاں لٹھ مارنے کی سزا رائج تھی -

**Fyrd**

فائیرڈ

قدیم انگلستان میں مقامی ملیشیا کا نام فائیرڈ تھا - تمام آزاد افراد پر یہ لازم تھا کہ وہ اس میں حصہ لیں -

Marfat.com

# G

**Gabel (le)** (۱) سالیات نمک

نمک پر عائد شدہ ٹیکس جو فرانس میں انقلاب سے پہلے وصول کیا جاتا تھا ۔

**Gaberdine** چوغہ

قرون وسطیٰ میں یہودی اور خیرات مانگنے والے ایک لمبا ڈھیلا ڈھالا چوغہ پہنتے ۔

**Gage** دعوت مبارزت

لڑنے کے لیے چیلنج دینا ۔ اس کے لیے عام طور پر دستانہ پھینکا جاتا تھا ۔

**Gakkars, the** گکھڑ

قبائلی لوگ جن کو ۱۲۰۳ء میں شہاب الدین غوری اور ۱۵۳۳ء میں شیر شاہ نے شکست دی ۔ شیر شاہ نے ان کو روکنے کے لیے جہلم کے قریب رہتاس میں ایک قلعہ تعمیر کروایا ۔

**Galleon** گیلیئون

پندرہویں اور سولھویں صدی میں استعمال ہونے والا بحری جہاز جس کے تین یا چار عرشے ہوتے تھے جو جہاز کے باورچی خانے سے قدرے بلند ہوتے تھے ۔ اس پر ایک توپ نصب ہوتی تھی ۔ ایسا جہاز اہل اسپین نے امریکیوں کے ساتھ اپنی تجارت میں استعمال کیا ۔



Marfat.com

**Galley**

گیلی

(۱) ایک لمبا ، تنگ اور چھوٹا جہاز جس کا ایک ہی عرشہ ہوتا تھا ۔ اسے بادبانوں اور چپوؤں سے چلایا جاتا تھا اور اس کام پر سزائے موت پانے والے مجرمین کو لگایا جاتا تھا ۔ اسے سولھویں صدی میں اہل جنیوا اور اہل وینس نے کثرت سے استعمال کیا ۔

(۲) قدیم یونان اور روم کا ایک جنگی جہاز جس پر چپوؤں کے ایک یا کئی ایک پشتے ہوتے تھے ۔

**Gallicism**

فرانسیسی انداز گفتگو یا رسم و رواج

**Galliot**

گیلیوٹ

بحیرۂ روم میں استعمال کی جانے والی ولندیزیوں کی ایک چھوٹی گیلی ۔

**Gallipot**

کلھیا

چینی کا برتن جو دوائیں یا مرہم رکھنے کے کام آتا تھا ۔

**Galloon**

پٹکہ

سوتی یا ریشمی گف بنی ہوئی پٹی ۔

**Galloper**

(۱) توپ لے جانے کی چھوٹی گاڑی

(۲) ہلکی توپ جسے میدان جنگ میں لے جا سکیں ۔

**Gandhara**

گندھارا

ضلع راولپنڈی اور ضلع پشاور کے درمیان دریائے سندھ کے دونوں طرف کا علاقہ ۔ اس میں دو بڑے شہر ٹیکسلا اور پشکاراوتی تھے ۔ اس کے لوگوں کو گندھاروی کہا جاتا تھا اور اُن کا ذکر اشوک کبار کے کتبوں میں ملتا ہے ۔ یہ علاقہ ایرانی شہنشاہ دارا کے مقبوضات میں شامل تھا جیسا کہ اُس کے بہستان کے کتبے (۵۲۰ - ۵۱۸ ق‌م) سے ظاہر ہوتا ہے ۔ کسی وقت کشمیر بھی اس میں شامل تھا ۔

Marfat.com

**Gangas, the dynasty of the** خاندان گنگ

گیارہویں صدی عیسوی کے وسط سے میسور کے بڑے حصے پر حکومت کرنے والا خاندان ۔ اس کا پہلا حکمران کونگانی ورما تھا ۔ ۱۱۱۰ء - ۱۱۴۱ء تک حکومت کرنے والے وشنو وردھنا نے خاندان گنگا کے اقتدار کو تالا کد کی لڑائی میں ختم کیا ۔

**Garland** نشان اعزاز

فتح کے نشان کے طور پر لارل یا دوسرے پھولوں کا ہار پہننا ۔

**Garrison** قلعہ کی فوج ، محافظ فوج رکھنا

**Garrote/Garrotte/Garotte** (۱) گلا گھونٹ کر سزائے موت دینا

جو سزا اسپین میں دی جاتی رہی ہے ۔

(۲) خفہ سازی ۔

(۳) راہزنی کی خاطر گلا گھونٹنا ۔

راہزنی کی خاطر گلا گھونٹنے والا ۔

**Gascony** گیسکونی

قرون وسطیٰ میں جنوب مغربی فرانس کا علاقہ انگلینڈ کے بادشاہوں کے ماتحت تھا ۔ اس علاقے میں ڈیوک کے علاقے کا تیرہویں صدی میں سرکاری نام اکیوٹین تھا لیکن کئی ایک انگریز اسے گیسکونی کہتے تھے ۔

**Gaul** قدیم گال کا باشندہ ، فرانسیسی

**Gaulism** گولیت

**Gauntlet/Gantlet** (۱) آہنی دستانہ

(۲) فوجی سزا

دو رویہ کھڑے ہوئے افراد کے درمیان سے کوڑے کھاتے ہوئے گذرنا ۔

**Gavelkind**

نظام لگان داری

برطانوی تاریخ میں زمین کی لگان داری کا نظام جس میں بلا وصیت کی جائیداد بیٹوں اور یکجدی اولاد میں برابر برابر تقسیم کر دی جاتی تھی -

**Gazetteer**

(۱) فرہنگ جغرافیہ

کتاب جس میں شہروں کا تذکرہ ہوتا ہے -

(۲) مجلہ نویس

**Geld**

غیر معمولی ٹیکس

نویں صدی عیسوی میں برطانیہ میں زمین پر غیر معمولی ٹیکس عائد کیا جاتا تھا کیونکہ حکمرانوں کو اہل ڈنمارک سے امن کے لیے رقم کی ضرورت ہوتی تھی - اسے اتھلریڈ دوم (۹۷۸ء - ۱۰۱۶ء) کے دور میں ٹیکسوں کے قوسی نظام کی شکل دی گئی - ۹۹۱ء - ۱۰۱۲ء تک یہ ڈنمارک سے امن خریدنے کے لیے عائد کیا گیا - ۱۰۱۲ء سے ۱۰۵۱ء تک ایک مستقل فوج کی تشکیل کے لیے اس کی ضرورت پڑی - نارمن فتح کے بعد اس طرح کے ٹیکس کئی بار عائد کیے گئے -

**Genealogical table**

نسب نامہ ، شجرہ نامہ

**Genealogical tree**

نسب نامہ ، شجرہ نامہ

**Genealogist**

شجرہ نویس

**Genealogy**

نسبیات ، شجرہ نسب ، سلسلۂ نسب

**Geneat**

ساتھی

قدیم انگلستان میں وہ آزاد افراد جنھوں نے کسانوں کی اشرافیہ قائم کی -

**General pardon**

عام معافی

معافی جو ایک گروہ ، فرقے یا طبقے کو دی جاتی ہے -

General recession — عام رجعت

Genesis — (۱) پیدائش ، آغاز ، اصل

(۲) توریت کا پہلا باب ، کتاب پیدائش ۔

Gens (L.) — خانوادہ ، گوت ، قبیلہ

ایسے گوت یونانیوں اور رومیوں کے ہاں پائے جاتے تھے ۔

Gentis — قبیلہ ، گوت

Gentile — مشرک ، کافر ، غیر یہودی

Geomancer — رمال ، زائچہ دان

Geomancy — رمل

George — جارج

(۱) برطانیہ اور آئرلینڈ کے بادشاہ

جارج اول (جارج لوئی ۱۶۶۰ء - ۱۷۲۷ء) - یہ ۱۷۱۴ء - ۱۷۲۷ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جارج دوم (جارج آگسٹس ۱۶۸۳ء - ۱۷۶۰ء) - یہ ۱۷۲۷ء - ۱۷۶۰ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جارج سوم (جارج ولیم فریڈرک ۱۷۳۸ء - ۱۸۲۰ء) - یہ ۱۷۶۰ء ۱۸۲۰ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جارج چہارم (جارج آگسٹس فریڈرک ۱۷۶۲ء - ۱۸۳۰ء) - یہ ۱۸۲۰ء - ۱۸۳۰ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جارج پنجم (جارج فریڈرک آرنسٹ البرٹ ۱۸۶۵ء - ۱۹۳۶ء) - یہ ۱۹۱۰ء - ۱۹۳۶ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جارج ششم (۱۸۹۵ء - ۱۹۵۲ء) - یہ ۱۹۳۶ء - ۱۹۵۲ء تک برسر اقتدار رہا ۔

Marfat.com

(۲) ہیلنز کے بادشاہ

جارج اول ۱۸۴۵ء - ۱۹۱۳ء -

جارج دوم ۱۸۹۰ء - ۱۹۴۷ء -

گھیرواجا Ghairwajh

سلطان فیروز شاہ تغلق (۱۳۵۱ء - ۱۳۸۸ء) کی فوج میں بے ضابطہ دستے - ان کو شاہی خزانے سے براہ راست تنخواہ ملتی تھی -

غزنوی Ghaznavids

غزنی (افغانستان) کے حکمران جن کا آغاز الپتگین (متوفی ۹۶۳ء) سے ہوا - غزنویوں نے ۱۱۷۳ء تک حکومت کی - ان میں امیر سبکتگین (۹۷۷ء - ۹۹۷ء) ، سلطان محمود (۹۹۷ء - ۱۰۳۰ء) اور بہرام شاہ نامور تھے - بہرام شاہ کے دور میں غور کے علاؤ الدین حسین نے ۱۱۵۱ء میں غزنی کو نذر آتش کر دیا - اُس کے بیٹے خسرو شاہ نے ۱۱۶۰ء میں لاہور کو اپنا دارالحکومت بنایا - ۱۱۸۶ء میں خسرو ملک کو شہاب الدین غوری نے دستبرار کیا -

غلزئی Ghilzais, the

ایک افغان قبیلہ جس نے ۱۸۴۰ء میں برطانوی سپاہی فوج کی کمزوری کے باعث علم بغاوت بلند کیا - اگرچہ بغاوت دبا دی گئی لیکن ۱۸۴۱ء میں اُنہوں نے دوبارہ بغاوت کی اور کابل سے جلال آباد پسپا ہونے والی برطانوی فوج کو زبردست نقصان پہنچایا -

یہودی باڑہ Ghetto

چودہویں صدی کے بعد یہودیوں کو یورپ میں شہروں سے باہر ایک خاص حصہ میں رہنے پر مجبور کیا جاتا تھا - ۱۸۷۰ء میں آخری یہودی باڑہ مسمار کر دیا گیا -

غور Ghor/Ghur

افغانستان کا مغربی وسطی علاقہ جس سے غور سلاطین کو نسبت ہے -

Marfat.com

۱۱۵۱ء میں علاؤ الدین حسین نے غزنویوں سے نجات حاصل کر کے غور خاندان کے اقتدار کی بنیاد ڈالی - اس خاندان کے ایک ممتاز حکمران شہاب الدین غوری نے ترائن کے میدان میں ۱۱۹۲ء میں چوہان بادشاہ پرتھوی راج کو شکست دی - اس طرح شمالی ہندوستان میں مسلم اقتدار کی نیو ڈالی - اُس کی نرینہ اولاد نہیں تھی - اس لیے عملی طور پر اُس کی وفات کے بعد اس خاندان کا اقتدار ختم ہوگیا -

**Ghost dance** بھوتوں کا ناچ

امریکہ کے پاؤئیت ووکا کا قائم کردہ مذہب کا مرکزی رواج جس میں ناچ ، تھرکنا اور خواب آور سکتے کی کیفیت شامل تھی - ۱۸۸۷ء کے بعد یہ مغربی قبائل میں مقبول ہوا -

**Gifted personality** وہبی شخصیت

**Gillie** خدمت گار

اسکاٹ لینڈ کے اُمرا کے خادمؑ -

**Girl scout** گرل اسکاؤٹ

سات سے سولہ سال کی لڑکیوں میں اچھی شہریت ، ملنساری اور بھائی چارے کے جذبات پیدا کرنے کی تحریک - یہ ۱۹۱۲ء میں برطانیہ میں شروع کی گئی -

**Girondist** گیرونڈسٹ

فرانسیسی تاریخ انقلاب کے دوران کی اعتدال پسند ریپبلکن جماعت کا ایک رکن - ۲ جون ۱۷۹۳ء کو ایک طویل جد و جہد کے بعد اُن کو اقتدار سے ہٹا دیا گیا اور ۳۱ اکتوبر ۱۷۹۳ء کو اُن میں سے کئی ایک کے سر بھی قلم کر دیے گئے -

**Gladiator** شمشیرزن

**Gladiatorship** شمشیرزنی

Marfat.com

**Global war** — عالمی جنگ

جنگ جو دو سے زائد اقوام کے مابین چھڑے اور کئی اقوام کو اثرانداز کرے - پہلی عالمی جنگ ۱۹۱۴ء - ۱۹۱۸ء اور دوسری عالمی جنگ ۱۹۳۹ء - ۱۹۴۵ء میں لڑی گئی -

**Glorious Revolution** — شاندار انقلاب

برطانیہ میں ۱۶۸۸ء - ۱۶۸۹ء میں رونما ہونے والے واقعات جو جیمز دوم کی معزولی کی صورت میں منتج ہوئے - اُس کے کیتھولک ہونے کی وجہ سے ٹوریوں اور وہگوں نے اُس کی مخالفت کی - اس مخالفت کو جیمز کے ہاں بچے کی پیدائش نے زیادہ تقویت بخشی - سات اُمرا نے ولیم آف اورینج اور اُس کی اہلیہ میری ، جو جیمز کی پروٹسٹنٹ دختر تھی ، کو دعوت دی کہ وہ انگلستان کی مدد کو پہنچیں - کسی قسم کے کشت و خون کے بغیر انقلاب برپا ہوگیا اور دونوں مدعوئین نے ولیم سوم اور میری دوم کی حیثیت سے مشترکہ طور پر انگلستان پر حکمرانی کی -

**Glory** — کروفر ، عروج ، توصیف ، عظمت ، شان کبریائی

**Gnawing want** — سوہان روح احتیاج

**Gnosticism** — عرفان

**Gnostic** — عرفانی ، گیانی

عیسائیوں کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد تھا کہ گیان سے نجات ملتی ہے نہ کہ ایمان سے -

**Goad** — آنکس

ہاتھی کو ہانکنے کا آلہ -

**Goblet** — آبخورہ ، ساغر ، پیالہ

**Golden standard** — طلائی معیار

مالی نظام جس میں نظری طور پر ہر قسم کی کرنسی مطالبہ پر اس

Marfat.com

کے قانونی طور پر برابر سونے یا سونے کے سکے میں تبدیل کی جاتی ہے ۔

**Golden Horde** سنہری خانہ بدوش

منگول لشکر کا نام ۔ اس کی وجہ تسمیہ اُن کے قائد باتو خان کے کیمپ کی شان و شوکت تھی ۔ اُن کی سلطنت تیرہویں صدی کے وسط میں قائم کی گئی اور اس میں زیادہ تر موجودہ روس شامل تھا ۔ اس کا دارالحکومت سرائے (موجودہ استالن گراڈ کے نزدیک) تھا ۔ سنہری خانہ بدوشوں نے قراقرم کے خان اعظم کی اعانت کی اور قبلائی خان کی جنوبی چین کی فتح میں ہاتھ بٹایا ۔ ۱۳۱۴ء کے بعد اُنھوں نے اسلام قبول کر لیا ۔ ۱۳۸۰ء میں ماسکو کے ڈیوک اعظم کے برسر اقتدار آنے پر اُن کا زوال شروع ہوا ۔ ۱۴۰۵ء کے بعد اُن کی سلطنت استرا خان ، قازان ، کریمیا اور سائبر کی خود مختار ریاستوں میں منقسم ہوگئی ۔

**Gonds, the** گونڈ

ہندوستان کے ضلع مدھیہ پردیش میں جدید چھتر پور میں رہنے والا ایک قبائلی نسل ، وقت کے گذرنے کے ساتھ ساتھ وہ جنگجو بن گئے اور راجپوت کہلانے لگے ۔

**Gonfalon** گون فیلان

کئی اطالوی جمہوریتوں میں (قرون وسطیٰ کے عہد میں) ایک اعلیٰ میجسٹریٹ ۔

**Good Parliament** اچھی پارلیمنٹ

اپریل سے جولائی ۱۳۷۶ء تک برطانوی پارلیمنٹ جس نے فرانس کے خلاف فوجی اقدامات کی مذمت کی ، بھاری ٹیکسوں کے خلاف احتجاج کیا اور فضول کارروائی کو ناپسند کیا اور سر پیٹر ڈی لا مارکو اپنے موقف کے اظہار کے لیے چنا ۔

Marfat.com

**Goose guill**

**پروں کا قلم**

راج ہنس کے پروں سے بنایا گیا قلم -

**Gordian**

**مشکل ، دشوار ، پیچدار**

گارڈیس سے منسوب جس نے گرہ باندھی تھی اور جسے سکندر نے تلوار سے کاٹ ڈالا تھا -

**Gorge**

**قلعہ کے برج کا راستہ ، فصیل کا پچھلا دروازہ**

**Gorget**

**گلا پوش**

قرون وسطیٰ میں گلے اور گردن کے بچاؤ کے لیے پہنے جانے والا بکتر -

**Gorilas**

**گوری لاس**

ارجنٹائن کے وہ اعلیٰ فوجی افسر جنھوں نے صدر پیرون کا تختہ اُلٹا - اُن کی تقرری اُسی نے کی تھی اور ارجنٹائن پر ۱۹۵۵ء - ۱۹۵۷ء تک حکومت بھی کی -

**Goth**

**گوتھ**

ایک طاقتور جرمن قبیلہ جو بالٹک سے بحیرۂ سیاہ تک حکمران رہا ہے اور جس نے تیسری صدی عیسوی میں روسی سلطنت پر حملہ کیا- بعد میں یہ دو حصوں میں بٹ گئے یعنی وسی گوتھ اور آسٹرو گوتھ -

**Government, matrichal**

**مادری حکومت**

ابتدائی معاشرہ میں عورت معاشرتی اور سیاسی حیثیت کی مالک تھی اور خاندان کی سربراہ سمجھی جاتی تھی - اس زمانے میں کھیتی باڑی کی نئی نئی دریافتیں ہوئی تھیں جنھوں نے مرد کو بے حد مصروف بنا دیا - اُس نے جانوروں کو پالتو بنایا - اس سے عورت کی گھریلو مصروفیات میں اضافہ ہوا اور اس طرح اُس کی اہمیت میں بھی اضافہ ہوا - اُس کی حیثیت مرکزی ہوگئی - اُس زمانہ میں عورت بیک وقت کئی مردوں سے شادی کیا کرتی تھی - اس قسم کا نظام آسٹریلیا اور ملایشیا کے کچھ حصوں میں پایا جاتا تھا -

Government, patrichal پدری حکومت

ابتدائی معاشرہ میں معمر ترین مرد سربراہ ہوا کرتا تھا ۔ اُس کے لامحدود اختیارات ہوا کرتے تھے اور وہ اپنے خاندان کے ہر قسم کے معاملات طے کیا کرتا تھا ۔ بعد میں اُس کا اقتدار اُن تمام لوگوں پر بھی پھیل گیا جو اُس کی اولاد تھے یا خون کے لحاظ سے آپس میں رشتہ دار تھے ۔ یہ نظام قدیم یہودیوں ، یونانیوں ، اہل روما ، عیسائیوں اور ہندوستان کے آریاؤں کے ہاں پایا جاتا تھا ۔

Government, semi-feudal نیم جاگیری حکومت

Governor-general گورنر جنرل

(۱) برطانوی مقبوضات میں تاج برطانیہ کا نمائندہ ۔ برطانوی ہندوستان میں یہ اعلیٰ ترین عہدیدار ہوا کرتا تھا ۔ یہ منصب ۱۷۷۳ء میں ریگولیٹنگ ایکٹ کی رو سے قائم کیا گیا اور وارن ہیسٹنگز پہلا گورنر جنرل تھا جو ۱۷۷۴ء - ۱۷۸۶ء تک اس منصب پر فائز رہا ۔ ۱۸۳۴ء تک وہ بنگال میں فورٹ ولیم کا گورنر جنرل کہلاتا تھا ۔ ۱۸۳۳ء کے چارٹر ایکٹ کی رو سے اُسے ہندوستان کا گورنر جنرل کہا جانے لگا ۔ ۱۸۵۸ء میں جب تاج برطانیہ نے براہ راست ہندوستان کا نظم و نسق سنبھالا تو گورنر جنرل کو وائسرائے کہا جانے لگا ۔

(۲) پاکستان میں ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء سے ۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء تک سربراہ ریاست ۔

Governor generalship گورنر جنرلی ، گورنر جنرل کا منصب

G. P. U. جی - پی - یو

۱۹۱۷ء کے اشتمالی انقلاب کے بعد روس میں جو سیاسی پولیس منظم کی گئی اُسے جی پی یو کہا جاتا تھا ۔ اُس کا مقصد اشتمالیت کے مخالفین کو تلاش کرنا اور انھیں نیست و نابود کرنا تھا ۔

Marfat.com

Granada, kingdom of
سلطنت غرناطہ

أندلس (اسپین) میں مسلمانوں کی سلطنت جس کا دارالسلطنت غرناطہ تھا ۔ اسے ۱۲۳۸ء میں دارالسلطنت بنایا گیا ۔ غرناطہ أندلس میں مسلمانوں کے اقتدار کی آخری نشانی تھا ۔ یہ مسلمانوں کی ثقافت اور تمدن کا آئینہ دار تھا ۔ طوائف الملوکی کی وجہ سے انتشار کا دور دورہ تھا ۔ ۱۴۹۲ء میں آخری مسلمان بادشاہ ابو عبداللہ نے فرڈیننڈ اور اُس کی ملکہ ازابیلا کے آگے ہتھیار ڈال دیے ۔ یہاں کا قلعہ الحمرا دیکھنے کے قابل تھا ۔

Grand Duke
بزرگ ڈیوک

Grand Fascist Council
فاشی شورائے کبیر

اطالوی آمر مسولینی نے صلاح مشورے کے لیے اس نام کی ایک مجلس قائم کی ۔

Grand jury
عظیم جیوری

Grant
عطا ، بخشش ، عطیہ ، منظور شدہ رقم ، امداد ، واگذاری رسمی

اس کی رو سے کسی بھی فرد کو کچھ تجارتی یا دیگر مراعات عطا کی جاتی ہیں جیسے جہانگیر سے سر ٹامس نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے لیے کچھ تجارتی مراعات حاصل کیں ۔

Gratuitous hypothesis
بے دلیل دعویٰ

Gratuity
بخشیش ، انعام ، عطیہ ، صلہ خدمات

(۱) انعام جو ایک عہدیدار اپنے ماتحت کو اُس کی خدمات کے عوض میں دیتا ہے ۔

(۲) سپاہیوں کی سبکدوشی خدمت یا کسی دوسرے موقع پر دیا جانے والا انعام ۔

Grave offence
سنگین جرم

**Great Awakening** بیداری عظیم

اٹھارویں صدی کے نصف آخر میں امریکی نو آبادیوں میں مذہبی احیا کی لہر ۔ اس کا آغاز نیو جرسی میں گلبرٹ ٹینٹ کی تعلیمات سے ہوا ۔ نیو انگلینڈ میں جوناتھن ایڈورڈز نے اس لہر کو بیدار کیا ۔ ورجینیا میں جارج وائٹ فیلڈ کے ۱۷۳۱ء سے ۱۷۴۱ء کے دوروں سے یہ بیداری آئی ۔ انڈین لوگوں میں یہ کام سیموئیل کرک لینڈ نے کیا ۔ اس بیداری سے عقائد میں زبردست تبدیلی آئی اور مذہب میں جمہوری جذبہ پیدا ہوا ۔

**Great council** عظیم مجلس

نارمن بادشاہوں کے بڑے داروں کی اسمبلی ۔

**Great Moghul** مغل اعظم

مغلیہ سلطنت کا حکمران ۔ عام طور پر یہ اصطلاح شہنشاہ جلال الدین اکبر کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

**Great Seal** شاہی مہر ، مہر اعظم

برطانیہ میں خاص دستاویزات پر لگائی جانے والی مہر ۔

**Greek city states** یونانی شہری ریاستیں

قدیم یونان میں ہر شہر اپنی جگہ پر آزاد اور خود مختار ریاست ہوا کرتا تھا ۔ قدیم یونانی ریاستوں میں مقدونیہ ، اسپارٹا اور ایتھنز قابل ذکر ہیں ۔ اُن کا طرز حکومت جمہوری ہوا کرتا تھا ۔ جغرافیائی لحاظ سے یونان ایک پہاڑی ملک ہے کم آبادی ، کم رقبہ اور محدود ذرائع آمد و رفت وہ عناصر ثلاثہ ہیں جنھوں نے ہر شہر کو اپنی جگہ پر ایک ریاست کا درجہ دے دیا تھا ۔

**Greek religion** یونانی مذہب

قدیم یونان میں مذہبی عقائد پیچیدہ اور بسا اوقات متضاد بھی تھے ۔ بنیادی طور پر سادہ پرستی تھی اور کئی ایک مقامی دیوتاؤں کی بھی

Marfat.com

پوجا کی جاتی تھی ۔ حتیٰ کہ ہومر کے دور میں جب کہ دیوتاؤں کو انسانی شکل میں پیش کیا جاتا تھا اُن کے ساتھ کسی قسم کا مجموعۂ اخلاق منسلک نہ تھا ۔ مشاہیر کی پرستش کا رواج عام تھا ۔ پانچویں صدی ق م میں تعلیم یافتہ افراد کے اذہان میں دیوتاؤں پر ایمان ختم ہونا شروع ہوگیا اور دیوتاؤں کے عظیم قوتوں میں تبدیل ہو جانے سے شعرا اور فلسفیوں کو ایک ایسی کائنات کی تخلیق میں آسانی پیدا کی جس میں اخلاق جد و جہد غالب تھی ۔

گرین بیک جماعت　　Greenback party

امریکی تاریخ میں سیاسی تنظیم جو ۱۸۷۴ء - ۱۸۷۶ء میں منظم کی گئی تا کہ کرنسی کو وسعت دی جا سکے ۔

جمعیت پسندی　　Gregariousness

قانون گریشہام　　Gresham's Law

اُصول کہ ناکارہ زر اچھے زر کو نکال کر اُس کی جگہ لے لیتا ہے یعنی کمتر ذاتی مالیت سونے یا دیگر زر کے ذخیرہ کرنے کا باعث بنے گا اور اُن کی مالیت بھی زیادہ ہوگی ۔ "قانون" کا نام سر تھامس گریشہام کے نام پر پڑا جو ہنری ہشتم اور الزبتھ کا مالی مشیر تھا اگرچہ اُسے صدیوں تک ولندیزی بنکار استعمال کرتے رہے ہیں ۔

کوڑی　　Groat

تیرہویں اور سولھویں صدی کے درمیانی عرصے میں چاندی کا تیار کیا جانے والا ایک یورپی سکہ ۔

جنرل ڈیگال کی پالیسیوں کا حامی　　Guallist

حکومتی ، گورنر کے متعلق　　Gubernatorial

گوریلا　　Guerilla/Guerrilla

حملوں کے ذریعے ہراساں یا سبوتاژ کرنے والی سرگرمیوں میں مصروف فرد جس کا تعلق بے قاعدہ چھوٹے گروہوں سے ہوتا ہے ۔ یہ اصطلاح

Marfat.com

سب سے پہلے اہل اسپین کے متعلق استعمال کی گئی جنھوں نے پنینسلور کی جنگ میں نپولین کی فوج کو ہراساں کیا ۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران میں یوگو سلاویہ کے جوزف ٹیٹو کے طرفداروں نے گوریلا ہتھکنڈے استعمال کیے ۔

**Guild/Gild** ہم پیشہ لوگ

قرون وسطیٰ میں تاجروں یا دستکاروں کی انجمن ۔

**Guild-hall** ٹاؤن ہال

ہال جس میں قرون وسطیٰ میں ہم پیشہ لوگوں کی انجمن کا اجلاس ہوا کرتا تھا ۔

**Guild socialism** گلڈ اشترا کیت ، حرفی اشترا کیت

ایک معاشی نظریہ جس کے مطابق ہر صنعت میں مصروف محنت کشوں کی اپنی مجلس اس کا انتظام و انصرام کرے ۔ یہ مجالس ریاست کے کنٹرول میں ہونی چاہیئں ۔ یہ نظریہ برطانیہ میں ۱۹۲۰ء میں پیش کیا گیا ۔

**Guild socialist** گلڈ اشترا کی ، حرفی اشترا کی

**Guild socialist society** گلڈ اشترا کی معاشرہ

**Guillotine** مقصلہ ، پھانسی ، سر کاٹنے کی مشین

فرانس میں انقلاب کے دنوں میں سزائے موت اس مشین کے ذریعے دی جاتی تھی ۔

**Guinea** طلائی سکہ

برطانیہ میں استعمال ہونے والا سکہ جو سونے کا ہوتا تھا ۔ یہ ۱۶۶۳ء ۔ ۱۸۱۳ء تک زیر استعمال رہا ہے ۔ شروع میں یہ بیس شلنگ کا ہوتا تھا لیکن ۱۷۱۷ء میں اسے اکیس شلنگ کا کر دیا گیا ۔

**Gunman** توپچی

Marfat.com

**Gunner**

توپچی ، افسر توپ خانہ

**Gunnery**

(۱) علم توپ خانہ

(۲) توپ سازی

**Gunpowder plot**

بارودی سازش

یہ سازش رابرٹ کیٹسبائی نے بادشاہ ، اُمراء اور دارالعوام کے اراکین کو تباہ کرنے کے لیے ۱۶۰۳ء - ۱۶۰۵ء میں تیار کی تاکہ کیتھولک افراد کو کامیابی حاصل ہو سکے - روک وڈ ، ڈگبی اور ترشہم نے بغاوت کی قیادت کرنا تھی اور گیو فاؤکس نے جو ایک تجربہ کار سپاہی تھا ، نے دارالامراء کے تہ خانے میں بارود کے کنستر چھپا دیے - ترشہم نے اپنے کیتھولک رشتہ دار لارڈ مونیٹگل نے سیسل کے سامنے اس کو طشت ازبام کر دیا - فاؤکس کو ۵ نومبر ۱۶۰۵ء کو گرفتار کر لیا گیا اور سازش ناکام بنا دی گئی - ۱۶۰۶ء میں سازشیوں کو سزائے موت دی گئی اور تعزیری قوانین کا سختی سے نفاذ کیا گیا -

**Gupta**

گپتا خاندان

اس حکمران خاندان کی بنیاد چندر گپتا اول نے ۳۲۰ء میں ڈالی - اس خاندان نے ۵۱۰ء تک شمالی ہندوستان میں حکومت کی - اس دور میں ہندو ثقافت اپنے عروج پر تھی -

**Gurjara-Pratihara dynasty**

گرجارا پرتیہارا خاندان

اس خاندان کی بنیاد ۷۲۵ء میں ناگا بھتا نامی سردار نے ڈالی - اُس کا دعویٰ یہ تھا کہ وہ کھشتریہ لکشمنا کی اولاد تھا - اس خاندان کی حکومت گیارہویں صدی کے دوسرے نصف تک قائم رہی -

**Gurkhas, the**

گورکھا

کوہ ہمالیہ کی ترائی میں رہنے والی ایک نسل جس نے ۱۷۶۸ء میں نیپال کے حالات سے فائدہ اُٹھا کر ملک میں اپنا راج قائم کر لیا -

Marfat.com

یہ جنگجو نسل تھی اور اب بھی یہ خصوصیات اُس میں پائی جاتی ہیں - ۱۸۱۶ء میں انگریزوں نے اُن کو شکست دی - اُن میں سے بیشتر انگریزوں کی فوج میں بھرتی ہوگئے -

## گستاوس Gustavus

سویڈن کے بادشاہ

گستاوس اول ۱۴۹۶ء - ۱۵۶۰ء -

گستاوس دوم ۱۵۹۴ء - ۱۶۳۲ء -

گستاوس سوم ۱۷۴۶ء - ۱۷۹۲ء -

گستاوس چہارم ۱۷۷۸ء - ۱۸۳۷ء -

گستاوس پنجم ۱۸۵۸ء - ۱۹۵۰ء -

گستاوس ششم ۱۸۸۲ء - ۱۹۷۳ء -

ع

Marfat.com

# H

**Habergeon**

گلے اور سینے کا بکتر ، زرہ جس کی آستینیں نہ ہوں ۔

**Hackney job**

کار مزدوری

**Halcyon**

عافیت کا زمانہ

**Half pay**

آدھی تنخواہ

برطانیہ میں وہ الاؤنس جو حاضر سروس میں نہ ہونے والے افسر کو دیا جاتا تھا ۔

**Half sovereign**

آدھا مقتدر اعلیٰ

۱۰ شلنگ کی مالیت کا برطانوی طلائی سکہ جو ۱۹۱۶ء تک جاری کیا جاتا رہا ہے اور بعد میں خاص مواقع پر اس کا اجرا ہوتا رہا ہے ۔

**Hamlet**

قریہ ، بستی

ایک ایسی بستی جس میں کوئی معبد نہ ہو ۔

**Han dynasty**

ہین خاندان

اس خاندان نے چین میں ایک وقفے (۹ء - ۲۵ء) کے سوا چار سو برس تک لگاتار حکومت کی ۔ اس کے دور حکومت میں جغرافیائی لحاظ سے وسعت ہوئی اور ثقافتی ترقی ہوئی ۔ پہلی چینی لغت تیار کی گئی اور دائرہ معارف کی طرز پر تاریخ مرتب ہوئی ۔ بدھ مت کا تعارف ہوا ۔ اس خاندان کی حکومت کے بعد چین میں طوائف الملوکی پھیل گئی ۔



Marfat.com

Hang man — جلاد

Hanover, house of — خاندان ہنوور

برطانیہ کا شاہی خاندان جو ۱۷۰۱ء میں قانون بندوبست کے ذریعے جیمز اول کی اولاد ہونے کے ناطے برسر اقتدار آیا ۔ ۱۸۳۷ء میں ملکہ وکٹوریہ کے برسر اقتدار آنے سے ہنوور اور برطانیہ کے تاج مختلف ہوگئے ۔

Hanse — قرون وسطیٰ کی تجارتی انجمن

Hansom — ٹم ٹم

دو پہیوں والی گاڑی جس پر دو نشستیں ہوتی تھیں اور کوچوان اُن نشستوں کے پیچھے بیٹھا کرتا تھا ۔

Hara kiri (Jap.) — ہارا کری

جاپان میں فوجیوں کی خود کشی کا نام ۔ اس قسم میں پیٹ چاک کرکے اپنے آپ کو ختم کیا جاتا تھا ۔

Harappa civilization — ہڑپہ کی تہذیب

ضلع ساہیوال میں ہڑپہ کے شہر کے پاس قدیم آثار ملے ہیں جن سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہاں ایک منصوبہ بندی کے تحت شہر قائم کیا گیا تھا ۔ اناج رکھنے کے گودام تھے اور محنت کشوں کے کوارٹرز بنائے جاتے تھے ۔ معبدوں کے بڑے بڑے دروازے ہوا کرتے تھے ۔ کئی ایک مہریں دستیاب ہوئی ہیں ۔ لیکن اُن کی تحریر ابھی پڑھی نہیں جا سکی ۔

Hasidism/Assideans — ہسیڈم یا آسیڈینز

یہ عبرانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی پاکیزہ کے ہیں ۔ بنیادی طور پر یہ یہودیت کے زیادہ راسخ العقیدہ لوگوں کے لیے استعمال ہونے والی اصطلاح تھی ۔ اس فرقہ نے ۳۰۰ ق‌م اور ۱۷۵ ق‌م کے درمیان فروغ پایا جب انیٹوکس چہارم نے حکم دیا کہ یہودی یونانی دیوتاؤں

کو قربانی دیا کریں - اس فرقے نے مزاحمت کی - جدید فرقہ اٹھارویں صدی میں قائم کیا گیا - اس نے توریت کی غیر لچکدار عقلیت کی مخالفت کی -

**Hausa** — حوسا

حبشیوں اور بربروں کی ملی جلی نسل جو شمالی نائجیریا کی غالب لسانی قوت ہے - دسویں صدی میں حوسا تہذیب خوب پروان چڑھی - چودہویں صدی میں انہوں نے اسلام قبول کیا اور سترہویں صدی میں معاشی طور پر خوشحال ہوئے - ابتدائی انیسویں صدی میں فولانیوں نے اُن کو فتح کیا -

**Hawks** — شکرے

اُن امریکی سیاستدانوں کے لیے مستعمل اصطلاح جو ویت نام کی جنگ کے کامیاب فوجی نتیجے کے خواہاں تھے - اُن کے برعکس قمریوں کا خیال تھا کہ ویت نام میں فوجی فتح حاصل نہیں ہوسکتی -

**Heathen** — ملحد ، کافر

**Heathendom** — کافری ، دیار بت پرستان

**Heathenism** — کافری ، بت پرستی ، الحاد

**Hecatomb** — ایک سو بیلوں کی قربانی ، بڑی مذہبی قربانی

**Heglianism** — ہیگلیت

**Hegira/Hejira** — ہجرت

۱۳ ستمبر ۶۲۲ء کی شب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ ہجرت فرمائی اور وہیں مستقل سکونت اختیار فرمائی - ہجرت وہ نقطہ آغاز ہے جہاں سے اسلام کی حقیقی کامرانیاں شروع ہوتی ہیں -

**Hellene** — قدیم یونانی باشندہ

یونانی شہری ریاستوں کا ثقافتی اثر و رسوخ جو چوتھی صدی ق م میں

Marfat.com

مشرق کی طرف پھیلا ۔ یہ اسکندر اعظم کی ایشیا ، شام اور مصر میں فتوحات کے بعد کی بات ہے ۔

**یونانی تہذیب** Hellenistic civilization

اسکندر اعظم کی فتوحات سے اُس وقت کی دنیا میں یونانیت کے پھیلاؤ کے اسکندریہ اور پراگامم ممتاز مراکز تھے خوشحال لوگوں کے لیے آسائشیں بڑھیں ۔ دولتمندوں میں تعلیم عام ہوئی ۔ ادب کا فروغ ہوا ۔ اگرچہ یہ مشکل اور کٹھن تھا اس کے باوجود زرخیز تھا ۔ کتب خانے بنائے گئے اور بیاض مرتب کیے گئے۔ سنگ تراشی نے رواج پایا ۔ آج کے کئی ایک مشہور مجسمے اُس دور کی یادگاریں ہیں جیسے کہ وینس آف میلو ۔ تمام پڑھے لکھے لوگوں میں فلسفہ مقبول ہوا ۔

**خود** Helmet

لوہے کی ٹوپی ۔

**ہنری** Henry

(۱) جرمنی کے شہنشاہ اور بادشاہ

ہنری اول یا ہنری چڑی مار ۸۷۶ء - ۹۳۶ء

ہنری دوم ۹۷۳ء - ۱۰۲۴ء ۔

ہنری سوم ۱۰۱۷ء - ۱۰۵۶ء ۔

ہنری چہارم ۱۰۵۰ء - ۱۱۶۰ء ۔

ہنری پنجم ۱۰۸۱ء - ۱۱۲۵ء

ہنری ششم ۱۱۶۵ء - ۱۱۹۷ء ۔

ہنری ہفتم ۱۲۷۵ء - ۱۳۱۳ء ۔

(۲) انگلینڈ کے بادشاہ

ہنری اول (۱۰۶۸ء - ۱۱۳۵ء)۔ یہ ۱۱۰۰ء - ۱۱۳۵ء تک برسر اقتدار رہا ۔

ہنری دوم (۱۱۳۳ء - ۱۱۸۹ء) - یہ ۱۱۵۴ء - ۱۱۸۹ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری سوم (۱۲۰۷ء - ۱۲۷۲ء) - یہ ۱۲۱۶ء - ۱۲۷۲ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری چہارم (۱۳۶۷ء - ۱۴۱۳ء) - یہ ۱۳۹۹ء - ۱۴۱۳ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری پنجم (۱۳۸۷ء - ۱۴۲۲ء) - یہ ۱۴۱۳ء - ۱۴۲۲ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری ششم (۱۴۲۱ء - ۱۴۷۱ء) - یہ ۱۴۲۲ء - ۱۴۶۱ء اور ۱۴۷۰ء - ۱۴۷۱ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری ہفتم (۱۴۵۷ء - ۱۵۰۹ء) - یہ ۱۴۸۵ء - ۱۵۰۹ء تک برسراقتدار رہا -

ہنری ہشتم (۱۴۹۱ء - ۱۵۴۷ء) - یہ ۱۵۰۹ء - ۱۵۴۷ء تک برسر اقتدار رہا -

(۳) فرانس کے بادشاہ -

ہنری اول (۱۰۰۸ء - ۱۰۶۰ء) - یہ ۱۰۳۱ء - ۱۰۶۰ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری دوم (۱۵۱۹ء - ۱۵۵۹ء) - یہ ۱۵۴۷ء - ۱۵۵۹ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری سوم (۱۵۵۱ء - ۱۵۸۹ء) - یہ ۱۵۷۴ء - ۱۵۸۹ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری چہارم (۱۵۵۳ء - ۱۶۱۰ء) - یہ ۱۵۷۲ء - ۱۶۱۰ء تک برسر اقتدار رہا -

ہنری پنجم (۱۸۲۰ء - ۱۸۸۳ء) - یہ ۱۸۷۱ء - ۱۸۷۳ء تک برسر اقتدار رہا -

Marfat.com

**Heptarchy** ہفت شاہی ، ولایات ہفتگانہ

بعض مورخین قدیم سات انگریزی بادشاہتوں کے لیے اس اصطلاح کا استعمال کرتے ہیں ۔ ان میں مشرق اینجلیا ، ایسکیس ، کینٹ ، مرسیا نارتھمبریا ، سسیکس اور وسیکس شامل تھے ۔ یہ زمانہ وسطی چھٹی صدی سے ابتدائی نویں صدی تک پھیلا ہوا ہے ۔ اگرچہ یہ تسلی بخش اصطلاح نہیں ہے لیکن اس کا استعمال عام ہوا ہے ۔

**Herald** نقیب شاہی ۔ پیام رساں

بادشاہ یا شاہی خاندان کے کسی فرد کا سرکاری پیغام رساں جو جنگ کے آغاز یا اختتام کا اعلان کیا کرتا تھا ۔ مبارزت کی دعوت دیتا ۔ بادشاہ یا ولی عہد کی وصیت کا اعلان کرتا تھا ۔

**Heraldry** نقابت

**Heraldship** منادی گری

**Herd** گلہ

**Herd instinct** گروہی جبلت

**Herdsman** گلہ بان ، چرواہا ، گڈریا

**Herdswoman** خاتون گلہ بان

**Hereditary aristocracy** موروثی اشرافیہ

**Hereditary dictatorship** موروثی آمریت

**Hereditary kingship** موروثی بادشاہت

**Hereditary monarchy** موروثی ملوکیت

**Hereditary nobility** موروثی شرفا

**Hereditary nobles** موروثی اُمرا

Marfat.com

Hereditary prince — ولی عہد

Hereditary succession — موروثی جانشینی

Heriot — راج ڈنڈ ، ضبطی

مویشی یا روپیہ وغیرہ جو اسامی کے مرنے کے بعد زمین دار کو دیا جاتا تھا ۔

Heroic age — عہد ابطال ، سورماؤں کا زمانہ

Heroism — اولوالعزمی ، رستم صفتی ، جانبازی

Hero-worship — بطال پرستی ، مشاہیر پرستی ، بطل پرستی ، گرو پرستی

Hero-worshipper — بطل‌پرست ، مشاہیر پرست

Herod dynasty — خاندان ہیروڈ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے وقت فلسطین کا حکمران خاندان ۔ اس خاندان کی قسمت کا بانی اینٹیپیٹر تھا جس کی وفات ۴۳ ق م میں ہوئی جو پمپی کی شکست کے بعد قیصر کے ساتھ اچھے مراسم رکھنے کا طرفدار تھا ۔ بحیثیت حکمران یہ خاندان کچھ زیادہ اہل نہ تھا ۔ اس خاندان کا زیادہ تر انحصار روم پر تھا ۔ فلسطین میں تاراج کی ذمہ داری بوقت پیدائش عیسیٰ علیہ السلام اسی خاندان پر آتی ہے ۔

Heterarchy — بدیشی حکومت ، غیر ملکیوں کی حکومت

Heterodox — خلاف دین ، غیر مقلد ، آزاد خیال

Heterodoxy — الحاد ، بدعت

Hideous cruelties — وحشیانہ مظالم

Hierarchism — مذہبی حکومت کا اُصول

Marfat.com

Hierarch — بڑا پادری ، مذہبی پیشوا

Hierarchy — کلیسائی حکومت ، پروہتوں کی حکومت

Hierocracy — اولیا شاہی ، نیک اور پارسا افراد کی حکومت

High alliance — مقدس اتحاد

High born — عالی نسب

High priest — اعلیٰ مرتبت پروہت
یہودیوں کا اعلیٰ درجے کا مذہبی پیشوا

Hinayana — ہنیانا
بدھ مت کا قدیم ترین نام ۔ اس کے مطابق گوتم بدھ محض ایک بزرگ تھے ۔ اُن کی صرف عزت کی جانی چاہیے نہ کہ پرستش ۔ کسی بھی بدھ پروہت کے لیے نروان ایک اعلیٰ ترین مطمح نظر تھا ۔

Hippodrome — رتھ گاڑیوں کے دوڑانے کا میدان

His Majesty — اعلیٰ حضرت
بادشاہوں کا خطاب ۔ یہ ایک بڑا خطاب ہے جسے کابل کے حکمرانوں نے ۱۹۲۱ء کی مکمل آزادی کے بعد اختیار کیا ۔

Historian — مورخ ، تاریخ دان

Historic monument — تاریخی یادگار

Historical accuracy — تاریخی صحت

Historical addenda — تاریخی اضافے

Historical authencity — تاریخی صداقت

Historical detritus — تاریخی حشو و زوائد

Historical disproof — تاریخی ابطال

Marfat.com

Historical evolution — تاریخی ارتقا

Historical genesis — تاریخی ابتدا

Historical materialism — تاریخی مادیت

کارل مارکس نے تاریخ کی مادی تفسیر کی ہے اُس کا کہنا ہے کہ تاریخ محض ماضی کی داستان ہی نہیں بلکہ یہ اقتصادی نظام اور پیدائش دولت میں تبدیلیوں کی داستان ہے ۔ اُس کے خیال میں انسان اقتصادی حیوان ہے اور تمام جنگوں کا محرک افلاس ہی تھا ۔ اقتصادیات میں انسانی زندگی کا مقصد اور اس کے ہر فعل کا محرک ہے ۔

Historical parallel — تاریخی مثال

Historical positivism — تاریخی ایجابیت

Historical present — حال نقلی

Historical relativism — تاریخی نسبتیت

Historical theory of origin of state — ریاست کی ابتدا کا تاریخی نظریہ

Historicity — تاریخی ہونا ، مستند ہونا

Historiographer — تاریخ نویس ، مورخ

خصوصاً سرکاری مورخ جو کسی دربار وغیرہ کے حالات قلمبند کرتا ہو۔

History — تاریخ

تاریخ انسانی زندگی کے گذشتہ واقعات ، تحریکات اور اُن کے اسباب اور نتائج کے تحریری سرمایہ کا نام ہے یہ انسان کے معاشرتی، سیاسی، تمدنی، ثقافتی اور مذہبی تصورات کی داستان ہے ۔ یہ روایات کہن اور نقوش پارنیہ کا خزینہ ہوتی ہے ۔ یہ ندی کے اُس صاف و شفاف پانی کی مانند ہے جس میں اقوام اپنا چہرہ صحیح طور پر دیکھ سکتی ہیں ۔

History, ancient — قدیم تاریخ

Marfat.com

History, medieval
قرون وسطیٰ کی تاریخ ، ازمنہ وسطیٰ کی تاریخ
پندرہویں صدی عیسوی تک کی تاریخ ۔

History, modern
عہد جدید کی تاریخ
پندرھویں صدی عیسوی سے اب تک کی تاریخ ۔

History of civilization
تاریخ تمدن

Hitlerism
ہٹلریت
جرمنی کے آمر ہٹلر کی پالیسیوں کے اُصول ۔

Hittite
حتی
ایک قدیم قوم جس نے ۲۰۰۰ ق‌م - ۱۲۰۰ ق‌م تک نشو و نما پائی ۔ اُس نے ایک سلطنت قائم کی جس کا دارالسلطنت بوزاگ کوئی تھا ۔ یہ سلطنت چودہویں صدی ق‌م میں قائم تھی لیکن بارہویں صدی ق‌م کے آخر میں اس نے اسیریا سے شکست کھائی ۔

Hold
ہولڈ
دسویں اور گیارہویں صدی میں نارتھمبریا میں مستعمل ہونے والی سکینڈے نیویا کی اصطلاح جو کسی ایسے امیر زادے کی نشاندہی کرتی تھی جو تھیگن سے برتر ہوتا تھا ۔

Holocaust
(۱) بے شمار جانوروں کی قربانی
(۲) قتل عام ، عالمگیر بربادی
(۳) اس سے ہٹلر کے ہاتھوں یہودیوں کا قتل عام بھی مراد ہے ۔

Holy Alliance
مقدس اتحاد
روس کے الیگزنڈر اول اور آسٹریا اور پرشیا کے حکمرانوں کے درمیان ۱۸۱۵ء میں طے پانے والا معاہدہ ۔

Holy day
روز مقدس

Marfat.com

Holy Ghost/Holy Spirit

روح القدس

Hoiy League

مقدس اتحاد

Holy water

آب تبرک شدہ

Holy week

مقدس ہفتہ

ایسٹر کے اتوار سے پہلے کا ہفتہ جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یروشلم میں فاتحانہ آمد اور اُن کے صلیب پر چڑھائے جانے کے واقعہ تک کے تمام واقعات دہرائے جاتے ہیں -

Homage

(۱) تعظیم ، احترام ، اظہار عقیدت

(۲) حلف وفاداری ، عہد اطاعت

۱۲۵۹ء کے بعد انگلینڈ کے بادشاہوں نے فرانس کے بادشاہوں کے ساتھ اظہار عقیدت کیا -

Home rule

وطنی حکومت ، سوراج ، خود اختیاری حکومت

آئرلینڈ کے لیے خود اختیاری حکومت حاصل کرنے کی تحریک جو ۱۸۷۰ء میں شروع کی گئی - یہ ۱۸۸۰ء میں پارنل نے شروع کی - ۱۹۲۱ء میں آئرلینڈ کو مقبوضہ کا درجہ دے دیا گیا -

Home Rule League

سوراج لیگ

سوراج لیگ کو اپریل ۱۹۱۶ء میں بال گنگا دھرتلک نے پونہ میں قائم کیا - ۱۹۱۷ء میں اسی نام سے ایک تنظیم مسز اینی بسینت نے کلکتہ میں قائم کی - دونوں تنظیموں کا مقصد ہندوستان کے لیے آزادی حاصل کرنا تھا -

Homicide

آدم کشی ، قتل انسان

Honourable lineage

عالی نسبی

Honourable, Most

مارکوئس ، آرڈر آف باتھ اور پریوی کونسل کے رکن کا خطاب

Honourable, Right — (۱) مارکوئس سے کمتر درجے کے امیروں کا خطاب

(۲) پریوی کونسل کے ارکان کا خطاب

Honours list — فہرست خطابات

Horse artillery — توپ خانے کا رسالہ

Horse car — گھوڑا بگھی

Horsemanship — اسپ سواری ، شہسواری

Host — میزبان

کسی سرائے کا مالک

Howdah/Houdah — ہودہ ، عماری

Hoysala dynasty, the — خاندان ہوئیسالہ

میسور کے علاقہ میں ۱۱۱۱ء میں بٹیگا کا قائم کردہ خاندان ۔ اُس نے وشنو وردھنا کا نام اختیار کیا اور ۱۳۱۱ء تک حکومت کی ۔ سلطان علاؤ الدین خلجی کے ہاتھوں شکست کے بعد اس خاندان کا اقتدار ختم ہوگیا ۔

Hulk — بحری جیل

بڑا اور بھدا جہاز جو امریکہ کے بعض علاقوں میں جیل خانے کے طور پر استعمال ہوتا رہا ہے ۔

Human sacrifice — انسانی قربانی

ہندوستان میں اُڑیسہ کے بعض قبائلی علاقوں میں انسانی قربانی کا رواج رہا ہے ۔ لارڈ ہارڈنگ اول کے عہد (۱۸۴۴ء - ۱۸۴۸ء) میں اس کو ختم کرنے کے اقدامات کیے گئے ۔ بعد میں ۱۸۴۷ء - ۱۸۵۴ء میں جان کیمپبل کی قیادت میں اسے ختم کیا گیا ۔

Marfat.com

**انسان دوستی ، مذہب انسانیت ، حقوق انسانی کی حمایت** Humanism

**انسان دوست ، انسان شناس** Humanist

Hunas/Huns

ہن

شمالی وسطی ایشیا کے خانہ بدوش لوگ ۔ اُن کا ظہور پہلی دفعہ تیسری صدی ق م میں اُس وقت ہوا جب اُن کو روکنے کے لیے دیوار چین تعمیر کی گئی ۔ اُنھوں نے تیسری صدی عیسوی سے ۵۸۱ء تک چین پر اپنا تسلط جمائے رکھا ۔ ۳۷۲ء میں اُنھوں نے والگا وادی پر حملہ کیا اور گوتھوں کو شکست دیتے ہوئے مغرب کی جانب بڑھے ۔ اُنھوں نے رومی سلطنت کو نیست و نابود کر دیا ۔ اٹیلا نے اپنا دارالحکومت ہنگری میں قائم کیا اور قریب قریب پورے وسطی اور مشرقی یورپ کو شکست دی لیکن ۴۵۱ء میں اُسے گاؤل میں شکست کا سامنا کرنا پڑا ۔

ہنوں نے پانچویں صدی عیسوی میں ہندوستان پر یلغار کی ۔ سکندا گپتا (۴۵۵ء - ۴۶۷ء) نے اُن کے حملوں کو روکے رکھا لیکن اُن کے حملے بدستور جاری رہے ۔ اُن کے ایک قائد تورا مانا نے ۵۰۰ء میں مالوہ میں اپنی خود مختار سلطنت قائم کی ۔ ہنوں کی ایک بڑی تعداد نے ہندؤ مت قبول کر لیا ۔

**جنگلا ، ٹٹی ،** Hurdle

چوکھٹا جس میں باغیوں کو باندھ کر گھسیٹتے ہوئے قتل گاہ میں لے جاتے تھے ۔

Hussite

حسی

جان حس کے پیروکار جنھوں نے بوہیما اور موراویا کی وقفے وقفے سے لڑی جانے والی جنگوں (۱۴۱۹ء - ۱۴۷۸ء) میں حصہ لیا ۔ اُن کا بنیادی شہنشاہ سگسمنڈ کو بوہیما کے تخت کے حصول سے روکنا تھا ۔

**انتخابی پلیٹ فارم** Hustings

برطانیہ میں ۱۸۷۲ء سے قبل پارلیمانی اُمیدواروں کو منتخب کرنے کے لیے انتخابی کارروائی ۔

Marfat.com

**Hybrid**

مخلوط النسل شخص

**Hygia**

تندرستی کی دیوی ، صحت کی دیوی ، مجسمہ صحت

**Hyksos**

ہائیکساس

ایشیائی حملہ آور جنھوں نے تیرہویں اور سترہویں خاندانوں کے درمیانی عرصے (۱۷۸۵ - ۱۵۷۰ ق م) میں مصر پر حکومت کی ۔

**Hypocaust**

ہائیپو کاسٹ

قدیم روم میں عمارات کو گرم کرنے کا ایک نظام جس میں زیر زمین بھٹی ہوا کرتی تھی اور کمروں تک گرم ہوا پہنچانے کے لیے دود کش استعمال کیے جاتے تھے ۔

ء

Marfat.com

# I

**Iberian** — آئیبیریا کی قدیم نسل یا باشندہ

**Ice-age** — عصر یخ ، دور یخ

انسان کے دنیا میں آباد ہونے سے قبل زمین پر برف کی تہیں جمی ہوئی تھیں - سب سے زیادہ برف انٹارکٹکا ، یورپ کے بڑے حصے پر ، شمالی اور جنوبی امریکہ اور ایشیا کے بعض حصوں پر پائی جاتی تھی ، اُس دور کے جانوروں میں ہاتھی ، گھوڑے ، عظیم الجثہ بھیڑیے ، اُونٹ اور سور وغیرہ زیادہ مشہور ہیں - بعد کے زمانے میں انسان بھی آباد ہونا شروع ہوگیا تھا -

**Iceni** — آئیسانی

ایک قدیم برطانوی قبیلہ جو مشرقی انگلینڈ میں پہلی صدی عیسوی میں آباد تھا - اس کے بادشاہوں نے اپنے سکے جاری کیے - ۴۳ء میں اس قبیلے کے بادشاہ نے رومیوں کی اطاعت قبول کی - ۴۷ء - ۴۸ء میں قبیلے کو غیر مسلح کرنے کی کوشش میں زبردست مزاحمت ہوئی جسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا - ۶۱ء میں اس کے بادشاہ کی موت پر رومی لگان داروں نے اُس کی دولت پر قبضہ کر لیا - اس کوشش میں ملکہ بوڈیکا اور اُس کی بیٹیوں کے ساتھ بدسلوکی کی گئی - اس کا نتیجہ آئیسانی اور دیگر قبائل کی بغاوت تھی جنھوں نے رومی فتح کو شکست میں بدل دیا لیکن بالآخر رومی ہی غالب آ گئے -

**Ichor** — جوہر آب ، زرد آب

دیوتاؤں کی رگوں میں خون کی بجائے بہنے والا پانی -



Marfat.com

Icon — بت ، مجسمہ ، تصویر

Iconoclasm — بت شکنی

Iconoclast — بت شکن

Iconography — بتوں کا تذکرہ

Iconolater — بت پرست

Iconolatry — بت پرستی

Iconology — بت شناسی

Iconomachy — بت پرستی کی مخالفت

Ictinus — اکٹینس

(۱) پانچویں صدی ق م کا دوسرا نصف ۔

(۲) یونان کے عظیم ترین معماروں میں سے ایک معمار جس نے ۴۴۷ ق م – ۴۳۲ ق م میں ایتھنز میں پارتھینان کا معبد تعمیر کیا ۔

Idealism, enthusiastic — پرجوش عینیت

Idealist — نظریاتی عینی ، عینیت پسند ، معنوی ، معتقد خیال و تصور ، منکر وجود خارجی و حقیقی اشیا

Ideocracy — تصوری حکومت ، تصور شاہی

Ideological deviates — فکری منحرفین

Ideological novelty — فکری ندرت

Ideological progeny — فکری اولاد

Ideological residue — فکری بقیہ

Ideological solidarity — فکری استحکام

Ideologist — متخصیص علم تصور ، آدم خیالی

Marfat.com

Idol (Gr.)

بت ، مورتی ، صنم

ایسی شبیہ جس کے متعلق یہ باور کیا جائے کہ اُس کے پاس مافوق الفطرت طاقت ہے یا یہ مافوق الفطرت ہستی میں چھپی ہوئی ہے - یہ کسی روحانی طاقت کا کسی مادی شے میں اظہار کا نام ہے - یہ جانور کی شکل میں بھی ہو سکتا ہے اور انسانی شکل میں بھی -

Idolater

صنم پرست ، بت پرست

Idolatress

خاتون بت پرست

Idolatry

صنم پرستی ، بت پرستی

ابتدائی معاشرے میں لوگ سادہ لوح تھے وہ موت و حیات کے سربستہ رازوں سے بھی ناواقف تھے - جب کوئی بزرگ فوت ہوا تو وہ بہت پریشان ہوئے - اگر کسی کو اس کا بزرگ خواب میں نظر آ گیا اور وہ خوش تھا تو خواب دیکھنے والا بھی خوش ہوگیا اور اگر خواب میں وہ بزرگ افسردہ یا ناراض نظر آیا تو وہ بھی پریشان ہوگیا - یہی وہ مقام تھا جہاں سے بزرگوں سے محبت نے ایک غلط اندازہ اختیار کیا اور تصاویر و بت پرستی کا رواج ہوا -

Idolization

بت پرستی ، بت کی حیثیت دینا

Idoclast

بت شکن

Idolocracy

اوہامی حکومت

Idyllist

قصیدہ نویس

Ignoramus

اناڑی ، جاہل ، مجہول

Ignorance, age of

عہد جہالت

ظہور اسلام سے قبل کے زمانے کو عہد جہالت سے تشبیہ دی جاتی ہے - اس دور میں عرب مختلف بتوں کی پوجا کرتے تھے اور ہر قبیلہ ایک خاص بت سے نسبت رکھتا تھا - فتح مکہ کے وقت خانہ

Marfat.com

کعبہ میں تین سو ساٹھ بت موجود تھے - بت پرستی کے ساتھ ساتھ صائبیت ، مجوسیت ، یہودیت اور عیسائیت جیسے مذاہب بھی موجود تھے - فحاشی اور بدکاری اُس وقت کے معاشرے میں اہم خصوصیات تھیں - جؤا اور شراب نوشی روز کا مشغلہ تھے - رہزنی اور قتل و غارت کی وارداتیں عام تھیں - غلامی کا رواج عام تھا - سود پر قرضہ لینے دینے کا عام رواج تھا - عرب انتقام لینا واجب خیال کرتے تھے - لڑکیوں کو زندہ دفن کرنے کی رسم بھی رائج تھی - عورت کی کوئی وقعت نہ تھی -

Ignorance, double

جہل مرکب

Ignorant

جاہل ، ناخواندہ ، اناڑی ، بے خبر

Ilahi era, the

عہد الہیٰ

یہ عہد ربانی ہندوستان میں شہنشاہ جلال الدین اکبر نے ۱۵۸۴ء میں شروع کیا - یہ شمسی سال تھا جو ۱۱ مارچ ۱۵۵٦ء میں شروع کیا گیا - یہ اکبر کی تخت نشینی کے بعد پہلا نوروز تھا - اس کے استعمال کی شاہ جہان نے حوصلہ شکنی کی اور اسے سکوں سے ختم کر دیا - اورنگ زیب عالمگیرؒ نے اپنی تخت نشینی (۱٦۵۸ء) کے فوراً بعد اسے مکمل طور پر ختم کر دیا -

Il-Duce

ال ڈوچے ، القائد

Illinois Indians

الینائیس انڈین

شمالی امریکی انڈینز کا گروپ جو سترہویں صدی میں شمالی الینائیس اور آیوا کے حصوں پر پھیلے - وہ بھینسے وغیرہ کا شکار کرتے - لیک قبائل کے ساتھ جنگوں میں وہ معدوم ہوگئے -

Illiteracy/Illiterateness

ناخواندگی

Illiterate

ناخواندہ

Illusionist

(۱) منکر ہستی

Marfat.com

(۲) شعبدہ باز ، نظر بندی کرنے والا

Imam
امام

مسلمانوں کا سربراہ ریاست جو خلیفہ بھی کہلوایا کرتا تھا - حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے لیے امیر المومنین کا لقب پسند کیا - ابتدائی دور میں سربراہ ریاست امامت بھی کیا کرتے تھے اس لیے امام بھی کہلواتے تھے -

Imamate
امامت

خلافت کا منصب -

Imitative
مقلد

Immaterialism
مذہب لاشیئیت

مادہ پر عدم اعتقاد -

Immaterialist
منکر مادہ

Immemorial traditions
قدیم روایات

Immobilize
کسی سکے کے رواج کو روک دینا

Immolation
قربانی ، چڑھاوا ، بلیدان

Immolator
قربانی کرنے والا

Immunization
معاف سازی ، مصئون سازی

Imperator (L.)
(۱) شہنشاہ

(۲) رومی جمہوریہ کا کمانڈر جسے فتح کے موقع پر سپاہی سلامی دیتے تھے -

Imperial ambitions
استعماری عزائم

Imperial attributes
شہنشاہی اوصاف

Imperial bodyguard
شاہی محافظ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Imperial conference | شاہی کانفرنس ، شاہی مجلس مشاورت |
| Imperial diadem | شاہی تاج |
| Imperial edicts | شاہی فرامین |
| Imperial expenditures | مصارف سلطنت |
| Imperial preferences | شاہی ترجیحات |
| Imperialist party | شہنشاہیت پسند جماعت |
| Imperium (L.) | مطلق العنان حکومت ، شہنشاہی |
| Impersonation | تلبیس شخصی ، اتخاذ شخصیت |
| Impersonator | شخصیت کنندہ ، شخصیت دہندہ ، روپ بھرنے والا |
| Implicit faith | یقین کامل ، کامل عقیدہ |
| Imposter | دغا باز ، مکار |
| Impregnable | ناقابل تسخیر |
| Imprescriptible | ناقابل ابطال |
| Imprescriptible right | حق جو انقضائے زمانہ سے زائل نہ ہو |
| Imprisonment | اسارت ، گرفتاری ، توقیف ، حبس ، قید |
| Impunity | معافیت ، امان ، برائیت ، سزا سے چھٹکارا |
| Imputation | اتہام ، تہمت ، منسوب کرنا |
| Inauspicious | بد شگون ، بد فال ، نحس |
| Inbreak/Invasion | حملہ ، چڑھائی |
| Incarceration | قید ، توقیف ، حبس ، اسیری |
| Incarcerator | توقیف کنندہ ، حبس کنندہ ، گرفتار کرنے والا |
| Incomings | آمدنی ، حاصلات |

Inconformity — کلیسائے انگلستان کی عدم پیروی

Incumbency — پادری کا حلقہ

Incumbent — پادری ، مذہبی عہدیدار

Incursion — حملہ ، دھاوا ، یلغار

Indefeasible rights — ناقابل تنسیخ حقوق

Indemnity, war — تاوان جنگ

Indeterminism — لا قدریت

عقیدہ کہ انسان کے افعال کلی طور پر متعین نہیں ہوتے -

Indeterminist — عدم تعین کا قائل

Indian culture and architecture — ہندی ثقافت اور فن تعمیر

ہندوستان کا فن اور فن تعمیر دلکش زیبائش کا حامل ہے - اس کا آغاز ۲۵۰ ق م میں بدھ درگاہوں ، معبدوں اور ستوپوں کی تعمیر سے ہوا - ان پر ایرانی اور یونانی اثرات غالب ہیں - گیلے پلستر پر فن تصویر کشی کا عام رواج تھا - ۱۰۰ ق م - ۱۳۰۰ء تک جین مت کے فن اور فن تعمیر کا فروغ ہوا کیونکہ تیسری صدی عیسوی سے بدھ مت کا زوال شروع ہوا - اس سے دل نشین معبدوں نے فروغ پایا جن کے نوکدار گنبد ہوتے تھے - ہندو مت کا فن بھی جین مت کے فن کا رہین منت ہے -

Indian National Congress — انڈین نیشنل کانگریس

۱۸۸۵ء میں ایک ریٹائرڈ انگریز اے او ہیوم کے ایما پر ہندوستان میں انڈین نیشنل کانگریس نامی ایک سیاسی تنظیم قائم کی گئی - یہ کچھ عرصے بعد ہندوستان کی سب سے زیادہ طاقتور جماعت بن گئی - قیام کے وقت اس کا مقصد یہ تھا کہ اس کے ذریعے "ہندوستان کے سیاستدانوں کو سال میں ایک مرتبہ مل بیٹھنے اور حکومت کو یہ بتانے کا موقع مل جائے کہ انتظامیہ کے کن شعبوں میں کیا خامیاں ہیں اور اُن کی کس طرح اصلاح کی جا سکتی ہے"۔

Marfat.com

**Indians, American** امریکی انڈین

یورپی اقوام کی آمد سے قبل شمالی امریکہ، وسطی امریکہ اور جنوبی امریکہ میں آباد اقوام - مورخین کا خیال ہے کہ یہ لوگ ایشیا سے کئی مرحلوں میں امریکہ میں گئے - ان لوگوں کی جلد سرخ، چھدرے بال اور سیاہ آنکھیں ہوتی تھیں - اُنھوں نے کتے پال رکھے تھے - یہ ٹوکریاں بناتے اور آگ جلانا جانتے تھے - اُنھوں نے پتھر کے اوزار بھی بنانے سیکھ لیے تھے - ۱۴۹۲ء میں شمالی میکسیکو میں اُن کی تعداد ۹ لاکھ تھی لیکن ۱۸۷۰ء میں اُن کی تعداد ۳ لاکھ ہو گئی تھی - ۱۹۴۵ء میں وسطی اور جنوبی امریکہ میں اُن کی تعداد ۴ لاکھ تھی -

**Indian Mutiny** انڈین غدر

۱۰ مئی ۱۸۵۷ء کو ہندوستان میں جو جنگ آزادی لڑی گئی انگریزوں نے اُسے غدر کا نام دیا - یہ ناکام ہوئی - اس کے ساتھ ہی سلطنت مغلیہ کا اقتدار ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم ہوگیا - اس کے اسباب سیاسی، معاشرتی، مذہبی اور فوجی تھے - اُنھی دنوں فوج میں ایسے کارتوس فراہم کیے گئے جن کو چلانے سے پہلے دانتوں سے چبانا پڑتا تھا - ہندوؤں نے سمجھا کہ ان پر لگی ہوئی چربی گائے کی ہے اور مسلمانوں نے اسے سور کی چربی خیال کیا - اس سے فوجیوں نے احکام ماننے سے انکار کر دیا اور علم بغاوت بلند کر دیا - شروع میں جنگ کو کامیابی ہوئی لیکن بعد میں اسے شکست کا سامنا کرنا پڑا - انگریزوں نے مسلمانوں کو خوفناک اور اذیت ناک سزائیں دیں آخری مغل بہادر شاہ ظفر کو جلا وطن کرکے رنگون بھیج دیا گیا -

**Indiscretion** سرکاری راز کا افشا

**Individual conviction** انفرادی ایقان

**Individualism, capitalistic** سرمایہ دارانہ انفرادیت

**Individualism, defiant** سرکشانہ انفرادیت

Marfat.com

Individualism, egoistic — انانی انفرادیت

Individualist — انفرادیت پسند

Indo-Aryan — ہندی آریہ

آریاؤں کا ایک گروہ جو ہندوستان میں شمال مغرب سے تقریباً دو ہزار سال پہلے داخل ہوا ۔ یہ خانہ بدوش لوگ تھے اور پہلے پہل پنجاب میں آباد ہوئے ۔ اس کے بعد یہ طویل لڑائی کے بعد گنگا کی وادی میں آباد ہونے میں کامیاب ہوگئے ۔ یہ قبائل میں بٹے ہوئے تھے ۔ جو آپس میں برسر پیکار رہتے تھے لیکن مقامی آبادی کے مقابلے میں متحد ہو جاتے تھے ۔ ان کے ہاں موروثی بادشاہت کا رواج تھا ۔ یہ بتوں کی پوجا کرتے تھے ۔ عورت کو ممتاز مقام حاصل تھا ۔ ان کے ہاں ذات پات کا نظام بھی رائج تھا ۔ اُنھوں نے صنعتوں کو بھی کافی فروغ دے ایا تھا ۔

Indo-Greek, dynasty of — ہندی یونانی خاندان

اشوک کبار کی وفات (۲۳۲ق م) کے بعد افغانستان اور شمال مغربی سرحدی صوبے میں قائم ہونے والا خاندان ۔ اس کے سربراہوں میں اینٹیوکس اور ڈیمی ٹرائس مشہور ہیں ۔ ایک اور ہندی یونانی بادشاہ اینٹیا کیداس تھا جس کا دارالحکومت ٹیکسلا تھا ۔ آخری ہندی یونانی بادشاہ ہرماؤس تھا جسے پہلی صدی عیسوی کشنا بادشاہ کدفائیسس نے شکست دی ۔

Indra — اندرا

آریاؤں کی ویدک دیوی جس کے قبضے میں رعد اور طوفان تھے ۔ بدھ مت کے عروج کے بعد اس کی جگہ براہما ، وشنو اور شیوا نے لے لی ۔

Indulgence — مساہلہ ۔ اغماض ، عفو گناہ

Indus Valley Civilization — وادی سندھ کی تہذیب

سوہنجوداڑو اور ہڑپہ میں ملنے والے آثارات سے پتہ چلتا ہے کہ وادی

Marfat.com

سندھ کے علاقے میں ایک عظیم الشان تہذیب موجود تھی جو ۲۵۰۰ ق م سے ۱۵۰۰ ق م میں پھلی پھولی - یہ ایک شہری تہذیب تھی - اُس دور میں کھلی سڑکیں ، نالیوں کا زیر زمین نظام (پانی کے نکاس کے لیے) اور عوامی حمام موجود تھے - اُنھوں نے اجلاسوں کے لیے وسیع ہال بنائے ہوئے تھے اور عبادت کے لیے وسیع جگہیں مخصوص تھیں - وہ اینٹوں کے بنائے ہوئے پختہ مکانوں میں رہتے جن میں سے بیشتر دو منزلہ ہوتے تھے - مکانات میں پانی کی فراہمی کا اندرونی نظام موجود تھا۔ وہ بتوں کی پوجا کرتے تھے - وہ تانبے ، کانسی ، چاندی ، سیسے اور سونے کے استعمال سے واقف تھے - اُن کے ہاں زیورات کے بھی رواج تھے - اُن کے ہاتھ لکھنے پڑھنے کے فن سے بھی واقف تھے وہ اپنے مردوں کو دفنایا کرتے تھے -

| | |
|---|---|
| Industry, cottage | چھوٹی گھریلو صنعتیں |
| Inexorable law | بے رحم قانون |
| Infallibilism | عقیدہ معصومیت |
| Infallibility | معصومیت |
| Infallible | معصوم |
| Infantry | پیادہ فوج ، پیدل فوج |
| Infantry-man | پیادہ ، پیدل فوج کا سپاہی |
| Infidel | کافر ، بے دین ، زندیق ، ملحد |
| Infidelity | کفر ، الحاد ، بے دینی |
| Informant | خبر رساں ، مخبر |
| Ingrained traditions | راسخ روایات |
| Inhabitance/Inhabitancy | بودو باش ، مسکن |
| Inhabitant | باشندہ ، ساکن ، باسی |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Inhabitation | سکونت ، اقامت ، بودوباش ، قیام |
| Inherent right | پیدائشی حق |
| Inherent vices | فطری برائیاں |
| Inhuman | غیر انسانی |
| Iniquity | پاپ ، گناہ ، معصیت |
| Ink-horn | دوات |
| Inland revenue | داخلی آمدنی |
| Inning (s) | غلہ جمع کرنا |
| Innocence of ignorance | لا علمی کی معصومیت |
| Innocent | (۱) معصوم<br>(۲) مختلف پوپ |

انو سینٹ اول (متوفی ۴۱۷ء) - یہ ۴۰۱ء - ۴۱۷ء تک پوپ رہا -

انوسینٹ دوم (متوفی ۱۱۴۳ء) - یہ ۱۱۳۰ء - ۱۱۴۳ء تک پوپ رہا -

انوسینٹ سوم (۱۱۶۰ء - ۱۲۱۶ء) - یہ ۱۱۹۸ء - ۱۲۱۶ء تک پوپ رہا -

انوسینٹ چہارم (متوفی ۱۲۵۴ء) - یہ ۱۲۴۳ء - ۱۲۵۴ء تک پوپ رہا -

انوسینٹ ہشتم (۱۴۳۲ء - ۱۴۹۲ء) - یہ ۱۴۸۴ء - ۱۴۹۲ء تک پوپ رہا -

انوسینٹ یازدہم (۱۶۱۱ء - ۱۶۸۹ء) - یہ ۱۶۷۶ء - ۱۶۸۹ء تک پوپ رہا -

Innocent victims — بے گناہ کشتگان

Inquisitor — مامور تحقیق ، سرکاری مفتش ، محتسب کلیسا

Inquisitorial authority — احتسابی اختیار

Inscription — کندہ کاری ، نقش کاری ، کتبہ

نقش کاری کا فن قدیم تاریخ کا حامل ہے - ۱۸۰۰ ق م کے لگ بھگ چین میں کانسی پر کندہ کاری کی گئی - تیسری صدی ق م میں ہندوستان میں سنسکرت زبان میں کتبے لکھے گئے - چار ہزار برس ق م میں میسوپوٹیا میں ، تین ہزار برس ق م میں موہنجو داڑو اور چار ہزار برس ق م میں مصر میں کتبے لکھے گئے -

Inspiration — القاء ، الہام ، فیضان

Installation — مسند نشینی

Institution, feudal — جاگیرداری کا ادارہ

Institutions, denominational — فرقہ وارانہ ادارے

Institutions, human — انسانی ادارے

Institutions, national — قومی ادارے

Insurrection — شورش ، سرکشی ، بغاوت

مستحکم حکومت کے خلاف مسلح و منظم بغاوت -

Intangible dogmas — ناقابل فہم عقائد

Intellectual rebirth — ذہنی احیاء

Intellectual revolutionary — انقلاب پسند دانشور

Intellectual upheaval — ذہنی انقلاب

Intellectual virility — ذہنی توانائی

Marfat.com

Intellectualism — عقلیت ، فلسفۂ عقلیہ ، تعقل پسندی

Intellectualist — عقلی

Intendant — نمائندہ

فرانس میں کسی صوبے میں بادشاہ کا نمائندہ جس کے ذمہ سترہویں اور اٹھارویں صدی میں مختلف سرکاری ملازمتوں کی نگرانی ہوتی تھی۔

Intercolonial — نو آبادیات کے مابین

Interest, compound — سود مرکب

Interest, simple — سود مفرد

Intermarriage — مناکحت باہمی ، ازدواج باہمی

مختلف خاندانوں کی آپس میں بیاہ شادی ۔

Internee — قیدی

Internee's camp — توقیف گاہ ، نظر بندی کا مقام ، قیدی کو محبوس کرنے کی جگہ

Internment — نظر بندی ، توقیف

Internuncio — پوپ کا بے ضابطہ سفیر

Interracial — مختلف نسلوں کے درمیان

Interregnum — فترت ، ایام فترت ، دور حکومت موقتی

(۱) برطانیہ میں چارلس اول کی پھانسی (۳۰ جنوری ۱۶۴۹ء) اور بحالی بادشاہت (۸ مئی ۱۶۶۰ء) کا درمیانی عرصہ ۔

(۲) برطانیہ میں جیمز دوم کے فرار (۲۲ دسمبر ۱۶۸۸ء) اور ولیم اور میری کی تخت نشینی (۲۳ فروری ۱۶۸۸ء) کا درمیانی عرصہ یہ دور حکومت موقتی اسکاٹ لینڈ میں ۲۰ اپریل ۱۶۸۹ء تک قائم رہا ۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Interrex | رئیس حکومت موقتی |
| Intestacy | وفات بلا وصیت ، بے وصیتی |
| Intestate | متوفی بلا وصیت |
| Intimidation, criminal | تخویف مجرمانہ |
| Intimidator | منحرف ، دھمکانے والا |
| Intra-imperial relations | شاہی تعلقات کے اندر |
| Intratribal quarrels | درون قبائل تنازعات |
| Intrig (u) ant | دسیسہ کار ، دساس ، جوڑ توڑ کرنے والا |
| Intrig (u) ante | دساسہ ، سازشی عورت |
| Intrigue | دسیسہ ، سازش ، ساز باز ، ریشہ دوانی |
| Intriguer/Intrigant | سازشی |
| Intuition | وجدان ، بداہت ، مشاہدہ ذات |
| Intuitionalism | وجدانیت |
| Invalidation | ابطال ، ناجائز قرار دینا |
| Invention | ایجاد ، اختراع |
| Inventor | موجد ، مخترع |
| Inventory section | شعبہ فرد سامان |
| Investiture | عطائے خطاب ، رسم تشریف ، مسند نشینی ، عطائے منصب عطائے خلعت ۔ |

(۱) منصب یا پوشاک جو بادشاہ یا امراء کی طرف سے عطا کیا جائے ۔

(۲) جاگیری نظام میں جاگیردار کا اپنے مزارع کو جاگیر منتقل کرنا
یہ رواج قرون وسطیٰ میں یورپی ممالک میں عام تھا ۔

Investiture contest نزاع مسند نشینی

Investor خلعت دینے والا

Invincible ناقابل تسخیر

Inward illumination نور باطن

Ionian آئینونین

آئینویا اور مشرق یونان میں بسنے والی ایک قوم ۔

Iron age لوہے کا زمانہ

زمانہ جب لوہے کے اوزار رائج ہوئے ۔ اس کی تقسیم اس طرح ہے :۔

(۱) دور شجاعت ایک ہزار سال ق م سے ولادت مسیح تک ۔

(۲) دور ظلمت ولادت مسیح سے ۶۰۰ء میلادی تک ۔

(۳) دور نہضت ۶۰۰ء سے ۱۲۰۰ء تک ۔

(۴) دور جمود ۱۲۰۰ء سے ۱۵۰۰ء تک ۔

Iron Guard آہنی گارڈ

رومانیہ کی تنظیم ۔

Irreligion زندقہ ، الحاد ، بے دینی ، بدکیشی

Isaac اسحاق

بازنطینی شہنشاہ

اسحاق اول ۱۰۰۵ء - ۱۰۶۱ء ۔

اسحاق دوم متوفی ۱۲۰۴ء ۔

Isis آئیسسز

مصری مذہب میں فطرت کی دیوی جس کی پرستش ۱۷۰۰ - ۱۱۰۰ ق م

Marfat.com

میں رہی اور یہ پھیلتے پھیلتے پورے مصر اور بحیرۂ روم کے ممالک میں کی جانے لگی - مصری دیو مالا میں وہ ایک وفا شعار بیوی تھی جو کہ اوسیرس کی ہمشیرہ اور حورس کی والدہ تھی -

Islam اسلام

Islamism اسلامیت ، اسلام ، مسلمانی

Isolation تفرد ، عزلت گزینی

Isrealites, the بنی اسرائیل

حضرت یعقوب علیہ السلام کے دس بیٹوں اور دو پوتوں (حضرت یوسف علیہ السلام کے بیٹے) کے نام پر بارہ یہودی قبائل - اُن کو مجموعی طور پر بنی اسرائیل کہا گیا - ان کے نام ریوبن ، سائمیون ، یہودا ، زیبولون ، اساچر ، دان ، گاد ، اشہر ، نیعتالی ، بنجمن ، افراہیم اور مسیحا تھے - تیرہواں قبیلہ لیوی تھا - جسے کنعان میں کوئی جگہ نہ ملی -

Itinerant teachers سفری معلمین

Ius naturale قانون فطرت

Ivan آیوان

روس کے حکمران

آیوان (اعظم) سوم (۱۴۴۰ء - ۱۵۰۵ء) - یہ ماسکو کا ۱۴۶۲ء سے ۱۵۰۵ء تک ڈیوک اعظم رہا -

آیوان چہارم (۱۵۳۰ء - ۱۵۸۴ء) - یہ ۱۵۴۷ء سے ۱۵۸۴ء تک برسر اقتدار رہا -

آیوان پنجم (۱۶۶۶ء - ۱۶۹۶ء) یہ ۱۶۸۲ء - ۱۶۹۶ء تک برسر اقتدار رہا -

آیوان ششم (۱۷۴۰ء - ۱۷۶۴ء) - یہ ۱۷۴۱ء میں معزول کر دیا گیا -

# J

**Jack in the Green** سبز غلام

قرون وسطیٰ میں انگلینڈ میں چمنی صاف کرنے والا لڑکا جسے سبز پتوں میں ملبوس کر دیا جاتا تھا ۔

**Jack Ketch** جلاد ، پھانسی دینے والا

**Jacobite** جیکوبائٹ ، جیکوبی

(۱) عیسائیوں کا ایک فرقہ ۔

(۲) برطانیہ کے شاہ جیمز دوم کا یا اُس کے بیٹے کا طرفدار ۔ ان لوگوں میں کئی کیتھولک ، اعلیٰ عہدیدار کلیسا ، انتہا پسند ٹوری وغیرہ شامل تھے ۔ ان کی شورشوں میں اٹھارویں صدی کی دو شورشیں "دی ۔ ۱۵" اور "دی ۔ ۴۵" کے نام سے مشہور ہیں ۔

**Jagir system, the** نظام جاگیر

یہ نظام سلاطین دہلی کے ابتدائی دور حکومت میں رائج کیا گیا ۔ اس نظام کے مطابق کسی افسر کو نقدی میں تنخواہ نہیں دی جاتی تھی بلکہ ایک جاگیر کا نظم و نسق سونپا جاتا جہاں سے وہ لگان وصول کرنے کا بھی ذمہ دار اور مجاز ہوتا تھا ۔ چونکہ اس نظام کی موجودگی میں مرکزی حکومت کے کمزور ہونے کا خدشہ تھا اس لیے سلطان غیاث الدین بلبن نے اس کو محدود کرنے کے اقدام کیے ۔ سلطان علاؤ الدین خلجی نے اسے بالکل ختم کر دیا لیکن سلطان فیروز شاہ تغلق نے اسے دوبارہ رواج دیا ۔ شیر شاہ سوری اور اکبر دونوں ہی اس کے مخالف تھے اور افسروں کو نقدی کی شکل میں تنخواہ دینے کے

خواہاں تھے - بعد میں آنے والے مغل بادشاہوں نے اس نظام کا احیا کر کے اپنی حکومت کو کمزور کرنے کا سامان فراہم کیا -

**Jahansuz, the** جہان سوز

علاؤ الدین حسین آف غور کا لقب جس نے ۱۱۵۱ء میں غزنی کے شہر کو نذر آتش کیا اور اسے سات روز تک جلنے دیا - سلطان محمود غزنوی کے مقبرہ کے سوا ہر چیز جل کر خاکستر ہوگئی -

**Jahveh/Jahweh/Yahweh** یہووا

عبرانی زبان میں خدا تعالیٰ کا نام - یہ نام نہ لکھا جا سکتا تھا نہ بولا جا سکتا تھا -

**Jainism** جین مت

ہندوستان کا ایک قدیم مذہب جسے چھٹی صدی ق م میں وردھامنا مہاویرا نے قائم کیا - یہ ہندومت کے ردعمل کے طور پر معرض وجود میں آیا - اس کی بنیاد پر شواناتھ کے بنائے ہوئے اُصولوں پر تھی - جین مت کا خیال ہے کہ ہر چیز دائمی ہے - پیہم تجسیم کے ذریعے ارواح اپنا شعور باقی رکھتی ہیں - نو مجسموں کے بعد نروان (جسم اور مادے سے چھٹکارا) حاصل کیا جا سکتا ہے - نجات کے لیے صحیح عقیدہ ، کردار اور ادراک عناصر ثلاثہ ہیں -

**Jainist** جینی

**Jaintia, the kingdom of** جینشیا کی بادشاہت

موجودہ دریائے باراک اور آسام کی جینشیا پہاڑیوں کے درمیان واقع علاقے میں یہ بادشاہت ۱۵۰۰ء میں پربت رائے نے قائم کی - اس کا دارالحکومت جینشیا پور تھا - ۱۵۴۸ء اور ۱۵۵۴ء کے درمیانی عرصے میں اسے نارا نرائن نے فتح کیا جو کوچ بہار کا بادشاہ تھا - بعد میں سترہویں صدی میں جینشیا بادشاہ دہن مانک کو کچاری راجا نے شکست دی - دہن مانک کے بیٹے اور جانشین جاسا مانک نے اہوم کے

بادشاہ پرتاپ سنگھ کے ساتھ معاہدہ کر کے آزادی حاصل کر لی ۔ ۱۸۳۵ء میں جینشیا کی بادشاہت کو برطانوی ہندوستان میں شامل کر لیا گیا ۔

**James** — جیمز

(۱) انگلینڈ کے بادشاہ

جیمز اول (۱۵۶۶ء – ۱۶۲۵ء) ۔ یہ ۱۶۰۳ء – ۱۶۲۵ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جیمز دوم (۱۶۳۳ء – ۱۷۰۱ء) ۔ یہ ۱۶۸۵ء – ۱۶۸۸ء تک برسر اقتدار رہا ۔

(۲) اسکاٹ لینڈ کے بادشاہ

جیمز اول (۱۳۹۴ء – ۱۴۳۷ء) ۔ یہ ۱۴۲۴ء – ۱۴۳۷ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جیمز دوم (۱۴۳۰ء – ۱۴۶۰ء) ۔ یہ ۱۴۳۷ء – ۱۴۶۰ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جیمز سوم (۱۴۵۱ء – ۱۴۸۸ء) ۔ یہ ۱۴۶۰ء – ۱۴۸۸ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جیمز چہارم (۱۴۷۳ء – ۱۵۱۳ء) ۔ یہ ۱۴۸۸ء – ۱۵۱۳ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جیمز پنجم (۱۵۱۲ء – ۱۵۴۲ء) ۔ یہ ۱۵۱۳ء – ۱۵۴۲ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جیمز ششم (۱۵۶۶ء – ۱۶۲۵ء) ۔ یہ ۱۶۰۳ء – ۱۶۲۵ء تک انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کا بادشاہ رہا ۔

**Janito** — دربان ، پہرے دار

**Janitress** — خاتون دربان ، خاتون پہرے دار

Marfat.com

**Janizary/Janissary** سپاہی ، جاں نثار فوج کا ایک فرد

عثمانیہ خلفا کے خاص محافظ جو پیادہ فوج سے تعلق رکھتے تھے ۔ یہ عام طور پر عیسائی نوجوان ہوتے تھے ۔ اُنھوں نے بعد میں اتنی زیادہ طاقت حاصل کر لی کہ وہ اپنی مرضی سے خلفا کو تخت نشین یا معزول کرتے ۔ سترہویں صدی میں یہ موروثی عہدہ ہوگیا اور عیسائیوں کو بھرتی کیا جانا بند کیا جانے لگا ۔ محمد دوم نے ۱۸۲۶ء میں یہ دستے ختم کر دیے ۔

**Jansenism** جینسینزم

ڈنمارک کے پروفیسر اور کیتھولک عالم جینسن کا پیش کردہ فلسفہ جس کے مطابق ذاتی پاکیزگی پر زیادہ زور دیا جاتا تھا ۔ وہ تقدیر پر یقین رکھنے کے ساتھ ساتھ تبدیلیٔ مذہب کو خدائی عظمت دیتا تھا ۔ اُس کے خیال میں کیتھولک کلیسا سے وابستگی ہی نجات کے لیے کافی ہے ۔ اُس کے خیالات نے کلیسا کے اندر اُس کے خلاف بہت زیادہ آواز بلند ہوئی ۔ اُس کا یہ بھی عقیدہ تھا کہ انسان بالطبع بدی اور نیکی کی صلاحیت نہیں رکھتا ۔

**Jansenist** جینسن کا عقیدہ رکھنے والا

**Janus** دو منہ والا

رومی مذہب میں "شروعات" کا دیوتا جو دنیاوی اور فضائی دونوں معاملات کے متعلق تھا ۔ فضائی دیوتا ہونے کے ناطے وہ دروازوں اور پھاٹکوں کا محافظ خیال کیا جاتا تھا ۔ دنیاوی دیوتا ہونے کے ناطے وہ دن کے پہلے گھنٹے ، مہینے کے پہلے دن اور سال کے پہلے مہینے کی حفاظت کرتا تھا ۔ اُس کو داڑھی والے دو چہروں سے ظاہر کیا جاتا تھا جن کی پشتیں ملی ہوتی تھیں ۔

**Jason** جیسن

یونانی دیومالائی کہانیوں میں وہ ہیرو جس نے آئیوکاس کی بادشاہت کا دعویٰ کیا ۔ اس بادشاہت کو اُس کے چچا پیل آس نے اُس کے باپ الیسن سے چھینا تھا ۔ اُس کی واپسی کے لیے جیسن کوشش کرتا ہے ۔

**Jatakas, the** — جاتاکاس

گوتم بدھ کی پیدائش کے متعلق کہانیاں جو پالی زبان میں لکھی گئی ہیں ۔ ان کہانیوں میں گوتم بدھ کے وقت کے معاشرتی اور سیاسی حالات کا ذکر ملتا ہے ۔ اُن کو تیسری صدی ق م میں مرتب کیا گیا ۔ مرتب کا نام معلوم نہیں لیکن ان کہانیوں سے بدھ مت ، اس کے ادب اور فن کا پتہ چلتا ہے ۔

**Jeffersonian democracy** — جیفرسن کی جمہوریت

امریکی صدر تھامس جیفرسن (۱۸۰۱ء – ۱۸۰۹ء) کی مختلف تحریروں میں بیان کیے گئے سیاسی اُصول ۔ وہ اکثریتی حکومت پر یقین رکھتا تھا اور فوج کو سول کے تابع دیکھنا چاہتا تھا ۔ اُس کا خیال تھا کہ لوگوں کو تعلیم یافتہ ہونا چاہیے اور زمین کے چھوٹے قطعات ان کی ملکیت میں ہونے چاہیئں ۔

**Jehad/Jihad** — جہاد

خدا کی راہ میں مسلمانوں کا تلوار اُٹھانا ۔

**Jehovah** — یہووا

عبرانی میں خدا تعالیٰ کے لیے استعمال ہونے والا نام ۔

**Jerusalem, Latin Kingdom of** — بیت المقدس کی لاطینی بادشاہت

پہلی صلیبی جنگ کے قائدین نے بیت المقدس کی فتح (۱۰۹۹ء) کے بعد شام اور فلسطین میں یہ بادشاہت قائم کی ۔ یہ ۱۲۹۱ء تک قائم رہی ۔ اس کے فرمانرواؤں میں بالڈون اول ، دوم ، سوم ، چہارم اور پنجم مشہور ہیں ۔

**Jesuit order** — سلسلۂ یسوعیہ

**Jesuits**

(۱) یسوعین

(۲) ریاکار ، سخن ساز

**Jew** — یہودی

Marfat.com

یہودن

Jewess

یہودی کیلنڈر

Jewish calendar

یہودی کیلنڈر جسے ۳۷۶۱ ق‌م میں مرتب کیا گیا ۔ یہ ۱۹ ماہ پر مشتمل شمسی سال تھا ۔ آج بھی یہی کیلنڈر مستعمل ہے ۔

جہاد

Jihad/Jehad

مسلمانوں کا غیر مسلموں کے خلاف لڑائی کرنا ۔

جزیہ

Jizya

اسلامی حکومت میں غیر مسلموں پر ایک معمولی سا عائد کیا گیا ٹیکس جس کے بدلے میں اسلامی حکومت ان کی حفاظت کا ذمہ لیتی تھی ۔ جب جہاد کا حکم ہوا تو اُس وقت صرف دو صورتیں تھیں یا تو کفار دائرہ اسلام میں داخل ہوں یا لڑائی کریں ۔ لیکن اُن کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ تحفظ ذات کے لیے معینہ مقدار میں مال دینا منظور کریں ۔

جان

John

(۱) بازنطینی شہنشاہ

جان اول (۹۲۵ء – ۹۷۶ء) ۔ یہ ۹۶۹ء – ۹۷۶ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جان دوم (۱۰۸۸ء – ۱۱۴۳ء) ۔ یہ ۱۱۱۸ء – ۱۱۴۳ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جان سوم (متوفی ۱۲۵۴ء) ۔ یہ ۱۲۴۶ء میں حکومت میں آیا اور ۱۲۵۴ء تک برسر اقتدار رہا ۔

جان پنجم (۱۳۳۲ء – ۱۳۹۱ء) ۔ اس نے ۱۳۴۱ء – ۱۳۷۶ء اور ۱۳۷۹ء – ۱۳۹۱ء تک حکومت کی ۔

جان ششم (۱۲۹۲ء – ۱۳۸۳ء) ۔ اس نے ۱۳۴۱ء – ۱۳۵۵ء تک حکومت کی ۔ بعد میں یہ خانقاہ نشین ہو گیا ۔

Marfat.com

جان ہشتم (۱۳۹۰ء – ۱۴۴۸ء) - اس نے ۱۴۲۵ء – ۱۴۴۸ء تک حکومت کی -

(۲) آراگون اور بارسیلونا کے بادشاہ اور کونٹ

جان اول (۱۳۵۰ء – ۱۳۹۵ء) - اس نے ۱۳۸۷ء – ۱۳۹۵ء تک حکومت کی -

جان دوم (۱۳۹۷ء – ۱۴۷۹ء) - اس نے ۱۴۵۸ء – ۱۴۷۹ء تک حکومت کی -

(۳) فرانس کے بادشاہ

جان اول ۱۳۱۶ء صرف چند روز زندہ رہا -

جان دوم (۱۳۱۹ء – ۱۳۶۴ء) - یہ ۱۳۵۰ء – ۱۳۶۴ء تک برسر اقتدار رہا -

(۴) ہنگری کے بادشاہ

جان اول ۱۴۸۷ء – ۱۵۴۰ء -

جان دوم ۱۵۴۰ء – ۱۵۷۱ء -

(۵) پولینڈ کے بادشاہ

جان دوم (۱۶۰۹ء – ۱۶۷۲ء) - یہ ۱۶۴۸ء – ۱۶۶۸ء تک برسر اقتدار رہا -

جان سوم (۱۶۲۴ء – ۱۶۹۶ء) - یہ ۱۶۷۴ء – ۱۶۹۶ء تک برسر اقتدار رہا -

(۴) پرتگال کے بادشاہ

جان اول ۱۳۵۷ء – ۱۴۳۳ء -

جان دوم (۱۴۵۵ء – ۱۴۹۵ء) - یہ ۱۴۸۱ء – ۱۴۹۵ء -

Marfat.com

جان سوم (۱۵۰۲ء - ۱۵۵۷ء) - یہ ۱۵۲۱ء - ۱۵۵۷ء تک برسر اقتدار رہا -

جان چہارم متوفی ۱۶۵۶ء -

جان پنجم (۱۶۸۹ء - ۱۷۵۰ء) - یہ ۱۷۰۶ء - ۱۷۵۰ء تک برسر اقتدار رہا -

جان ششم (۱۷۶۹ء - ۱۸۲۶ء) -

(ے) لیون اور کاسٹائل کے ہسپانوی بادشاہ

جان اول (۱۳۵۸ء - ۱۳۹۰ء) - یہ ۱۳۷۹ء - ۱۳۹۰ء تک برسر اقتدار رہا -

جان دوم (۱۴۰۵ء - ۱۴۵۴ء) - یہ ۱۴۰۶ء - ۱۴۵۴ء تک برسر اقتدار رہا -

جوزف ، **Joseph**

(الف) لمبا لبادہ جو یورپ کی عورتیں گھوڑے پر سواری کے وقت پہنا کرتی تھیں -

(ب) ہنگری اور بوہیا کے بادشاہ اور شہنشاہ

جوزف اول (۱۶۷۸ء - ۱۷۱۱ء) - یہ ۱۷۰۵ء - ۱۷۱۱ء تک برسر اقتدار رہا -

جوزف دوم (۱۷۴۱ء - ۱۷۹۰ء) - یہ ۱۷۶۵ء - ۱۷۹۰ء تک برسر اقتدار رہا -

چینی مورت ، چین کا بت ، لعبت چین — **Joss**

چینی بت خانہ — **Joss-house**

چھوٹی لڑائی ، نیزہ ماروں کی لڑائی — **Joust**

مشتری ، رومیوں کا بڑا دیوتا — **Jove**

Marfat.com

**Judaism** — **یہودیت**

موسیٰ علیہ السلام کا مذہب ۔ اُن پر توریت اُتری ۔ اُن کے پیروکار بنی اسرائیل کہلائے ۔

**July Rovolution** — **انقلاب جولائی**

۱۸۳۰ء کا فرانسیسی انقلاب جس کے ذریعے چارلس دہم کو معزول کیا گیا اور لوئی فلپ کی قیادت میں بورژوائی ملوکیت قائم کی گئی ۔ یہ انقلاب دو دنوں میں ختم ہوگیا ۔

**Julian calendar** — **جولینی کیلنڈر**

جولسیز سیزر نے ۴۶ ق‌م میں شمسی کیلنڈر قائم کیا ۔ یہ قدیم مصری کیلنڈر پر مشتمل تھا ۔ سال کو بارہ ماہ میں تقسیم کیا گیا اور ہر ماہ میں تیس ، اکتیس اور اٹھائیس دنوں میں تقسیم کرنے کا نظام رائج کیا گیا ۔

**June Days** — **ایام جون**

۱۸۴۸ء میں فرانس میں پیرس کے محنت کشوں کی بغاوت ۔ اُنھوں نے لوئی بلانک کے قائم کردہ قومی ورکشاپوں کو نقصان پہنچایا ۔ بغاوت چار روز کے اندر بے دردی کے ساتھ کچل دی گئی ۔

**Jupiter** — **مشتری**

یونانی دیو مالا کے مطابق سب دیوتاؤں کا دیوتا ۔

**Justiciar/Justiciary** — **عادل ، وزیر عدالت**

ابتدائی پلاپنجینٹ اور نارمن بادشاہوں کے دور میں اعلیٰ سیاسی اور عدالتی افسر ۔

**Justinian code** — **جسٹینین کا مجموعہ ضابطہ قوانین**

بازنطینی شہنشاہ جسٹینین اول (۴۸۳ء - ۵۶۵ء) کے حکم پر مرتب مجموعہ قانون ۔

**Justinian institutes** — **جسٹینین کے ادارے**

Marfat.com

# K

**Kabbalah** اسرائیلیات

یہودیوں کی قدیم روایات جو سینہ بہ سینہ چلی آتی ہیں ۔

**Kabir** کبیر

ہندوستان کے ایک بزرگ کا نام جس نے انسانوں ، ہندوٗ مت اور اسلام کے درمیان بھائی چارے کا درس دیا ۔ اُس کی تاریخ پیدائش اور موت کا علم نہیں ۔ اغلب ہے کہ اُس کا زمانہ چودھویں صدی کے آخر اور پندرہویں صدی کے آغاز کا تھا ۔ وہ مسلمان گھرانے میں پلا پوسا لیکن اُس نے ایک ہندوٗ رامانندا کی شاگردی اختیار کی ۔ اُس کا اسلام اور ہندوٗ مت کے کسی رواج پر یقین نہ تھا اور اللہ اور راما ایک ہی ہستی کے مختلف نام ہیں ۔

**Kacharis, the** کچاری

ہندوستان کی برہم پترا وادی میں آباد قدیم ترین لوگ ۔ اُن کے نام پر ہی آسام کے موجودہ ضلع کچار کا نام رکھا گیا ہے ۔ تیرہویں صدی میں اُنھوں نے اپنی ایک بادشاہت قائم کی جو برہم پترا (دریا کا نام) کے جنوبی کنارے کے ساتھ ساتھ پھیلی ہوئی تھی ۔ اُن کا دارالحکومت دیما پور تھا ۔ ۱۵۳۶ء میں اہوم لوگوں نے اُن کو شکست دی ۔ شکست خوردہ کچاریوں نے اپنی ایک نئی بادشاہت قائم کی جس کا دارالحکومت ییانگ تھا جو ۱۸۱۸ء تک قائم رہی ۔

**Kadkhoda** ایران میں دیہات کا مکھیا

**Kaiserism** قیصری ، استبدادی



Marfat.com

**Kaisership** قیصریت

قیصر کی قلمرو -

**Kala-Chakra** کالا چکرا

بدھ فلسفے کا ایک مکتب فکر جس کے وحدانیت والے رجحانات تھے - یہ تبت اور اڑیسہ کے لوگوں میں ہردلعزیز تھا -

**Kambuja Desha** کمبوجا دیشا

موجودہ کمپوچیا میں ہندی نو آباد کاروں کی قائم کردہ ہندو بادشاہت - چھٹی صدی عیسوی میں اس کے چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم تھے - پندرہویں صدی میں اسے انامیوں نے شکست دی -

**Kanara** کنارا

مغربی میسور کا ایک چھوٹا سا علاقہ جو اسے سمندر سے علیحدہ کرتا ہے - اسے ۱۷۹۹ء میں برطانوی ہندوستان میں شامل کیا گیا -

**Kanva (Kanvayana), the dynasty of** خاندان کانوا

ہندوستان کے علاقے مگدھا میں یہ خاندان ۷۳ ق م میں برسر اقتدار آیا - اسے وشو دیوا نے قائم کیا جو سنگا خاندان کے آخری بادشاہ دیو بھتی کا وزیر تھا - اس خاندان کی حکومت پینتالیس سال قائم رہی - اس کے آخری بادشاہ سسرمان کا ۲۸ ق م میں تختہ اُلٹا گیا -

**Kapilavastu** کپلاوستو

نیپال کی ترائی میں گوتم بدھ کی جائے پیدائش -

**Karkota, the dynasty of** خاندان کرکوٹا

کشمیر میں ساتویں صدی عیسوی میں درلابھا وردھنا کا قائم کردہ خاندان جس نے کشمیر پر ۸۵۵ء تک حکومت کی - اسے اُتپالا خاندان نے شکست دی -

Marfat.com

کرم کا پھل

Karma

بدھ مت کا اُصول کہ انسان کے ایک جنم کے افعال اُس کے دوسرے جنم کو متعین کرتے ہیں ۔

بادشاہت کینٹ

Kent, Kingdom of

انگلینڈ میں پانچویں صدی عیسوی کے وسط میں جوٹس کی قائم کردہ اینگلو سیکسن کی بادشاہت ۔ چھٹی صدی کے آخر یہ ویسکیس کا صوبہ بن گئی ۔

خاقان

Khakan

بادشاہ ، شہنشاہ ۔

خلجی

Khaljis, the

ترک نژاد قبیلہ جو شمالی ہند کے مسلمانوں کے ہاتھوں فتح کے بعد یہاں آباد ہوگیا ۔ جلال الدین خلجی اس خاندان کا بانی تھا ۔ اُس کے بعد اُس کے بھتیجے علاؤ الدین خلجی نے عنان حکومت سنبھالی ۔ وہ ایک آزمودہ کار جرنیل اور اُمور مملکت کا بانی تھا ۔ اُس نے فتوحات سے سلطنت کو وسعت دی اور اسے راس کماری تک پھیلایا ۔ اس خاندان کا اقتدار ۱۲۹۰ء - ۱۳۲۰ء تک رہا ۔

خالصا

Khalsa

سلاطین دہلی (۱۲۱۰ء - ۱۵۲۶ء) کے عہد میں سرکاری زمین کا نام جس سے لگان وصول کیا جاتا تھا ۔

خالصا

Khalsa, the

سکھوں کی فوجی مذہبی حکومت جو ۱۷۱۶ء میں بندا کی موت کے بعد کپور سنگھ نے قائم کی ۔ یہ بارہ حصوں میں منقسم تھی جن کو مہاراجہ رنجیت سنگھ (۱۷۹۸ء - ۱۸۳۹ء) نے منظم کیا ۔ اُس نے اپنی ریاست کو خالصا یا گرو گووند کی دولت مشترکہ کا نام دیا ۔ دوسری سکھ جنگ (۱۸۴۸ء - ۱۸۴۹ء) کے بعد یہ ختم ہوگئی ۔

Marfat.com

**Kham, the** خم

ہندوستان میں مسلمانوں کے دور اقتدار میں لگان کا ایک ذریعہ جو مال غنیمت اور کانوں سے حاصل کردہ آمدنی کا پانچواں حصہ ہوتا تھا۔ اسے خمس بھی کہا جاتا تھا۔

**Kharjites** خارجی

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رعایا میں سے وہ حصہ جو اُن سے علیحدہ ہوگیا۔ اُن کا اعلان تھا کہ وہ خلیفہ جس کو اپنی قیادت کا یقین نہ تھا اور وہ رقیب خلیفہ سے مذاکرات سے کسی طور بھی اطاعت کا حق دار نہیں ہے خارجی اپنے عقائد کا اظہار عمل کے ذریعے کرنے پر یقین رکھتے تھے۔ وہ جنگی جنونی تھے۔ ۶۶۱ء میں اُنھوں نے علیؓ کو شہید کر دیا۔

**Khazars** خازارز

قدیم ترک جو زیادہ تر خانہ بدوش تھے۔ وہ دوسری صدی عیسوی میں ٹرانس کا کیشیا میں ظاہر ہوئے اور ڈون اور والگا کے درمیانی علاقے میں (جنوبی روس) آباد ہوئے۔ ۷۴۰ء میں اُنھوں نے یہودیت قبول کی ۹۶۹ء میں اُن کو خیو کے ڈیوک نے شکست دی۔

**Khalifa** خلیفہ

لغوی معانی نائب کے ہیں۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا جانشین۔

**Khilafat Movement** تحریک خلافت

پہلی جنگ عظیم میں ترکی نے اتحادیوں کے خلاف جرمنی کا ساتھ دیا۔ اس سے سلطنت عثمانیہ اور مقامات متبرکہ کو خطرہ لاحق ہوا۔ ہندوستان کے مسلمانوں نے خلافت کے ادارے اور مقامات متبرکہ کی حفاظت کے لیے ۱۹۱۹ء میں ایک ملک گیر تحریک چلائی۔ اپنے مطالبات منوانے کے لیے ایک وفد لندن بھیجا گیا۔ ہندوستان کو دارالحرب قرار دیا گیا جس کے نتیجے میں ہزاروں مسلمانوں نے افغانستان

Marfat.com

ہجرت کی - لیکن یہ ناکام ہوئی - مالا بار کے علاقے میں موپلوں نے بھی تحریک خلافت میں بھرپور حصہ لیا لیکن اُن کو بے پناہ مظالم کا شکار کیا گیا - ۳ مارچ ۱۹۲۴ء میں ترکی میں مصطفیٰ کمال پاشا (اتا ترک) نے جمہوریت کی نیو ڈال کر خلافت کے ادارے کو ختم کرنے کا اعلان کر دیا - اس طرح ہندوستان میں چلائی گئی تحریک کو اپنا یہ مقصد حاصل نہ ہوسکا - البتہ ہندوستان کے مسلمانوں میں اجتماعی اعتبار سے شعور پیدا ہوا اور کانگریس ، جس نے وقتی طور پر اُن کا ساتھ دیا تھا ، کے ساتھ اتحاد عارضی ثابت ہوا -

خلافت راشدہ

**Khilafat, Pious**

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد خلافت کو خلافت راشدہ کا نام دیا جاتا ہے - اس کا سلسلہ ابوبکر صدیقؓ کے خلیفہ بننے سے ۸ جون ۶۳۲ء کو شروع ہوا اور ۶۶۱ء میں علی مرتضیٰؓ کی شہادت پر منتج ہوا - یہ چار خلفاء یہ تھے :- ابوبکر صدیقؓ ، عمر فاروقؓ ، عثمان غنیؓ اور علی مرتضیٰؓ -

کھمار

**Khmer**

کمپوچیا کی ایک قدیم ترین نسل کا رکن -

خسرو

**Khosru**

ایران کے ساسانی بادشاہ -

خسرو اول (نوشیروان) (متوفی ۵۷۹ء) - اس نے ۵۳۱ء - ۵۷۹ء تک حکومت کی -

خسرو دوم (خسرو پرویز) (متوفی ۶۲۸ء) -

خوارزم

**Khwarzem**

وسطی ایشیا کی ایک مسلم سلطنت - یہاں کے باشندوں نے آٹھویں صدی میں اسلام قبول کیا تھا - اس کا دارالحکومت اُرگنج تھا - بارھویں اور تیرھویں صدی میں سلجوق ترکوں کے تحت خوارزم نے بخارا ، سمرقند اور ایران کا بیشتر حصہ فتح کیا - اسے چنگیز خان نے

۱۲۱۸ء - ۱۲۲۴ء میں فتح کر لیا جلال الدین خوارزم شاہ نے ڈٹ کر مختلف جگہوں پر مقابلہ کیا لیکن بالآخر اُسے ہندوستان کی طرف فرار ہونا پڑا -

Kickapoo Indians — ککاپو انڈین

سترہویں صدی کے آخر میں جنوب مغربی و سکونسن میں آباد انڈین لوگ - انقلاب میں امریکیوں کے خلاف نبرد آزما ہوئے - ۱۸۵۲ء کے لگ بھگ ان کی کچھ تعداد میکسیکو کی طرف اُٹھ گئی لیکن بعد میں اُن لوگوں کو واپس آنے پر آمادہ کر لیا گیا -

King-craft — کامیاب بادشاہت

King-despot — مطلق العنان بادشاہ

Kingdom — سلطنت ، بادشاہی

Kinghood/Kingship — بادشاہت

King is the fountain of justice — بادشاہ منبع عدل ہے

Kinglet — بادشاہ کوچک

Kingling — بادشاہ کوچک

Kingmaker — بادشاہ گر

دیکھیے سید برادران -

King's associate — ندیم شاہی

King's bench court — عدالت شاہی

King's call — شاہی طلبی

King's consent — شاہی اجازت

King's defenders — حامیان شاہی

Marfat.com

کنٹھ مالا ، خنازیری
King's evil

فرانس میں یہ عام خیال تھا کہ اگر بادشاہ مریض کے گلے کو اپنے ہاتھ سے چھو دے تو وہ شفا پائے گا ۔

قانون شاہی
King's law

جہاں مطلق العنان بادشاہت ہوا کرتی تھی وہاں بادشاہ کا ہر لفظ قانون کا درجہ رکھتا تھا ۔ جیسے فرانس کا بادشاہ لوئی چہاردہم (۱۶۳۸ء - ۱۷۱۵ء) فخریہ کہا کرتا تھا کہ وہ ریاست ہے اور اس کا ہر لفظ قانون ہے ۔

سفارشات شاہی
King's recommendations

بادشاہ کا شلنگ
King's shilling

برطانیہ میں اگر کوئی (۱۸۷۹ء سے پہلے) شخص بھرتی کرنے والے سارجنٹ سے ایک شلنگ قبول کر لیتا تھا تو قانوناً یہ تصور کیا جاتا تھا کہ وہ بھرتی ہو چکا ہے ۔

تقریر شاہی
King's speech

کیووہ انڈین
Kiowa Indians

سترہویں صدی میں مغربی مونٹانا میں آباد ایک قدیم قبیلہ جس نے سفید فام لوگوں کے ساتھ کئی ایک خون ریز جنگیں کیں ۔

کٹ کیٹ کلب ، حریت پسندوں کا کلب
Kit-cat club

وگ پارٹی کا کلب جو جیمز دوم کے دور میں قائم کیا گیا تھا ۔ لندن کا یہ معاشرتی اور سیاسی کلب ۱۷۰۰ء سے ۱۷۲۰ء تک مستعد رہا ۔ یہ کلب ہنوور خاندان کے حامیوں نے قائم کیا تھا جو وگ تھے ۔

کلیماتھ انڈین
Klamath Indians

انیسویں صدی میں جنوب مغربی اورگون (یو ایس اے) میں آباد انڈین

Marfat.com

قبیلہ - اُن کا سفید فاموں کے ساتھ دوستانہ رویہ تھا لیکن شمالی کیلیفورنیا کے انڈین قبائل کے ساتھ معاندانہ تعلقات تھے -

Knight bachelor

بانکا نائٹ

قرون وسطیٰ میں وہ نوجوان نائٹ جو کسی دوسرے کے علم تلے فرائض ادا کرتا تھا - اس لیے اُس کا تعلق کسی خاص نظم کے ساتھ نہیں ہوتا تھا -

Knight-errantry

مہم جوئی

Knighthood

نائٹ کا رتبہ

Knighthood & chivalry

رتبہ نائٹ اور جانبازی

جاگیرداری نظام کے اخلاقی مطمح ہائے نظر جن کا بھرپور اظہار بارہویں صدی اور تیرہویں صدی میں ہوا - اُن کا آغاز فرانس اور اسپین میں ہوا جہاں سے وہ پورے یورپ میں پھیلے - وہ مسیحی اور فوجی مطمح ہائے نظر کا اتحاد تھے - محبت ، پاکیزگی اور بہادری اُن کی خصوصیات تھیں -

Knight Hospitalers

رفاہ عامہ کے نائٹ کارکنان

یروشلم کے سینٹ جان ہسپتال کے کارکنان جن کا تعلق فوجی اور مذہبی نظم سے تھا - گیارہویں صدی میں قائم ہونے والے ہسپتال کا مقصد بیت المقدس کی زیارت کرنے والوں کا علاج معالجہ تھا - چونکہ اس نظم کی نوعیت فوجی تھی اس لیے پورے یورپ میں اس کی شاخیں قائم ہوگئیں اور اس کی دولت اور طاقت میں بے پناہ اضافہ ہوا - اس کے کارکنوں نے صلیبی جنگوں میں مسلمانوں کے خلاف بھرپور حصہ لیا - ۱۳۱۰ء میں اُنھوں نے جزیرہ رہوڈز کو فتح کیا - ۱۵۳۰ء میں شاہ چارلس پنجم نے اُن کو جزیرہ مالٹا دے دیا - ۱۷۹۸ء میں نپولین نے مالٹا کو فتح کر لیا - ۱۸۷۹ء میں پوپ نے آقائے عظیم کے منصب کا دوبارہ اجرا کیا -

Marfat.com

**Knight service** فوجی جاگیر

**Knight squire** وصیف نائٹ

**Knights Templars** نائٹ سورما

قرون وسطیٰ میں مذہبی فوجی نظم کے اراکین جن کو یسوع مسیحؑ کے غریب نائٹ بھی کہتے تھے ۔ اُنھوں نے بھی صلیبی جنگوں میں مسلمانوں کے خلاف بھر پور حصہ لیا ۔

**Knight tenure** فوجی زمینداری

**Knout** درہ ، کوڑہ ، تازیانہ ، درے مارنا ، کوڑے لگانا

**Know-Nothing** کچھ بھی نہ جاننا ، لا علمی

امریکی تاریخ میں اُس سیاسی جماعت کا رکن ہونے کی کیفیت جس نے ۱۸۵۳ء - ۱۸۵۹ء کے درمیان فروغ پایا ۔ یہ رومن کیتھولک کی خصوصی طور پر مہاجرت کے خلاف تھی اور غلامی کی حامی تھی ۔ سوال کرنے والے کے جواب میں اس کے رکن کہتے کہ "ہمیں کچھ علم نہیں" ۔ یہی جواب اس کی وجہ تسمیہ ٹھہری ۔

**Koh-i-Noor, the** کوہ نور

مشہور عالم ہیرا جو مغل شہنشاہان ہند کے تاج کی زینت رہا ۔ ۱۷۳۹ء میں نادر شاہ نے مغلوں کو شکست دینے کے بعد یہ ہیرا اپنے قبضہ میں کر لیا ۔ اُس کی موت پر یہ احمد شاہ ابدالی اور پھر اُس کے جانشین شاہ شجاع سے مہاراجہ رنجیت سنگھ کے پاس آ گیا ۔ اُس کے جانشینوں سے انگریزوں نے چھینا اور ملکہ وکٹوریہ کے پاس چلا گیا ۔ اب یہ تاج برطانیہ کی زینت ہے ۔

**Koshla** کوشالا

ہندوستان کی دو قدیم بادشاہتوں کا نام ۔ ایک کا دارالحکومت اُجودھیا تھا ۔ یہ بادشاہت اُودھ کے شمال میں تھی اور دوسری بالائی مہاندی

Marfat.com

کی وادی میں جنوبی ہندوستان میں تھی ۔ اس کا دارالحکومت سری پور تھا ۔ کوشالا کا بادشاہ پرلیناجیت گوتم بدھ کا ہمعصر تھا ۔

**Kootenai Indians**

کوتنائی انڈین

اٹھارویں صدی کا شمالی امریکہ کا ایک قدیم قبیلہ جو جنوب مشرق کولمبیا ، شمالی اداہو اور شمالی مونٹانا میں آباد تھا ۔

**Kremlinology**

علم کریملن

**Krishna**

کرشنا

ہندوؤں کا اوتار جس کی پوجا کی جاتی ہے ۔ اُس کے کارناموں کا ذکر مہابھارت اور بگھوتا میں ملتا ہے ۔

**Krishna**

کرشنا

ہندوستان کے بادشاہ

(۱) کرشنا اول ۷۶۸ء - ۷۷۲ء ۔

کرشنا دوم ۸۷۷ء - ۹۱۳ء ۔

کرشنا سوم ۹۳۹ء - ۹۶۸ء ۔

(۲) کرشنا سنادھنا خاندان کا دوسرا بادشاہ تھا ۔ اُس کا زمانہ ۲۳۵ ق م کے لگ بھگ کا ہے ۔

**Krupp**

کروپ

اسلحہ سازوں کا جرمن خاندان

فریڈرک کروپ ۱۷۸۷ء - ۱۸۲۶ء ۔

الفریڈ کروپ ۱۸۱۲ء - ۱۸۸۷ء ۔

فریڈرک البرٹ کروپ ۱۸۵۴ء - ۱۹۰۲ء ۔

گسٹے کروپ ۱۸۷۰ء - ۱۹۵۰ء ۔

Marfat.com

کھشتریہ
Kshatriya, the

قدیم ہندوستان میں ذات پت کی تقسیم کے تحت دوسرا درجہ ۔ یہ جنگجوؤں کا طبقہ تھا ۔ اشتقاقی طور پر اس کے معانی اُس فرد کے ہیں جو دوسروں کو زخمی ہونے سے بچائے ۔

کو کلس کلان
Ku Klus Klan

امریکی تاریخ میں دو واضح خفیہ تنظیمیں ۔

(۱) اصل کوکلس کلان دسمبر ۱۸۶۵ء میں سابق نیم وفاقیوں نے پولاسٹکی کے مقام پر قائم کی ۔ یہ انتہا پسند ریپلکینوں کے خلاف تھی اور سفید فاموں کی برتری پر یقین رکھتی تھی ۔

(۲) دوسری کوکلس کلان ۱۹۱۵ء میں قائم کی گئی۔ اس کا پہلا اجلاس جارجیا کے مقام سٹون مونٹ میں منعقد ہوا ۔ یہ یہودیت اور کیتھولک مسلک کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ سفید فاموں کی برتری بھی چاہتی تھی اور زبردست وطنیت پر یقین رکھتی تھی ۔

کولک
Kulak

خوشحال روسی کسانوں کی طبقے کا ایک رکن ۔ کولکوں کو ۱۹۰۶ء کی زرعی اصلاحات نے زمین کا مالک بنا دیا ۔ ان اصلاحات کا نفاذ سٹولپین نے کیا ۔ بالشویکی انقلاب کے بعد اُنھوں نے اجتماعیت کی مخالفت کی ۔ ۱۹۲۹ء میں سٹالن نے اُن کو ایک طبقے کی حیثیت میں ختم کر دیا ۔

کولنیت
Kulinism

بنگال کے دوسرے سینا بادشاہ والالیسینا نے ۱۱۵۸ء - ۱۱۷۹ء میں شرفا کا یہ نظام رائج کیا ۔ اس کے ابتدائی مقاصد پر پردہ پڑا ہوا ہے لیکن بعد میں اس نے کئی معاشرتی پابندیاں پیدا کر دیں ۔ شادیاں ایک مخصوص طبقے میں کی جانے لگیں اس طرح غیر شادی شدہ لڑکیوں کی تعداد بڑھ گئی ۔ مغربی تعلیم یافتہ بنگلیوں نے اس کی شدید مخالفت کی ۔

Marfat.com

**Kultur-Kampf**

کلتر کیمپف

جرمنی کے بسمارک کی حکومت (۱۸۷۲ء - ۱۸۷۹ء) میں کیتھولک اہل کلیسا کے خلاف جدوجہد - اس کا نتیجہ یسوعیوں نامی فرقے کے اخراج کی صورت میں نکلا اور پاپائے روم پرشیا سے تعلقات منقطع ہوئے -

**Kumaramatya**

کمارامتیا

سلطنت گپتا میں اعلیٰ ترین افسروں کا سرکاری منصب - سمدرا گپتا کے عہد میں شاعر ہر شنا کے پاس یہ لقب تھا -

**Kurram/Khottam**

کرم

ہندوستان کی چولا بادشاہت کی علاقائی اور انتظامی اکائی جس میں کئی دیہات شامل ہوتے تھے - یہ اپنے دائرہ اختیارات میں سب اُمور کا فیصلہ کرتی تھی جن میں اسے خود مختاری حاصل تھی - یہ ٹیکس عائد کر سکتی تھی اور اس کا اپنا خزانہ ہوتا تھا -

**Kuruksetra**

کورو کشترا

کورووں اور پانڈیوں کے درمیان ہونے والی جنگوں کے میدان کارزار جن کا ذکر مہا بھارت میں ملتا ہے -

**Kurus, the**

کورو

شاہ اندرا پرشا تھا دھریتارشترا کے بیٹے جن کی اپنے چچا زاد پانڈیوں کے ساتھ رقابت تھی - مہا بھارت کی رزمیہ نظم میں ان کا قصہ مذکور ہے -

**Kushans, the**

کشنا

باختریہ کے علاقے میں میثوشی خانہ بدوش - پہلی صدی ق م میں اُنھوں نے خانہ بدوشوں کی عادت ترک کرکے ہندوستان پر حملے کرنے شروع کیے - ان میں سے ایک گروہ نے ہندوستان میں کشن خاندان کی بادشاہت قائم کی جو ۴۸ء سے ۲۲۰ء تک قائم رہی - اُنھوں نے ساقا کاسن بھی ۷۸ء میں جاری کیا -

**Kwakiutl Indians**

کوا کیوتل انڈین

امریکہ کے وینکیوور جزیرے میں آباد انڈین - ان میں سے کچھ کینیڈا کے ملحقہ علاقے میں بھی آباد تھے -

Marfat.com

# L

اشک دان

**Lachrymal vase**

قدیم روم کی تاریخ میں جنازے کے ساتھ رکھا گیا برتن جس میں خوشبو یا مرہم رکھی جاتی تھی ۔ عام طور پر اس میں سوگ کے آنسو جمع کیے جاتے تھے ۔

وردی پوش خدمت گار

**Lackey**

لیڈس لاؤس

**Ladislaus**

(۱) ہنگری کے بادشاہ

لیڈس لاؤس اول (۱۰۴۰ء - ۱۰۹۵ء) - یہ ۱۰۷۷ء - ۱۰۹۵ء تک برسر اقتدار رہا ۔

لیڈس لاؤس پنجم (۱۴۴۰ء - ۱۴۵۷ء) - یہ ۱۴۴۴ء - ۱۴۵۷ء تک برسر اقتدار رہا ۔

(۲) پولینڈ کے بادشاہ

لیڈس لاؤس اول (پستہ قد) (۱۲۶۰ء - ۱۳۳۳ء) - یہ ۱۳۲۰ء - ۱۳۳۳ء تک برسر اقتدار رہا ۔

لیڈس لاؤس دوم (۱۳۵۰ء - ۱۴۳۴ء) - یہ ۱۳۸۶ء - ۱۴۳۴ء تک برسر اقتدار رہا ۔

لیڈس لاؤس سوم (۱۴۲۴ء - ۱۴۴۴ء) - یہ ۱۴۴۰ء - ۱۴۴۴ء تک برسر اقتدار رہا ۔

**Ladyfy/Ladify** بیگم یا خاتون کا خطاب دینا

**Laissez Faire/Laisser-faire** عدم مداخلت

تاریخی اعتبار سے یہ نظریہ تجارتی اُصول زر کے نظریے کے ردعمل کے طور پر پیش کیا گیا ۔ اسے پہلے فرانسیسی آزاد منشوں نے پیش کیا اور بعد میں آدم اسمتھ نے اس کو فروغ دیا ۔

**Lamplighter** شمع جلانے والا ، چراغ جلانے والا

بجلی کے استعمال سے قبل گلیوں میں چراغ (لیمپ) نصب کیے جاتے تھے جن کو اُجرت پر رکھے گئے فرد روشن کرتے تھے ۔ ان چراغوں میں مٹی کا تیل استعمال ہوتا تھا ۔ موہنجوداڑو اور اس طرح کے قدیم شہروں میں ان چراغوں میں سرسوں کا تیل روئی کے ساتھ استعمال کیا جاتا تھا ۔

**Lancaster, house of** خاندان لنکا سٹر

انگلینڈ کا شاہی خاندان ۔ یہ لقب ۱۲۶۷ء میں اُس وقت استعمال کیا جانے لگا جب ہنری سوم نے اپنے بیٹے ایڈمنڈ (ارل آف لنکاسٹر) کو اس لقب سے نوازا ۔ اس خاندان کے بادشاہوں کی تفصیل یہ ہے :—

ہنری چہارم (۱۳۹۹ء – ۱۴۱۳ء) ۔
ہنری پنجم (۱۴۱۳ء – ۱۴۲۲ء) ۔
ہنری ششم (۱۴۲۲ء – ۱۴۷۱ء) ۔

**Lancastrians** لنکاسٹری

(۱) انگلینڈ میں جنگ گلاب کی ایک جماعت جس نے ہنری ششم کی حمایت کی ۔

(۲) بسا اوقات اس کا اطلاق انگلینڈ کے ارل آف لنکاسٹر کے پیروکاروں پر کیا جاتا ہے جس کا زمانہ چودھویں صدی کا ہے ۔

**Landau** لینڈو بگھی

چار پہیوں والی ٹپ دار بگھی جس کا ٹپ آگے پیچھے سے کھولا جا سکتا تھا ۔

Marfat.com

صاحب اراضی اشرافیہ
Landed aristocracy

لینڈ گریو
Landgrave

(۱) جرمنی کا وہ کونٹ جس کے دائرہ اختیار میں ایک علاقہ ہوتا تھا۔

(۲) بعض جرمن شہزادوں کا لقب

لینڈ گریوائن
Landgravine

خاتون لینڈ گریو۔

نظام زمینداری
Landlordism

امتیازی نشان ، جاگیر وغیرہ کا سرحدی نشان
Landmark

طبقۂ زمینداراں ، زمینداروں کا گروہ ، زمیندار جماعت
Landocracy

بڑا جاگیردار ، بڑا زمیندار
Landocrat

مالک زمین اشرافیہ
Landowning aristocracy

عین المال ، مالگزاری ، مالیہ
Land revenue

قدیم ہندوستان میں موریہ اور گپتا خاندانوں کے وقت حکومت کل پیداوار کا ایک بٹا چار حصہ مالیہ کے طور پر وصول کرتی تھی۔ اکبر اعظم نے اسے ایک بٹا تین مقرر کیا۔ انگریزوں نے کچھ ضروری ترامیم کے ساتھ مغلوں کے نظام کو اختیار کیے رکھا۔

نظام اراضی
Land system

مالیات ارضی
Land-tax

کرائے کا ٹٹو
Lansquenet

کرائے کا ایک پیادہ سپاہی جو عام طور پر بھالے یا نیزے سے لیس ہوتا تھا۔ ایسے کرائے کے سپاہی پندرھویں سے اٹھارویں صدی تک خاص طور پر جرمن افواج میں رکھے جاتے تھے۔

Marfat.com

Lapidation — رجم ، سنگساری

Lappet — عورتوں کی ٹوپی کا دنبالہ یا فیتہ

Lash of discipline — تازیانہ انضباط

Last appetite — آخری اشتہا

Lat, al-(Ar.) — لات

ظہور اسلام کے وقت طائف میں بنی ثقیف کا بت - اس کے لغوی معانی "درخشاں ماہتاب" کے ہیں -

Late Greek — پچھلی یونانی

کلاسیکی دور کے بعد لکھی جانے والی یونانی زبان - یہ خاص طور پر ۲۰۰ء - ۶۰۰ کے درمیانی عرصے میں لکھی گئی -

Latin Latin — پچھلی لاطینی

کلاسیکی دور کے بعد لکھی جانے والی لاطینی زبان - یہ خاص طور پر مغربی روسی سلطنت میں ۲۰۰ء - ۶۰۰ء کے درمیانی عرصے میں لکھی گئی -

Laureate, poet — ملک الشعراء

Lawgiver — واضع قانون ، شارع ، قانون گذار

Law of God — قانون خداوندی

Law of nature — قانون فطرت

Law of revenge — قانون انتقام

Law of sedition — قانون بغاوت

Law of succession — قانون وراثت یا جانشینی

اُصول یا ضابطہ جو جانشینی کے طریق کار کو منضبط کرے -

Leadership, military — فوجی قیادت

Marfat.com

Leading core — مقدمة الجیش

League, Holy — مقدس لیگ

فرانسیسی کیتھولکوں نے یہ انجمن ۱۵۷۶ء میں قائم کی اور یہ ۱۵۹۸ء تک قائم رہی ۔ اس کا مقصد پروٹسٹنٹ مسلک کو دبانا تھا ۔

Lean year — خشک سالی کا زمانہ

Leet — لیٹ ، جاگیری عدالت

(۱) برطانیہ میں دیہاتوں کا ایک گروپ جو مقامی حکومت کی اکائی کے طور پر کام کرتا تھا ۔ یہ ٹیکس وصول کرنے کا بھی مجاز تھا ۔

(۲) برطانیہ میں ایک عدالت جو چھوٹے چھوٹے مقدمات کی سماعت کرتی تھی ۔ یہ عام طور پر کسی جاگیر کا منتظم قائم کرتا تھا ۔

Legalism — قانونیت ، قانون پسندی ، ضابطہ پرستی

Legate — (۱) سفیر ، پاپائی سفیر

(۲) ترکہ میں چھوڑنا

Legend — داستان ، افسانہ

Legendry — قصہ گو

Legion — انبوہ کثیر ، جم غفیر ، خیل

رومی فوج کا ایک بڑا حصہ جو مختلف ادوار میں مختلف رہا ۔ مسیزر کے وقت میں اس کی تعداد ۳۰۰۰ سے ۶۰۰۰ تھی ۔ اس کے پاس ہتھیاروں کے علاوہ پڑاؤ کرنے کا ساز و سامان اور اشیائے خورد و نوش بھی ہوتا تھا ۔ اسی نے ہی رومی فتوحات مکمل کیں ۔

Legionary — فوجی ، لیجن کا سپاہی

Legitimism — (۱) بادشاہت کے موروثی حقدار کی حمایت

(۲) جائز وارث کی طرفداری

Marfat.com

Legitimist

(۱) بادشاہت کے موروثی حقدار کا حامی

(۲) جائز وارث کا طرفدار -

(۳) فرانس کی تاریخ میں بور بورن خاندان کی اعلیٰ شاخ کو تخت کا صحیح حقدار سمجھنے والا -

لیو Leo

(۱) مختلف ادوار کے پوپ

لیو اول (۴۰۰ء - ۴۶۱ء) - یہ ۴۴۰ء - ۴۶۱ء تک پوپ رہا -

لیو سوم (متوفی ۸۱۶ء) - یہ ۷۹۵ء - ۸۱۶ء تک پوپ رہا -

لیو نہم (۱۰۰۲ء - ۱۰۵۴ء) - یہ ۱۰۴۹ء - ۱۰۵۴ء تک پوپ رہا -

لیو دہم (۱۴۷۵ء - ۱۵۲۱ء) - یہ ۱۵۱۳ء - ۱۵۲۱ء تک پوپ رہا -

لیو سیزدہم (۱۸۱۰ء - ۱۹۰۳ء) - یہ ۱۸۷۸ء - ۱۹۰۳ء تک پوپ رہا -

(۲) بازنطینی شہنشاہ

لیو اول (متوفی ۴۷۴ء) - یہ ۴۵۷ء - ۴۷۴ء تک برسر اقتدار رہا -

لیو سوم (۶۸۰ء - ۷۴۰ء) - یہ ۷۱۷ء - ۷۴۰ء تک برسر اقتدار رہا -

لیو پنجم (متوفی ۸۲۰ء) - یہ ۸۱۳ء - ۸۲۰ء تک برسر اقتدار رہا -

لیو ششم (۸۶۲ء - ۹۱۲ء) - یہ ۸۸۶ء - ۹۱۲ء تک برسر اقتدار رہا -

لیو پولڈ Leopold

بوہیمیا اور ہنگری کے شہنشاہ اور بادشاہ

لیو پولڈ اول (۱۶۴۰ء - ۱۷۰۵ء) - یہ ۱۶۵۸ء - ۱۷۰۵ء تک برسر اقتدار رہا -

لیو پولڈ دوم (۱۷۴۷ء - ۱۷۹۲ء) - یہ ۱۷۹۰ء میں برسر اقتدار آیا -

(۳) بلجیئم کے بادشاہ

لیو پولڈ اول (۱۷۹۰ء - ۱۸۶۵ء) - یہ ۱۸۳۱ء - ۱۸۶۵ء تک برسر اقتدار رہا -

لیو پولڈ دوم (۱۸۳۵ء - ۱۹۰۹ء) - یہ ۱۸۶۵ء - ۱۹۰۹ء تک برسر اقتدار رہا -

لیو پولڈ سوم (۱۹۰۱ء - ۱۹۸۳ء)

Lese majesty/Leze majesty (L.) — بغاوت کبیرہ ، غداری

اس کو جرم کے طور پر پہلے پہل روم میں گردانا گیا - اب مطلق العنان بادشاہت کا دور ختم ہوگیا ہے اس لیے اب یہ جرم ریاست کے خلاف سمجھا جاتا ہے نہ کہ شاہ کی ذات کے خلاف -

Lethal — قاتل

Lethe — بتیرنی ندی

یونانی دیو مالا کے مطابق ایک ایسا قیاسی دریا جس کے پانی میں گذشتہ واقعات بھول جاتے ہیں -

Letter of administration — حکم انتصاب ، امین ترکہ

Letters patent — سند ایجاد ، اجارہ داری ایجاد

Letters of testamentary — گواہی نامہ قیوست

Letters of marque — دستاویزی حکم نامہ

امریکہ میں عام شہری کو ایک سرکاری دستاویز جاری کی جاتی جس کی

Marfat.com

رو سے وہ کسی دوسرے ملک یا اُس کے شہری کے خلاف انتقامی کارروائی کر سکتا تھا - خاص طور پر غیر سرکاری جنگی جہاز کے طور پر -

پروانہ گرفتاری **Lettre de cachet (Fr.)**

فرانسیسی تاریخ میں ۱۵۶۰ء سے ۱۷۹۰ء تک بادشاہ ایک غیرسرکاری دستاویز جاری کیا کرتا تھا - اس کا مقصد مستبد قید یا جلا وطنی ہوا کرتا تھا -

صبح کا درشنی دربار **Levee**

صبح بستر سے اُٹھ کر بادشاہ کی درباریوں سے ملاقات -

حامیٔ مساوات **Leveller**

انگلینڈ میں جان لیبرون کے قائم کردہ طبقہ (۱۶۴۷ء - ۱۶۴۹ء) کا ایک رکن - یہ طبقہ مذہبی اور معاشرتی مساوات کا حامی تھا - اسے ۱۶۴۹ء میں کراموپل نے کچل دیا -

صلحِ رحم کی شادی **Levirate**

متوفی کے بھائی یا کسی دوسرے رشتہ دار کی اُس کی بیوی کے ساتھ شادی - ایسی شادیاں قدیم یہودی معاشروں میں عام تھیں -

لیوی **Levites**

قدیم یہودیوں کا ایک مذہبی طبقہ جو حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے لیوی کی اولاد پر مشتمل تھا یہ خادمان یروشلم تھے -

لازم الاجراء **Liable to execution**

شراب کا گھونٹ **Libation**

کسی دیوتا کے حضور قربانی کے طور پر پیش کی گئی شراب میں تھوڑی سی زمین پر گرانا -

Marfat.com

Liberal Party (British) — لبرل پارٹی (برطانوی) ، اعتدال پسند جماعت
برطانیہ میں جان لاک کی دلچسپیوں اور رجحانات اور وگ عناصر کی پیداوار جماعت ۔

Liberal Party (American) — لبرل پارٹی ، اعتدال پسند جماعت (امریکی)
۱۹۴۴ء میں نیویارک میں قائم کی جانے والی جماعت ۔

Liberal Republican Party — لبرل ریپبلکن پارٹی ، اعتدال پسند جمہوری جماعت
یہ جماعت امریکہ میں ۱۸۷۲ء میں قائم کی گئی ۔ یہ سول سروس میں اصلاحات کی خواہشمند تھی ۔

Liberalism, utilitarian — افادی آزاد خیالی

Liberalist — آزادی خواہ

Liberation — مخلصی ، آزادی

Liberator — آزاد کنندہ ، آزادی دہندہ

Libertine — آزاد خیال ، رند مشروب

Libertarian — آزادی پسند ، حامیٔ آزادی

Libertarianism — آزاد پسندی کا اُصول

Liberticide — آزادی کا تباہ کرنے والا

Liberty league — اتحادیہ آزادی

Liberty, national — قومی آزادی

Liberty, Statue of — مجسمہ آزادی
ریاستہائے متحدہ امریکہ میں نیو یارک میں نصب یہ مجسمہ ۱۸۸۴ء میں فرانکو امریکی یونین نے یو ایس اے کو پیش کیا ۔ ۱۹۲۴ء میں اسے قومی یادگار کا درجہ دے دیا گیا ۔

Marfat.com

Lictor — رومی چوبدار

ایک تیربردار افسر جو قدیم رومی حکام سزا دینے کے لیے ساتھ رکھتے تھے -

Liege — رعیت ، جان نثار

Liege lord — آقائے رعیت

Liegeman — رعیت جان نثار ، بیعت کنندہ

Life guard — شاہی سواروں کا دستہ

Light horse — ہلکا گھوڑ سوار

Limn — کتاب وغیرہ پر طلاکاری یا نقاشی کرنا - قرون وسطیٰ میں مسودوں پر ایسا کرنا ایک عام رواج تھا -

Line — (۱) سلسلۂ نسب

(۲) بحریہ کے لڑاکا جہازوں کا ایک گروہ -

Lineage — سلسلہ نسب ، حسب نسب

Line of battle — صف مبارزہ

لڑائی میں لڑنے کے وقت دستوں یا جہازوں کا ایک دوسرے کے بالمقابل پوزیشن لینا -

Lingua franca — مخلوط زبان ، بین الاقوامی زبان

فرانکوں کی زبان - یہ زبان پہلی دفعہ صلیبی جنگوں کے بعد بحیرہ روم کے علاقے میں تجارت کے لیے استعمال کی گئی -

Linguist — ماہر لسانیات

Linguistic elements — لسانی عناصر

Marfat.com

Linguistic factors — لسانی عوامل

Linguistic minority — لسانی اقلیت

Linguistic protection — لسانی تحفظ

Link — مشعل

گلیوں میں کسی کی رہنمائی کے لیے سن کے موٹے ریشے اور تار کول بنی ہوئی ٹارچ ۔

Linkman — مشعل بردار

Linstock — توپ کا فتیلہ یا فتیلہ لگانے کی شاخ

Lions International — لائنز انٹرنیشنل

ایک بین الاقوامی تنظیم جس کی بنیاد ۱۹۱۷ء میں یو ایس اے میں شکاگو کے میلون جونز نامی ایک نوجوان انشورنس ایجنٹ نے رکھی ۔ اس کے مقاصد میں دنیا کے لوگوں میں دوستی اور بھائی چارہ قائم کرنا، صحت مند سماجی خدمات اور اخلاق بہتری کے لیے کام کرنا اور سیاسی وابستگیوں سے بلند ہوکر آزادانہ رائے کے اظہار کے لیے مواقع پیدا کرنا ۔

List — نیزہ بازی کے میدان کا کنارہ

Litter — پالکی

Livery — پیشہ وروں کی جماعت کی رکنیت

Liver companies — خدام کی کمپنیاں

لندن میں چودھویں صدی میں قائم کردہ کمپنیاں جن میں سے بیشتر کا مالک ایڈورڈ سوم تھا ۔ امتیاز کے طور یہ خدام جگر کے رنگ کا لباس زیب تن کرتے ۔ اُسی زمانے میں ہی اُنھوں نے سیاسی طاقت بھی حاصل کرلی ۔

Marfat.com

**Lodi dynasty** **خاندان لودھی**

۱۴۵۱ء میں بہلول لودھی نے اس خاندان کی بنیاد رکھی۔ یہ ۱۴۵۱ء سے ۱۵۲۶ء تک برسر اقتدار رہا۔ اس میں تین بادشاہ گذرے۔ بہلول لودھی (۱۴۵۱ء - ۱۴۸۹ء)، سکندرلودھی (۱۴۸۹ء - ۱۵۱۷ء) اور ابراہیم لودھی (۱۵۱۷ء - ۱۵۲۶ء) ظہیر الدین بابر نے لودھی خاندان کو ۱۵۲۶ء میں پانی پت کی پہلی لڑائی میں شکست دی اور ابراہیم لودھی کو موت کے گھاٹ اُتارا۔

**Lohani** **لوہانی**

یہ ایک افغان قبیلہ تھا جس نے دریا خان لوہانی کی قیادت میں ہندوستان کے علاقے بہار میں سکونت اختیار کی۔ ابراہیم لودھی کی بادشاہت (۱۵۱۷ء - ۱۵۲۶ء) کے دوران میں اُن سے اتنا سخت اور ناروا سلوک کیا گیا کہ اُنھوں نے علم بغاوت بلند کیا اور بہار میں اپنی آزاد ریاست کی بنیاد رکھی۔ بابر نے ۱۵۲۹ء میں گوگرا کی لڑائی میں اُن کو شکست دی۔

**Lohara dynasty, the** **خاندان لوہارا**

اس خاندان کی بنیاد ۱۰۰۳ء میں سنگرا مہاراجہ نے کشمیر میں رکھی۔ ۱۳۳۹ء میں اس کو شاہ مرزا نے شکست دی۔

**Lollard** **لولارڈ**

(۱) ہالینڈ کے چودھویں صدی کے بدعتی گروہ کا رکن۔

(۲) چودھویں اور پندرھویں صدی میں انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ میں وائی کلف کے پیرو کار۔

**Lombard** **لمبارڈ**

ٹیوٹانی لوگ جنھوں نے ۵۶۸ء میں شمالی اٹلی کو فتح کیا اور لمبارڈی کی بادشاہت قائم کی جو ۷۷۴ء تک قائم رہی جسے شارلیمان نے فتح کیا۔

Marfat.com

Long Parliament — طویل پارلیمنٹ

(۱) برطانیہ کی پارلیمنٹ جس کا اجلاس یکم مارچ سے ۲۲ دسمبر ۱۳۰۶ء تک ہوا ۔ اس کی تین نشستیں ہوئیں جو ۱۵۸ دنوں پر محیط تھیں ۔

(۲) برطانیہ کی پارلیمنٹ جس کا اجلاس ۳ نومبر ۱۶۴۰ء سے ۱۶ نومبر ۱۶۶۰ء تک ہوا ۔ اسے چارلس اول کی شکست کے بعد طلب کیا گیا تھا ۔

(۳) برطانیہ کی پارلیمنٹ جس کا اجلاس ۱۶۶۱ء سے ۱۶۷۹ء تک جاری رہا ۔

Lord — (۱) جاگیردار ، رئیس ، نواب

(۲) ڈیوک کے چھوٹے بیٹے کا خطاب

Lord Anointed, the — (۱) بادشاہ بحق خداوند

(۲) مسیح علیہ السلام

Lord Lieutenant — لارڈ لیفٹیننٹ

۱۹۲۲ء تک آئرلینڈ میں انگریز وانسرائے کا لقب ۔

Lord of misrule — برطانوی تاریخ میں کرسمس کی رنگ رلیوں کا سرغنہ

Lord Privy Seal — شاہی مہر بردار

برطانیہ کا ایک عہدیدار ۔

Lord Protector — لارڈ پروٹیکٹر

برطانیہ کے آلیور کرامویل (۱۵۹۹ء - ۱۶۵۸ء) اور رچرڈ کرامویل (۱۶۲۶ء - ۱۷۱۲ء) کا خطاب ۔

Lordship — (۱) ملک ، ملکیت

Marfat.com

(۲) تعلقہ ، علاقہ ، ریاست ، جاگیر

(۳) لارڈ کی ذات یا شخصیت

**Lost tribes**

گمشدہ قبائل

۷۲۲ ق م میں اسرائیل کی فتح کے بعد وہ دس یہودی قبائل جن کو قیدی بنا لیا گیا اور اسیربنا لے جایا گیا ۔

**Louis**

لوئی

(۱) جرمنی کے شہنشاہ

لوئی اول یا لوئی خدا پرست ۷۷۸ء ۔ ۸۴۰ء ۔

لوئی دوم متوفی ۸۷۵ء ۔

لوئی چہارم ۱۲۸۷ء ۔ ۱۳۴۷ء ۔

(۲) بویریا کے بادشاہ

لوئی اول (۱۷۸۶ء ۔ ۱۸۶۸ء) ۔ یہ ۱۸۲۵ء ۔ ۱۸۴۸ء تک برسر اقتدار رہا ۔

لوئی دوم (۱۸۴۵ء ۔ ۱۸۸۶ء) ۔ یہ ۱۸۶۴ء ۔ ۱۸۸۶ء تک برسر اقتدار رہا ۔

لوئی سوم (۱۸۴۵ء ۔ ۱۹۲۱ء) ۔ یہ ۱۹۱۳ء ۔ ۱۹۱۸ء تک برسر اقتدار رہا ۔

(۳) فرانس کے بادشاہ

لوئی اول ۷۷۸ء ۔ ۸۴۰ء ۔

لوئی دوم ۸۴۶ء ۔ ۸۷۹ء ۔

لوئی سوم ۸۶۳ء ۔ ۸۸۶ء ۔

لوئی چہارم ۹۲۱ء ۔ ۹۵۴ء ۔

لوئی پنجم ۹۶۷ء ۔ ۹۸۷ء ۔

Marfat.com

لوئی ششم (لحیم) ۱۰۸۱ء – ۱۱۳۷ء -

لوئی ہفتم ۱۱۲۰ء – ۱۱۸۰ء -

لوئی ہشتم ۱۱۸۷ء – ۱۲۲۶ء -

لوئی نہم ۱۲۱۴ء – ۱۲۷۰ء -

لوئی دہم ۱۲۸۹ء – ۱۳۱۶ء -

لوئی یازدہم ۱۴۲۳ء – ۱۴۸۳ء -

لوئی دوازدہم ۱۴۶۲ء – ۱۵۱۵ء -

لوئی سیزدہم ۱۶۰۱ء – ۱۶۴۳ء -

لوئی چہاردہم ۱۶۳۸ء – ۱۷۱۵ء -

لوئی پانزدہم ۱۷۱۰ء – ۱۷۷۴ء -

لوئی شانزدہم ۱۷۵۴ء – ۱۷۹۳ء -

لوئی ہشتدہم ۱۷۵۵ء – ۱۸۲۴ء -

(۴) ہنگری کے بادشاہ

لوئی اول (اعظم) ۱۳۲۶ء – ۱۳۸۲ء -

لوئی دہم ۱۵۰۶ء – ۱۵۲۶ء -

(۵) نیپلز کے علامتی بادشاہ

لوئی اول ۱۳۳۹ء – ۱۳۸۴ء -

لوئی دوم ۱۳۷۷ء – ۱۴۱۷ء -

لوئی سوم ۱۴۰۳ء – ۱۴۳۴ء -

**لوئیس ڈور** Louisdor

(۱) فرانس کے بادشاہ لوئی سیزدہم کا جاری کردہ (۱۶۴۰ء) طلائی سکہ جو ۱۷۹۳ء تک جاری رہا -

(۲) فرانس کی تاریخ میں کوئی ایک نپولین -

**Low**

غیر مقلد

قرون وسطیٰ کا وہ فرد جو پادریوں اور مذہبی رسوم کا انکار کرتا تھا۔

**Loyal**

وفادار

(۱) امریکہ میں انقلابی جنگ کے دوران میں برطانیہ کی حمایت کرنے والا ۔

(۲) برطانیہ میں اسٹوارٹ خاندان کے ساتھ وفاداری کرنے والا ۔

(۳) اسپین میں خانہ جنگی کے دوران میں فرانکو کی مخالفت میں منتخبہ حکومت کی حمایت کرنے والا ۔

**Loyalism**

شاہ پرستی

**Loyalists**

شاہ پرست ، وفاداران حکومت

امریکی انقلاب (۱۷۷۵ء - ۱۷۸۳ء) کے دوران میں وہ لوگ جو انگریزوں کے طرف دار رہے ۔

**Luddite**

لوڈیٹ

برطانیہ میں محنت کشوں کے اُن گروہوں کا رکن جنھوں نے ۱۸۱۱ء - ۱۸۱۶ء کے عرصے میں مشرق مڈلینڈ ، لنکا شائر اور یارک شائر میں جان بوجھ کر کارخانوں میں مشینری کو تباہ کیا ۔ اُن کا خیال تھا کہ ان کی وجہ سے بے روزگاری میں اضافہ ہوا ہے ۔

**Luftwaffe (Gr.)**

لفتواہفے

ہٹلر کی نازی فضائیہ ۔

**Luke**

لوقا ، انجیل لوقا

**Lustrum**

نوروز پنج سالہ

قدیم روم میں قربانی کے تزکیہ کی رسم جو ہر پانچ سال کی مردم شماری کے بعد ادا کی جاتی تھی ۔

Marfat.com

مارٹن لوتھر (۱۴۸۳ء - ۱۵۴۶ء) کا پیروکار - Lutheran

لوتھر کا مذہب Lutheranism

اس مذہب کی بنیاد ۱۵۱۷ء اور ۱۵۸۰ء میں رکھی گئی - مارٹن لوتھر کا تعلق جرمنی سے تھا - اُس نے پوپ اور اُس کے احکام کی مخالفت کی -

Marfat.com

# M

**Macaroni** — البیلا ، بانکا

اٹھارویں صدی کے چھبیلے ۔

**Maccabees** — مکابی

دوسری اور پہلی صدی ق م کا ایک یہودی خاندان جو یہودیوں کی سیاسی اور مذہبی زندگی کے احیا کا حامی تھا ۔

**Macedon** — مقدونیہ

بلقان جزیرہ نما کا ایک قدیم ملک جو ساتویں صدی ق م میں ترق پانے لگا تھا ۔ فلپ دوم اور اُس کے بیٹے سکندر اعظم اس کا نامور حکمران تھے ۔ سکندر اعظم نے اُس وقت کی معلوم دنیا کا بیشتر حصہ فتح کیا ۔ اُس کی وفات (۳۲۳ ق م) کے بعد اُس کے جانشینوں نے اس وسیع سلطنت کو آپس میں بانٹ لیا ۔

**Machinator** — دسیسہ کار ، فتنہ پرداز ، سازشی ، فتنہ جو

**Mafia/Maffia** — مافیا

سسلی میں اُنیسویں اور بیسویں صدی کے شروع میں خفیہ تنظیموں کا جال جو اپنے طور پر انصاف کے تقاضے پورے کرتی تھیں اور سرکاری نظم و نسق پر یقین نہ رکھتی تھیں ۔ سیاسی بدعنوانیوں کی بنا پر مافیا کو زبردست اثر حاصل ہوا ۔ اس کا مسولینی نے خاتمہ کیا ۔

**Magazine age** — بارود کا زمانہ

دور استعمار ۱۵۰۰ء – ۱۸۰۰ء تک ۔

دور ایجادات ۱۸۰۰ء – ۱۹۴۵ء تک ۔

**Magian** — مجوسی ، مغ

قدیم ایرانی پجاری جو آگ کی پوجا کرتے تھے ۔

**Magna Graecia (L.)** — یونان عظیم

آٹھویں صدی ق‌م میں جنوبی اٹلی میں یونانی نو آبادیات کے لیے اجتماعی اصطلاح ۔

**Magnicompetent** — کامل الاختیار

**Magus** — مجوسی ، مغ

ایران کے قدیم مجوسی جو آگ کی پرستش کرتے تھے ۔

**Mahabat Khan** — مہابت خان

یہ ایک مغل لقب تھا جو مختلف افراد کو دیا گیا ۔ لیکن جو شخص اس لقب کی وجہ سے مشہور ہوا وہ ایک سپاہی تھا جسے ۱۶۰۵ء میں جہانگیر نے اپنی تخت نشینی کے بعد اس لقب سے نوازا ۔ اُس کا نام زمان بیگ تھا ۔

**Mahabharata** — مہابھارت

ہندوستان کی سنسکرت میں کہی گئی رزمیہ نظم جسے ۲۰۰ ق‌م ۔ ۲۰۰ء کے درمیانی عرصے میں مرتب کیا گیا ۔ اس میں کم و بیش ایک لاکھ اشعار ہیں جن کو پہلے گانے والے شعرا نے کہا اور بعد میں ان پر فلسفی مصنفین نے نظرثانی کی ۔

**Mahavamsa the** — مہاوںسا

اس کے لغوی معانی عظیم سرگذشت کے ہیں ۔ یہ سری لنکا کی تاریخ ہے جسے مہانامہ نامی بادشاہ کے دور میں تحریر کیا گیا جس نے ۴۵۸ء ۔ ۴۸۰ء تک حکومت کی ۔

**Mahayana** — مہایانا

بدھ مت کا ایک فرقہ جس کے صحیفے سنسکرت زبان میں لکھے ہوئے ہیں ۔ دوسری اور چوتھی صدی عیسوی میں اس فرقے نے ہندوستان

میں فروغ پایا ۔ اس کا خیال ہے کہ بدھ تجسیم مکرر کا نام ہے اور نہ صرف اس دنیا میں بلکہ دوسری دنیاؤں میں بھی بدھ ایسے ہی ہیں جیسے دریائے گنگا کی ریت کے ذرے بکثرت ہیں اور اُن کو گنا نہیں جا سکتا ۔ کسی بھی بدھ کا یہ قطعی مقصد نہیں کہ وہ انفرادی آزادی کے لیے کوشاں رہے ۔ اگر کسی کو نروان حاصل ہو بھی جائے تو اُس پر اترانا نہیں چاہیے ۔

Mahican Indians

مہیکن انڈین

شمالی امریکہ میں دریائے ہڈسن کے بالائی علاقے میں آباد ایک قدیم نسل ۔

Maiden

قتل کرنے کا ایک آلہ

Maid-servant

کنیز ، باندی

Maidu Indians

میڈو انڈین

اُنیسویں صدی میں شمالی امریکہ میں دریائے سیکرامنٹو کے مشرق معاونین کے علاقوں میں آباد ایک قدیم نسل ۔

Mail

زرہ بکتر

Majesty

طنطنہ ، عظمت ، جاہ و جلال ، بزرگی

Majesty, Her

علیا حضرت ، ملکہ معظمہ

Majesty, His

اعلیٰ حضرت ، ملک معظم

Majesty, inviolable

عظمت لایزال

Major-domo

شاہی محل کا میر سامان

Making of man

تعمیر انسانیت

Malism

شریت

یہ نظریہ کہ دنیا شر محض ہے ۔

Marfat.com

**Mamelukes (Ar.)** مملوک

لغوی معنی غلام کے ہیں - یہ بنیادی طور پر غلام تھے جن کو دسویں صدی عیسوی میں فاطمی خلفا اور بعد میں ایوبی سلاطین مصر میں لائے اور اُن کو سپاہ گری کی تربیت دی - اُن میں سے بیشتر کو آزاد کر دیا گیا جو اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوئے - ۱۲۵۰ء میں ان کے امیر ایبک نے آخری ایوبی حکمران کو قتل کر کے خود سلطان ہونے کا اعلان کیا - تقریباً ۲۵۰ سال تک مصر پر مملوکیوں کی حکومت رہی - ۱۸۱۱ء میں اُن کی طاقت کو مکمل طور پر محمد علی نے ختم کیا -

**Manat, al (Ar.)** منات

ظہور اسلام کے وقت عربوں کا ایک بت -

**Man-at-arms** مسلح فرد

بھاری اسلحہ سے لیس خاص طور پر گھوڑ سوار -

**Man, primitive** قدیم یا ابتدائی انسان

انسان کی قدیم ترین ابتدائی شکل جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ بندر کے ساتھ مشابہ تھی - وہ انسان بول سکتا تھا ، آگ کا استعمال کرتا تھا اور گروہوں کی شکل میں رہتا تھا -

**Manchester individualism** مانچسٹریائی انفرادیت

**Manchester school** مکتب مانچسٹر

آزادانہ تجارت اور اُصول عدم مداخلت کے حامی -

**Mandan Indians** مندان انڈین

اٹھارویں صدی میں امریکہ کے علاقے جنوبی ، وسطی اور شمالی ڈکوٹا میں آباد ایک قدیم نسل -

Marfat.com

**Mandarin**

عامل

چین میں چنگ خاندان کی حکومت (۱۶۴۴ء - ۱۹۱۲ء) میں ایک سرکاری اہل کار - سول سروس کے نو مختلف درجوں کو ٹوپی کے مختلف نشانات سے ظاہر کیا جاتا تھا -

**Mandator**

موکل

**Mandatory instructions**

تاکیدی ہدایات

**Manes**

پاک ارواح ، اچھے دیوتا

قدیم رومی مذہب میں بزرگوں کی ارواح جن کی پرستش کی جاتی تھی- اُن کو اُس بزرگ کی قبر پر قربانی پیش کی جاتی - لوگوں کا یہ عقیدہ تھا کہ وہ اپنی اولاد کی سرگرمیوں پر نظر رکھتی تھیں -

**Mangonel**

فلاخن ، منجنیق

پتھر پھینکنے کی مشین جو لڑائی میں استعمال کی جاتی تھی -

**Manhatten Indians**

منہاٹن انڈین

سترہویں صدی میں امریکہ کے علاقے منہاٹن میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل -

**Manichaeism/Manichaeanism**

مانیت

مانی (۲۱۶ء - ۲۷۶ء) ایران کا ایک نقاش تھا جس نے ۲۴۲ء میں نبوت کا دعویٰ کیا - وہ نقاشی کو اپنا معجزہ بیان کرتا تھا - کتاب "ارژنگ" اُسی کی تصنیف ہے - اُس کا مذہب رومی سلطنت کے علاوہ ایشیا میں بھی پھیلا - ۷۰۰ء کے لگ بھگ یہ مذہب ختم ہوگیا اگرچہ اسے بعد میں کئی شکلوں میں دوبارہ رواج دیا گیا - یہ خیر و شر کے درمیان جنگ کو روحانی شکل دینا چاہتی تھی - اس پر زرتشت کے اُصولوں کا بھی اثر تھا -

**Maniple**

فوجی دستہ

رومی فوج کا ایک دستہ جو ۶۰ سے ۱۲۰ افراد پر مشتمل ہوتا تھا -

Marfat.com

Mankind نوع انسان ، بنی آدم

Manna من ، شیر خشت

من ایک شیریں چیز تھی جو دھنیے کے دانے ترنجبین سے مشابہ تھی - اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو وادی سینا میں عطا فرمائی تھی - یہ رات کو اُوس میں برستے ، لشکر کے گرد ڈھیر لگ جاتے - صبح کو ہر کوئی اپنی ضرورت کے مطابق اُٹھا لیتا -

Manoel/Manuel مینوئل

(۱) بازنطینی شہنشاہ

مینوئل اول (۱۱۲۰ء - ۱۱۸۰ء) - یہ ۱۱۴۳ء - ۱۱۸۰ء تک برسر اقتدار رہا -

مینوئل دوم (۱۳۴۸ء - ۱۴۲۵ء) - یہ ۱۳۹۱ء - ۱۴۲۵ء تک برسر اقتدار رہا -

(۲) پرتگال کے بادشاہ

مینوئل اول (۱۴۶۹ء - ۱۵۲۱ء) - یہ ۱۴۹۵ء - ۱۵۲۱ء تک برسر اقتدار رہا -

مینوئل دوم (۱۸۸۹ء - ۱۹۳۲ء) - یہ ۱۹۰۸ء - ۱۹۳۲ء تک برسر اقتدار رہا -

Manor جاگیر ، تعلقہ ، علاقہ ، جاگیرانہ نوعیت کی نوابی

Manor house جاگیردار کا محل ، تعلقہ دار کی ڈیوڑھی

Manorial system/Seigorial system جاگیرداری نظام

معاشی اور معاشرتی نظام جس کے تحت قرون وسطیٰ کے کسان (یورپ میں) کاشتکاری کرتے تھے - وہ مقررہ جنس ، رقم اور خدمات کے بدلے میں زمین اپنے پاس رکھتے اس نظام نے گیارھویں سے پندرھویں صدی تک فروغ پایا -

**Mansabdar** منصبدار

مغل بادشاہ اکبر کے زمانے سے مغلیہ سلطنت میں کوئی ایسا فرد جو کسی سرکاری عہدے پر فائز ہوتا تھا ۔ اُسے فوجی خدمت کے لیے سپاہی بھی فراہم کرنے پڑتے تھے ۔ اکبر نے اس نظام کو متعارف کرانے کے علاوہ باقاعدہ بھی بنایا ۔ اعلیٰ ترین منصب صرف شہزادگان کے لیے وقف ہوتے تھے ۔ یہ تقرریاں اور برطرفیاں صرف شہنشاہ ہی کیا کرتا تھا ۔

**Mantelet** قابل حرکت پناہ گاہ

حملے کے دوران میں محاصرہ کرنے والوں کو پناہ دینے والی قابل حرکت جگہ ۔

**Manu** منو

ہندوؤں کا ایک مقنن ۔ مہابھارت میں مذکور ہے کہ لوگ انتشار ، افراتفری اور تراج سے تنگ آ کر دیوتاؤں کے پاس گئے اور اُنھوں نے اس زندگی سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے دعا مانگی ۔ دیوتاؤں نے اُن کی دعا منظور کی اور منو کو اُن کا مہاراج مقرر کیا ۔ منو کے قوانین ۲۰۰ ق‌م ۔ ۲۰۰ء کے درمیانی عرصے میں مرتب کیے گئے ۔

**Manumission** استخلاص غلاماں ، غلامی سے رہائی ، آزادی

**Manuscript** مسودہ ، قلمی نسخہ

قلمی نسخے لکھنے کا رواج ۳۵۰۰ ق‌م میں شروع ہوگیا تھا ۔ دوسری اور تیسری صدی ق‌م میں تورات کے قلمی نسخے لکھے گئے ۔ جو ۱۹۴۷ء میں فلسطین میں پائے گئے ۔ کاغذ دوسری صدی عیسوی میں چین میں ایجاد کیا گیا لیکن طباعت کا کام پندرھویں صدی سے قبل شروع نہ ہوا ۔ اس وقت تک قلمی نسخے ہی لکھنے کا رواج رہا ۔

**Maoists** ماوزے تنگ کے پیروکار

Marfat.com

میؤری

Maori

نیوزی لینڈ کے قدیم باشندے جنھوں نے دسویں اور چودھویں صدی کے دوران میں سوسائٹی جزائر کے علاقے ہوایکی سے ہجرت کی ۔

میک

Maquis

دوسری عالمی جنگ کے دوران فرانس میں جرمن مقبوضات میں زیر زمین مزاحمت ۔

مرہٹہ

Maratha/Mahratta

مغربی وسطی ہندوستان کی ایک نسل جس نے ۱۶۷۴ء میں ایک ریاست کی بنیاد رکھی جس کا سربراہ سیوا جی تھا ۔ اُس کی وفات کے بعد اس ریاست میں انتشار پیدا ہوگیا ۔ ۱۸۱۸ء میں انگریزوں نے اسے زیر کیا ۔

سرحد

March

(۱) دو ریاستوں کے درمیان سرحد ۔

(۲) اس سرحد کے قریب واقع علاقہ ۔

(۳) علاقہ ۔

(۴) انگلینڈ اور ویلز یا انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان علاقہ ۔

مارشینس

Marchioness

مارکوئیس کی بیوی ۔

مارگریو کی قلمرو

Margravate

مارگریو

Margrave

(۱) عامل سرحد ، جرمنی کے امیر زادوں کا موروثی لقب ۔ بنیادی طور پر مارگریو کسی سرحدی صوبے کا گورنر ہوتا تھا ۔

(۲) مقدس رومی سلطنت کے ماتحت فرمانرواؤں میں سے بعض کا لقب ۔

Marfat.com

Margravine
زوجہ مارگریو

Maria
مریم

پرتگال کی ملکائیں

مریم اول نے ۱۷۳۴ء - ۱۸۱٦ء اپنے خاوند کے ساتھ مشترکہ طور پر حکومت کی -

مریم دوم نے ۱۸۱۹ء - ۱۸۵۳ء اپنے خاوند کے ساتھ مشترکہ طور پر حکومت کی -

Marian
سکاٹ لینڈ کی ملکہ میری کا حامی

Mariolatry
مریم پرستی ، حضرت مریم علیہ السلام کی پرستش

Maritime adventure
بحری مہم

Mars
مریخ

رومی مذہب میں جنگ کا دیوتا -

Martello
ساحلی قلعہ

نپولین کے ساتھ جنگوں کے دوران میں انگلینڈ کے ساحل پر کسی بھی ممکنہ فرانسیسی حملے سے بچاؤ کے لیے ایسے کئی ایک قلعے تعمیر کیے گئے -

Martyr
شہید

Martyrdom
شہادت

Martyrology
شہادت نامہ ، شہیدوں کی تاریخ ، سلسلہٗ شہداء ، تذکرۂ شہداء ، ماثر شہداء

Martyry
شہید کا روضہ

Marxian
مارکسی ، کارل مارکس کا پیرو

Marxian communism — مارکسی اشتمالیت

Marxian socialism — مارکسی اشتراکیت

Mary — مریم ، میری

انگلینڈ کی ملکائیں

میری اول (۱۵۱۶ء - ۱۵۵۸ء) - یہ ۱۵۵۳ء - ۱۵۵۸ء تک ملکہ رہی -

میری دوم (۱۶۶۲ء - ۱۶۹۴ء) - یہ ۱۶۸۹ء - ۱۶۹۴ء تک ملکہ رہی -

Mass movement — عوامی تحریک

Massacre — قتل عام

Master-at-arms — پایہ رو

Matriarch — ریشہ خاندان

Matriarchy — مادر سری نظام ، مادر شاہی

معاشرتی تنظیم جس میں ماں خاندان کی سربراہ تصور کی جاتی تھی - سلسلۂ نسب عورت سے چلتا تھا - ازدواجی تعلقات عارضی ہوتے تھے اور ننھیالی رشتہ داروں کو فوقیت حاصل ہوتی تھی - جائیداد کی وارث صرف لڑکیاں قرار پاتی تھیں -

Matricidal — مادر کش

Matricide — مادر کشی

Motsya — متسیا

ہندوستان کے علاقے راجستھان کے مشرق علاقے میں واقع ایک قدیم بادشاہت جس کا دارالحکومت بیرت یا درتان نگرا تھا - اس کا ذکر ویدوں میں ملتا ہے -

Marfat.com

**Maukhari dynasty, the** — **خاندان ماؤ خاری**

۵۵۴ء میں مہاراجہ دھیراجا کی قائم کردہ بادشاہت اسی خاندان کی تھی ۔ یہ اُتر پردیش کے بالائی علاقے میں واقع تھی ۔ ۶۰۶ء میں اس بادشاہت کا خاتمہ ہوا ۔

**Maurya dynasty, the** — **خاندان موریہ**

چندر گپت موریہ نے ۳۲۳ ق‌م میں اس خاندان کی بنیاد ڈالی ۔ اس کا دارالحکومت پاٹلی پترا تھا ۔ اس خاندان میں اشوک جیسے حکمران گذرے ہیں جس کے عہد حکومت میں فن اور عوامی نوعیت کے بے شمار کام ہوئے ۔ اُس نے ہندو مت کو چھوڑ کر بدھ مت قبول کر لیا ۔ اُس کی حکومت میں ہندوستان کے علاوہ افغانستان بھی شامل تھے ۔ موریہ خاندان کا اقتدار ۱۸۴ء تک قائم رہا ۔

**Mausoleum** — **مقبرہ ، روضہ**

قبر کی شاندار عمارت جیسے کارپا کے ماؤسولس کا مقبرہ (۳۵۲ ق‌م) ، ممتاز محل کا مقبرہ (۱۶۵۳ء) ۔

**Mawalis, the** — **موالی**

ہندوستان کے مغربی گھاٹ میں آباد ایک پہاڑی نسل جس کے افراد کو اپنے علاقے کے چپے چپے سے واقفیت تھی ۔ موالیوں کی وجہ سے ہی سیوا جی اس سرزمین کے جغرافیائی حالات سے واقف ہوئے ۔

**Maya** — **مایا**

امریکی انڈین جن میں سے بیشتر میکسیکو ، گوئٹے مالا اور مغربی ہندوراس میں آباد ہوئے ۔ اُن کی تاریخ تین ادوار میں تقسیم ہوتی ہے ۔

۲۵۰۰ ق‌م ۔ ۳۱۷ ماقبل مایا ۔

۳۱۷ء ۔ ۹۸۷ء سلطنت قدیم ۔

۹۸۷ء ۔ ۱۶۹۷ء سلطنت جدید ۔

Mayflower — مے فلاور

۱۸۰ ٹن بحری جہاز جو ۵ اگست ۱۶۲۰ء کو یاتریوں کو لے کر برطانیہ کی بندرگاہ ساؤتھمپٹن سے نیو انگلینڈ (امریکہ) کے لیے روانہ ہوا۔

Mediator — شفیع ، ثالث

Mediatrix — شفیعہ ، ثالثہ

Medieval civilization — قرون وسطیٰ کی تہذیب

Medieval hegemony — قرون وسطیٰ کی سیادت

Medieval kingdoms — قرون وسطیٰ کی بادشاہتیں

Medieval papacy — ارضی وسطیٰ کی پاپائیت یا پاپائی نظام

Medieval state — قرون وسطیٰ کی ریاست

Medievalism — وسطانیت ، قرون وسطیٰ کا انداز فکر

Medi (a) evalist — قرون وسطیٰ کی تاریخ وغیرہ کا محقق

Medusa — میڈوزو

یونانی دیو مالا میں تین خوفناک عفریتوں میں سے ایک۔ کبھی وہ حسین ہوا کرتی تھی لیکن اُس نے ایتھنا کو ناراض کیا تو اُس نے اُس کی شکل ہی بدل ڈالی۔

Melchite/Melkite — میلکٹس

لغوی معانی شاہ پرست۔ شام ، اُردن ، فلسطین ، مصر اور امریکہ کا ایک عیسائی گروہ۔ پوپ کی اجازت سے اُن کو بازنطینی رسوم ادا کرنے کا حق مل گیا۔ اُن کا سربراہ مرد ہوتا ہے۔

Melee (Fr.) — گھمسان کی لڑائی

Memoir — یادداشت ، تزک ، سرگزشت ، تاریخچہ

Memoirs — مذاکرات ، وقائع

Marfat.com

Mennoites

مینونائٹس

سوئٹزر لینڈ میں سولھویں صدی میں فروغ پانے والا پروٹسٹنٹ گروہ۔ اسے پہلے سوئس برادرز کا نام دیا گیا۔ اس کا نام مینوسائمنز کے نام پر پڑا۔ یہ غیر مزاحمتی لوگ تھے اور حلف اُٹھانے سے گریز کرتے تھے۔

Menominee Indians

مینومینی انڈین

سترہویں اور اُنیسویں صدی کے درمیانی عرصے میں امریکہ کے مشرق وڈ لینڈز علاقے میں آباد ایک قدیم نسل۔

Menshevik

منشویک

Meos, the

میو

دہلی کے جنوب میں آباد ایک قبائلی قوم جس کا مذہب ہندو مت تھا۔ ان کی سرکش سرگرمیوں کا قلع قمع بلبن نے ۱۲۶۰ء میں کیا۔

Merchantilism

تجارتی نظریہ زر

سولھویں اور سترہویں صدی کے درمیان یورپی ریاستوں کی مختلف پالیسیاں اور معمولات جن کا بڑا مقصد اپنی ریاست کو دوسری ریاستوں کے ساتھ مقابلے میں متحد اور مستحکم کرنا تھا تاکہ "موافق" توازن تجارت حاصل ہو سکے اور اشیا برآمد کی جائیں۔

Merchant prince

ملک التجار ، بڑا تاجر

Mercia, kingdom of

بادشاہت مرسیا

انگلینڈ کے علاقے میں مڈ لینڈز میں یہ بادشاہت ۵۰۰ء کے لگ بھگ قائم کی گئی۔ ۷۹۶ء کے بعد یہ روبہ تنزل ہونی شروع ہوئی۔

Merciless Parliament

بے رحم پارلیمنٹ

برطانیہ کی پارلیمنٹ جو ۱۳۸۸ء میں معرض وجود میں آئی۔ دسمبر

Marfat.com

۱۳۸۷ء کے انتخابات میں رچرڈ دوم کے حامیوں کی شکست اور لندن کی اُمرائے ایبل کے ساتھ وابستگی نے رچرڈ کو تن تنہا چھوڑ دیا ۔

میروونجین Merovingian

فرانس کے فرینک بادشاہوں کا خاندان جس کی حکومت ۴۸۱ء سے ۷۵۱ء تک قائم رہی ۔

وسطی حجری زمانہ Mesolithic Ages

آٹھ ہزار برس ق م سے چار ہزار برس ق م کا درمیانی زمانہ ۔ اس میں ہڈیوں کے اوزاروں کا استعمال شروع ہوگیا تھا اور انسانی زندگی میں کئی ایک تبدیلیاں رونما ہونا شروع ہوئیں ۔

اشتباہ تاریخی Metachronism

تاریخ کی وہ غلطی جو کسی واقعے کو اس کی صحیح تاریخ کے بعد ٹھہرانے سے ہو ۔

اُصول پرستی Methodism

انگلینڈ میں ۱۷۲۹ء کے بعد جان ویزلے اور چارلس ویزلے کا کلیسائے انگلستان کے اندر غیر مقلد گروہ اور اُصولوں کا قائم کرنا ۔ ۱۷۳۹ء کے بعد یہ تیزی سے پھلا پھولا اور شمالی امریکہ تک پھیل گیا ۔

دارالامارت ، دارالحکومت ، اُم البلاد ، دارالسلطنت ، پایۂ تخت Metropolis

میکاڈو Micado

جاپان کے شہنشاہ کا سرکاری لقب ۔

میڈیانی Midianites

قدیم یہودیوں کے دشمن جن کو گیڈون نے شکست دی ۔

Marfat.com

Midrash (Heb.) — مدراش

عبرانی میں اس کے معانی چھان بین کے ہیں - ۲۰۰ء کے لگ بھگ یہودی علما کی صحیفوں کی وعظ گوئی پر مبنی تعبیر -

Migrant — مہاجر

Migration — ہجرت ، نقل مکانی ، مہاجرت

ایک جگہ سے دوسری جگہ رہائش کی منتقلی -

Migrator — مہاجر

Migratory — مہاجر ، سیلانی

Mikado — میکاڈو

شہنشاہ جاپان -

Milan Decree — اعلان میلان

نپولین اول کا ۱۸۰۷ء میں جاری کردہ اعلان جس کا مقصد برطانوی مقبوضہ علاقے سے غیر جانبدار جہازوں کو پکڑنے کے لیے جنگی اور غیر سرکاری جہازوں کو مجاز بنانا تھا -

Militancy — جنگجوئی

Militant — جنگجو ، مبارز

Military indemnity — فوجی تاوان

کثیر رقم یا کوئی دوسری قیمتی چیز جو فاتح ریاست جنگ کے بعد مفتوح دشمن سے جبراً وصول کرتی ہے -

Millenary — ہزار سالہ

Milliennium — (۱) ہزار برس

Marfat.com

(۲) عہد سعادت

وہ عہد جس میں حضرت عیسی علیہ السلام زمین پر آئیں گے ۔

قطعہ زمین — Minifundio

براعظم جنوبی امریکہ میں ایک چھوٹا سا قطعہ زمین جسے ہسپانوی نو آباد کاروں نے اپنے ذاتی استعمال کے لیے کاشت کیا اور اس کے بدلے میں فوجی خدمت سے مستثنیٰ قرار پائے ۔

منوآن تہذیب — Minoan civilization

کریٹ کے بادشاہ مینوؤس کے نام پر رکھی گئی تہذیب جو کانسی کے دور (۳۰۰۰ - ۱۲۰۰ ق م) پر محیط تھی ۔ اس دور میں تصویروں کے ساتھ لکھائی شروع ہوگئی تھی ۔ جب ثقافت کا مرکز ٹرائے اور یونان کے بڑے حصے کو منتقل ہوا تو منوآن تہذیب روبہ تنزل ہوئی ۔

ٹکسال ، دارالضرب — Mint

سکہ زنی ، حق سکہ زنی ، حق الضرب ، سکہ زنی کا محصول — Mintage

رئیس دارالضرب ، دارالضرب کا داروغہ ، ٹکسالی — Mint-master

مسلح شہری — Minuteman

امریکہ کی انقلابی جنگ (۱۷۷۵ء - ۱۷۸۳ء) کے دوران میں اور کچھ اس سے قبل ایک ایسا مسلح شہری جو ایک لمحے کے نوٹس پر لڑنے کو تیار ہوتا تھا ۔

معجزہ — Miracle

مردم بے زار — Misanthrope

مردم بے زار — Misanthropist

مردم بے زاری — Misanthropy

اختلاط اقوام — Miscegenation

Marfat.com

Miscellanist — جنگ نویس

Misericord/Misericorde — (۱) بیت العفو
ایسی جگہ جہاں عفو گناہ کی رسم ادا کی جاتی ہے ۔
(۲) ایسا خنجر جس کے ایک وار سے سر اُڑ جاتا ہے ۔

Mission, a Prophet's — رسالت ، بعثت

Missionary — مبلغ ، داعی ، مشنری

Missionary spirit — تبلیغی جذبہ

Missioner — مبلغ ، تبلیغی جماعت کا منتظم

Mite — ایک نہایت چھوٹا سکہ

Mithraism — آفتاب پرستی

Mitre — (۱) بشپ کا تاج ، بشپ کی ٹوپی
(۲) بشپ کا تاج عطا کرنا ۔

Model Parliament — نمونے کی پارلیمنٹ

نومبر ۱۲۹۵ء کو طلب کی گئی برطانوی پارلیمنٹ ۔ یہ اُس وقت تک سب سے زیادہ نمائندہ مجلس تھی اور یہی اس کی وجہ تسمیہ بھی تھی ۔

Modernism — تجدید پسندی ، جدید اُصول

اُنیسویں صدی میں سائنس اور فلسفے میں ہونے والی ترقی کا ساتھ دینے کے لیے روایتی عیسائیت میں جدید بنانا ۔

Modoc Indians — موڈوک انڈین

اُنیسویں صدی کے اوائل میں جنوب مغربی اوریگان اور شمالی کیلیفورنیا میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل ۔

Marfat.com

**Mohagan Indians** موہیگن انڈین

سترہویں صدی میں امریکہ کے علاقے جنوب مغربی کونیکٹیکٹ میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل ۔

**Mohawk** موہاک

نیو یارک کے علاقے میں دیہاتوں میں آباد ایک قدیم نسل جس نے فرانسیسی اور انڈین جنگ میں برطانوی موقف کی حمایت کی ۔ اُن کی ۱۹۶۰ء کی دہائی میں پانچ ہزار تعداد تھی ۔

**Mohenjo Daro civilization** موہنجوداڑو کی تہذیب ، وادی سندھ کی تہذیب

**Mohism** موہیت

تیسری اور پانچویں صدی قم کے دوران میں چین کا ایک فلسفیانہ اُصول جس کے تحت تمام بنی نوعِ انسان کے لیے محبت اور احترام کا درس دیا گیا ۔

**Mohist** موہیتی

موہیت کا علمبردار

**Molinism** مولینا

(۱۵۳۵ء - ۱۶۰۰ء) کا یہ عقیدہ کہ توفیق اور فضل ربانی خلوص نیت اور حسن عقیدت پر منحصر ہے ۔

**Monarch** سلطان ، ملک ، فرمانروا

اعلیٰ اختیار کا مالک حاکم جیسے بادشاہ ، ملکہ ، شہنشاہ ، شہنشاہ بیگم ۔

**Monarchy, absolute** ملوکیت مطلق

**Monarchy, constitutional** دستوری یا آئینی ملوکیت

**Monarchy, co-ordinated** مرتبط ملوکیت

Monarchy, elective — انتخابی ملوکیت

Monarchy, hereditary — موروثی ملوکیت

Monarchy, oriental — مشرقی ملوکیت

Monarchy, restored — بحال شدہ بادشاہی

Monasticism — رہبانیت ، خانقاہی زندگی

مذہبی مقاصد کی خاطر دنیاوی معاملات سے کنارہ کشی - رہبانیت کی قدیم ترین مثال بدھ مت سے ملتی ہے - عیسائیت نے بھی اسے فروغ دیا -

Mongols — منگول

قدیم خانہ بدوش قوم جو منگولیا ، مغربی منچوریا اور روس کے کچھ علاقے میں آباد ہوئی - یہ جنگجو لوگ تھے - اُنھوں نے چین میں یوآن خاندان ، ترکستان اور ایران میں بھی اپنی حکمرانیاں قائم کیں-

Mongolism — منگولیت

Monism — وحدت وجود ، وحدت پسندی

یہ عقیدہ کہ مادہ اور روح ایک ہیں - مشہور صوفی محی الدین ابن العربی کا یہ نظریہ کہ کائنات کی ہر شے میں خدا کا وجود ہے -

Monist — وحدت پسند

Monitor — آہن پوش جہاز

امریکی خانہ جنگی کے دوران میں ساحل کی حفاظت کے لیے ایسے جہاز استعمال کیے گئے - ایسا پہلا جہاز ۱۸۶۲ء میں سمندر میں ڈالا گیا - اس پر گیارہ انچ دھانے والی دو توپیں نصب ہوتی تھیں -

Monk — راہب ، صومعہ نشین ، تارک دنیا

Monkery — راہبانہ طرز زندگی ، صومعہ نشینی

Marfat.com

مونو فیزائٹ Monophysite

ایسا فرد جو یہ یقین رکھے کہ صرف ایک ہی ربانی فطرت ہے جو عیسیٰ علیہ السلام کی صورت میں موجود ہے ۔ یہ عقیدہ ایٹچنز نے پیش کیا اور ۴۵۱ء میں اس کی کالیڈان کی کونسل نے مذمت کی ۔

اُصول مونو فیزائٹ Monophysitism

توحید ، وحدانیت Monotheism

موحد ، توحید پرست Monotheist

مونو تھیلیت Monotheletism/Monothelitism

یہ عقیدہ کہ عیسیٰ علیہ السلام کی ایک منشا تھی لیکن دو فطرتیں تھیں ۔ اس عقیدے کو بازنطینی شہنشاہ ہرقل نے ۶۲۲ء میں اختیار کیا ۔ اس کی قسطنطنیہ کی تیسری کونسل نے ۶۸۰ء میں مذمت کی اور بتدریج یہ عقیدہ ختم ہوگیا ۔

مونو تھیلیٹی Monothelite

مونو تھیلیت پر یقین رکھنے والا

منشویکی Monshevik

منشویت کا حامی

منشویت Monshevism

منشویک کے لغوی معانی اقلیتی اراکین کے ہیں ۔ ۱۹۰۳ء میں روسی جمہوری اشتراکی جماعت کا ایک گروہ جس کا قائد پلیخانوف تھا ۔ یہ بورژوائی جماعتوں سے تعاون کے حامی تھے ۔

نظام مانٹیسوری Montessori system

اطالوی ماہر تعلیم اور معالج ماریہ مانٹیسوری کا پیش کردہ نظام جس کی رو سے ۳ - ۶ سال کے بچوں کو پڑھانے کے لیے انفرادی

Marfat.com

سرگرمی ، آزادانہ اظہار ، انفرادی توجہ اور لکھنے کی طرف جلدی راغب کرنے کا اُصول کارفرما تھا ۔

**Monument**

(۱) یادگار ، قدیم عمارت

(۲) تحریری یادداشت ، دستاویز

**Moors**

زنگی

شمالی افریقہ کے خانہ بدوش جو کبھی ماریطانیہ کے باشندے تھے ۔ اُنھوں نے آٹھویں صدی عیسوی میں اسلام قبول کیا ۔ ۷۱۱ء میں اُنھوں نے اسپین میں پیش قدمی کی اور وہاں اقتدار حاصل کر لیا ۔ ۱۴۹۲ء میں فرڈیننڈ اور ملکہ ازابیلا نے ابو عبداللہ کو شکست دے کر اسپین سے مسلمانوں کے اقتدار کو ختم کیا ۔

**Moplas, the**

موپلہ

ہندوستان کے علاقے مالا بار میں آباد عرب نژاد نسل جو یہاں نویں صدی عیسوی میں آ کر آباد ہوئی اور اُنھوں نے یہاں کی خواتین سے شادیاں کیں ۔ موپلوں نے تحریک خلافت (۱۹۲۰ء - ۱۹۲۲ء) کے دوران میں بے مثل قربانیاں دیں ۔

**Moratorium**

التوائے قرض ، مہلت قانونی

کسی قرض کی ادائیگی ایک خاص معینہ مدت کے لیے التوا میں ڈالنا

**Moriscos**

مور سکوز

اسپین کے زنگی جو ۱۴۹۲ء میں اسپین کی عیسائیوں کے ہاتھوں فتح کے بعد ترک مذہب پر مجبور ہوگئے ۔ جنھوں نے چوری چھپے اسلام کے ساتھ وابستگی رکھی اُن پر تشدد کیا گیا ۔ اس کے نتیجے میں مختلف شورشیں ہوئیں جن کو ۱۵۰۰ء - ۱۵۰۲ء اور ۱۵۶۸ء - ۱۵۷۱ء میں نہایت تشدد کے ذریعے دبا دیا گیا ۔ ۱۶۰۹ء میں تمام ایسے مسلمانوں کو اسپین سے جلا وطن کر دیا گیا ۔

Marfat.com

Moravian موراوی

۱۴۶۷ء میں بوہیما میں قائم ہونے والے گروہ سے دوبارہ قائم ہونے والا حسی پروٹسٹنٹ گروہ جو ۱۷۲۲ء میں معرض وجود میں آیا ۔

Morion مغفر

سولھویں اور سترہویں صدی میں امریکہ میں استعمال ہونے والا ایک کھلا خود جس کی ابتدا اسپین سے ہوئی ۔

Mormon مارمن

جوزف اسمتھ کے قائم کردہ فرقے کے پیروکار۔ اس فرقے کو ۱۸۳۱ء کے بعد امریکہ میں زبردست فروغ حاصل ہوا۔ بعد میں اس پر تشدد بھی کیا گیا - ۱۸۹۰ء کے بعد انھوں نے لادینی زندگی پر لاگو قوانین کو تسلیم کر لیا ۔

Mormonism مارمن مذہب

Mortgage رہن ، گروی ، رہن نامہ ، مکفول کرنا

Mortgage moratorium رہن التوائے قرض

Mortgagee مرتہن ، گروی دار

Mortgager/Mortgagor راہن ، گرو گذار ، رہن کرنے والا

Moss-trooper (سترہویں صدی کا) سرحدی قزاق

Mossi موسی

اپرولٹا کی ایک قوم جس نے بارہویں اور ابتدائی سولھویں صدی میں ایک عظیم الشان سلطنت قائم کی ۔

Mother-land مادر وطن ، وطن

Mother-tongue مادری زبان

Marfat.com

**Mountbank** چبوترہ نشین عطائی ، بازاری دوا فروش

گھٹیا ادویات کو فروخت کرنے والا عطائی جو کسی بنچ یا پلیٹ فارم پر کھڑا ہوکر راہ گیروں کو اپنی آواز سے متوجہ کرکے ادویات فروخت کرتا ۔ ایسا چبوترہ نشین عطائی جدید دور کے آغاز سے قبل امریکہ کے معاشرے میں عام دیکھنے میں آتا تھا ۔

**Mozarab** موزارب

قرون وسطیٰ کے اسپین میں مسلمانوں کے دور حکومت میں آزاد عیسائی جن کو اپنے رسم و رواج اور مذہب کی پیروی کی اجازت تھی ۔ وہ صرف خلیفہ کی اطاعت کرتے تھے ۔

**Mudejar** موداہار

اسپین میں رہنے والے وہ مسلمان جو عیسائیت قبول کرنے پر مجبور کر دیے گئے ۔

**Mughal/Moghal dynasty, the** مغلیہ خاندان

ہندوستان میں اس خاندان کی بنیاد ظہیر الدین بابر نے ۱۵۲۶ء میں رکھی ۔ اگرچہ اس خاندان کی حکومت ۱۸۵۷ء تک رہی لیکن اس کا عروج ۱۷۰۷ء تک رہا ۔ اس خاندان میں نصیر الدین ہمایوں ، جلال الدین اکبر ، نور الدین جہانگیر ، شہاب الدین محمد شاہجہاں محی الدین اورنگ زیب عالمگیر جیسے بادشاہ گذرے ہیں ۔ مغلوں نے ایک اعلیٰ انتظامی ڈھانچے کی تشکیل کی جس کی اساس مرکزیت پر تھی ۔

**Mughal Empire** مغلیہ سلطنت

**Murad** مراد

عثمانیہ سلطنت کے سلاطین

مراد اول (۱۳۲۶ء - ۱۳۸۹ء) - یہ ۱۳۶۲ء - ۱۳۸۹ء تک برسر اقتدار رہا ۔

Marfat.com

مراد دوم (۱۴۰۳ء - ۱۴۵۱ء) - یہ ۱۴۲۱ء - ۱۴۵۱ء تک برسر اقتدار رہا -

مراد چہارم (۱۶۱۲ء - ۱۶۴۰ء) - یہ ۱۶۲۳ء - ۱۶۴۰ء تک برسر اقتدار رہا -

مراد پنجم (۱۸۴۰ء - ۱۹۰۴ء) - یہ مختصر سا عرصہ ۱۸۷۶ء میں برسر اقتدار رہا - اس پر مدحت پاشا کا غلبہ رہا -

**Musketeer**
بندوقچی ، تفنگی ، تفنگچی

**Musketry**
بندوقیں ، بندوق چلانے کا علم یا فن

**Muslim Calendar**
مسلم کیلنڈر

۱۳ ستمبر ۶۲۲ء کی شب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ ہجرت فرمائی - دوسرے خلیفہ عمر فاروقؓ نے اسلامی سن ایجاد کیا تو اُس کی ابتدا ہجرت کے واقعہ سے کی - یہ ۳۵۴ دنوں پر مشتمل قمری سال ہے -

**Mutazila (Ar.)**
معتزلہ

ابو حذیفہ واصل بن عطا الغزال (۶۹۹ء - ۷۴۸ء) نے علم الکلام کا سہارا لے کر ایک نیا مکتب فکر قائم کیا جس نے صدیوں تک دانشوروں پر غلبہ حاصل کیے رکھا - ممتاز مورخین ، ریاضی دان بلکہ خلفا بھی اس مکتب فکر کے ساتھ وابستہ ہوئے - ان میں خلیفہ مامون الرشید قابل ذکر ہے جس نے خلق قرآن کے مسئلہ پر نہایت سخت رویہ اختیار کیا - معتزلی تقدیر پرستی کے سخت مخالف تھے -

**Mutineer**
باغی ، مفسد

**Mycenacen civilization**
مسینی آن تہذیب

۳۰۰۰ قم - ۹۰۰ قم کے درمیان فروغ پانے والی تہذیب جس نے مسینی آن میں فروغ پایا -

**Mythologist**
ماہر اساطیر ، ماہر علم الاصنام

**Mythology**
دیو مالا ، علم الاساطیر ، علم الاصنام

Marfat.com

# N

**Nabataean** **نباتائی**

عرب نژاد قوم جس نے ۳۱۲ ق‌م - ۱۰۶ء تک فلسطین کے علاقے پیٹرا میں اپنی بادشاہت قائم کی -

**Nabhapamti, the** **نابھاپاستی**

اشوک کے سپوتا اور کتبے سیزدہم میں مذکور ایک قوم جسے نبھاکاس اور نبھٹیس بھی کہا گیا ہے - خیال ہے کہ یہ قوم پاکستان کے صوبہ سرحد میں آباد تھی -

**Nabob** **نواب ، حاکم**

(۱) ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازمین کو چڑانے کا نام - یہ اپنا مقدر سنوارنے کے بعد جاگیریں خریدنے کے لیے انگلستان واپس جاتے اور پارلیمنٹ کی نشستیں حاصل کرتے - اُن کی یہ دلچسپی تھی کہ وہ ہندوستان میں اصلاحات کے کام کو روکیں -

(۲) ہندوستان میں صوبہ دار -

**Nagas, the** **ناگا**

ہندوستان کی نرمدا وادی کے قدیم لوگ - سمدرا گپتا کے الہ آباد کے کتبے میں گانا پتی ناگا نامی بادشاہ کا ذکر ملتا ہے -

**'Nameless king' the** **گمنام بادشاہ**

اس سے مراد وہ کشن بادشاہ ہے جس نے ہندوستان میں ۱۰ء - ۲۰ء تک حکومت کی - اُس نے اپنے دور میں سکے بھی جاری کیے -



Marfat.com

**Nanda dynasty** — خاندان نندا

اس خاندان کی بنیاد سہاپدما نے ۳۶۲ ق م میں رکھی ۔ اس خاندان میں نو بادشاہ گذرے ہیں ۔ اس کے آخری بادشاہ دھانانندا کو ۳۲۲ ق م میں چندر گپت موریہ نے تخت سے اُتارا ۔

**Nantes, Edict of** — فرمان نینٹس

فرانس کے بادشاہ ہنری چہارم (۱۵۵۳ء – ۱۶۱۰ء) کا جاری کردہ فرمان ۔ جس کا مقصد فرانسیسی پروٹسٹنٹوں کے حقوق کا تعین تھا ۔

**Naples, kingdom of** — بادشاہت نیپلز

جنوبی اٹلی کے علاقہ میں ۱۴۴۳ء – ۱۸۶۰ء تک قائم ہونے والی بادشاہت ۔

**Napolean** — نپولین

فرانس کے بادشاہ نپولین اول کا ۱۸۰۵ء میں ۲۰ فرانک کی مالیت کا طلائی سکہ ۔

**Nascent nationalism** — ناشی قوم پرستی

**National despot** — قوم پرست مستبد

**National guards** — قومی محافظین

**National Republican Party** — قومی جمہوری جماعت

۱۸۲۸ء – ۱۸۳۶ء تک قائم رہنے والی ایک امریکی سیاسی جماعت جسے اینڈریو جیکسن نے قائم کیا ۔

**National Socialism** — قومی اشتراکیت

نازیت کا دوسرا نام ۔

**National Socialist** — قومی اشتراکی ، نازی

National spirit — قومی جذبہ

Nationalism, conservative — قدامت پسندانہ قوم پرستی

Nationalism, territorial — وطنی قوم پرستی ، علاقائی قوم پروری

Native — وطنی ، ملکی ، اصلی ، خلقی ، پیدائشی

Native races — دیسی نسلیں

Native states — دیسی ریاستیں

برطانوی ہندوستان میں دیسی علاقے جن کے حکمران اپنے ہوتے تھے لیکن مجموعی طور پر کنٹرول انگریزوں کا ہوتا تھا ۔ جیسے حیدر آباد دکن ، بہاول پور وغیرہ ۔

Natives — ملکی باشندے

Natural history — طبعی تاریخ

تمام قدرتی اشیاء مثلاً جانور ، نباتات اور معدنیات کا باقاعدہ مطالعہ ۔

Natural philosopher — طبعی فلسفی

(۱) قدیم یونانی فلسفیوں میں سے کوئی فلسفی جس کا بنیادی مقصد طبعی لائحہ عمل ہو ، جیسے اناگزیمینڈر (۶۱۱ ق م - ۵۴۷ ق م)

(۲) طبعی فلسفے کا مطالعہ کرنے والا فلسفی ۔

Natural philosophy — طبعی فلسفہ ، طبعی علم

Naturalism — طبعی مذہب یا اخلاق ، دہریت ، فلسفۂ طبعی ، آزاد مشربی

Naturalist — فطرت پسند ، مادہ پرست ، دہریہ ، نیچری

Naturalistic Aristotelianism — فطرت پسندانہ ارسطوئیت

Navigation Acts — قوانین جہاز رانی

برطانوی نو آبادیاتی تاریخ میں تجارت کے متعلق پارلیمنٹ کے منظور کردہ قوانین جو نظریۂ زر کے متعلق تھے ۔

Marfat.com

نصرانی ، ناصریہ کا باشندہ **Nazarene/Nazarite**

بائبل کے مطابق ایسا فرد جو اپنے مختلف حلف ناموں کی رو سے صرف یہودا (خدا) کے لیے وقف ہو ۔ اُسے وقف اُس کے والدین نے کیا ہوتا ہے یا وہ خود اپنے آپ کو وقف کر دیتا ہے ۔

ناتسی **Nazi**

ناتسی قومی اشتراکی کا مخفف ہے یعنی ایسا فرد جو ناتسیئت پر یقین رکھتا ہو ۔

ناتسی اُصول ، ناتسی عقیدہ **Nazi doctrines**

جرمن نیشنل سوشلسٹوں کا مخف **Nazi-new order**

ہٹلر کے مفتوح یورپ کے مستقل استحصال کے منصوبے کو یہ نام دیا گیا ۔

ناتسی نظام حکومت **Nazi regime**

ناتسی ریاست **Nazi state**

معتقد بجبر **Necessarian**

معتقد بجبر ، جبری ، قدری ، جبر پسند **Necessitarian**

جبر پسندی ، جبر و تفویض ، جبریت ، قدریت **Necessitarianism**

انکاری ، نفی پسند فرد **Negationist**

مسلمہ عقائد سے روگردانی کرنے والا ۔

منکریت ، مذہب سے انکار **Negativism**

انتقام الٰہی ، انتقام کی دیوی ، پاداش عمل ، مکافات عمل **Nemesis**

قانون اور نظم کی یونانی تجسیم جو کہ خلاف ورزی کرنے والے پر انتقام لیتا ہے ۔

Marfat.com

Neolithic age/New Stone Age

عہد حجر نو

(۱) دور تمدن ۱۰ ہزار سال ق‌م - ۵ ہزار سال ق‌م تک -

(۲) دور ترقی ۵ ہزار سال ق‌م - ۳ ہزار سال ق‌م تک -

(۳) دور ملوکیت ۳ ہزار سال ق‌م - ۲ ہزار سال ق‌م تک -

عہد حجر نو میں انسان نے خوراک کے نئے ذرائع تلاش کر لیے تھے اور وہ چمکدار پتھریلے برتن بنانے لگا تھا - ظروف سازی ، کپڑا بننے اور نجاری کے پیشوں نے بھی فروغ پایا - کئی ایک جانوروں کو پالتو بنایا گیا اور زراعت میں بھی جانوروں کا استعمال شروع ہوگیا تھا -

Neo-Platonist

نو افلاطونیت کا پیرو

Neo-Pythagorean

حکیم فیثا غورث کا مقلد نو

ایسا فرد جس کا فلسفے کے اسکندریائی مکتب (پہلی صدی عیسوی) پر یقین تھا جس نے حکیم فیثا غورث کے بیشتر خیالات کی عارفانہ تفسیر کی -

Neo-Pythagoreanism

حکیم فیثا غورث کی تقلید نو

Neo-Scholasticism/Neo-Thomism

متکلمانہ طریق نو

پوپ لیو سیزدہم کی شروع کردہ کیتھولک مسلک کا ذہنی احیا جس کا انحصار سینٹ تھامس اکینوناس کی تعلیمات پر تھا - اُس نے اس کی جدید تحقیق کی -

Nero

نیرو

نیرو (۳۷ء - ۶۸ء) روم کا ۵۴ء - ۶۸ء تک شہنشاہ رہا - کسی بھی شریر ، بے رحم اور ظالم شخص کے لیے اس لفظ کا استعمال کیا جاتا ہے -

Nestorian

نیسٹورین

نیسٹوریس (پانچویں صدی کا قسطنطنیہ کا پادری) کے نظریات کو ماننے

Marfat.com

والا - ان لوگوں نے افیسینر کی کونسل (۴۳۱ء) کے فیصلے کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا - یہ لوگ ایران، میسوپوٹیمیا اور عرب کی طرف اُٹھ گئے حتیٰ کہ چودہویں صدی میں تاتاریوں نے اُن کو تہ تیغ کیا -

**Nestorianism** — تقلید نیسٹوریس

**New Learning** — علمیت نو

پندرہویں اور سولہویں صدی میں بائبل اور یونانی مستند کتابوں کا مطالعہ کرنے کا رجحان - اس نے تحریک احیائے علوم اور تحریک اصلاح مذہب پر اپنے اثرات چھوڑے -

**New Monarchy** — نئی ملوکیت

۱۸۷۰ء میں اس اصطلاح کا سب سے پہلے استعمال جے آر گرین نے کیا اور اُس وقت سے اس کا اطلاق ٹیوڈر ملوکیت پر کیا جاتا ہے، خاص طور پر ہنری ہفتم کے دور پر - اس کا مقصد اُن رجحانات کو آشکارا کرنا تھا جو مرکزیت، مطلق العنانیت اور آئینی تبدیلیوں سے متعلق تھے -

**New Muslims** — نئے مسلمان، نو مسلم

یہ نام اُن منگول حملہ آوروں کے ایک گروہ کو دیا گیا جس نے ۱۲۹۲ء میں اسلام قبول کیا - یہ لوگ کلوکھاری اور دہلی کے نزدیک دیگر دیہاتوں میں آباد ہوئے - چونکہ منگولوں کے حملے ابھی جاری تھے اس لیے ان نو مسلموں پر بھی شک کا اظہار کیا گیا - سلطان علاؤ الدین خلجی کے دور میں ۱۲۹۷ء کے قتل عام میں اُن کا قلع قمع کر دیا گیا -

**New Testament** — عہد نامۂ جدید (انجیل)

**New Thought** — فکر نو

امریکہ میں مذہبی اور فلسفیانہ تحریک جس کی بنیاد تعمیری فکر کی تخلیقی قوت تھی - یہ نام ۱۸۹۰ء میں اختیار کیا گیا - یہ مادے کے

Marfat.com

وجود کو تسلیم کرتی تھی لیکن یہ محض ذہن کے اظہار کا نام ہے - اس کا مرکزی خیال یہ تھا کہ انسان روح یا ذہن ہے اور خیالات کے ذریعے وہ خیالات کے مطابق اپنے آپ کو تبدیل کر سکتا ہے اور اپنی خواہشات کا حصول ممکن بنا سکتا ہے -

New World

نئی دنیا

امریکہ کا نام جسے ۱۴۹۲ء میں کولمبس نے دریافت کیا -

Nicephorus

نائسفورس

بازنطینی شہنشاہ

نائسفورس اول (متوفی ۸۱۱ء) - یہ ۸۰۲ء - ۸۱۱ء تک برسر اقتدار رہا -

نائسفورس دوم (۹۱۳ء - ۹۶۹ء) - یہ ۹۶۳ء - ۹۶۹ء تک برسر اقتدار رہا -

Nihility

اعدام ، معدومیت ، نیستی

Nizam Shahi dynasty

نظام شاہی خاندان

اس خاندان کی بنیاد ملک احمد نے ۱۴۹۰ء میں جونار میں رکھی - یہ بہمنی خاندان کی بادشاہت کے سلطان محمود (۱۴۸۲ء - ۱۵۱۸ء) کے خلاف ایک کامیاب بغاوت کا نتیجہ تھا - ۱۶۳۷ء میں اسے سلطنت مغلیہ میں شامل کر لیا گیا -

Nomad/Nomade

خانہ بدوش ، بادیہ نشین

Nomadism

خانہ بدوشی ، بدویت ، صحرا نووردی

Nomenclator

قدیم روما کا حاجب غلام

Non-conformity

(۱) انحراف ، اختلاف

(۲) عدم موافقت بہ کلیسائے انگلستان -

Marfat.com

تحریک عدم تعاون
Non-cooperation movement

برصغیر پاک و ہند میں یہ تحریک مسٹر گاندھی نے ۱۹۱۹ء-۱۹۲۰ء میں شروع کی ۔ اس کا مقصد انگریزوں کی حکومت کو مجبور کر کے آئینی اصلاحات کا نفاذ کرانا تھا جن کی کانگریس خواہشمند تھی ۔ یہ تحریک ۱۹۲۴ء تک جاری رہی ۔ سرکاری ملازمتیں چھوڑ دی گئیں ، سرکاری اعزازات واپس کر دیے گئے ۔ بدیشی مال کا بائیکاٹ کیا گیا ۔

نوٹکا انڈین
Nootka Indians

امریکہ کے وینکوور جزائر میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل ۔

نارمن فتوحات
Norman conquests

نارمنوں نے دسویں صدی میں نارمنڈی کو فتح کیا ۔ اُنھوں نے ۱۰۶۶ء میں انگلینڈ کو زیر کیا اور گیارہویں صدی میں اٹلی پر اپنا تسلط قائم کیا ۔ ۱۱۳۰ء میں اُنھوں نے سسلی کی بادشاہت قائم کی ۔

نارتھمبریا کی بادشاہت
Northumbria, kingdom of

اینگلوسیکسن بادشاہت جو مختلف شکلوں میں چھٹی صدی عیسوی سے دسویں صدی عیسوی تک قائم رہی ۔

لامذہب ، دہریہ
Nothingarian

Novice
(۱) نو آموز ، مبتدی ، ناآزمودہ کار
(۲) اُمید وار پادری ، کوئی ایسا شخص جو کسی مذہب میں نیا نیا داخل کیا گیا ہو ۔

Noviciate
راہبوں یا پادریوں کے سلسلے میں داخل ہونے والوں کے لیے اُمیدواروں کا زمانہ ۔

Nullification
ابطال ، اعدام ، منسوخی ، فسخ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Numismatics | سکہ شناسی ، علم مسکوکات |
| Numismatist | سکہ شناس ، ماہر مسکوکات ، سکوں کا ماہر |
| Numismatology | سکہ شناسی ، سکوں سے واقفیت |
| Nun | راہبہ |
| Nunery | خانۂ راہبات |

Marfat.com

# O

| | |
|---|---|
| Oath of fealty | حلف وفاداری |
| Obduracy | سنگ دلی ، تمرد ، سر کشی ، ضد |
| Obdurate | سنگ دل ، متمرد ، سرکش ، ضدی |
| Obedience | (۱) اطاعت ، فرمانبرداری |
| | (۲) کلیسائی حکمرانی ، کلیسا کا دائرہ اختیار |
| Obedience, passive | مجبوری اطاعت ، بے دلی کی اطاعت |
| Obedient | مطیع ، تابع ، فرمانبردار ، اطاعت شعار |
| Obeisance | کورنش ، آداب ، تعظیم ، اظہار اطاعت |
| Objectification | تجسیم کرنا ، مادی بنانا یا بننا |
| Objectivism | واقعیت پسندی ، معروضیت |
| | یہ نظریہ کہ خارجی اشیا کا علم مقدم اور حقیقی ہے - |
| Oblate | فرد وقف شدہ برائے مذہب ، خادم دین ، خانقاہ نشین |
| Oblation | نذر ، نیاز ، قربانی ، عطیہ حسنہ |
| Oblivion | عفو عام ، معافی ، گوشہ گمنامی |
| Obscurant | مخالف ترقی یا اصلاح ، ظلمت پسند ، دشمن اصلاح و ترقی |
| Obscurantism | ظلمت پسندی ، مخالف اصلاح ، ترقی و اصلاح کی مخالفت |
| Obsess | آسیب |

Obsoletism
دقیانوسیت ، متروکیت کی حمایت

Occasionalism
نظریہ مشیت ایزدی
مسبب الاسباب خدا تعالیٰ کی ذات ہے اور انسان کے ارادے اور ادراک کو خارجی مظاہر سے علت و معلول کا تعلق نہیں -

Occasionalist
نظریہ مشیت ایزدی کا قائل

Occident, the
مغرب
پہلے اس سے مراد یورپ تھا لیکن بعد میں اس اصطلاح کا دائرہ امریکہ تک بڑھا دیا گیا -

Oeumenical council
عالمگیر مسیحی مجلس

Ojibwa Indians
اوجیبوۂ انڈین
امریکہ کے علاقے لاؤسینیا میں سترہویں صدی میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل جس نے ۱۸۱۲ء کی جنگ میں فرانسیسیوں کا ساتھ دیا

Olaf
اولاف

ناروے کے بادشاہ

اولاف اول (۹۶۳ء - ۱۰۰۰ء) - یہ ۹۹۵ء - ۱۰۰۰ء تک برسر اقتدار رہا -

اولاف دوم (۹۹۵ء - ۱۰۳۰ء) - یہ ۱۰۱۵ء - ۱۰۲۸ء تک برسر اقتدار رہا -

Old Catholic
قدیم کیتھولک
یورپ اور امریکہ میں قومی کلیساؤں کا ایک چھوٹا سا گروہ جو اٹھارویں اور پھر ۱۸۷۰ء میں عقائد کی بنیاد پر رومی کیتھولک کلیسا سے علیحدہ ہوا -

Old Guard
قدیم محافظ
نپولین اول کے قائم کردہ (۱۸۰۴ء) شاہی محافظوں کا دستہ

Marfat.com

قدیم عظیم جرمن Old High German

۷۵۰ء - ۱۱۰۰ء کے درمیان بولی جانے والی جرمن

قدیم فارسی Old Iranian

(۱) ایران میں ظہور یسوع مسیح علیہ السلام سے قبل بولی جانے والی فارسی -

(۲) چھٹی صدی ق‌م اور پانچویں صدی ق‌م کے درمیان بولی گئی فارسی

قدیم آئرش Old Irish

گیارہویں صدی سے قبل بولی جانے والی آئرش -

قدیم لاطینی Old Latin

چھٹی صدی ق‌م سے ۱۰۰ ق‌م تک بولی جانے والی لاطینی

توراث ، عہدنامہ عتیق Old Testament

یہودیوں کی تصنیف شدہ بائبل کا پرانا حصہ جو ترتیب وار مختلف نظم کے تحت ترتیب دیا گیا تھا -

اولیمپک کھیل Olympic games

قدیم یونان میں ہر چار سال کے بعد اولیمپیا کے مقام پر سب سے بڑے دیوتا زیوس کے اعزاز میں منعقد کیے گئے جسمانی ورزش کے کھیل - ان کا آغاز ۷۷۶ ق‌م میں ہوا - چوتھی صدی عیسوی کے آخر میں روم کے شہنشاہ تھیوڈو سیوس اول نے اُن کو منقطع کر دیا - موجودہ آغاز ۱۸۹۶ء میں ایتھنز کے مقام پر ہوا -

اولمپس Olympus

یونان میں مقدونیہ اور تھیسالی کے درمیان واقع پہاڑ جس کی چوٹی ۹,۵۷۰ فٹ بلند ہے - یونانی مذہب میں یہاں اولمپین دیوتا رہتے تھے - بعد میں اولیمپس نام دیوتاؤں کے آسانی محل کے لیے استعمال کیا جانے لگا -

Marfat.com

Omaha Indians — اوماہا انڈین

امریکہ کے علاقے ڈیکوٹا میں آباد ایک قدیم نسل جو اُنیسویں صدی کے آخر میں آئی ۔

Omen — شگون ، فال ، علامت

مختلف قدیم اقوام میں شگون لینے کا اعتقاد عام تھا جیسے ظہور اسلام سے قبل عرب کسی مصیبت یا تباہی کے نزول پر پتھر کی کنکریوں پر کچھ پڑھ کر پھونکتے ۔ اُن کا اعتقاد تھا کہ ایسا کرنے سے بلائیں ٹل جاتی ہیں ۔ جانوروں کے بولنے اور اُڑنے کو نیک اور بدشگون سمجھتے تھے ۔ اگر کوئی جانور کسی کام پر جاتے ہوئے کسی شخص کا راستہ بائیں سے دائیں طرف کاٹ جاتا تو اُسے نیک شگون خیال کرتے اور اُسے "سانح" کہتے اور اگر دائیں سے بائیں طرف راستہ کاٹ جاتا تو اُسے بد شگونی خیال کرتے اور اُسے "جارح" کہتے تھے ۔

Ominous — مشؤم ، بدشگون ، منحوس ، نامبارک

Ominousness — بدشگونی ، نحوست

Ominous symptoms — بد شگونی

Omission and commission — ترک و ارتکاب

Omission and commission, sins of — ترک و ارتکاب کے جرائم

Omnipotence — قدرت مطلق

Omnipotent — قادر مطلق

Omniscience — علم کل ، علم یتناہی

Omniscient — عالم کل ، دانائے کل

Omnivorous — ہمہ خور ، سب چیزیں کھانے والا

**Omophagic/Omophagous** گوشت خام خور

**Open field** کھلا کھیت

قرون وسطیٰ کے یورپ میں زراعت کا ایک طریقہ جس میں قابل کاشت زمین کو باڑ کے بغیر ٹکڑیوں میں تقسیم کر دیا جاتا تھا ۔ عام طور پر ان میں فصل بدل کر کاشت کی جاتی تھی ۔ مختلف ٹکڑیوں میں مختلف کاشتکار کام کرتے ۔

**Oppressed** مظلوم

**Oppression** جبر ، ظلم ، تعدی ، فشار

**Oppressor** ستمگر ، ظالم ، جابر

**Opprobrium** رسوائی ، فضحیت ، نفرین ، ذلت

**Optimates** گروہ اشراف

**Oracle** دارالاستخارہ ، الہام ، جواب استخارہ ، آواز غیب

یونانی مذہب میں کسی دیوتا کا کسی انسان کے کسی سوال کا جواب دینا ۔

**Orangeman** اورینج مین

۱۷۹۵ء میں آئرلینڈ میں قائم کی گئی ایک سیاسی پروٹسٹنٹ تنظیم کا رکن ۔ اس تنظیم کا مقصد آئرلینڈ میں پروٹسٹنٹوں کی برتری قائم رکھنا تھا ۔

**Oratory** کلیسائی انجمن

روسی کلیسا کی مذہبی انجمن جس میں بے ضابطہ پادری شریک ہوتے تھے اور ارکان پر سادگی کے متعلق زور دیا جاتا تھا ۔

**Orgubreau** آرگبیورو

روس میں یہ تنظیم ۱۹۱۹ء میں قائم کی گئی اور ۱۹۵۲ء میں اسے توڑ دیا گیا ۔

Marfat.com

Orgy — بدمستی ، رنگ رلیاں

قدیم یونانی اور رومی دیوتاؤں کی پرستش کی مخفی رسوم جن میں وہ شراب پی کر ناچتے گاتے تھے -

Oriental kingdoms — مشرق بادشاہتیں

Oriflamme — علم ، جھنڈا

فرانس کا قدیم بادشاہی جھنڈا -

Original sin — گناہ آدمؑ ، فطری معصیت

Orleanist — حامیٔ اورلینز

خاندان اورلینز کا حامی جس کا یہ دعویٰ تھا کہ فرانس کے تخت پر اُس کے خاندان کا حق ہے کیونکہ وہ لوئی چہاردہم کے چھوٹے بھائی کی اولاد ہے - جس کا نام فلپ ڈیوک ڈی اورلینز (۱۶۴۰ء - ۱۷۰۱ء) تھا -

Orthodox Church, the — یونانی کلیسا ، مشرقی کلیسا

Orthodox scholasticism — مسلمہ علم الکلام

Orthodoxy — رشد ، راسخ الاعتقادی ، تقلید پسندی

Oscar — آسکر

سویڈن کے بادشاہ

آسکر اول (۱۷۹۹ء - ۱۸۵۹ء) - یہ ۱۸۴۴ء - ۱۸۵۹ء تک سویڈن اور ناروے کا بادشاہ رہا -

آسکر دوم (۱۸۲۹ء - ۱۹۰۷ء) - یہ ۱۸۷۲ء - ۱۹۰۵ء تک سویڈن اور ناروے کا بادشاہ رہا - لیکن ۱۹۰۵ء میں ناروے نے سویڈن کی یونین سے علیحدگی اختیار کرلی -

Ostler — سائیس ، سرائے کے اصطبل کا محافظ

Marfat.com

**Ostracize** — حقوق سے محروم کرنا ، جلاوطن کرنا

قدیم یونان میں کسی ایسے شخص کو ۵ یا ۱۰ سال کے لیے عام ووٹوں کے ذریعے جلاوطن کرنا جس کی سرگرمیاں ریاست کے لیے منافی ہوتی تھیں ۔ ووٹ ٹھیکریوں پر رجسٹر کیے جاتے تھے ۔

**Oto Indians** — اوٹو انڈین

امریکہ میں گریٹ لیک اور بعد میں جنوبی مینسوٹا کے علاقے میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل جو اُنیسویں صدی کے آخر میں وہاں آئی ۔

**Ottawa Indians** — اوٹاوہ انڈین

امریکہ کے جزائر مینی ٹولن میں سترہویں صدی میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل ۔

**Outcaste** — برادری یا وطن سے نکالنا ، حقہ پانی بند کرنا

**Outlawry of war** — جنگ کا قانونی امتناع

**Outworn economic system** — فرسودہ معاشی نظام

**Outworn political system** — فرسودہ سیاسی نظام

**Overlord** — سردار ، امیر بالا

ایک ایسا برتر جاگیردار جس سے اُمرا زمینیں حاصل کرتے اور جس کی خدمت میں وہ رہتے ۔

**Overlordship** — سرداری

Marfat.com

# P

Pace — ڈگ ، قدم

روم میں ایک ہی ایڑی کے پیہم ٹکراؤ کے درمیان فاصلے کی پیمائش جوکہ عام طور پر ۶۰ انچ ہوا کرتی تھی ۔

Pagan — بت پرست ، کافر ، مشرک ، غیر اہل کتاب

Pagandom — غیر اہل کتاب کی جماعت

Paganism — شرک ، کفر ، جاہلیت

Pagoda — بتکدہ

مخروطی شکل کا مندر ۔ جاپان میں ایسے بتکدوں کا رواج بدھ مت کے وقت ہوا ۔

Pala dynasty, the — خاندان پالا

گوپالا نے اس خاندان کی بنیاد ۷۵۰ء میں بنگال میں رکھی ۔ اس خاندان نے ۱۱۵۵ء تک حکومت کی لیکن بہار میں اس کا اقتدار ۱۱۹۹ء تک قائم رہا ۔

Pala dynasty of Kamerupa — کاروپا کا خاندان پالا

اس خاندان کی بنیاد براہپا پالا نے ۱۰۰۰ء میں کاروپا میں رکھی ۔ اس خاندان میں سات بادشاہ گذرے ہیں ۔



Marfat.com

**Palatinate**

(۱) قلمرو امیر مختار

(۲) قدیم جرمن حکومت کا صوبہ جو ۱۳۵۶ء میں مقدس رومی سلطنت کا ایک انتخابی یونٹ تھا ۔ اٹھارویں صدی کے آخر میں اسے بویریا میں شامل کر دیا گیا ۔ یہ نام کونٹ پلے ٹائن کے منصب سے اخذ کیا گیا ہے جس کی اصل رومی ہے ۔

**Pale**

حدود ، احاطہ

اس اصطلاح کا استعمال پہلی بار چودھویں صدی میں آئرلینڈ میں کیا گیا۔ ایک انگریزی احاطہ کا لیس کے گرد ۱۵۵۸ء تک قائم رہا ۔ ایک احاطہ سولھویں صدی میں اسکاٹ لینڈ میں قائم ہوا ۔ روس میں احاطہ ایک ایسی جگہ تھی جہاں یہودی قیام پذیر ہو سکتے تھے۔ یہ پولینڈ کی پہلی تقسیم سے لے کر ۱۹۱۷ء کے انقلاب تک قائم رہا ۔

**Paleolithic period/Old Stone Age**

پتھر کا زمانہ قدیم

(۱) دور شکار پچاس ہزار سال قؑم سے پچیس ہزار سال قم تک

(۲) دور زراعت پچیس ہزار سال قم سے دس ہزار سال قم تک

اس دور میں انسان غاروں میں رہتا تھا اور پتھر کے بنائے ہوئے ہتھیاروں سے شکار کیا کرتا تھا ۔ اس دور کے آخر میں اُس نے کچھ جانوروں کو پالتو بنانا شروع کر دیا تھا اور کاشتکاری سے متعلق بھی کچھ پیش رفت کرلی تھی ۔

**Palisade**

نوکدار لکڑیوں کا جنگلا

**Pal ladium**

پالاس کا بت جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا تھا کہ شہر ٹرائے کی فلاح و بہبود اُس پر ہے ۔

**Pallava dynasty, the**

خاندان پلاوا

اس خاندان نے ہندوستان کے موجودہ اضلاع شمالی اور جنوبی ارکاٹ مدراس ، ٹرچناپولی اور تنجور پر حکومت کی ۔ اس کے قیام کی صحیح

Marfat.com

تاریخ معلوم نہیں لیکن چوتھی صدی عیسوی میں یہ اپنے عروج پر تھی - نویں صدی عیسوی کے آخر تک اس خاندان کا اقتدار رہا -

**Pallium** **اُسقف اعظم کا جبہ**

**Palmer**

(۱) درویش راہب

(۲) بیت المقدس کا وہ زائر جو زیارت کے بعد اپنے ساتھ کھجور کی شاخ ساتھ لاتا تھا -

**Pan** **روح فطرت ، عالم فطرت کا دیوتا**

یونانی مذہب میں زرخیزی کا دیہی دیوتا - اس کی پرستش زیادہ تر آرکیڈیا کے علاقے میں ہوتی تھی - اُس کی عکاسی ایک خوش طبع اور بدصورت انسان جس کے سینگ ، داڑھی ، دم اور بکری کے پاؤں کے طور پر کی گئی تھی -

**Pan-Turanism** **ہمہ تورانیاں**

ترکی کے قائد انور پاشا نے ترکمان ، ازبک اور آذربائجانی ترکوں کو متحد کرنے کے لیے ہمہ تورانیاں کی تحریک چلائی تاکہ اُن میں یگانگت پیدا ہوسکے اور اُن کی اپنی ایک ریاست قائم کی جا سکے - یہ تحریک انور پاشا کی وفات کے ساتھ ہی ختم ہوگئی -

**Pandora's Box** **بکس تحائف**

یونانی دیومالا کے مطابق پنڈورا دنیا کی پہلی خاتون تھی جو دل پسند اشیا بند کرکے بہشت سے لائی تھی لیکن غلطی سے یہ صندوق کھول دیا گیا - جس کی وجہ سے وہ سب اشیا نکل کر دنیا میں پھیل گئیں اور ایک طوفان پیدا کر دیا - صرف "اُمید" صندوق کے اندر بند رہ گئی - پنڈورا کے لفظی معانی "تحائف" کے ہیں -

**Panopticon** **گول قید خانہ ، زندان گرد**

برطانوی مفکر جرمی بینتھم (۱۷۴۸ء - ۱۸۳۲ء) کا یہ خیال تھا کہ

Marfat.com

قید خانے کی عمارت گول ہونی چاہیے ، چاروں طرف کوٹھڑیاں ہوں اور درمیان میں پہرے داروں کی رہائش گاہیں ہوں ۔

**Pant Pratinidhi, the** پنت پراتینندھا
ہندوستان میں پیشوا سے اعلیٰ ایک منصب جسے سیوا جی کے دوسرے بیٹے راجہ رام (متوفی ۱۷۰۰ء) نے قائم کیا تھا ۔ جب وہ جنجی کے مقام پر مہاجر تھا ۔

**Pantheism** (۱) وجودیت ، عقیدہ وحدت وجود
کائنات کو خدا ماننے کا عقیدہ ۔
(۲) دیوتاؤں کی پرستش

**Pantheist** وجودی ، وحدت وجود کا قائل

**Pantheon** سب دیوتاؤں کا مقدر

**Pantheon, the** (۱) یادگار :
مشاہیر کی یہ یادگار روم میں ۲۷ ق م میں اگریپا نے تعمیر کی ۔ اسے دوسری صدی عیسوی میں ہیڈرین نے پھر تعمیر کیا ۔ ٦٠٩ء میں اسے گرجا میں تبدیل کر دیا گیا ۔
(۲) مشاہیر کی یہ یادگار پیرس میں ۱۷٦۴ء ۔ ۱۷۸۱ء کے درمیان میں تعمیر کی گئی ۔

**Papago** پاپا گو
امریکہ کی ایک قدیم نسل جس کی ترقی پر یسوعی مشنریوں نے ۱٦۸۷ء ۔ ۱۷٦۲ء کے دوران میں بڑے گہرے اثرات مرتب کیے ۔ انھوں نے انیسویں صدی میں امریکی حکومت کی حمایت کی ۔

**Papal absolution** پاپائی آموزش

**Papal election** پاپائی انتخاب

**Papal encyclical** پاپائی گشتی فرمان

Marfat.com

Papal exactions — پاپائی استحصال بالجبر

Papal infallibility — پاپائی معصومیت

Papal legate — پاپائی سفارتی نمائندہ

Papal revenues — پاپائی محاصل

Papal see — پاپائی منصب ، پاپائی علاقہ

Papal states — پاپائی ریاستیں ، کلیسائی ریاستیں

یہ ریاستیں اطالوی علاقے سے باہر تک قائم تھیں - یہ اُن علاقوں پر قائم ہوئیں جو چوتھی صدی عیسوی میں پوپ کو دیے گئے - بتدریج اُن کی حدود محدود ہوتی چلی گئیں - ۱۹۲۹ء یہ ریاست محض ویٹکن شہر تک ہی محدود ہوگئی جسے مکمل اقتدار اعلیٰ عطا کیا گیا -

Papal supremacy — پاپائی تفوق

Papal taxation — پاپائی محصولات

Papalism — پاپائی نظام کی حمایت

Papalist — پاپائی

Papist — پاپائی ، پوپ پرست ، پوپ کے اقتدار کا حامی

Papistry — پوپ پرستی

Parachronism — کسی زمانے یا واقعے کی غلطی

Paramount authority — حاکم فائق

Paramount, lord — آقا ، اعلیٰ عہدے پر فائز

Pardoner — خطا بخش

ایک ایسا پادری جس کے پاس پاپائی عفوناسے فروخت کرنے کا لائسنس ہو -

Marfat.com

Parentage
نسب

Parenticide
والدین کشی

Pargana, the
پرگنہ

ہندوستان میں جلال الدین اکبر کا رواج دیا گیا ایک انتظامی یونٹ جس میں سرکار (ضلع) مزید منقسم ہوتا تھا ۔

Pariah
اُچھوت

قدیم ہندوستان میں ادنیٰ طبقے کا شخص ۔

Parinirvana
پری نروانا

گوتم بدھ کی موت

Parliament, Short
مختصر پارلیمنٹ

برطانیہ میں اس پارلیمنٹ کا اجلاس ۱۳ اپریل ۱٦۴۰ء سے ۵ مئی ۱٦۴۰ء تک رہا ۔ اسے سٹرا فورڈ کے مشورے پر طلب کیا گیا تا کہ بشپوں کی دوسری جنگ کے لیے رسد وغیرہ کی منظوری لی جا سکے ۔

Parliamentarian
پارلیمنٹ کا حامی

سترہویں صدی (۱٦۴۲ء - ۱٦۵۲ء) میں برطانیہ میں پارلیمنٹ کا حامی جب کہ ملک خانہ جنگی کا شکار تھا ۔

Parnassus
پرناسس

یونانی دیو مالا میں یہ یونانی پہاڑ (جس کی بلندی ۸ ہزار فٹ سے زائد ہے) قدیم زمانہ میں فنون لطیفہ کی دیویوں کا مسکن خیال کیا جاتا تھا ۔

Parricide
(۱) پدر کش

(۲) خائن وطن ، غدار ، قوم فروش

Marfat.com

Parsee/Parsi

پارسی

ایران کے جنوبی علاقے پارس کے رہنے والے لوگ جو آتش پرست تھے۔ ایران پر مسلمانوں کے قبضے کے بعد یہ لوگ آٹھویں صدی میں ہندوستان بھاگ آئے ۔

Parson

قسیس ، کلیسائی حلقے کا پادری

Parsonage

پادری کا مکان

Pasha/Pacha

پاشا

Pashalic/Pachalic

پاشا کا حلقہ حکومت

Passionist

مصائب مسیح کا قائم کرنے والا

یہ رومی کیتھولک تنظیم اٹلی میں ۱۷۲۰ء میں سینٹ پال نے قائم کی جس کا مقصد عیسیٰ علیہ السلام کی صلیب پر تکالیف کو پیش نظر رکھ کر زندگی بسر کرنا تھا - ۱۷۷۱ء میں اس تنظیم نے راہبات کی بھی تنظیم قائم کی -

Pastor

پادری

Pastoral economy

شبانی معیشت

Pastoral rule

قسیسی حکومت

Pater familias

بزرگ خانوادہ ، سردار خاندان

Pathans, the

پٹھان

پاکستان اور افغانستان کے سرحدی علاقے میں آباد ایک قبائلی قوم - اس اصطلاح کا استعمال تھامس نے اپنی کتاب "پٹھان بادشاہوں کی سرگذشت" میں قطب الدین ایبک سے لے کر ابراہیم لودھی تک تمام سلاطین دہلی پر کیا ہے لیکن لودھی اور خلجی خاندان کو چھوڑ کر زیادہ تر خاندان ترک نژاد تھے البتہ شیر شاہ سوری پٹھان تھا -

Marfat.com

Patience of Job, the — صبر ایوبؑ ، بے حد تحمل

Patriarchism — سر قبیلی طرز حکومت

Patriarchy — پدر شاہی ، سر قبیلی حکومت ، پدر سری حکومت

اس نظام میں رشتہ داری خالصتاً نسلی تھی - سربراہ خاندان تمام تر اختیارات کا مالک ہوتا تھا اور اُس کے اختیارات کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا تھا - صرف نرینہ اولاد ہی جائیداد کی وارث ٹھہرائی جاتی تھی - یہ نظام ایشیا ، افریقہ اور جاپان میں وسیع حد تک پھیلا - قدیم زمانہ میں یہ نظام فلسطین ، یونان اور روم میں موجود تھا -

Patricians oligarchy — خواص کی چند سری حکومت

Patriciate — قدیم روم میں اُمرا کا طبقہ ، امارت

Patron — مربی ، ولی

Patron Saint — محافظ ولی ، محافظ ولیہ

جو کسی شخص یا ملک کا محافظ سمجھا جاتا ہو -

Patroness — مربیہ ، محافظ ولیہ ، متولیہ

Patronymic — آبائی نام ، کنیت

ایسا نام جو آباؤ و اجداد میں سے کسی کے نام پر رکھا گیا ہو - عربوں کے ہاں ظہور اسلام کے وقت یہ ایک عام رواج تھا جیسے ابو القاسم -

Patroon — پیٹرون

سترہویں صدی میں امریکہ کے علاقے نیو جرسی یا نیو یارک میں ایک ایسا زمیندار جسے تعلقہ کے حقوق بھی حاصل ہوتے تھے - یہ حقوق اُسے ۱۶۲۹ء کے ولندیزی گرانٹ کے ذریعے حاصل تھے -

Marfat.com

Paulist — حامی پولوس

۱۸۱۸ء میں قائم کردہ رومی کیتھولک پادریوں کی انجمن کا رکن -
اس انجمن کا مقصد یو ایس اے میں تبلیغی کام کرنا تھا -

Pawn — رہن ، شئے مرہونہ

Pawnbroker — گروی کا دکاندار ، رہن کا دکاندار

چیزیں گروی رکھ کر قرض دینے والا -

Pawnee — گرد گیر ، مرتہن

جس کے پاس کوئی چیز گروی رکھی جائے -

Pawnee Indians — پون انڈین

یہ قدیم لوگ کسی وقت امریکہ کے علاقے ٹیکساس میں آباد تھے -
لیکن ۱۵۴۱ء کے لگ بھگ یہ دریائے پلاٹ کی وادی میں آباد ہوئے-

Pax — (۱) لوح بوسہ

لوح صلیبی جس پر پادری اور حاضرین عشائے ربانی کے موقع پر بوسہ دیتے تھے -

(۲) رومی مذہب میں امن کی دیوی -

Pax Britannica — برطانیہ کی ماتحت ریاستوں کو جنگ کی ممانعت

Peasantry — دہقان ، کاشتکار

Peculation — تغلب ، غبن ، خردبرد ، امانت میں خیانت

Peculator — خائن ، غبن کرنے والا

Pecuniary indemnity — مالی تاوان

Pedigree — شجرہ ، نسب نامہ ، حسب نسب

Marfat.com

Pedigreed — عالی نسب

Pedigree keeper — نساب ، نسب نویس

Peel — سرحدی مینار

سولھویں صدی میں انگلستان اور اسکاٹ لینڈ کی حد بندی کے چھوٹے چھوٹے مینار ۔

Peeler — (۱) پولیس کا سپاہی (انگلستان میں)

(۲) لارڈ رابرٹ پیل کی قائم کردہ (۱۸۱۸ء) آئرلینڈ کی کانسٹیبلری کا رکن ۔ ایسی کانسٹیبلری لندن میں ۱۸۲۹ء میں قائم کی گئی ۔

Peelite — پیل کا حامی

اُس سیاسی گروہ کا رکن جس نے کارن قوانین کی تنسیخ کے لیے ۱۸۴٦ء میں اُس کی حمایت کی ۔

Pelagianism — فطری معصیت کا انکار

پانچویں صدی میں پیلا جیوئس نامی پادری ، راہب اور عالم کا پیش کردہ یہ نظریہ گناہ آدم" کی وجہ سے انسان کی سرشت میں بدی نہیں ہے ۔ اُس نے سینٹ آگسٹائن کی تعلیمات کو مسترد کر دیا اور انھیں قنوطانہ قرار دیا ۔

Pelagians — منکرین فطری معصیت

Pelasgians — پیلاس جیئنز

قدیم غیر یونانی باشندے جو یونان میں آباد تھے ۔ اس کے علاوہ وہ ایشیائے کوچک اور آجین جزائر میں بھی آباد تھے ۔ یہ دو ہزار سال ق م کا واقعہ ہے ۔

Marfat.com

Penal time — تعزیری ادوار

برطانیہ میں ۱۵۵۹ء - ۱۸۲۹ء تک کا زمانہ جب تعزیری قوانین نافذ تھے -

Penalty area — تاوان گاہ

Penitence — توبہ ، استغفار

Penitent — توبہ کار ، تائب ، نادم ، شرمسار

Penitentiary — (۱) اصلاحی قید خانہ ، زندان تادیبی

(۲) دفتر توبہ

پاپائی ادارہ جہاں توبہ کے معاملات کا فیصلہ کیا جاتا ہے -

Penitentiary, Grand — افسر تابئین

افسر جو تابئین یا عقوبت نفس کے متعلق انتظام کرتا ہے -

Pennon — پرچم ، نشان ، فوجی یونٹوں کا نشان

Pentarch — سردار ، چوہدری

Pentarchy — حکومت پنج تنی ، اتحاد پنج حکومت

Peonage — غلامی جو قرض چکانے کے لیے کی جاتی ہے

Pepper corn rent — برائے نام کرایہ

اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ قدیم یورپ میں مکانات کے کرائے کے طور پر کالی مرچیں دی جاتی تھیں -

Periclean age — عہد فرقلیز

Persia — ایران

یہ ایک قدیم نام تھا جو ایران کے لیے مستعمل رہا ہے -

Marfat.com

Pertaindhi — پرتینڈہی

عہد رزمیہ میں ہندوستان میں نائب مملکت ۔

Perversion — برگشتگی ، ارتداد ، ضلالت ، تحریف ، گمراہی

Pervert — برگشتہ ، منحرف ، مرتد ، ضال ، گمراہ

Peshwa, the — پیشوا

سیوا جی کے آٹھ وزرا میں سے ایک وزیر جسے سکھیا پردھان بھی کہا جاتا تھا ۔ اُس کے فرائض میں رفاہ عامہ وغیرہ شامل تھے ۔ شاہو کے عہد (۱۷۰۸ء - ۱۷۴۸ء) میں اس منصب میں وقار پیدا کیا گیا جب بالا جی وشوا ناتھ جو ۱۷۱۳ء میں پیشوا مقرر کیا گیا تیسری مرہٹہ جنگ (۱۸۱۷ء - ۱۸۱۹ء) کے بعد یہ منصب ختم کر دیا گیا ۔

Peshwaship — منصب پیشوا

Pest — عذاب الٰہی ، وبا ، آفت

Petard — آتشیں منجنیق

بارودی پٹاری جو قدیم زمانے میں قلعے کا دروازہ یا فصیل توڑنے کے لیے استعمال کی جاتی تھی ۔

Petasus — یونانیوں کی قدیم چھجے دار ٹوپی ، دیوتا کی تیردار ٹوپی ۔

Peter's pence — پیٹر کا پنس

قرون وسطیٰ میں کئی ایک یورپی ممالک میں ہر گھرانہ ایک پنس سالانہ ٹیکس ادا کرتا تھا جس سے پاپائی ریاست کے اخراجات پورے کیے جاتے تھے ۔

Marfat.com

**Petronel**
سولھویں اور سترہویں صدی کا ایک تمنچہ

**Phalanax/Phalanges**
منظم جماعت

قدیم یونانی پیادہ فوج کی تشکیل - سپاہی آٹھ یا اٹھارہ صفوں کی مستحکم صف بندی میں تشکیل پاتے - یہ منتشر دشمن پر ٹوٹ پڑتے - یہ طریقہ اسپارٹا کی شہری ریاست نے سب سے پہلے شروع کیا - اسے اسکندر اعظم نے عروج پر پہنچایا - ۱۶۸ ق م میں پائیڈنا میں لڑی گئی رومیوں کے ساتھ جنگ کے بعد یہ طریقہ متروک ہوگیا -

**Phallicism**
لنگ پرستی

بعض قدیم مذاہب میں آلہ تناسل کی مورت کی پرستش کی جاتی تھی - اس کا مقصد قبائل اور فصلوں میں اضافہ تھا - یہ کئی اقوام میں زرخیزی کی رسوم کا حصہ تھا -

**Phallus**
لنگ

آلہ تناسل کی مورت جس کی پرستش کی جاتی تھی -

**Phanarists/Fanarists**
فوناریوٹس

سلطنت عثمانیہ میں قسطنطنیہ میں مقیم یونانیوں کا نام - وجہ تسمیہ اُن کا علاقہ فازار تھا - اٹھارویں اور اُنیسویں صدی میں اُن کو اعلیٰ مناصب دیے گئے لیکن وہ اس کے اہل ثابت نہ ہوئے - ۱۸۲۰ء کی لڑائی میں اُنھوں نے یونان کی آزادی کے لیے کام کیا - بعد میں اُنھوں نے یونان کی سیاست میں اہم حصہ لیا -

**Pharoah**
فرعون

قدیم شاہان مصر کا لقب -

**Phenomenalism**
یہ نظریہ کہ مظاہر قدرت سے ہی علم حاصل ہوتا ہے

**Philhellenism**
یونان دوستی ، یونان پرستی

Marfat.com

Philhellenist — یونان دوست ، یونان پرست

Philistine — فلسطینی

قدیم فلسطینی باشندے جو اُس سرزمین پر تیرہویں صدی ق م میں آباد تھے ۔

Philosophy of the Academy — حکمت افلاطونی

Philosophy of the Garden — حکمت ابیقور

Philosophy of the Lyceum — حکمت ارسطو

Philosophy of the Porch — حکمت رواقیون

Phlebotomy — ورید شگافی ، فصد کھولنا

نشترزنی کر کے علاج کرنا ۔

Phoenician/Phenician — فونیشی

فونیشیا (فلسطین) کا رہنے والا ۔

Phoenician civilization — فونیشی تہذیب

سامی زبان بولنے والے افراد جو مشرق وسطیٰ میں رہ رہے تھے مغرب کی طرف جا کر بحیرۂ روم کے مشرق ساحل پر آباد ہوگئے ۔ ۱۲۵۰ء ق م میں وہ اچھے خاصے مستحکم ہو چکے تھے ۔ وہ بحری تجارت کرتے اور اُنھوں نے شہری ریاستیں قائم کر لی تھیں ۔ وہ شیشے اور دھات کے استعمال سے بھی بخوبی واقف تھے ۔ اُنھوں نے تعمیری پیش رفت بھی کر لی تھی اور بہترین کپڑے بھی بناتے تھے ۔ ایرانیوں کے عروج سے اُن کی تجارت کو نقصان پہنچا ۔

Phratry — فیریٹری

قدیم یونان کے قبائلی نظام میں کسی قبیلے کی ذیلی تقسیم ۔ اس قبیلے کو فیلی کہا جاتا تھا ۔

Marfat.com

**Phyle**

فیلی

(۱) قدیم یونانی قبائلی نظام میں قبیلہ -

(۲) ایتھنز کی ریاست میں ایک سیاسی اکائی -

(۳) ایتھنز کی فوج کا ایک حصہ -

**Phylectexy**

تعویذی تورات

تورات کا نسخہ جسے یہودی تعویذ بنا کر گلے میں پہنتے تھے -

**Physiocracy**

طبیعی حکومت ، قدرت شاہی

حکومت جو قدرتی نظام کے مطابق چلائی جائے -

**Physiocrats, the**

ستوکاین ، حامین قدرت شاہی

اٹھارویں صدی کے فرانسیسی مفکرین جنھوں نے پہلی بار معاشیات کا باضابطہ مکمل نظام پیش کیا - ان کا بانی فرانکوائس کوزنے تھا - ان کا خیال تھا کہ تمام دولت زمین سے حاصل کی جاتی ہے اور صرف زراعت ہی دولت کو دگنا کر سکتی تھی - حکومت کی طرف سے عدم مداخلت ہونی چاہیے - ٹیکس صرف زمین پر ہی عائد کیے جانے چاہیئیں - ان مفکرین نے آدم اسمتھ اور ہنری جارج جیسے مفکرین پر اپنے اثرات ڈالے -

**Piast**

پیاسٹ

پولینڈ کے ڈیوکوں اور بادشاہوں کا پہلا خاندان جو گیارہویں سے سترہویں صدی تک برسر اقتدار رہا -

**Picaroon**

(۱) قزاق ، بحری ڈاکو

(۲) بحری ڈاکہ زنی کرنا

**Pigeongram**

نامۂ کبوتر

پیغام جو کبوتر کے ذریعے بھیجا جائے - یہ نظام قدیم مصر اور بابل میں رائج تھا -

Marfat.com

**Pike**

(۱) چنگی روک

(۲) نیزہ ، بھالا ، برچھی ، بلم

**Pikeman**

(۱) محصول چوکی کا چوکیدار

(۲) کان کنی کا مزدور جو کدال سے کام کرتا ہے

**Pilgrim**

زائر ، حاجی ، یاتری

حج یا یاترا کئی ایک ثقافتوں کی اہم خصوصیت ہے ۔ یہودیوں کے ہاں عید کے موقع پر حج کیا جاتا تھا جب یہودی بیت المقدس جاتے ۔ مسلمان مکہ مکرمہ جاتے ہیں ۔

**Pilgrim Fathers**

یاتری بانی

انگلستان کے وہ مذہبی لوگ جنھوں نے ۱۶۲۰ء میں پلائی موتھ اور مساکو سیٹ کی بنیاد ڈالی تھی ۔

**Pillory**

لکڑی کا شکنجہ

کئی ایک ممالک میں مجرموں کو ذلیل اور بدنام کرنے کے لیے لکڑی کے شکنجے میں کس دیا جاتا تھا ۔ اس میں ہاتھوں اور سر کے لیے سوراخ ہوتے تھے ۔

**Pima Indians**

پیمو انڈین

امریکہ کے علاقے جنوبی اری زونا میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل ۔

**Pindaris, the**

پنڈاری

ہندوستان میں مرہٹہ افواج کے زیر سایہ پلنے والے بے قاعدہ افراد جو وقتاً فوقتاً جھڑپیں کرتے رہے ۔ اُن کو کوئی باقاعدہ تنخواہ نہ ملتی بلکہ وہ دشمن کے علاقے میں لوٹ مار کر کے گذر اوقات کرتے ۔ ۱۸۱۷ء میں گورنر جنرل لارڈ ہسٹینگز نے اُن کے خلاف ایک بڑی فوج تیار کی ۔ اُن کو دبا دیا گیا لیکن اُن کے قائد امیر خان کو ٹانک کے نواب کی حیثیت سے تسلیم کر لیا گیا ۔

Marfat.com

Pinnace

چھوٹا مستولی جہاز

چھ یا آٹھ چپو والی کشتی -

Pipe rolls

پائپ رولز

برطانوی کراؤن کی آمدنی اور اخراجات کے پرانے ریکارڈ - یہ ریکارڈ ۱۱۳۱ء سے شروع ہوتے ہیں اور برطانوی معاشرتی تاریخ کا ایک اہم مآخذ ہیں - ۱۸۳۳ء میں جدید حساب کتاب کا طریقہ اختیار کیا گیا اور قدیم طریقے کو ختم کر دیا گیا -

Pitched battle

ٹھنی ہوئی لڑائی

لڑائی جس میں فریقین جم کر لڑیں -

Pitinikas, the

پیٹنیکاس

ہندوستان کے قدیم شہنشاہ اشوک کبار کے کتبہ پنجم اور ہشتم میں مذکور ایک قوم جو اُس کی سلطنت کی مغربی سرحد پر آباد تھی -

Pius

پیؤس

مختلف پوپوں کا لقب

پیؤس دوم (۱۴۰۵ء - ۱۴۶۴ء) - یہ ۱۴۵۸ء - ۱۴۶۴ء تک پوپ رہا -

پیؤس چہارم (۱۴۹۹ء - ۱۵۶۵ء) - ۱۵۵۹ء - ۱۵۶۵ء تک پوپ رہا -

پیؤس پنجم (۱۵۰۴ء - ۱۵۷۲ء) - یہ ۱۵۶۶ - ۱۵۷۲ء تک پوپ رہا -

پیؤس ششم (۱۷۱۷ء - ۱۷۹۹ء) - یہ ۱۷۷۵ء - ۱۷۹۹ء تک پوپ رہا -

پیؤس ہفتم (۱۷۴۰ء - ۱۸۲۳ء) - یہ ۱۸۰۰ء - ۱۸۲۳ء تک پوپ رہا -

پیؤس نہم (۱۷۹۲ء - ۱۸۷۸ء) - یہ ۱۸۴۶ء - ۱۸۷۸ء تک پوپ رہا -

پیؤس دہم (۱۸۲۵ء - ۱۹۱۴ء) - یہ ۱۹۰۳ء - ۱۹۱۴ء تک پوپ رہا -

Marfat.com

پیؤس یازدہم (۱۸۵۷ء - ۱۹۳۹ء) - یہ ۱۹۲۲ء - ۱۹۳۹ء تک پوپ رہا -

پیؤس دوازدہم (۱۸۷۶ء - ۱۹۵۸ء) - یہ ۱۹۳۹ء - ۱۹۵۸ء تک پوپ رہا -

Pizzle

بیل وغیرہ کا عضو تناسل جو گذشتہ زمانے میں کوڑے مارنے کا کام دیتا تھا

Plague, The Great

طاعون عظیم

برطانیہ کی طاعون جو ۱۶۶۵ء - ۱۶۶۶ء میں پھوٹی - لندن میں اس سے ایک لاکھ اموات واقع ہوئیں -

Plagues of Egypt

آفات مصر

بائبل کی روایت کے مطابق حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذریعے مصر پر دس آفات نازل ہوئیں کیونکہ فرعون نے عبرانیوں کے بچوں کو آزاد کرنے سے انکار کر دیا تھا - ان میں سے ایک آفت پانی کا خون بن جانا تھا - ایک اور آفت کیڑے مکوڑوں کا جمع ہونا تھا -

Plain, the

راست باز

فرانسیسی انقلاب (اٹھارویں صدی عیسوی) کے دوران میں نیشنل کنونشن کے آزاد اراکین جو ایوان کے نچلے بنچوں پر براجمان تھے - اگرچہ ان کی اکثریت تھی پھر بھی ان میں مؤثر قیادت کا فقدان تھا -

Plains Indians

پلینز انڈین

امریکی انڈین قبائل جو زیادہ تر گیاہستانوں میں آباد ہوئے - ۱۸۶۰ء - ۱۸۹۰ء کی انڈین جنگوں نے اُن کو ان گیاہستانوں سے محروم کر دیا جن پر زیادہ تر اُن کا انحصار تھا -

Plastron

چرمی صدر پوش

Marfat.com

Platonism — افلاطونیت ، فلسفۂ افلاطون

Platonist — افلاطونیت کا پیرو

Plato's communism — افلاطونی اشتمالیت

افلاطون فرد کی بجائے اجتماعیت کو زیادہ اہم خیال کرتا تھا ۔ وہ اشتمالیت ایک ایسے معاشرے کو خیال کرتا تھا جو دولت اور آمدنی کی یکساں تقسیم اور مشترکہ جائیداد کے تصور پر قائم ہو ، البتہ وہ تاجروں کو مناسب نفع حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے ۔ اُس کے خیال میں عورتوں کے متعلق بھی اشتراک ہونا چاہیے تاکہ بہترین نسل پیدا ہو سکے ۔ بد صورت افراد کو خوبرو عورتیں رکھنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے ۔

Plebeian/Plebian — عام لوگ

قدیم روم میں نچلا طبقہ جسے چوتھی صدی ق م تک کسی قسم کے حقوق حاصل نہ تھے ۔

Plebs — عوام

Pledgee — مرتہن ، گرو دار

Pledger — راہن ، گرو گذار

Plunderer — غارت گر ، لٹیرا

Pluto — پاتال راجہ ، (روما) عالم اسفل کا دیوتا

Plutocracy/Plutarchy — دولت شاہی ، قارونیت ، قارونی حکومت ، حکومت دولتمندان

حکومت جس میں اہل ثروت حکمران ہوں ۔

Pocket battleship — چھوٹے جنگی جہاز

جرمنی کے وہ چھوٹے بحری جنگی جہاز جن کا وزن دس ہزار ٹن تھا ۔

یہ ۱۹۲۹ء میں بنائے گئے تھے اور یہ بڑے تیز رفتار تھے اور معاہدہ ورسائی کی بیان کردہ حدود کی تخصیص میں آتے تھے ۔

Podesta — مقامی حاکم

Poet laureate — ملک الشعرا

Poligar — (۱) ہندوستان کے جنوبی علاقوں کا جاگیردار
(۲) لوٹ مار کرنے والے جاگیردار کا ملازم

Polis — شہری ریاست

Politarch — بعض مشرق شہروں کا گورنر جیسے رومیوں کے تحت یہ عہدہ ہوا کرتا تھا

Polyandrist — زن چند شوہر

Polyandry — چند شوئی ، چند شوہری

Polygamist — کثیرالازدواج ، شوہر چند زن

Polygamy — تعدد ازدواج ، تعدد زوجات ، کثرت ازدواج

Polytheism — شرک ، عقیدۂ تعدد الٰہات ، کثرت پرستی

Polytheist — مشترک ، معتقد تعدد الٰہات ، کثرت پرست

Pontiff — اُسقف ، کاہن ، پیشوا

Pontificalia (L.) — اُسقف کا لباس اور دوسرے منصبی نشانات

Pony express — ٹٹو ایکسپرس

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں تیز رفتار ٹٹوؤں کے ذریعے ڈاک کی تقسیم کا نظام جو ۱۸۶۰ء – ۱۸۶۱ء میں سینٹ جوزف ، سیکرا منٹو ، (کیلیفورنیا) میں رائج تھا ۔

Marfat.com

Poor house

دارالمساکین ، محتاج خانہ

ادارے جو عام طور پر حکومت یا مخیر حضرات قائم کرتے ہیں - یہ معمر ، مفلس ، یتیم اور بعض دفعہ جسمانی یا ذہنی طور پر معذور افراد کی جائے پناہ ہوتی ہے -

Poor law

قانون ناداراں ، قانون مساکین

غربا اور مساکین کی امداد کا قانون -

Poor law reform

اصلاح قانون ناداراں

Poor rate

ناداروں کی نگہداری کے لیے رقم ، زکوۃ

Poor relief

اعانت محتاجین ، امداد غربا

Populist party

حامیٔ عوامیت پارٹی

یہ جماعت ۱۹۸۱ء میں امریکہ میں قائم کی گئی - ۱۸۹۶ء کے بعد یہ زوال پذیر ہوگئی -

Portculis

پھسلواں دروازہ

بھاری سلاخوں کی جالی جو دروازوں کے اُوپر سے نیچے کو پھسلتی ہے اور قلعے کے دروازے کو مضبوط تر بناتی ہے -

Porte

عثمانی خلفا کا دربار ، باب عالی

Porter

دربان ، حاجب ، ڈیوڑھی بان

Portion

حصہ

وراثت یا تحفے کے طور پر حاصل شدہ جاگیر کا حصہ -

Portreeve

حاکم شہر ، میر بلدیہ ، نائب بلدیہ

Possessions, British

برطانوی مقبوضات

Marfat.com

Pos set — شیر و شراب

شراب ، گرم دودھ اور گرم مصالحہ وغیرہ سے تیار کردہ ایک شربت ۔

Post — (۱) ہرکارہ ، ڈاک کی گاڑی

(۲) ڈاک کا نظام ۔

Postbellum (L.) — مابعد جنگ

امریکہ کی خانہ جنگی کے بعد ہونے والے واقعات ۔

Post chaise — کرائے کی گاڑی

(امریکہ) کرائے کی چھت والی گاڑی جسے دو یا زیادہ گھوڑے کھینچتے اور مختلف مقامات پر اسے تبدیل کیا جاتا ۔

Postern — (قلعوں کی تاریخ) دریچہ ، چور دروازہ ، فرار ہونے کی سرنگ

Post road — شاہراہ ڈاک

ایسی سڑک جو بنیادی طور پر ڈاک لے جانے کے لیے تعمیر کی گئی ہو ۔

Potawatami Indians — پوٹووہ ٹومی انڈین

سترہویں صدی میں امریکہ کے علاقے گرین بے میں آباد ہونے والی ایک قدیم قوم ۔ بعد میں یہ لوگ جنوبی مشی گان کے علاقے میں پھیل گئے ۔

Potentate — سلطان ، بادشاہ

Powder horn — سینگوں کا سفوف (غازہ)

(امریکہ) سینگوں سے بنی ہوئی بوتل جس میں غازہ رکھا جاتا تھا ۔

Powder magazine — بارود خانہ

Marfat.com

Powder monkey — بارود بردار

(امریکہ) بحری جہازوں پر ملازم نوجوان جو توپوں تک بارود لے کر جاتا تھا ۔

Powers, the (great) — دول معظمہ ، بڑی طاقتیں

Praemunire — طاب عامہ خلاف اختیارات پاپائی

Praetor/Pretor — پرٹیر

رومی قونصل لشکر کے سالار کی حیثیت سے منتخب شدہ مجسٹریٹ جسے قونصل کے اختیارات حاصل ہوں ۔

Prairie schooner — گیاسہتانی گلاس نما ویگن

امریکہ میں مغربی میدانوں میں نقل مکانی کے لیے استعمال کی جانے والی ویگن جس پر سفید کینوس چڑھا لیا جاتا ۔ اسے دو یا چار گھوڑے یا بیل کھینچتے ۔

Preceptory — قرون وسطیٰ کے نائٹ ٹیمپلروں کی چھوٹے درجے کی جماعت کی جائیداد یا عمارت ۔

Precisian — انگریز پیورٹن

سخت پابند شرع ۔

Precursor — مقدم ، پیش رو عہدیدار ، نقیب

Precursor, the — حضرت مبشر

Predestinarian — تقدیر کا قائل

Predestination — تقدیر ، قضا و قدر ، قسمت

Predicaments, the ten — مقولات عشرہ ، ارسطو کے دس مقولات

Marfat.com

Prediction — پیش گوئی

Predictor — پیش گوئی کرنے والا

Pre-empt — (امریکہ) سرکاری زمینوں پر قبضہ کرنے کے لیے آباد ہونا

Pre-emption — حق شفع

Prefecture — (۱) نظامت

(۲) پری فیکٹ کی سرکاری رہائش گاہ ۔

(۳) پری فیکٹ کے زیر حکومت ضلع

Prehistorian — مورخ ماقبل تاریخ

Prehistory — زمانہ ماقبل تاریخ

Prehuman — ماقبل پیدائش انسان

Prelatess — رئیسہ کلیسا ، صدر راہبہ

Prelatism — أسقفی

Prerogative — شاہی حق ، استحقاق

Prerogative, mysterious — مخفی اختیار خصوصی

Prerogative of mercy — اختیار معافی

Presbyterian — عام پادریوں کی حکومت

Presence-chamber — شاہی ملاقات گاہ ، دیوان خانہ شاہی

Press — (امریکہ) فوج یا بحریہ میں جبری بھرتی

Pressgang — بحری بھرتی کرنے والی جماعت

Marfat.com

Priest — پجاری ، کاہن

Priest craft — مذہبی پیشوا کا دنیا دارانہ رویہ

Priest, high — بزرگ کاہن

Pristhood — قسیسیٹ ، کہانت ، پروہتائی ، ملا گری

Priest's hole — گوشہ پروہت

جن دنوں انگلینڈ میں کیتھولک پادریوں کو ابتلا کا نشانہ بنایا جاتا تھا پادریوں کے لیے چھپنے کی جگہ -

Primeval/Primaeval — قدیمی ، ابتدائی ، قبل تاریخی

Primeval contracts — قدیمی معاہدات

Primitive — قدیم ، ابتدائی ، غیر مہذب ، وحشی ، بدائی

Primitive church — کلیسائے قدیم ، ابتدائی مسیحی مذہب

Primitive civilizations — قدیم تہذیبیں

Primitive cultures — قدیم ثقافتیں

Primitive dictatorship — قدیم آمریت

Primitive kingship — قدیم بادشاہت

Primitive law — قدیم قانون

Primitive man — قدیم انسان

Primitive peoples — قدیم اقوام

Primitive races — قدیم نسلیں

Primitive tribes — قدیم قبائل

Primitivism — قدیمیت ، بدایت

Primitivity — بدایت

Primogenitor — جد ، بزرگ ، مورث اعلیٰ ، جد امجد

Primordial — اساسی ، قدیمی ، اولین ، ابتدائی ، بدوی

Primordiality — اساسیت ، قدیمیت ، اصالت ، اصلیت

Princely states — شاہی ریاستیں

تقسیم ہندوستان سے قبل بعض ریاستیں جو اندرونی معاملات میں کافی حد تک خود مختار ہوا کرتی تھیں لیکن مجموعی طور پر اُن کا کنٹرول انگریزوں کے پاس ہی تھا ۔ شاہی ریاستوں کی مثال حیدر آباد دکن اور بہاول پور تھی ۔

Prince of the Faithful — امیرالمومنین

Principate — شاہی قدیم جمہوریہ' روما

(۱) قدیم شہنشاہوں کے تحت حکومت کی ایک قدیم شکل جس میں جمہوری خصوصیات بھی پائی جاتی تھیں ۔

(۲) ان شہنشاہوں میں سے کسی ایک کے عہدے کی مدت ۔

Principles of warfare — اُصول ہائے جنگ و جدال

Prioress — خاتون سردار خانقاہ

Priorship — علاقہ یا منصب سردار خانقاہ

Proconsulate — پروقونصل کا عہدہ

Marfat.com

Procurator — (تاریخ روما) افسر خزانہ

Professional titles — پیشہ وارانہ خطابات ، منصبی القابات

Progenitor — سیاسی بزرگ ، سیاسی مورث ، سیاسی پیشرو

Progenitorship — اسلافیت ، بزرگی ، پیشروی

Progenitress — مورثہ ، جدہ

Progeniture — نسل ، افزائش نسل

Progeny — نسل ، اولاد

Prognosis — پیش گوئی ، پیش بینی

Prognostication — پیش گوئی ، شگون ، فال ، علامت

Prognosticator — پیش گو ، نجومی ، جوتشی

Progressive Party — ترقی پسند جماعت

امریکہ میں تین مختلف سیاسی تنظیموں کا نام - پہلی تنظیم ۱۹۱۲ء میں ، دوسری ۱۹۲۴ء اور تیسری ۱۹۴۸ء میں قائم کی گئی -

Prohibition of slavery — امتناع غلامی

Prohibition Party — امتناع جماعت

۱۸۶۹ء میں امریکہ میں منشیات کی تیاری اور نقل و حمل یا فروخت پر مکمل پابندی کی حمایت کرنے والی سیاسی جماعت -

Prolicide — اولاد کشی

Prolocutor — میر مجلس ، صدر انجمن

انگلستان کی کلیسائی مجلسوں کے چھوٹے ایوان کا صدر -

Marfat.com

Prominade — گلگشت ، سیر ، چہل قدمی

امریکہ میں جوڑوں کی چہل قدمی یا اٹھکیلیاں کرنا ۔ اس کے پس منظر میں موسیقی کی آواز آتی ۔

Promiscuity — آزاد جنسی تعلقات

Prophecy — پیش گوئی ، غیب گوئی

Prophet (Gr.) — پیغمبر

اس جرمن لفظ کے لغوی معانی پیش گو کے ہیں ۔ یہ سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوا اور محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر ختم ہوا ۔

Propitiation — کفارہ ، منت ، صدقہ ، قربانی

Propraetor/Propretor — میجسٹریٹ

قدیم روم میں میجسٹریٹ جو لشکر کے سالار کے فرائض بھی ادا کرتا اور کسی صوبے پر حکومت کے لیے بھی بھیجا جاتا ۔

Proprietary — ملکیت

Proprietary colony — جاگیردارانہ نو آبادی

قدیم برطانوی نو آبادیوں میں سے وہ نو آبادی جسے چند افراد یا کمپنیوں نے تاج برطانیہ کی خاص اجازت سے ذاتی طور پر قائم کیا اور اُن کا نظم و نسق چلایا ۔

Proprietor — مالک ، موجر ، صاحب ملکیت

Proscribe — واجب القتل ٹھہرانا

قدیم روم میں سزائے موت پانے والے شخص کا نام شائع کیا جاتا اور اُس کی جائیداد بھی ضبط کر لی جاتی ۔

Marfat.com

**Prostitute**

فاحشہ ، قحبہ ، رنڈی

عورت جو مذہبی مسلک کے طور پر کسی غیر مرد کے ساتھ جنسی تعلقات قائم کرتی تھی -

**Prostitution**

عصمت فروشی ، بدکاری ، رنڈی پن

قدیم زمانے میں اسے ایک مذہبی فریضہ خیال کیا جاتا - عبادت گاہوں کی عورتوں کے ساتھ مباشرت اُس معبد کی دیوی کی عبادت خیال کیا جاتا - قرون وسطیٰ میں عصمت فروشی عام ہوئی لیکن یورپی ممالک میں جماعی امراض بڑھنے کی وجہ سے اس کو منضبط کرنے کی کوشش کی گئی -

**Protectorate, the** محمیہ ، قیمومت ، حفظیہ ، محفوظہ ، محروسہ ، زیر حمایت

۱۶ دسمبر ۱۶۵۳ء - ۲۵ مئی ۱۶۵۹ء تک آلیور کرامویل کی قیادت میں قائم ہونے والی برطانوی حکومت -

**Protectorship**

قیمومت ، منصب قیم

**Protestantism**

پروٹسٹنٹ مذہب

تحریک اصلاح مذہب کے ساتھ شروع ہونے والی مذہبی تحریک - یہ دینی اور دنیاوی معاملات میں لادینی رجحانات پر زور دیتی تھی - فرد خدا تعالیٰ کے روبرو جوابدہ ہے نہ کہ کلیسا کے روبرو -

**Protestation**

عذر ، احتجاج ، اعتراض

۱۸ دسمبر ۱۶۲۱ء کو برطانوی دارالعوام کے اراکین کا جیمز اول کی بعض پالیسیوں پر اعتراض - اُن کا یہ اعتراض تھا کہ اُن کی شہری آزادیاں ، اظہار رائے اور استحقاقات پر اُن کا حق تھا - پارلیمنٹ کی برخاستگی کے بعد بادشاہ نے اُن کا یہ عذر پھاڑ ڈالا -

**Protest union**

پروٹسٹنٹ یونین

(۱) جرمنی میں پروٹسٹنٹ ریاستوں کا الحاق جو ۱۶۰۸ء میں قائم ہوا -

(۲) فرانس میں ہیوگوناٹ شہروں ، اضلاع اور شرفا کا قائم کردہ الحاق (۱۵۷۳ء-۱۵۷۴ء) -

Protomartyr
سر سلسلہ شہداء

Protonotary/Prothonotary
میر منشی ، چانسلری کا اعلیٰ محرر

Provincia
پرووونسیا

رومی سلطنت کئی ایک صوبوں پر مشتمل تھی - ہر صوبہ اپنے اندرونی نظم و نسق اور دفاع میں آزاد اور خود مختار تھا - بنیادی طور پر برطانیہ بھی اس کا ایک صوبہ تھا - ابتدائی مصنفین نے اس اصطلاح کا استعمال ٹیوٹونک بادشاہت کے ذیلی حصہ کے لیے کیا - اس سے مراد کسی ضلع کی بجائے ایک قبیلہ لیا جاتا تھا - یہ قدیم ترین مقامی حکومت اور ٹیکس کاری کے لیے اکائی تصور کیا جاتا تھا -

Provost marshal
(۱) جنگی جہاز کا میر اسلحہ

(۲) نیم فوجی افسر ، بعض نو آبادیوں کا پولیس افسر -

Prussians
اہل پرشیا

سابقہ جرمن ریاست کے باشندے -

Pseudo-archaic
قدیم نما ، جعلی قدیم

Pseudo-Catholic
مصنوعی کیتھولک ، مدعی کیتھولک

Public treasury
خزانۂ سرکار

Punctilious
رسم پرست

Punic
پیونک

کارتھیج کے قدیم شہر اور اس کے باشندوں کے متعلق -

Marfat.com

Puranas, the

پورانا

ہندوستانی روایت اور قدیم تاریخ کے حامل مخزن جو تعداد میں اٹھارہ ہیں - ان میں سے قدیم ترین چوتھی صدی ق م سے متعلق ہے -

Purgation

تزکیہ نفس

کلیسائے روسی میں حلف اُٹھا کر یا اپنے آپ کو تکالیف میں ڈال کر شبہ یا الزام سے بری کرنا -

Purgator

مطہر

کلیسائے روسی میں وہ مقام جہاں روحیں چھوٹے چھوٹے گناہوں سے پاک کی جاتی ہیں -

Purge

تطہیر

Puritan

پیورٹن

سولھویں اور سترہویں صدی میں انگلینڈ میں پروٹسٹنٹ تحریک کا رکن جو کلیسا سے ایسی تمام بدعتوں کو خارج کرنا چاہتا تھا جو بائبل میں موجود نہ تھیں -

Puritan papists

پیورٹن پاپائی

Puritan censoriousness

غالیانہ غیب جوئی

Puritan Revolution

پیورٹن انقلاب

برطانوی بادشاہوں جیمز اول (۱۶۰۳ء - ۱۶۲۵ء) اور چارلس اول (۱۶۲۵ء - ۱۶۴۹ء) اور بڑی متوسط پارلیمانی جماعت کے درمیان تصادم جس میں بادشاہوں کے ربانی حقوق کا بھی اضافہ کر دیا گیا - اس انقلاب نے متوسط جماعت کے ظہور کو یقینی کر دیا اور مذہبی رواداری میں مدد دی اور بادشاہ اور پارلیمنٹ کے درمیان تصادم کو طے کر دیا - اس کے نتائج نے شاندار انقلاب ۱۶۸۸ء کے ذریعے مثبت کر دیا -

Marfat.com

Puritanism مذہب پیورٹن ، تطاہر

برطانوی اور امریکی پروٹسٹنٹ مذہب میں معاشرتی ، سیاسی ، اخلاق اور دینی خیالات کا امتزاج ۔ اس کا آغاز الزبتھ کے دور میں سرکاری کلیسا میں اصلاح کی تحریک کے طور پر ہوا ۔

Purity of race عفت نسل ، خلوص نسل

Purohita پروہتا

ہندوستان میں شاہی راہب جسے ہندو حکمرانوں پر نظم و نسق چلانے کے معاملات میں خاصا اثر و رسوخ حاصل تھا ۔

Purple ارغوانی لباس

(بادشاہ ، قونصل یا کارڈینیل کا) ۔

Purple robe قبائے شاہی

Purus, the پروس

آریہ نسل کے ساتھ متعلق ویدک ادب میں مذکور قبائلی لوگ ۔

Pushyabhuti dynasty, the پشیابتی خاندان

ہندوستان کے علاقے تھانیسر میں چھٹی صدی عیسوی میں پشیابتی کا قائم کردہ خاندان ۔ اس میں تین بادشاہ گذرے آخری بادشاہ کی وفات ۶۴۷ء میں ہوئی چونکہ اُس کی کوئی نرینہ اولاد نہ تھی ۔ اس لیے اس خاندان کا اقتدار ختم ہوگیا ۔

Pusyamitras, the پشیا متراس

ہندوستان میں کمار گپتا کے عہد کے دوران میں گپتا سلطنت پر حملہ آور ہونے والا ایک قبیلہ ۔ یہ حملہ پانچویں صدی کے شروع میں ہوا ۔ گپتا سلطنت کے زوال کے اسباب میں اس حملے کو بھی شامل کیا جا سکتا ہے ۔

Marfat.com

Pyramid — اہرام

مصر کے مخروطی مینار جن کی تعمیر چوتھے خاندان نے ۲۹۰۰ قم میں کی - ہر شہنشاہ نے اپنا اہرام خود تعمیر کروایا تا کہ وہاں اُس کی ممی کی ہوئی لاش رکھی جا سکے - اہرام کی تعمیر میں بے پناہ محنت اور وقت صرف ہوا -

Pyrrh onism — پرہونیت ، کامل تشکیک ، پرہونی فلسفہ ، شکی پن ، وہمی پن

یہ نظریہ کہ علم کا تیقن ناممکن الحصول ہے -

Pythagorean — فیثا غورث کا پیروکار

Pyx — (۱) سکہ دانی

ٹکسال کی وہ صندوقچی جس میں خالص سونے چاندی کے سکے بطور نمونہ رکھے جاتے ہیں -

(۲) کلیسائے روم میں برتن جس میں متبرک روٹی رکھی جاتی ہے -

Pyx-jury — جیوری سکہ دانی

Pyx, trial of the — امتحان مسکوکات

سکوں کا سالانہ امتحان جو شرکت زرگران کی ایک جماعت کرتی ہے -

Marfat.com

# Q

Qazi, the — قاضی

مسلم ریاستوں میں عدلیہ کا سربراہ ۔

Quadricentennial — جشن چار صد سالہ

Quadriga — چار اسپہ رتھ

قدیم روم میں دو پہیوں والی گاڑی جسے چار گھوڑے کھینچتے ۔

Quadruple alliance — محالفہ چہارگانہ ، پیمان چار جانبی

کئی یورپی محالفے مثلاً ۱۸۷۱ء کا (انگلینڈ ، فرانس ، آسٹریا ، نیدرلینڈ) ۱۸۱۴ء کا (انگلینڈ ، آسٹریا ، روس ، پرشیا) ۔

Quaestor/Questor — کویسٹر

قدیم روم میں سرکاری افسر جو بنیادی طور پر مستغیث یا بعض فوجداری مقدمات میں جج تھا ۔ بعد میں وہ خازن ہوگیا اور اُس کے ذریعے تنخواہیں ادا کی جانے لگیں ۔

Quapaw Indians — کووہ پو انڈین

شمالی امریکہ میں آباد ایک قدیم نسل جسے آرکنساس کا نام بھی دیا گیا ۔

Quarrel — چھوٹا اور بھاری تیر

Quasi protectorate — نیم حفظیہ ، نیم محمیہ

Quasi theocracy — نیم پیشوایت

Quarter-centenary — چار صد سالہ سالگرہ

Quayage — گھاٹ اُترائی محصول

Queen's counsel — وکیل سلطنتی ، مشاور سلطنتی

Queendom — سلطنت ملکہ

Queen dowager — ملکۂ بیوہ

Queenhood — (۱) سلطنت ملکہ
(۲) ملکہ کا مرتبہ یا عہدہ ۔

Quern — ہاتھ کی چکی

Quietism — استغراق ، رضا بالقضا

سترہویں صدی کا ایک مسیحی صوفیانہ عقیدہ جسے مولینوس ، میڈیم گیؤن اور فینلان نے پیش کیا ۔ یہ خودی کی نفی پر زور دیتا تھا تاکہ منشائے ربانی کے ساتھ بغیر رکاوٹ کے لین دین ہو سکے ۔ انوسینٹ یازدہم (۱۶۸۷ء) اور انوسینٹ دوازدہم (۱۶۹۹ء) نے اس کی سخت مذمت کی ۔ یہ دونوں پوپ تھے ۔

Quill — پر کا قلم

Quirinal — حکومت یا دربار اطالیہ

Quitrent — فوجی کارگذاری کے عوض میں جاگیرداری خدمات کے عوض میں ادا کی گئی رقم ۔

Quiver — تفنگ ، ترکش ، تیردان

Qutub Shahi dynasty — قطب شاہی خاندان

اس خاندان کی بنیاد قلی قطب شاہ نے ۱۵۱۸ء میں رکھی وہ بہمنی سلطنت میں مشرقی صوبے کا گورنر تھا ۔ قطب شاہی خاندان کے اقتدار کو ۱۶۸۷ء میں اورنگ زیب نے ختم کیا ۔

Marfat.com

# R

Rabbin — ربی ، خاخام

Rabbinate — عہدہ ربانونیت ، منصب ربی ، ربی کا عہدہ

Rabbinic Hebrew — ربانوی ، عبرانی

قرون وسطیٰ میں یہودیوں کے ربیوں کی تحریروں میں استعمال کی گئی زبان ۔

Rabbinism — تعلیمات علمائے یہود

Rabbinist — علمائے یہود کا پیرو

Rabbins, the — علمائے یہود ، فقہائے یہود

Race prejudice — نسلی تعصب

Racial heterogeneity — نسلی عدم تجانس

Racial instincts — نسلی جبلتیں

Racial majority — نسلی اکثریت

Racial minority — نسلی اقلیت

Racing — دوڑیں

قدیم ترین اولمپک کھیلوں میں صرف پیدل دوڑیں ہوا کرتی تھیں ۔



Marfat.com

رومی عہد میں رتھوں کی دوڑ تفریح کا ایک اہم ذریعہ تھی - بارہویں صدی سے منظم گھوڑ دوڑ شروع ہوئی (انگلینڈ میں) -

**Racism**

نسلی امتیاز

**Rack**

شکنجے میں جکڑ کر سزا دینا

**Ra dhiya Brahmans**

ردھیا برہمن

ہندوستان کے بادشاہ ادھی سورا (ساتویں صدی کے اختتام کے بعد کا دور) کے قنوج سے لائے ہوئے برہمنوں کی اولاد جو ردھیا میں آباد ہوئی - یہ علاقہ مغربی بنگال کے اضلاع بردوان، ہگلی اور بیربہم کے کچھ حصے پر مشتمل تھا -

**Rajanya**

راجنیا

قدیم ہندوستان میں کھشتریا کے لیے مستعمل مخصوص اصطلاح - اس کا استعمال اشوک کبار کے فرامین میں کئی بار ہوا ہے -

**Rajputs, the**

راجپوت

ہندوستان کی وہ قوم جس نے ساتویں صدی عیسوی کے وسط میں ہرشا وردھنا کی موت سے لے کر بارہویں صدی عیسوی کے آخر تک (مسلمانوں کی فتح کے وقت) ایک اہم کردار ادا کیا - یہ چھتیس گروہوں میں منقسم تھی - ۱۸۱۷ء اور ۱۸۲۰ء کے درمیانی عرصے میں تمام راجپوت شاہی ریاستوں نے رضا کارانہ طور پر انگریزوں کی سیادت قبول کر لی -

**Rakshasas, the**

رکشھاس

رامائن کے مطابق یہ وہ لوگ تھے جن پر راون نے لنکا میں حکومت کی - اُن کی تہذیب ترقی یافتہ تھی اور اُن کا دارالحکومت ایک خوبصورت طریقے سے تعمیر کیا گیا تھا - اس کا بھی نام لنکا ہی تھا -

**Ram**

(۱) قلعہ توڑنے کا آلہ

(۲) پھالی دار جہاز ، جنگی جہاز کا دوسرے جہاز کو چیر دینا ۔

Ramayana, the — راماِئن

سنسکرت کی رزمیہ نظم جو والمکی کی طرف منسوب ہے ۔ یہ اجودھیا کے بادشاہ دسرتھا کے بڑے بیٹے رام کی کہانی ہے جو اپنے بھائی لکشمن اور بیوی سیتا کے ہمراہ اپنے باپ کے تخت سے دستبردار ہوگیا اور چودہ سال تک بن باس کیا تا کہ اُس کا بھائی اُس کی سوتیلی ماں کے ساتھ اپنا وعدہ پورا کر سکے ۔ راماِئن میں لنکا جانے ، راون کے ہاتھوں سیتا کا اغوا وغیرہ کے علاوہ کئی دوسرے واقعات مذکور ہیں ۔

Rampart — (۱) فصیل ، دیوار قلعہ ، شہر پناہ

(۲) مورچہ بندی کرنا ۔

Ramrod — بندوق کا گز

Ramses — ریمسس

قدیم مصر کے نوزدہم اور بستم خاندانوں کے بادشاہ ۔

ریمسس اول متوفی ۱۳۱۴ ق م ۔

ریمسس دوم متوفی ۱۲۲۵ ق م ۔ یہ ۱۲۹۲ ق م ۔ ۱۲۲۵ ق م تک برسر اقتدار رہا ۔

ریمسس سوم متوفی ۱۱۶۷ ق م ۔ یہ ۱۱۹۸ ق م ۔ ۱۱۶۷ ق م تک برسر اقتدار رہا ۔

Ranger — شاہی باغ کا مہتمم

Ransack — غارت گری کرنا ، تاخت و تاراج کرنا

Ransom — فدیہ ، زر فدیہ ، دیت

Ransom bill — اقرار یا تحریر فدیہ

Marfat.com

فدیہ نامہ خصوصاً وہ جو گرفتار کیے ہوئے جہاز کی طرف سے لکھا جائے ۔

**Ransom bond**

اقرار یا تحریر فدیہ

فدیہ نامہ خصوصاً وہ جو گرفتار کیے ہوئے جہاز کی طرف سے لکھا جائے ۔

**Ransomless**

بے فدیہ

**Rapier**

کٹار ، عباسی (ہلکی تلوار)

**Rapine**

لوٹ مار ، غارت گری

**Rashtrakuta dynasty, the**

راشٹرا کٹا خاندان

اس خاندان کی بنیاد دنتی درگا نے ۷۵۳ء میں دکن میں رکھی ۔ اس کا دارالحکومت ناسک تھا ۔ اس خاندان نے ۹۷۳ء تک حکومت کی اور اس میں چودہ بادشاہ گذرے ہیں ۔ یہ خالص برہمن ہندوؤں کا خاندان تھا ۔

**Rasputin, Grigori Yefimovich**

گریگوری یفمووک راسپوٹین

(۱۸۷۲ء - ۱۹۱۶ء) روسی راہب جو نکولاس دوم کے دربار میں ایک بدنام شخصیت کا مالک تھا ۔ ان پڑھ ہونے کے باوجود اُس کا سیاست اور مختلف تقریبوں پر بھرپور اثر و رسوخ تھا ۔

**Raze/Rase**

زمین کے برابر کر دینا ، مسمار کر دینا ، ملیامیٹ کر دینا

**Rear-guard**

موخر الجیش ، فوج کا پچھلا دستہ ، سپاہ عقب

**Rear-ward**

موخر الجیش ، فوج کا پچھلا دستہ ، سپاہ عقب

**Reconnoitre**

غنیم کی فوج اور موقع کو دیکھنا

**Reconstruction**

تعمیر نو ، تجدید ، اصلاح

کسی بھی قسم کی تباہ کاری کے بعد تعمیر کا کام کرنا جیسے امریکہ

میں خانہ جنگی ۱۸۶۵ء اور وفاق دستوں کی واپسی (۱۸۷۷ء) کے درمیان جنوبی ریاستوں میں تعمیر کا کام۔

Rector
ناظم ، حلقے کا پادری ، جامعہ کا صدر

Rectorate/Rectorship
ریکٹر کا منصب ، نظامت

Rectory
منصب پادری ، پادری کی رہائش گاہ

Recusant
منکر ، متمرد ، نافرمان ، گمراہ

Red Coat
سپاہی

برطانوی سپاہی خاص کردہ جو انقلابی جنگ کے دوران میں لڑا۔

Red Shirt Movement
سرخ پوش تحریک

۱۹۳۰ء میں صوبہ سرحد میں عبدالغفار خان کی انگریزوں کے خلاف شروع کی گئی جنگجویانہ تحریک - یہ متحدہ قومیت پر یقین رکھتی تھی - یہ عدم تشدد پر یقین رکھتی تھی لیکن اس کی یہ خصوصیت مشکوک تھی - قیام پاکستان کے بعد اس نے پختونستان کا نیا نعرہ لگایا -

Red skin
سرخ فام ، سرخ جلد ، قدیم امریکی باشندے

Reeve
(۱) شاہی کارندہ

اینگلو سیکسن ادوار میں شاہی کارندہ -

(۲) میجسٹریٹ

برطانیہ میں قرون وسطیٰ میں کسی قصبے یا ضلعے کا میجسٹریٹ -

(۳) قرون وسطیٰ کے برطانیہ میں تعلقہ دار جو پیادۂ ناطر سے کم حیثیت کا مالک ہوتا تھا -

(۴) کینیڈا میں مقامی کونسل کا صدر -

Marfat.com

Reform, Catholic — کیتھولک اصلاح

سولھویں صدی میں رومی کیتھولک کلیسا کے اندر اصلاح کا کام ۔

Reformation period — دور اصلاح (کلیسا)

Reformism — اصلاح پرستی

Reformist — اصلاح پسند ، اصلاح پرست

Reforms — اصلاحات

Regal — شاہانہ ، خسروانہ ، شاہی

Regalist — شاہی امتیازات ، شاہانہ لوازمات ، شاہانہ اختیارات

بادشاہوں کے امتیازی حقوق ۔

Regalism — یہ عقیدہ کہ بادشاہ دینی معاملات میں واجب الاطاعت ہے

Regality — بادشاہی ، سلطنت ، لوازمات سلطنت ، شاہی حق

Regency — نیابت سلطنت ، ولایت شاہی

نائب السلطنت کا دور حکومت ۔

Regicide — (الف) (۱) شاہ کش

بادشاہ کو مارنے والا یا مارنے والوں میں شرکت کرنے والا ۔

(۲) برطانیہ میں چارلس اول پر مقدمہ چلانے اور پھانسی دینے والا۔

(ب) شاہ کش ۔ بادشاہ کو مارنے کا فعل ۔

Regina — فرمانروا ملکہ

Regnancy — حکومت

Reign of terror — عہد آشوب ، خونی دور کی حکومت

یہ دور ۱۷۹۳ء - ۱۷۹۴ء تک فرانس میں رہا جس کا نتیجہ انقلاب

Marfat.com

فرانس کی شکل میں سامنے آیا ۔ اس دور میں فرانس پبلک سیفٹی کی کمیٹی کی آمریت کے ماتحت تھا ۔

| | |
|---|---|
| Reigning dynasty | حکمران خاندان |
| Reigning house | حکمران خاندان |
| Reigning sovereign | سرتاج فرمانروا |
| Re-investiture | مکرر خلعت پوشی |
| Religion | مذہب |
| Religionism | مذہب پرستی |
| Religionist | مذہب پرست |
| Religionless | لامذہب |
| Religiose | کٹر دیندار |
| Religious convictions | مذہبی عقائد |
| Religious denominations | مذہبی فرقے ، مذہبی اسماء |
| Religious leadership | مذہبی قیادت |
| Religious monstrosity | مذہبی شیطنت |
| Religious protection | مذہبی تحفظ |
| Religious qualification | مذہبی اہلیت |
| Religious rationalism | مذہبی توجیہہ |
| Religious rebel | مذہبی باغی ، باغی مذہب |
| Religious skepticism | مذہبی تشکک |

Marfat.com

Religious toleration — مذہبی رواداری

Reminiscence, Platonic doctrine of — افلاطون کا یہ نظریہ کہ انسان کا علم دراصل اس علم کے تازہ کرنے کا نام ہے۔ جو عالم مثال میں ارواح کو دیا گیا تھا۔

Remint — نیا سکہ بنانا ، قدیم سکوں کو ڈھال کر نئے سکے ضرب کرنا

Remonstrance — شکایت ، سرزنش ، نکوہش ، قدح
حکومت یا بعض افسروں کے رویے یا حکمت عملی کے خلاف رسمی احتجاج اور اصلاح کا مطالبہ جو متاثرہ شہری یا اُن کے نمائندے کرتے ہیں۔

Remonstrant — نکوہش کنندہ ، تعرض آمیز

Remonstration — نکوہش ، سرزنش ، تعرض

Remonstrator — معترض ، تعرض کنندہ ، نکوہش کنندہ ، اعتراض کنندہ

Renainance (Fr.) — نشاۃ ثانیہ ، احیا علوم و فنون
فرانسیسی لفظ جس کے لغوی معانی دوسرا جنم لینے کے ہیں۔ قرون وسطیٰ سے جدید زمانہ تک کا عرصہ۔ یہ وہ زمانہ تھا جس میں چودہویں صدی میں ثقافتی اور ذہنی تحریکیں (یورپ میں) شروع ہوئیں۔ یہ اپنے نقطہ عروج کو پندرہویں اور سولھویں صدی میں اٹلی میں پہنچیں۔ اٹلی سے یہ تحریک فرانس ، اسپین ، جرمنی ، نشیبی ممالک ، انگلینڈ اور باقی ماندہ یورپ میں پہنچی۔

Renascence — تجدید ، تجدد ، ولادت نو ، بعثت جدید ، نیا جنم

Renascent — نومولود

Rendition — حوالگی ، تفویض
کسی مفرور کا اُس انتظامی اکائی کو سپرد کیا جانا جہاں وہ انصاف کے تقاضوں کے لیے مطلوب ہے۔

Marfat.com

Renegade — تارک دین ، فراری ، بد عہدی

Renegation — بد عہدی ، ارتداد ، فراری

Rent-free-grant — جاگیر

Reparations — تاوان

وہ رقم جو فاتح قوم مفتوح قوم سے جنگ سے ہونے والے نقصانات کا مالی یا مادی معاوضے کے طور پر وصول کرتی ہے ۔

Reparations commission — ماموریہ تاوان جنگ

پہلی عالمی جنگ کے بعد ایک ماموریہ تاوان جنگ نے تاوان کی اس رقم کا تعین کیا جو جرمنی نے اتحادیوں کو ادا کرنا تھا ۔ یہ ایک کھرب بتیس ارب گولڈ مارک تھا ۔ اس میں سے کچھ اجناس کی شکل میں ادا کیا جانا تھا ۔

Repatriate — راجع وطن

Repeats itself, history — تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے

Repercussion — ردعمل ، صدائے بازگشت

Repertory — مخزن ، گنجینہ ، خزانہ ، خزینۂ تمثیلات

Replacement — تبدل ، جانشینی

Reprise — محصول ، لگان ، سالانہ محصول ، سالانہ مطالبہ

Republicanism, Jacobian — جیکوبینی جمہوریت

Requisition — سربراہ ریاست کا مفرور کو ہتھیار ڈالنے کا رسمی حکم

Rescue home — پناہ گاہ

Rescuer — نجات دہندہ

Residence, chief — حاکم نشین

Marfat.com

Residentship — ریذیڈنٹ کے ماتحت علاقہ

Residuum — ادنیٰ طبقہ کے لوگ

Restoration, The — نمود شاہی ، بادشاہت کی بحالی

(۱) انگلینڈ کے چارلس دوم کی ۱۶۶۰ء میں تخت نشینی جب ملک میں بادشاہت دوبارہ بحال ہوئی -

(۲) انگلینڈ کے چارلس دوم کی تخت نشینی کے بعد کا زمانہ -

(۳) فرانس میں ۱۸۱۴ء میں لوئی ہشتدہم کی تخت نشینی پر بادشاہت کی بحالی -

(۴) فرانس میں ۱۸۱۴ء - ۱۸۳۰ء کا زمانہ جسے ۲۰ مارچ - ۱۸ جون ۱۸۱۵ء کے سو دن کے رخنہ کا سامنا ہے -

Retenue (Fr.) — ضبط نفس

Reveal — وحی بھیجنا

Revealed Book — الہامی کتاب

Revealed Religion — الہامی مذہب

Revelation — کشف ، الہام ، وحی ، انکشاف ، تنزیل

Revelationist — الہام کا قائل

Revenant (Fr.) — ایسا شخص جو جلاوطنی سے واپس آئے

Reverend — پادریوں کا خطاب

Revet — دیوار یا فصیل کے سامنے پشتیبان تعمیر کرنا

Revival of militarism — احیائے عسکریت

Revivalism — احیائے مذہب کا اُصول

Revivalist — حامیٔ تجدید مذہب

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Revolutionary anarchist | انقلابی فوضوی |
| Revolutionary catastrophe | انقلابی تباہی |
| Revolutionary consciousness | انقلابی شعور |
| Revolutionary movement | انقلابی تحریک |
| Revolutionary objectives | انقلابی مقاصد |
| Revolutionary pamphleteer | انقلابی کراسرنگار |
| Revolutionary slogan | انقلابی نعرہ |
| Revolutionary socialism | انقلابی اشتراکیت |
| Revolutionary socialist | انقلابی اشتراکی |
| Revolutionary theories | انقلابی نظریات |
| Revolutionary youth | انقلابی شبان |
| Revolutionary zeal | انقلابی جوش |
| Revolutionism | انقلابیت ، انقلاب پسندی |
| Revolutionist | انقلاب پسند |
| Rex (L.) | فرمانروا ، بادشاہ وقت ، حکمران بادشاہ |
| Rhythm of history | تاریخ کا زیرو بم |
| Richard | رچرڈ |

انگلینڈ کے بادشاہ

رچرڈ اول (شیر دل) (١١٥٧ء-١١٩٩ء) - یہ ١١٨٩ء-١١٩٩ء
تک برسر اقتدار رہا -

Marfat.com

رچرڈ دوم (۱۳۶۷ء - ۱۴۰۰ء) - یہ ۱۳۷۷ء - ۱۳۹۹ء تک برسر اقتدار رہا -

رچرڈ سوم (۱۴۵۲ء - ۱۴۸۵ء) - یہ ۱۴۸۳ء - ۱۴۸۵ء تک برسر اقتدار رہا -

Ring leader
سرغنہ ، مفسدوں کا سردار
بلوہ میں اُکسانے والا قائد -

Riot
شورش ، بلوہ ، فساد

Rioter
فتنہ انگیز ، فتنہ جو ، آشوب طلب

Rioting
بلوہ

Risorgimento (Ital.)
حیات نو
اٹلی میں (۱۸۱۵ء - ۱۸۷۰ء) قومی وحدت کا زمانہ -

Ritualism
رسوم پرستی ، ظاہر پرستی

Ritualist
رسوم پرست ، ظاہر پرست

Robber baron
رہزن بیرن
(۱) ایک جاگیردار امیرزادہ جو اپنے علاقے سے گذرنے والوں کو لوٹ لیتا تھا یا اُن سے فدیہ حاصل کرتا تھا -
(۲) امریکہ میں اُنیسویں صدی کے آخر میں وہ سرمایہ دار جو استحصال سے امیر بنا -

Rogation
(۱) مناجات
(۲) روم میں پرانے وقتوں میں قونصلوں کا تجویز کردہ قانون جس کی توثیق عوام کرتے -

Roger
راجر
سسلی کے نارمن حکمرانوں کا لقب

Marfat.com

راجر اول ۱۰۳۱ء - ۱۱۰۱ء -

راجر دوم ۱۰۹۷ء - ۱۱۵۴ء -

مقدس سلطنت روما
Roman Holy Empire

۸۰۰ء میں پاپائے روم نے شارلیمان کے سر پر اپنے ہاتھ سے تاج رکھ کر مقدس سلطنت روما کی بنیاد رکھی اور اس سے توقع کی کہ تمام شعبہ ہائے حیات کے لیے پوپ کو بے تاج بادشاہ تسلیم کر لیا جائے حتیٰ کہ شہنشاہ بھی اس کا تابع رہے۔ یہ سلطنت ۹۶۲ء - ۱۸۰۶ء تک قائم رہی -

رومی مذہب
Roman religion

دیسی اطالوی مذہب ، جو رومی مذہب کا مرکز تھا ، سادہ پرست تھا - مظاہر قدرت میں موجود ارواح کے متعلق یہ خیال تھا کہ وہ انسانی تقدیر کو منضبط کرتی تھیں اور انسانوں اور دیوتاؤں کے درمیان امن قائم کر کے مطمئن ہوتی تھیں - ساتویں صدی ق م میں رومیوں نے کئی ایک بیرونی دیوتاؤں کی بھی پرستش شروع کر دی - جمہوریہ کے دور کے اختتام پر روم میں عام طور پر تین مذاہب تھے - دیہاتوں کا پرانا مذہب ، اونچے طبقے کا یونانی رومی مذہب اور مشرق پوجا کا مسلک -

رومی مسلک
Romanism

منقار نما یادگاریں
Rostral

قدیم روم کی تاریخی یادگاریں جن کو پلیٹ فارموں سے آراستہ کیا جاتا تھا -

تھوتھنی
Rostrum

قدیم روم کے جہازوں کا اگلا حصہ -

روٹری انٹرنیشنل
Rotary International

امریکہ میں ۱۹۰۵ء میں کاروباریوں اور پیشہ ور افراد نے انسانوں کی

Marfat.com

خدمت کے لیے یہ تنظیم قائم کی - یہ بین الاقوامی دوستی کا پرچار کرتی ہے -

| | |
|---|---|
| Round house | (۱) مدور گھر |

کسی بحری جہاز کے عرشہ کے چوتھائی حصہ کا آخری گول حصہ -

(۲) زندان گول

ایک ایسا جیل خانہ جہاں قیدیوں کو عارضی طور پر رکھا جاتا تھا - یہ عمارت گول ہوتی تھی -

| | |
|---|---|
| Rout | شکست خوردہ فوج کی بے ترتیب پسپائی |
| Royal absolutism | شاہی مطلق العنانی |
| Royal blood | شاہی نسل ، شاہی خاندان |
| Royal charter | فرمان شاہی ، پروانہ شاہی |
| Royal closet | شاہی خلوت گاہ |
| Royal council | شورائے شاہی |
| Royal court | دربار شاہی |
| Royal edict | شاہی فرمان |
| Royal favourtism | شاہی مقربین |
| Royal festival | جشن شاہی |
| Royal flag | شاہی پرچم |
| Royal Highness, His | والا حضرت |
| Royalism | شاہ پرستی ، شاہ پسندی |
| Royalist | (۱) شاہ پرست ، شاہ پسند |

Marfat.com

(۲) جمع کے صیغہ میں شاہ پرست برطانیہ میں بادشاہ اور کلیسا انگلستان کے خانہ جنگی (۱۶۴۲ء - ۱۶۴۸ء) میں حامی تھے -

Royal legitimacy — جواز بادشاہت

Royal pleasure — مرضیٔ شاہانہ

Royal policy — شاہی مسلک

Royal proclamation — شاہی اعلان

Royal theory — نظریۂ شاہ پرستی

Royalty — (۱) بادشاہی ، سلطنت ، بادشاہت

(۲) حقوق شاہی ، شاہی حق

Rubicon — روبیکان

ابتدائی روم کے دنوں میں وہ ندی جو گال اور اٹلی کو منقسم کرتی تھی - اس کی واضح طور پر شناخت نہ ہو سکی تھی - ۴۹ ق م میں قیصر نے اپنی فوج کے ساتھ اسے عبور کیا - اس طرح اس نے رومی سینٹ کو للکارا اور خانہ جنگی کا آغاز کیا - روایت ہے کہ اس نے کہا تھا کہ "اب مقابلہ ناگزیر ہے -" لہذا روبیکان سے مراد اٹل اقدام ہوتا ہے -

Ruins of Rome, the — روما کے کھنڈرات ، رومی شہنشاہی طریق کے آثار

Rule, despotic — استبدادی حکومت

Rule, lawful — قانونی حکومت

Ruled — محکوم

Rulership — حکمرانی ، فرمانروائی

Marfat.com

Ruling dynasty — حکمران خاندان

Ruling elite — حکمران اعیان

Ruthenia (L.) — روتھینیو

قرون وسطیٰ میں مجموعی طور پر روس مراد ۔ بعد میں اس اصطلاح کا اطلاق آسٹرو ہنگری ملوکیت پر کیا جانے لگا جس سے مراد پولینڈ ، ہنگری اور بوکووینا کی آبادی کے یوکراینٹی حصے کو ظاہر کرنا تھا ۔

# S

S. A. — ایس اے

ہٹلر کے زمانے میں جرمن طوفانی دستے

Sab(a)ean/Sabean — صابی ، ستارہ پرست

Sabaism — صابیت ، ستارہ پرستی

Sabbatarian — سبتی ، سبتیہ ، سبت پرست

(۱) وہ یہودی جو ہفتہ کو یوم سبت منائے

(۲) وہ عیسائی جو اتوار کو یوم سبت منائے

Sabbatainism — سبت برستی ، سبت پسندی

Sabbath-breaker — سبت شکن

Sabellian — اس عقیدہ کو ماننے والا کہ باپ بیٹا اور روح القدس خدا ہی کے تین مختلف ہستیوں کے نام ہیں

Sabha — سبھا ، مجلس

Sabian — صابی ، ایک ستارہ پرست فرقہ

Sabine — (۱) ساربنی فرقے کا فرد

(۲) (جمع کے صیغے میں) مرکزی اٹلی کے قدیم لوگ جو روم کے شمال مشرق میں واقع سابائن نامی پہاڑی کے پاس آباد تھے - اُنھوں نے روم



Marfat.com

کے ساتھ جنگ کی لیکن تیسری صدی ق م میں وہ مکمل طور پر رومیوں میں ہی ضم ہوگئے -

Sabre

(۱) شمشیر ، سیف ، تلوار

(۲) (جمع کے صیغے میں) رسالے کے گھوڑے اور اُن کے سوار

Sabreur

رسالے کا سوار جو تلوار سے مسلح ہو

Sac and Fox Indians

سیک اور فاکس انڈین

شمالی امریکہ کی ایک قدیم نسل جو سترہویں صدی میں ساگنیاڈ خلیج کے علاقے سے نکالی گئی - یہ شمال مشرق وسکونسن میں آباد ہوئی -

Sacerdotalist

مشائخ پرست ، پیر پرست

Sacerdotium

قسیست

Sachiva

سچوا

سنسکرت زبان کی اصطلاح بمعنی وزیر یا مشیر - سیوا جی اول کے آٹھ وزرا میں سے چوتھے وزیر کا یہ سرکاری منصب قرار پایا - اُس کے فرائض میں بادشاہ کی خط و کتابت کی نگرانی کرنا اور سرکاری محاصل کی دیکھ بھال شامل تھی -

Sacrament, the Blessed/Sacrament, the Holy

عشائے ربانی ، حلف

Sacramental test

مذہبی آزمائش

Sacrarium

خانہ معبد

Sacred places

متبرک مقامات

Sacred property

متبرک جائیداد

Sacrifice

قربانی

Sacrifice, self

ایثار

Marfat.com

Sacrist
خازن کلیسا

Sacristy
مخزن کلیسا

Sacrosanct
متبرک ، واجب الحرمت ، پاک

Sadducee
صدوقی

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ظہور کے وقت یہودیوں کا ایک فرقہ جو شریعت کی صرف پانچ کتابوں کو مانتا تھا ۔ یہ حیات جاودانی اور قیامت پر یقین نہیں رکھتا تھا ۔

Sadr
صدر

مغلوں کے دور میں ایک افسر کا منصب جس کی تحویل میں پرگنہ میں اوقاف اور صدقات ہوتے تھے ۔

Sadr-us-Sadur
صدر الصدور

مغلیہ دور میں مذہبی اوقاف اور صدقات کا ہندوستان بھر میں انچارج ۔ اس کا دفتری مرکز دارالحکومت میں ہوتا تھا اور ملک بھر کے صدر اُس کے ماتحت ہوتے تھے ۔

Saga
رزمیہ داستان ، کارنامے

گیارہویں اور تیرہویں صدی کے درمیان مرتب کیے گئے آئس لینڈ کے خاندان یا ناروے کے بادشاہوں کے کارنامے درج ہیں ۔

Saint
(۱) مقدس ، متبرک

(۲) ولی ، بزرگ ، رشی منی

Saintdom
حلقۂ مشائخ

Sainthood/Saintship
ولایت ، بزرگی ، تقدس

Saint, patron
سرپرست ولی ، خاندانی پیر

Marfat.com

Saisunga dynasty, the

سیسنگا خاندان

ساتویں صدی ق م کے وسط میں سیسنگا نے اس خاندان کی بنیاد رکھی - اس میں دس بادشاہ گذرے ہیں - ۳۴۵ ق م میں اس خاندان کا اقتدار ختم ہوا۔ اس کے ماتحت شمالی ہندوستان کا بیشتر علاقہ تھا -

Sakas, the

ساکاس

وسطی ایشیا کا ایک خانہ بدوش قبیلہ جسے دوسری صدی ق م میں ہٹوچز نے جنوب کی طرف نقل مکانی پر مجبور کر دیا - پہلی صدی ق م میں اس کے کئی ایک گروہ ہندوستان میں آ کر آباد ہوئے - اس کے قائدین نے سٹراپ کا لقب اختیار کیا - ساکاس کے آخری حکمران نے ۳۸۸ء تک حکومت کی -

Saker

توپ کی ایک پرانی شکل

Sakuntala, the

شکنتلا

کالی داس (عہد چندر گپت موریہ) کا مشہور ڈرامہ جو سنسکرت میں لکھا گیا -

Salic law/Salique law

سالیکی قانون

قدیم فرانس کا قانون جس کی رو سے صرف مرد ہی تخت کے وارث ہو سکتے تھے -

Sally post

مورچۂ زقند

قلعے کا وہ راستہ جس سے محصور فوج نکل کر محاصرین پر حملہ کرتی ہے -

Saluva dynasty, the

خاندان سالووا

ہندوستان کے علاقے وجیانگر کے بادشاہوں کا دوسرا خاندان جس نے ۱۴۸۶ء - ۱۵۰۳ء تک حکومت کی -

Salvation

نجات ، مکتی

Marfat.com

Salvation army

مکتی فوج ، جیش نجات

عیسائیوں کی ایک جماعت جو ۱۸۶۵ء میں لندن میں قائم کی گئی ۔ اس کا مقصد عوام میں ذہنی بیداری پیدا کرنا ہے ۔

Salvationism

کفارہ مسیح ؑ کا عقیدہ

Salvationist

کفارہ مسیح ؑ کا عقیدہ رکھنے والا

Samite

باولا ، زری

قرون وسطیٰ کا قیمتی زریفتی کپڑا ۔

Samnites

سامنٹس

مرکزی اٹلی کا ایک قدیم قبیلہ جسے روم نے ۳۲۶ قم - ۳۰۶ قم اور ۲۹۸ قم - ۲۹۰ قم میں لڑی جانے والی جنگوں میں شکست دی لیکن اُن کا بالآخر خاتمہ ۸۲ه قم میں سلا کے ہاتھوں ہوا ۔ اُن کے علاقے کا نام سیمنیوم تھا ۔

Sanbenito

لباس توبہ

اسپین میں خوف کی وجہ سے جو لوگ اپنے مذہب کو ترک کر دیتے اُن کو یہ لباس پہنایا جاتا ۔ اس پر آگے اور پیچھے لال رنگ کی سینٹ انڈریو کی صلیب بنی ہوتی ۔ اسی قسم کا سیاہ لباس اُن لوگوں کو پہنایا جاتا جو اپنے عقائد کے ساتھ چمٹے رہتے ۔ اس پر شیطانوں اور شعلوں کے نمونے بنے ہوتے ۔ پھر اُسے زندہ نذر آتش کر دیا جاتا ۔

Sanctuary

معبد ، حرم

قرون وسطیٰ میں ایسی عمارتوں میں بعض قانون شکن پناہ لیتے اور اس طرح وقتی طور پر سزا سے بچ جاتے ۔

Sanctuary, rights of

حقوق جائے پناہ

Sanctuary, violate

(۱) جائے پناہ کا احترام نہ کرنا

(۲) مقدس مقام کے پناہ گزینوں کو گرفتار کرنا ۔

Marfat.com

Sand — خشک کرنا

امریکہ میں کسی لکھی ہوئی دستاویز پر سے سیاہی کو خشک کرنے کے لیے ریت بکھیر دی جاتی تھی ۔

Sangha, the — سنگا

بدھ راہبوں کا بھائی چارہ جو ایک لحاظ سے بدھ مت کی تثلیث تھی یعنی بدھا ، دھرما اور سنگا ۔ یہ بھائی چارہ قائم کر کے بدھ نے ایک جمہوری دستور قائم کیا ۔

Sanskrit — سنسکرت

لغوی معانی کامل یا مکمل کے ہیں ۔ ہندوستان کی قدیم معیاری زبان ۔ اس کا قدیم ترین زمانہ ۱۵۰۰ ق‌م - ۲۰۰ ق‌م تھا ۔ اس کے بعد کا زمانہ ۲۰۰ ق‌م - ۱۱۰۰ء تھا ۔

Sanusi/Sanussi — سنوسی

محمد علی السنوسی کا قائم کردہ شمالی افریقہ میں ۱۸۳۷ء میں ایک جنگجو مسلم فرقہ ۔ محمد علی السنوسی (متوفی ۱۸۵۹ء) الجزائر کا مذہبی قائد تھا ۔

Sap — (۱) نقب لگانا

(۲) محصور مقام کے گرد ایسا مورچہ جس سے حملہ روکا جا سکے ۔

Saracens — عرب

(۱) قدیم ترین تاریخ میں شامی عرب صحرا کے خانہ بدوش ۔

(۲) عرب خاص کر مسلمان جنھوں نے آٹھویں صدی عیسوی میں فرانس اور نویں صدی عیسوی میں سسلی پر حملہ کیا ۔ اُنھوں نے صلیبی جنگوں میں عیسائیوں کا مقابلہ کیا ۔

Sardinia, the kingdom of — بادشاہت سارڈینیا

ساوے ، پڈمونٹ ، نائس اور سارڈینیا پر مشتمل بادشاہت جس میں

Marfat.com

۱۸۱۵ء کے بعد لگوریا بھی شامل ہوگیا۔ اس کا دارالحکومت ٹورن تھا۔ ۱۸۶۱ء کے بعد یہ اٹلی میں شامل ہوگئی۔

**Sardius** گوہر

جواہر جو اعلیٰ یہودی مبلغ (حاخام) پہنتے تھے۔ یہ عام طور پر عقیق سرخ ہوتا۔

**Sarkar, the** سرکار

علاقائی انتظامی اکائی جس میں شیر شاہ سوری نے اپنی سلطنت کو تقسیم کیا۔ اکبر نے اُن میں سے کئی ایک کو برقرار رکھا۔ انگریزوں نے سرکار کو ضلعے کا نام دیا۔

**Sarmatian** سرمیتی

دریائے ڈون کے نشیبی علاقوں میں سیتھیوں کو بے گھر کرنے والی (تیسری صدی ق م) قوم جو پہلے اہل روم کی دشمن تھی لیکن بعد میں اُن کی اتحادی بن گئی۔ اُس کو تیسری صدی عیسوی میں گوتھوں نے شکست دی۔

**Sassanian/Sassanids/Sassanidae** ساسانی

ایران کے حکمرانوں کا آخری خاندان جس نے ۲۲۶ء ۔ ۶۴۰ء تک حکومت کی۔ یہ خالصتاً ایرانی تھے۔ اس کا دارالحکومت ٹیسفون تھا۔ اس کے اہم حکمرانوں میں شاہ پور اول، شاہ پور دوم اور خسرو دوم مشہور تھے۔

**Satavahana dynasty** خاندان ستاواہنا

ہندوستان کے علاقے اندھرا میں گوداوری اور کرشنا کے درمیان کی وادی میں ۶۰ ق م میں سموکا نے اس خاندان کی بنیاد رکھی۔ اسے اندھرا خاندان کا نام دیا جاتا ہے۔ اس خاندان میں تیس بادشاہ گذرے ہیں۔ یہ خاندان ہندو بادشاہوں کا خاندان تھا۔

**Sati** ستی

اپنے خاوند کی چتا پر زندہ جل مرنے کی رسم جو ہندوستان میں

وید عہد کے بعد پیدا ہوئی ۔ رامائن میں مذکور ہے کہ شاہی خاندان میں یہ رسم موجود تھی پھر یہ عوام میں پھلی پھولی ۔ مسلمان حکمرانوں نے اسے روکنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے ۔ ۱۸۲۹ء میں انگریز گورنر جنرل لارڈ بنیٹینک نے اسے روکا لیکن پنجاب میں یہ جاری رہی ۔ ۱۸۴۸ء میں پنجاب کے انگریزوں کے ساتھ الحاق کے بعد ہی اسے روکا جا سکا ۔

Satrapy

ولایت ، حکومت

Saturnalia of crime, a

زمانہ جرائم ، جوش جرائم

Satyr

(۱) یونانی دیومالا میں پہاڑوں اور جنگلات میں رہنے والی ایک مخلوق ۔

(۲) یونانیوں کا ایک دیوتا جس کے کان اور دم گھوڑے اور شکل انسان سے مشابہ تھی ۔

Savage

وحشی، وحشیانہ

Savagedom

وحشیانہ دور حکومت

Saxon

سیکسن

ٹیوٹانی نسل (جرمن) جس نے پانچویں صدی کے آخر اور چھٹی صدی کے شروع میں برطانیہ پر حملہ کیا ۔

Saxonism

سیکسن پرستی

Saxonist

اینگلو سیکسن زبان کا ماہر

Saxon, old

قدیم سیکسن

وہ قوم جس نے پانچویں اور چھٹی صدی میں انگلستان کو فتح کیا تھا۔

Marfat.com

**Saxony, The kingdom of** سیکسنی بادشاہت

۱۸۰۶ء میں فریڈرک آگسٹس اول کی قیادت میں معرض وجود میں آنے والی بادشاہت ۔

**Sayyid brothers** سید برادران

حسین علی اور اُس کا بھائی عبداللہ جن کا تعلق اودھ سے تھا ۔ بہادر شاہ اول (۱۷۰۷ء - ۱۷۱۲ء) کے دور میں یہ اعلیٰ منصب پر فائز تھے ۔ ۱۷۱۳ء - ۱۷۱۹ء کے عرصے میں وہ جس کو چاہتے بادشاہ بنا دیتے یا ہٹا دیتے ۔ اسی لیے اُن کو بادشاہ گر برادران بھی کہا جاتا ہے ۔

**Sayyid dynasty, the** سید خاندان

خضر خان نے اس خاندان کی بنیاد ۱۴۱۴ء میں آخری تغلق سلطان محمود کی وفات کے بعد رکھی ۔ اس خاندان میں چار بادشاہ گذرے ہیں ۔ ۱۴۵۱ء میں بہلول لودھی کی تخت نشینی کے ساتھ ہی اس خاندان کا اقتدار ختم ہوگیا ۔

**Scaffold** سولی ، دار ، پھانسی

**Scallop/Scollop** گھونگا

قرون وسطیٰ میں بیت المقدس کے زائرین واپسی پر ایسے گھونگے نشانی کے طور پر پہنتے ۔

**Scallywag** مشکوک

امریکہ کی خانہ جنگی کے بعد جنوبی ریاستوں کا وہ باشندہ جو فاتح دشمن کے ساتھ دست تعاون پر رضامند تھا ۔

**Scalp** کھوپڑی

امریکہ میں شمالی امریکی انڈین دشمن کی کھوپڑی ٹرافی کے طور پر کاٹ کر اُتار لیتا ۔

Marfat.com

Scandalum magnatum
توہین شرفا

Scarab
متبرک بھونرا

قدیم مصریوں کا متبرک بھونرا جس کو پتھروں پر تراشا جاتا - اسے مدتوں نشان اور مہروں کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے -

Sceptic
کافر ، دہریہ ، زندیق ، تشکک آمیز ، اہل شک

وہ شخص جسے حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات پر شبہ ہو -

Scepticism
تشکک ، تشکیک ، شک پرستی

Sceptre
عطائے سلطانی ، اقتدار ، سلطنت ، عصائے شاہی

Sceptred
صاحب عصا ، عصادار

Schism, Great
تفرقہ عظیم

۱۳۷۸ء - ۱۴۱۷ء کے درمیانی عرصے میں رومی کیتھولک کلیسا میں پیدا ہونے والا افتراق -

Scholastic manners
مکتبی تہذیب ، مدرسی اطوار ، فاضلانہ انداز

Scholastic phantasy
واہمۂ فضلا

Scholastic philosophers
متکلمین

روایتی اُصول کی اندھی تقلید -

Schoolman
(۱) قرون وسطیٰ میں یونیورسٹی کا معلم

(۲) متکلم ، ماہر علم الکلام

وہ دینیات دان جو مذہب کے اُصول کو منطق ارسطو کے مطابق کرتا ہو -

School, ragged
خیراتی مدرسہ

Marfat.com

Scientific Revolution سائنسی انقلاب

سولہویں اور خاص کر سترہویں صدی میں ہونے والی سائنسی خیالات اور طریقوں میں تبدیلیوں پر منطبق ہونے والی اصطلاح ۔ یہ انقلاب خاص کر مغربی یورپ کے ممالک انگلینڈ ، فرانس اور ہالینڈ کی تیار کردہ اشیا کی وجہ سے آیا ۔ اس میں اضافہ جغرافیائی دریافتوں ، تجارتی نشو و نما اور فکر کی لادینیت کی وجہ سے ہوا ۔

Scramble for colonies نو آبادیات کے لیے کدوکاوش

Scribe (۱) بنیادی طور پر ایک یہودی عالم جو لکھنے کا فن جانتا تھا
(۲) یہودی قانون کا ایک سرکاری اُستاد جس نے پہلی صدی عیسوی میں اپنی مذہبی قیادت کھو دی ۔

Scrip (۱) کچی رسید
(۲) سکسور کاغذی کرنسی

Scripturalist انجیل پرست

Scriptuaries, The اہل کتاب

Scripture کتاب مقدس ، انجیل

Scrivener مہاجن ، ساہوکار
سود پر روپیہ چلانے والا ۔

Scullion (امریکہ) کم درجے کا ملازم جو برتن مانجھنے کے لیے باورچی خانہ میں کام نہ کرتا تھا ۔

Scutage وہ محصول یا معاوضہ جو قرون وسطیٰ میں ذاتی خدمت نہ دینے کے بدلے میں ادا کیا جاتا تھا ۔
برطانیہ میں شاہ جان نے ۱۲۱۵ء کے میگنا کارٹا میں یہ سہولت دی کہ یہ محصول بیرنوں کی رضامندی سے ہی جمع کیا جا سکتا تھا ۔

Marfat.com

ایڈورڈ سوم (۱۳۱۲ء - ۱۳۷۷ء) کے دور کے بعد ٹیکسوں کے فروغ سے اس نظام کا خاتمہ ہوا -

Scylia

بحری حور پری
یونانی دیومالا میں سمندر کی دیوی

Scythians, the

سیتھین
یہ لوگ خانہ بدوش اور جنگجو گھوڑ سوار تھے جو جنوبی یورپ کے علاقے میں نویں صدی ق م میں آباد تھے - وہ یونانیوں سے تجارت کرتے تھے اور اُن کے زرخرید معلوم ہوتے تھے - ساتویں صدی ق م میں اُنھوں نے اسیریائی سلطنت پر حملہ کیا اور کچھ دیر تک فلسطین پر بھی قابض رہے - تیسری صدی ق م میں اُن کو زوال ہوا -

Sea coal

بحری کوئلہ
برطانیہ میں کوئلے کو بحری کوئلہ اس لیے کہا جاتا رہا ہے کیونکہ اس کی نقل و حمل سمندر کے راستے ہوتی تھی خاص کر شمال مشرق انگلینڈ سے لندن تک -

Sea dog

قزاق

Sea King

ازمنہ وسطیٰ کا بحری ڈاکو

Sea pirate/Sea rover

بحری ڈاکو

SEATO

سیٹو
جنوب مشرقی ایشیا کے معاہدے کی تنظیم جس پر ۸ ستمبر ۱۹۵۴ء کو آسٹریلیا ، فرانس ، نیوزی لینڈ ، فلپائن ، تھائی لینڈ ، برطانیہ اور یو ایس اے نے دستخط کیے - اس معاہدے کا مقصد اس علاقے میں اشتمالیت کے فروغ کو روکنا اور حملے کے وقت ایک دوسرے کی مدد کرنا تھا -

Second Empire

دوسری سلطنت
فرانس کے نپولین سوم کی سلطنت (۱۸۵۲ء - ۱۸۷۱ء) کی خصوصیات کی نقل کرنا -

Marfat.com

Second International بین الاقوامیہ دوم ، اشتمالیہ دوم ، انٹرنیشنل دوم

اس اجتماع کا انعقاد ۱۸۸۹ء میں برسلز یا بعض کے خیال میں پیرس میں ہوا ۔ اس میں کئی اشتراکی جماعتوں نے شرکت کی جن کے قائدین میں فریڈرک اینجلز ممتاز ہے ۔ اس کا دستور اول انٹرنیشنل کے مقابلے میں محنت کشوں کی ایک بلند تر تنظیم کا حامل تھا ۔ اختلاف رائے اور جنگ عظیم اول کے شروع ہونے کی وجہ سے اسے توڑ دیا گیا ۔

Sectary غیر مقلد

برطانیہ میں سترہویں اور اٹھارویں صدی کا پروٹسٹنٹ غیر مقلد ۔

Sedan chair پالکی

ایک فرد کے بیٹھنے کی کرسی جس پر چھت بنی ہوتی تھی اور ارد گرد پردے بھی لٹکتے اور اسے کہار اُٹھاتے ۔ امریکہ میں پالکی کے کہار دو ہوتے تھے، ایک مسافر کے آگے اور ایک مسافر کے پیچھے ۔ یہ سترہویں اور اٹھارویں صدی میں زیر استعمال تھی ۔ ہندوستان میں اس کے اُٹھانے والے چار افراد ہوتے تھے ۔

Seer-band سر بند

پگڑی کے لیے باریک ململ

Seigfried Line سیگفرائڈ لائن

اس سے مراد جرمنی کی وہ قلعہ بندیاں ہیں جو اُس نے اپنی مغربی سرحد پر کیں (۱۹۳۸ء) ۔

Seigneury/Seigniory

(۱) جاگیر ، تعلقہ

(۲) جاگیرداری ، امارت

(۳) شاہی اقتدار

Seigniorage/Seignorage شاہی حق سکہ

اس چاندی میں سے بادشاہ کا مخصوص حق جو ٹکسال کو بھیجی جاتی تھی ۔

Marfat.com

Sekos — مقدس احاطہ

معبد یا مندر وغیرہ کا احاطہ

Semantic label — لسانی لیبل

Semi barbarian — نیم وحشی ، جنگلی

Semi-feudal government — نیم جاگیری حکومت

Seminole Indians — سیمینول انڈین

شمالی امریکہ کا ایک قدیم قبیلہ جو اٹھارویں صدی میں فلوریڈا میں آباد ہوا ۔

Semite — سامی ، سامی النسل

بنیادی طور پر وہ لوگ جو حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے شیم کی اولاد تھے ۔ بعد میں ان سے مراد عرب ، قدیم بابل کے عکادی ، عمانوی ، اسیریوی ، کنعانی اور آرامینی وغیرہ لیے جانے لگے ۔

Semitism — سامی اقوام کی خصوصیات

Semitist — سامیات دان

Sena dynasty — سینا خاندان

اس خاندان نے ۱۰۹۵ء - ۱۲۴۵ء تک بنگال میں حکومت کی ۔ اس کا پہلا بادشاہ وجیاسینا تھا جس نے ۱۰۹۵ء - ۱۱۵۸ء تک حکومت کی ۔

Senate, Roman — رومی سینٹ

قدیم روم میں حکمران مجلس جو شاہی پریوی کونسل کی ایک ترقی یافتہ شکل تھی ۔ اس نے دوسری اور تیسری صدی ق م میں بے پناہ اختیارات حاصل کر لیے ۔ یہ اعلان جنگ کرتی ، معاہدات کرتی اور نئی قلمرو کو منظم کرتی ۔ اس کی رکنیت سابقہ مجسٹریٹوں اور قدیم

Marfat.com

خاندانوں تک محدود تھی - ۴۸ ق‌م میں سیسزر کے قتل کے بعد اس کے اختیارات میں کمی واقع ہونی شروع ہوئی -

سینیکا
Seneca

امریکہ کے اروکیوس انڈین کا فرد جو مغربی نیویارک ریاست میں رہتے -

سیناچل
Senachal

قرون وسطیٰ کے کسی بڑے گھر کا منتظم -

سنوسی
Sennusi/Senoussi

اٹھارویں صدی کا افریقی مسلمانوں کا ایک دینی اور سیاسی فرقہ -

سیفارڈم
Sephardim

تحقیقات سے قبل اسپین اور پرتگال میں آباد ہونے والے یہودی جو انگلینڈ، یونان اور امریکہ میں پھیل گئے -

سپاہی
Sepoy

برطانوی ہندوستان کی فوج کا رکن

سپاہی انقلاب
Sepoy Rebellion

جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کا نام

توریت کا یونانی ترجمہ
Septuagint

اس کے لغوی معانی ستر کے ہیں - قدیم توریت کا یونانی میں ترجمہ جو دوسری اور تیسری صدی ق‌م میں اسکندریہ کی لائبریری کے لیے ستر علما نے کیا - یہ ترجمہ ستر دنوں ہی میں کیا گیا - یہ جلاوطنی کے دور کے یہودیوں میں مقبول ترجمہ تھا -

حرم سرا، سلطانی محل
Sereglio

سرعسکر، ترکی سپہ سالار یا وزیر جنگ
Seraskier

Seraskierat — وزارت جنگ کا دفتر

Serf — بیگاری ، غلام

وہ بیگاری جس کی خدمات زمین کے ساتھ منتقل ہو سکیں -

Serfdom/Serfage/Serfhood — غلامی ، مملوکی

Servant of the Crown — ملازمین تاج

Servitor — حاضر باش ، نوکر چاکر

Sesostris — سسوٹرس

قدیم مصر کے دوازدہم خاندان کے بادشاہوں کے نام

سسوٹرس اول (متوفی ۱۹۳۵ء قم) -

سسوٹرس دوم (متوفی ۱۸۸۷ء قم) -

سسوٹرس سوم (متوفی ۱۸۴۹ء قم) -

Seti — ستی

ستی اول (متوفی ۱۲۹۲ء قم) -

ستی دوم (متوفی ۱۲۰۵ء قم) -

Settled estate — عمر پٹے کی ملک یا جاگیر جو کاشت کار کو خاص خاص شرائط پر عمر بھر کے دی گئی ہو -

Settlement, Act of — قانون تصفیہ تخت و تاج

برطانوی پارلیمنٹ کا منظور کردہ ۱۷۰۱ء کا قانون جس کی رو سے یہ طے پایا کہ اگر ولیم سوم اور ملکہ این بے اولاد مر جائیں تو اقتدار ہنوور خاندان کے پاس چلا جائے گا اگر وہ پروٹسٹنٹ ہوا تو -

Settler — آباد کار

Marfat.com

Seven Sleepers, the — اصحاب کہف

وہ پانچ یا سات یا نو افراد جو ہزاروں سال سے کہف یعنی غار میں سو رہے ہیں اور قیامت کے روز اُٹھائے جائیں گے۔

Sexcentenary — (۱) شش صدی، چھ سو سال

(۲) ۶۰۰ویں سالگرہ

Shackles — (۱) پابندیاں

(۲) بیڑیاں

Shahnamah — شاہ نامہ

فردوسی کی لکھی گئی عظیم رزمیہ نظم جو فارسی میں ہے۔

Shakdar — شقدار

ہندوستان میں عہد سلاطین اور مغلیہ دور میں پرگنہ کا حاکم۔

Shambles — (۱) ذبح خانہ، مذبح، مسلح مقتل

(۲) مظالم کی جگہ۔

Shanghai — (امریکہ) منشیات کھلا کر جہاز پر بیٹھا لینا اور اُس سے ملاح کا کام لینا۔

Sharpie — شروپی

(امریکہ) چپٹی سطح والی ایک لمبی کشتی جس کا ایک یا دو مستول ہوتے تھے - ہر ایک کا مثلثی بادبان ہوتا تھا۔

Shawnee Indians — شانی انڈین

شمالی امریکہ کے علاقے اوہیو میں اٹھارویں صدی میں آباد ہونے والی ایک قدیم نسل۔

Sheba/Saba — شیبا

Marfat.com

بائبل میں یہ نام جنوبی عرب بشمول یمن اور حضرموت کے لیے استعمال ہوا ہے - اسے سبا بھی کہا جاتا تھا - مسلم روایات کے مطابق اس کی ملکہ بلقیس تھی جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملاقات کی - شیبا نے چھٹی صدی عیسوی میں ایتھوپیا پر بھی اپنا تسلط جمایا -

Sheriff
کاؤنٹی یا شائر کا افسر اعلیٰ ، افسر ضلع ، ناظر عدالت

Sherifdom/Sheriffhood/Sherifship
شریف کا عہدہ

Shia
شیعہ

مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کے خیال میں رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بجائے حضرت علیؓ کو خلیفہ ہونا چاہیے تھا -

Shiasim
شیعیت

اہل تشیع کا مسلک -

Shield
ڈھال ، آفتابی ، سپر

Shiites
اہل تشیع

Shinto
شنٹو

قدیم جاپانی مذہب جس میں کنفوشش ازم اور بدھ مت کی تعلیمات کا گہرا اثر پڑا -

Ship money
جہازی محصول

ٹیکس جو بیڑے کے لیے جہاز مہیا کرنے کے لیے عائد کیا جاتا تھا - برطانیہ میں چارلس اول (۱۶۰۰ء - ۱۶۴۹ء) نے اس کا احیا کیا اور اس کا وسیع پیمانے پر اطلاق کیا - ۱۶۴۰ء میں اسے منسوخ کر دیا گیا -

Marfat.com

Ship of the line | صف کا جہاز

(امریکہ) ایک ایسا جنگی جہاز جس پر بھاری توپیں نصب ہوتیں اور وہ سمندر پر لڑی جانے والی لڑائی کے جہازوں کی صف کا ایک حصہ ہوتا ۔

Shiperight | جہاز ساز

Shire | شائر

اینگلو سیکسنی دور میں انتظامی ضلع

Shivaji | سیوا جی

مرہٹہ قوم کے سردار

Shogun | شوگن

جاپان میں فوجی آمروں کا لقب جنھوں نے ۱۱۹۲ء - ۱۸۶۷ء تک حکومت کی ۔ اس لقب کا آغاز ۷۹۴ء میں ہوا اور بنیادی طور پر اس کے معانی شاہی افواج کا کمانڈر تھا ۔

Shogunate | حکومت شوگن

Shopkeeper, nation of | انگریز

Shoshone Indians | شوشون انڈین

شمالی امریکہ کی ایک قدیم نسل جو جنوب مغربی مونٹانا ، مغربی وہمنگ ، جنوبی اداہو اور شمال مشرق نیوادا کے علاقے میں آباد ہوئی ۔

Showers of honours, a | احترامات پے در پے

Shrievalty | شیرف کا عہدہ یا منصب

Si | سی

ہندوستان کے کشن بادشاہ کدفائسس دوم (یہ ۷۸ء - ۱۱۰ء تک

Marfat.com

برسر اقتدار رہا) کا وائسرائے جس نے کوہ پامیر کے اُس پار چین میں جا کر لڑائی لڑی لیکن شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

Sibi, the
سبی

ضلع جھنگ میں رچنا دوآب میں آباد ایک قبائلی قوم جو کھال پہنتی اور ڈنڈوں سے مسلح رہتی۔ اس قوم نے اسکندر اعظم کے آگے ہتھیار ڈال دیے۔

Sibyl
کاہنا ، جادوگرنی

یونانی دیوسالا میں کاہنا خواتین کو بے حد احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ ۸۳ء میں روم کے نذر آتش ہونے تک اُن کو روم میں رکھا جاتا تھا۔

Sibyline books, the
کاہنوں کی کتابیں

Sidi, the
سدی

ہندوستان کے مغربی ساحل پر جن جیرا کے حبشہ کے قزاقوں کے سردار

Siege
محاصرہ

Siege gun
قلعہ شکن توپ

Siege train
محاصرہ کا سامان (توپ خانہ وغیرہ)

Siege works
محاصرہ کرنے والوں کی خندقیں

Sigismund
سجسمنڈ

پولینڈ کے بادشاہ

سجسمنڈ اول (۱۴۶۷ء - ۱۵۴۸ء) - یہ ۱۵۰۶ء - ۱۵۴۸ء تک برسر اقتدار رہا۔

سجسمنڈ دوم یا سجسمنڈ آگسٹس (۱۵۲۰ء - ۱۵۷۲ء) - یہ ۱۵۴۸ء - ۱۵۷۲ء تک برسر اقتدار رہا۔

Marfat.com

سجسمنڈ سوم (۱۵۶۶ء - ۱۶۳۲ء) - یہ ۱۵۹۲ء - ۱۶۳۲ء تک برسر اقتدار رہا -

Signet-ring
خاتم ، مہردار انگوٹھی

Simoniac
کلیسائی عہدوں کی خرید و فروخت کا مجرم

Simony
کلیسائی عہدوں کی خرید و فروخت

Sinn Fein
شن فین

آئرش زبان کے اس لفظ کے لغوی معانی ہم اور ہم خود کے ہیں - اس قومی تحریک نے ۱۹۲۱ء میں آزاد آئرلینڈ کو قائم کیا - اس تحریک کی بنیاد ۱۸۹۹ء میں آرتھر گرفتھ نے رکھی - آزاد مملکت کے قیام کے بعد آزاد ریپبلکن فوج کو غیر قانونی قرار دے دیا گیا اور اس کے ساتھ ہی شن فین کا خاتمہ ہوگیا -

Sins, the seven deadly
سات گناہ کبیرہ

غرور ، حسد ، طمع ، بسیار خوری ، سستی ، شہوت ، قتل -

Sioux Indians/Dakota Indians
سو انڈین

شمالی امریکہ کے علاقے گریٹ لیک میں آباد ایک قدیم نسل جو وہاں سترہویں صدی میں پائی جاتی تھی -

Sisphean
یونانی دیومالا میں سس فین نامی یونانی کی سزا

جس میں وہ ایک پتھر پہاڑ پر لے جاتا اور اسے وہاں سے لڑھکا دیتا اور واپس آ کر پھر لے جاتا اور پھر لڑھکاتا اور ہمیشہ ہی یہی کام کرتا رہتا -

Slave
غلام

Slave-driver
غلاموں کا نگران

Marfat.com

Slave dynasty, the — خاندان غلاماں

ہندوستان میں اس خاندان کی بنیاد قطب الدین ایبک نے ۱۲۰۶ء میں دہلی میں رکھی - یہ جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی پہلی خود مختار حکومت تھی - اس میں ایبک کے بعد شمس الدین التمش (۱۲۱۱ء - ۱۲۳۶ء) ، رکن الدین (۱۲۳۶ء) ، رضیہ سلطانہ (۱۲۳۶ء - ۱۲۳۹ء) بہرام شاہ (۱۲۳۹ء - ۱۲۴۶ء) ، مسعود شاہ (۱۲۴۲ء - ۱۲۴۶ء) ، ناصر الدین قباچہ (۱۲۴۶ء - ۱۲۶۶ء) ، غیاث الدین بلبن (۱۲۶۶ء - ۱۲۸۶ء) اور کیقباد (۱۲۸۶ء - ۱۲۹۰ء) بادشاہ گذرے ہیں - یہ تمام بادشاہ یا تو غلام تھے یا غلاموں کی اولاد تھے -

Slave-holder — غلاموں کا مالک

Slave-hunter — بردہ فروش

Slave merchant — بردہ فروش

Slave morality — غلامانہ اخلاق

Slave owner — غلاموں کا مالک

Slave power — غلام مزدور

Slave ship — بردہ فروشی میں مصروف بحری جہاز

Slave state — بردہ فروش ریاست

میسن ڈکسن لائن کے جنوب میں واقع پندرہ امریکی ریاستیں جہاں خانہ جنگی سے پہلے غلامی قانوناً جائز تھی - اُن کے نام یہ ہیں :— الباما ، ارکنساس ، ڈیلاویر ، فلوریڈا ، جارجیا ، کنیٹکی ، لاؤسینا ، میری لینڈ ، مسیس پی ، میسوری ، شمالی کیرولینا ، جنوبی کیرولینا ، ٹنیسیی ، ٹیکساس اور ورجینا -

Slave trade — غلاموں کی تجارت

غلاموں کی خرید و فروخت خاص کر امریکہ میں فروخت کے لیے افریقیوں کی سابقہ نقل و حمل -

Slaver — بردہ فروش

Slavery — غلامی

غلامی کا رواج دنیا کے تمام علاقوں میں شروع سے ہی رہا ہے - نجی غلاموں کے علاوہ معبدوں کے لیے غلام رکھنے کا رواج بہت قدیم ہے - غلامی میسوپوٹیا اور مصر کی ریکارڈ شدہ تاریخ سے بہت پہلے رواج پا چکی تھی - قدیم ہندوستان میں اشوک کے کتبوں اور چانکیہ کے ارتھ شاسترا سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اُس سے پہلے ہی ہندوستان میں غلامی کا رواج تھا - قدیم یونانی شہری ریاستوں میں تمام غیر یونانی غلام ہوا کرتے تھے - روم نے ایک نئی قسم کی غلامی کا آغاز کیا جو نجی اور معبدوں کے غلاموں کے علاوہ تھی جسے بستی کی آبادی کی غلامی کا نام دیا جا سکتا ہے - قرون وسطیٰ میں اہل یورپ نے افریقہ سے غلاموں کی تجارت کی - ہندوستان میں ۱۸۴۳ء میں غلامی کو ممنوع قرار دیا گیا - ۱۸۸۵ء کی برلن کانفرنس ، ۱۸۹۰ء کے برسلز ایکٹ اور مجلس اقوام کی سرگرمیوں (خاص کر ۱۹۲۶ء کا کنونشن) کی رو سے غلامی کو ختم کرنے میں خاصی مدد ملی -

Slavism — غلامانہ اتباع ، اندھی تقلید

Slayer, man — آدم کش

Snake Indians — سنیک انڈین

شمالی امریکہ کے بعض قدیم قبائل کا مشہور نام

Snidesman — جعلی سکہ چلانے والا

Social ostracism — معاشرتی مقاطعہ ، حقہ پانی بند کرنا

Social revolutionary — اشتراکی انقلاب پسند

Social system — معاشرتی نظام

Marfat.com

Social war — معاشرتی جنگ

Socialist — اشتراکی

Socialist Labour Party — اشتراکی محنت کش جماعت ، اشتراکی مزدور جماعت -

امریکہ میں یہ جماعت ۱۸۷۰ء میں قائم کی گئی یہ سنڈکائی قسم کی اشتراکیت کی حامی تھی - ۱۸۹۹ء میں یہ زوال پذیر ہوگئی -

Socialist Party — اشتراکی جماعت (امریکی)

یہ جماعت امریکہ میں ۱۸۹۸ء میں قائم کی گئی -

Socinianism — ضد تثلیث

سولہویں صدی میں تثلیث کی مخالفت کا مذہبی نظام - اس نے منطقی دلائل کو قبول کیا اور تثلیث کو مسترد کیا -

Sock — سکھ تلا ، پائے تابہ

قدیم روم میں ایکٹروں کے ہلکے جوتے -

Soke — حق وصولی جرمانہ

(۱) برطانیہ میں ایک مقامی عدالت انصاف کا انعقاد اور اُسے بعض فیسیں اور جرمانے وصول کرنے کا حق - نارمن فتوحات سے پہلے ایسی عدالتوں کا زوال ہونا شروع ہوگیا تھا - کچھ اُٹھارویں اور اُنیسویں صدی میں بھی قائم رہیں -

(۲) علاقہ عدالت

وہ علاقہ جہاں تک ایسی عدالت کو اختیارات حاصل تھے -

Solarism — یہ فلسفہ کہ قدیم انسان کی ابتدا اُن روایات سے ہوئی جو نظام شمسی سے تعلق رکھتی تھیں -

Soldiership — سپاہ گری

Marfat.com

Soldiery سپاہ ، فوج ، لشکر

Solemnity مذہبی رسم ، مذہبی لشکر

Solemnization رسوم منانا ، رسوم ادا کرنا

Solifidian اس نظریے کا قائل کہ نجات کے لیے صرف عقیدہ کافی ہے

Solstitial point نقطہ انقلاب

Soothsayer نجومی ، جوتشی ، رمال

Sophist قدیم یونانی معلم جو اُجرت لے کر فلسفہ اور خطابت کی تعلیم دیتا تھا ۔

Sororicide خواہر کشی ، خواہر کش

South Sea Buble ساؤتھ سی ببل

لاطینی امریکہ میں تجارت کی غرض سے یہ جائنٹ سٹاک کمپنی ۱۷۱۱ء میں انگلینڈ میں رابرٹ ہارلے نے قائم کی ۔ اس نے قومی قرضہ کی واپسی کا بھی کم شرح سود پر وعدہ کیا ۔ فراڈ ظاہر ہونے پر ۱۷۲۰ء میں کمپنی ختم ہوگئی اور رابرٹ والپول کو کمپنی کے قرضوں کی واپسی کے لیے خزانے کا چانسلر بنایا گیا ۔

Spade husbandry کاشت کا وہ طریقہ جس میں زمین کو بہت گہرا کھودا جاتا ہے ۔

Spahi سپاہی

(۱) ترکی کی بے قاعدہ سوار فوج کا ایک رکن ۔ یہ فوج زیادہ تر جاگیرداری بنیاد پر قائم کی جاتی تھی ۔ ۱۸۲۶ء کے بعد اسے توڑ دیا گیا ۔

(۲) الجزائر کی دیسی فوج کا ایک رکن جس نے فرانسیسی حکومت کے تحت کام کیا ۔ اسے ۱۹۶۲ء کے بعد توڑ دیا گیا ۔

Marfat.com

Spaniard

اہل ہسپانیہ

Spartan city-state

اسپارٹائی شہری ریاست

لیسونیا اور میسنیا کے ڈورین فاتحین کی قائم کردہ ریاست جو بہت زیادہ مستحکم ہوئی - ساتویں صدی ق‌م میں یہ علم و ادب کا گہوارہ تھی لیکن چھٹی صدی ق‌م میں فوجی فنون میں غالب ہوگئی - یہ ایتھنز کی رقیب ریاست تھی - یہ ۴۳۱ - ۴۰۴ ق‌م میں لڑی جانے والی پیلوپونیسین جنگ کی تباہ کاریوں سے بری طرح متاثر ہوئی - اگرچہ اسے فتح حاصل ہوئی لیکن ۳۷۱ ق‌م میں لیوکٹرا کے مقام پر اسے شیبنز سے شکست ہوئی - مقدونیہ کے فلپ دوم کے ہاتھوں شکست کے بعد اس کا زوال شروع ہوا اور رومیوں سے شکست کھانے کے بعد اس کا نام و نشان مٹ گیا -

Spearhead

ہراول دستہ

Spearman

نیزہ بردار

Spearside

خاندان کا سلسلۂ پدری

Specie

سکہ جس پر حکومت کی مہر اُس کی نقدی کی حیثیت سے قیمت ظاہر کرتی ہے -

Spiritual aristocracy

مذہبی اشرافیہ

Spiritual discipline

روحانی تزکیہ

Spiritual Lords

اُمرائے دین

Spiritualism

ارواحیت ، فلسفۂ روحانیت

یہ عقیدہ کہ روح مادہ سے الگ موجود ہے یا کہ قائم بالذات ہے -

Spiritualist

فلسفۂ روحانیت کا حامی

Spit-poison

ہجو گو ، زہر اُگلنے والا

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Spoil | یغما ، مال غنیمت |
| Spoiler | لٹیرا ، غارت گر |
| Spoils of war | غنائم جنگی |
| Sprawl | فوج کا ادھر اُدھر بے قاعدہ پھیل جانا |
| Square | مربع کی شکل میں فوج کو کھڑا کرنا |
| Squireen | ادنیٰ حیثیت کا زمیندار |
| Squirelet | چھوٹا زمیندار ، چھوٹا جاگیردار |
| Stadtholder/Stadholder | (۱) گورنر<br>قدیم ہالینڈ میں کسی صوبے یا قصبے کا وائسرائے یا گورنر ۔<br>(۲) صوبجات متحدہ میں ایک اعلیٰ میجسٹریٹ ۔ |
| Stage-coach | ڈاک گاڑی ، منزل رساں گاڑی |
| Staging | سفر بذریعہ ڈاک گاڑی |
| Stake | لکڑی کا کھمبا جس کے ساتھ باندھ کر زندہ جلایا جاتا |
| Standard | پرچم ، علَم |
| Stanislaus | سٹینس لاؤس<br>پولینڈ کے بادشاہوں کے نام<br>سٹینس لاؤس اول (۱۶۷۷ء - ۱۷۶۶ء) - یہ ۱۷۰۴ء - ۱۷۶۶ء تک برسر اقتدار رہا ۔<br>سٹینس لاؤس دوم (۱۷۳۲ء - ۱۷۹۸ء) - یہ ۱۷۶۴ء - ۱۷۹۸ء تک برسر اقتدار رہا ۔ |

Marfat.com

Stannary

ٹین کی کان

برطانیہ میں ڈیون اور کارنوال کے اضلاع میں ٹین کی کانیں جو خصوصی عدالتوں کے دائرہ اختیار میں تھیں -

Star chamber, Court of

ستارے والے ایوان کی عدالت

برطانیہ میں شروع سے ہی عوام کی اپیلیں بادشاہ اور اُس کی کونسل سنا کرتی تھی - ایڈورڈ چہارم نے اُس کی سرگرمیاں صرف سیاسی نوعیت تک ہی محدود رکھیں جو امن عامہ اور فوجداری معاملات کے ساتھ متعلق ہوتیں - یہ عدالت ویسٹ منسٹر محل کے سٹار چیمبر (ستاروں والے ایوان) میں لگتی - اسے ۱۶۴۰ء کی طویل المیعاد پارلیمنٹ نے منسوخ کر دیا -

Star of David

کوکب داودؑ، نجم داودؑ

چھ کونوں والا ستارہ جو یہودیت کا نشان ہے -

Starve

محصور فوج کا آب و دانہ بند کر کے اُسے ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنا -

State, Old North

قدیم شمالی ریاست

شمالی کیرولینیا (یو ایس اے) کا نام -

Steersman

جہازران ، جہاز چلانے والا

Steermanship

جہاز رانی

Stereotyped

فرسودہ ، غیر متبدل ، رسمی ، لکیر کا فقیر

Sterling

برطانوی کرنسی ، اسٹرلنگ

Stewarts/Su arts

اسٹوارٹ

وہ خاندان جس نے اسکاٹ لینڈ میں ۱۳۷۱ء - ۱۷۱۴ء تک اور برطانیہ میں ۱۶۰۳ء - ۱۷۱۴ء تک حکومت کی اس کا آغاز

Marfat.com

۱۱۶۰ء کے لگ بھگ اسکاٹ لینڈ میں موروثی منتظمین کے طور پر ہوا ۔ رابرٹ دوم کی ۱۳۷۱ء میں تخت نشینی کے بعد شاہی اقتدار اس خاندان ہی میں رہا ۔ ملکہ این کی وفات کے بعد اقتدار خاندان ہنوور کے پاس چلا گیا ۔

Sthanakavasi, the — ستھنا کاواسی

جین مت کا ایک فرقہ ۔

Stock breeder — مویشی پالنے والا

Stock farmer — مویشی پالنے والا

Stoic aversion — رواقی منافرت

Stoicism — رواقیت

یونان کے فلسفی زینو نے ۳۰۰ ق م کے لگ بھگ اس مکتب فکر کی بنیاد رکھی جس میں حیات انسانی کا مقصد نیکی قرار دیا گیا اور جذبات کو روکنے اور خوشی اور رنج کے احساس سے آزاد ہونے کی تعلیم دی گئی ہے ۔ رواقیت کو دوسری صدی ق م میں روم میں متعارف کرایا گیا ۔

Stone Age — عہد حجری

زمانہ جب سارے اوزار وغیرہ پتھر کے ہوتے تھے ۔

Stone-cutter — حجار ، سنگ تراش

Storming party — طوفانی دستے

وہ دستے جو حملے کے لیے متعین کیے جائیں ۔

Stratgem — گھات حیلۂ جنگی

Strategic operations — عملیات سوق الجیش

Strategics — فن حرب ، فن لشکر کشی

Strathclyde — سٹرا تھیکلائڈ

ایک قدیم برطانوی بادشاہت جس کا دارالحکومت پہلے کارلیسل اور بعد میں ڈمبارٹن کے پہاڑی قلعہ میں واقع تھا ۔ اس بادشاہت کے کچھ آثار ساتویں صدی عیسوی تک موجود تھے ۔

Street fighting — کوچہء جنگی

Stupa — سٹوپا

بدھوں کے زمانے میں گنبد نما یادگاری عمارتیں ۔

Sturdy peasantry — تنومند کاشتکار طبقہ

Sturdy yeomanry — تنومند زراعتی طبقہ

Style — (۱) زمانہ قدیم کی لکھنے کی سلائی جس کا ایک سرا نوکدار اور دوسرا موٹا اور کند ہوتا تھا ۔

(۲) دھوپ گھڑی کی لوہے کی چھڑی

Sub-breed — ذیلی نسل کی شاخ

Sub-deacon — نائب پادری ، نائب پادری کا عہدہ

Sub-kingdom — ذیلی بادشاہت

Subject minorities — محکوم اقلیتیں

Subject nations — محکوم اقوام

Subject races — محکوم نسلیں

Subjects — رعایا

Subjugation — انقیاد ، اطاعت ، محکومی ، تسخیر

Marfat.com

لوگوں کو قوت کے بل بوتے پر فاتح کے آگے سر تسلیم خم کرانے کا عمل ۔

Sublime Port باب عالی

ترکی کے سلطان کے دربار کو ۱۹۲۲ء سے قبل اس نام سے یاد کرتے تھے ۔

Subsidy خاص رقم ، امدادی رقم

برطانیہ میں قرون وسطیٰ میں عام معمول کے لگان کے علاوہ جو رقم پارلیمنٹ بادشاہ کو دیتی تھی ۔ یہ عام طور پر تین صورتوں میں خرچ کی جاتی تھی اور ان تمام کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری درکار ہوتی تھی :۔

(۱) گاڑیوں پر ٹیکس جو پہلے پہل ایڈورڈ اول کے زمانے میں عائد کیا گیا ۔

(۲) زمینوں اور اشیا پر ٹیکس جو ۱۵۱۴ء میں عائد کیا گیا ۔

(۳) اُون اور چمڑے کی اشیا پر عائد کردہ ٹیکس ۔

Succession, law of قانون وراثت ، قانون جانشینی

Successor جانشین ، وارث ، ولی عہد

Successor state جانشین ریاست

Sudarium مقدس رومال

(۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رومال جو وہ اپنے سر پر باندھتے تھے ۔

(۲) معجزے کا رومال جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تصویر اُتر آئی تھی ۔

Sudatorium — عرق خانہ

قدیم روم میں ایسے حمام جن میں بہت زیادہ پسینہ آتا تھا ۔

*Sudras*, the — شودر

قدیم ہندوستان کے ذات پات کے نظام میں چوتھی ذات جسے کم ترین سمجھا جاتا ۔ اُن کو بستیوں سے باہر آباد کیا جاتا ۔ اگر کوئی شودر گیتا کے الفاظ سن لیتا تو اُس کے کانوں میں سیسہ پگھلا کر ڈال دیا جاتا ۔ ان سے کم تر جسمانی کام لیے جاتے اور طرح طرح کی اذیتوں کا نشانہ بنایا جاتا ۔

Sufi/Sofi — صوفی

Sufis, line of — سلسلۂ صوفیا

عظیم صوفیا کی تعلیمات جو اُن کے پیروؤں کی وساطت سے چلی آ رہی ہیں ۔ ان میں تین بڑے سلسلے ہیں ۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا سلسلہ ۔ سلسلہ قادریہ کہلاتا ہے ۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے سلسلے کو سلسلہ چشتیہ کہا جاتا ہے ۔ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے سلسلے کو سلسلہ سہروردیہ کہتے ہیں ۔

Sufism — تصوف

مسلمانوں کے ہاں عارفانہ حکمت جس نے دسویں اور گیارہویں صدی میں خاص طور پر ایران میں فروغ پایا ۔ یہ روح کا رشتہ خدا تعالیٰ کے ساتھ جوڑتے ہیں ۔ اس تحریک کے ایک بڑے فلسفی امام غزالیؒ ہیں ۔ فلسفی شعرا میں (فارسی میں) فریدالدین عطار ، حافظ ، جامی اور عمر خیام قابل ذکر ہیں ۔

Sui — سوئی

چین کا ایک حکمران خاندان جس نے ۵۸۱ء - ۶۱۸ء تک حکومت کی ۔

Sultanate — سلطنت ، بادشاہت

Marfat.com

Sultaness — زن سلطان ، مادر سلطان ، دختر سلطان

Sultanship — منصب سلطان ، عہدہ سلطانی

Sumer/Sumerian civilization — سمور تہذیب

جنوبی میسو پوٹیا میں فروغ پانے والی غیر سامی تہذیب جو پانچ ہزار برس ق م میں سموری شہری ریاستوں میں پھلی پھولی ۔ ان ریاستوں میں اریک ، کش ، لا گاش اور اُر قابل ذکر ہیں ۔ اس تہذیب میں زراعت میں ترقی کرنے کے ساتھ ساتھ ظروف سازی اور دھاتوں کے اوزار بنانے بھی شامل ہیں ۔ بابل کی ترقی سے اس تہذیب کو زوال ہوا ۔

Sun worship — آفتاب پرستی

Sun worshipper — آفتاب پرست

Sunga dynasty, the — سنگا خاندان

اس خاندان کی بنیاد ہندوستان میں پشیا میترا نے ۱۸۵ ق م میں رکھی جو آخری موریہ بادشاہ بریہادارتھا کا سپہ سالار تھا ۔ اُس نے اُسے قتل کر کے خود اقتدار پر قبضہ کر لیا ۔ اس خاندان کا اقتدار ۱۱۲ سال رہا ۔

Sunna/Sunnah — سنت

لغوی معانی طریقہ اور انداز حیات کے ہیں ۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال اور اقوال کی مستند روایت ۔

Sunnis, the/Sunnite — اہل سنت

سنت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کرنے والا ایک مسلم فرقہ ۔ یہ خلفا راشدین کو اُن کے سینین کے اعتبار سے ٹھیک تسلیم کرتا ہے ۔ اس کی عرب دنیا ، ترکی ، ہندوستان ، پاکستان اور افریقی ممالک وغیرہ میں اکثریت ہے ۔ برصغیر میں سلاطین دہلی اور

Marfat.com

مغل بادشاہ کا تعلق اسی فرقہ سے تھا اور اُنھوں نے کئی ایک دفعہ اہل تشیع کے ساتھ جنگیں بھی کی تھیں -

Superhuman
انسانی طاقت اور ادراک سے باہر

Supernaturalism
مافوقیت ، معجزے وغیرہ کا قائل ہونا

Superstitution
ضعیف الاعتقادی ، اوہام پرستی ، توہم پرستی

Supreme Pontiff
پاپائے اعظم ، پوپ

Sur dynasty, the
سوری خاندان

ہندوستان میں ۱۵۴۰ء میں شیر خاں نے شیر شاہ سوری کا لقب اختیار کر کے اس خاندان کی بنیاد رکھی - اس خاندان نے پندرہ سال حکومت کی اور اس کے تین بادشاہ ہوئے یعنی شیر شاہ (۱۵۴۰ء - ۱۵۴۵ء) ، سلیم شاہ (۱۵۴۵ء - ۱۵۵۴ء) اور عادل شاہ (۱۵۵۴ء - ۱۵۵۶ء) - شیر شاہ نے ایسا انتظامی ڈھانچہ مرتب کیا اور ایسی اصلاحات نافذ کیں کہ صدیوں تک اُس کے نقش قدم پر حکومت کا کاروبار چلتا رہا -

Sura dynasty, the
صورا خاندان

بنگال میں ادی صورا نے اس خاندان کی بنیاد رکھی - اس کے متعلق کسی سن وغیرہ کا علم نہیں ہے البتہ یہ خاندان گیارھویں صدی میں اپنے عروج پر تھا - ۱۰۹۵ء میں سینا خاندان کے برسر اقتدار آنے سے اُس خاندان کا زوال ہو گیا -

Surcoat
(۱) بالا پوش
زرہ بکتر کے اُوپر پہننے کا ڈھیلا ڈھالا لباس -

(۲) سرکوٹ
قرون وسطیٰ کے آخری دور میں مرد اور عورت ایک لمبا چوغا جو ڈھیلا ڈھالا ہوتا ، پہنتے تھے -

Marfat.com

**Sussex, kingdom of** بادشاہت سسیکس

انگلینڈ کی یہ بادشاہت ۴۷۷ء سے ۸۲۵ء تک قائم رہی - یہ آخری بادشاہت تھی جس نے عیسائیت کو قبول کیا - ۸۲۵ء کے بعد یہ قلمرو ارل کے طور پر باقی رہی -

**Suttee/Sati** (۱) ستی

(۲) ستی کی رسم

**Swashbuckler** بھاڑے کا بانکا

ایسا شخص جو مارنے مرنے کو تیار رہتا ہو اور کرائے پر لڑتا ہو -

**Swiss Guards** سوس محافظین

پندرہویں صدی سے ۱۸۷۴ء تک مختلف یورپی افواج میں خدمات سر انجام دینے والے کرائے کے سپاہی - ۱۸۷۴ء میں آئین کے تحت ایسے اقدام کی ممانعت کر دی گئی -

**Synagogue** یہودیوں کا معبد

جرمن لفظ بمعنی اسمبلی - حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور سے اس اصطلاح کا استعمال ایک ایسے اجتماع کے لیے کیا جاتا تھا جو مذہبی مقاصد کے لیے ہوتا تھا - ہیکل سلیمانی کی تباہی کے بعد معبد نے اہمیت حاصل کر لی - قرون وسطیٰ میں یہ یہودی زندگی کا ذہنی اور معاشرتی مرکز تھا - خدمات سادہ ہوا کرتی تھیں اور اس کا سربراہ سرکاری طور پر مقرر نہیں کیا جاتا تھا -

**Syrinx** مصری قبروں میں تنگ سا دالان

Marfat.com

# T

Tab — اسٹاف افسروں کے گریبان پر لگا ہوا فوجی نشان

Tabaqat-i-Akbari, the — طبقات اکبری

شہنشاہ اکبر کے دور کی سرکاری تاریخ جسے اکبر کے درباری نظام الدین احمد نے لکھا ۔ یہ تواریخ اور تذکرۃ البلاد کے لیے سب سے زیادہ معتبر تاریخ ہے ۔

Tabaqat-i-Nasiri, the — طبقات ناصری

سلاطین دہلی کے ابتدائی دور کی تاریخ جسے منہاج الدین سراج نے تحریر کیا ۔ اُسے ناصرالدین قباچہ (۱۲۴۶ء - ۱۲۶۶ء) کی سرپرستی حاصل تھی ۔

Tabard — شاہی نقیب کی وردی

Tabernacle (L.) — شامیانہ ، جھونپڑا

کنعان میں مستقل آبادکاری سے قبل یہودیوں کا سفری معبد ۔ اسے خدا تعالیٰ کی رہائش گاہ خیال کیا جاتا تھا ۔ اس میں وہ صندوق بھی رکھتے تھے جس کے اندر توریت کی تختیاں محفوظ تھیں ۔

Tabor — طنبورہ ، طبلہ ، ڈھولک

Taborites — اہل طبور

چیکو سلواکیہ کے شہر طبور میں اپنے مضبوط قلعہ کی وجہ سے وہ



Marfat.com

حسی بھی کہلاتے تھے ۔ وہ کچھ انتہا پسند بھی تھے ۱۴۳۴ء میں کیتھولکوں نے اُن کو لسپانی کے مقام پر شکست دی ۔

لوح مصفا
Tabula area

Taille جاگیرداری ٹیکس جو پرانے وقتوں میں عام لوگوں پر عائد کیا جاتا تھا

ٹپنگ بغاوت
Taiping Rebellion

چین کے ونسگ خاندان کے خلاف بغاوت جو ۱۸۵۰ء - ۱۸۶۵ء کے دوران میں کی گئی ۔ اس کا قائد ہنگ شیو چیانگ تھا جس نے ایک نئے خاندان ٹپنگ کی بنیاد رکھنے کی کوشش کی ۔ ٹپنگ کے لغوی معانی "امن عظیم" ہیں ۔ چارلس جارج گورڈن کی قیادت میں فوج نے بغاوت کو کچلا ۔

تاج محل
Taj Mahal/Taj, the

ہندوستان کے شہر آگرہ میں یہ مقبرہ شاہ جہان (۱۶۲۸ء-۱۶۵۸ء) نے ۱۶۳۰ء-۱۶۴۸ء کے عرصے میں تعمیر کرایا ۔ یہ اُس کی چہیتی ملکہ ممتاز محل کا مقبرہ تھا ۔ اس پر اُس وقت پچاس لاکھ روپے خرچ آئے ۔ اس کا نقشہ اُستاد عیسیٰ نے تیار کیا ۔

امیران تالپور
Talpur, the Amirs of

سندھ کے امیران جنھیں انگریزوں نے ۱۸۴۳ء میں معزول کر کے شکست دی ۔ ان کا تعلق تالپور قبیلے کے ساتھ تھا ۔

تلمور کا مؤلف یا عالم
Talmudist

تامِلا کام
Tamilakam

ہندوستان کی تین قدیم بادشاہتوں پندیا ، چولا اور کیرالا پر مشتمل علاقہ ۔ یہ پلی کٹ اور تریومیتھی کی پہاڑیوں (مدراس کے شمال مغرب کی طرف ۱۰۰ میل) سے کیپ کو مورن ، کورو منڈل کے ساحل اور

مغربی گھاٹ کے درمیان بالترتیب شمال ، جنوب ، مشرق اور مغرب کے درمیان واقع تھا -

ٹنگ خاندان T'ang dynasty

۶۱۸ء - ۹۰۶ء تک چین پر حکومت کرنے والا خاندان - اس کے عروج کے دنوں میں کوریا اور ترکستان بھی اس کے ماتحت تھے -

قدیم آئر لینڈ کا ولی عہد جو خاندان کا طاقتور فرد ہوتا تھا اور قبیلے کی جائیداد کا وارث بھی - Tanist

قدیم آئر لینڈ میں وراثت مذکورہ کا انتخاب جس میں جاگیردار کے وارث کا اہل خاندان چناؤ کرتے تھے - Tanistry

تنترا Tantra

ہندو مذہبی تحریروں (آٹھویں -- تیرہویں صدی) کی ایک قسم جو برہمنیت کی مذہبی اور معاشرتی ضمانتوں کی مخالفت کرتی تھی -

مسلک تنترا Tantrism

مہایانا بدھ مت کی ایک شکل جو شمالی ہندوستان میں اُبھری اور اس نے ہندو تنترا کے عقائد کو اپنے اندر سمو لیا -

تاؤئیت Taoism

چینی فلسفی (۶۰۴ ق‌م میں پیدا ہوا) لاوئزے کا مذہب جو بدھ مت سے بہت زیادہ متاثر ہے - اُس کا خیال ہے کہ متھو خانہ غور و خوض کے ذریعے خواہشات کے جنگل سے باہر نکل آنا چاہیے - پانچویں صدی عیسوی میں یہ ایک مکمل مذہب بن چکا تھا اور اس نے کئی ایک دیویوں کی پرستش شروع کر دی تھی -

شمع ، مشعل Taper

Marfat.com

تاتاری گھوڑا

**Tarpan**

جنگلی گھوڑا جو تاتاری اپنے استعمال میں لاتے تھے - یہ نسل اب معدوم ہے -

چھوٹے کھیسے

**Tasses**

زرہ بکتر پر دھات کے بنے ہوئے جیب جو لٹکتے رہتے تھے اور اس طرح رانوں کی حفاظت ہو جاتی -

تاتار

**Tatars/Tartars**

تیرہویں صدی میں منگول قیادت میں ایشیا اور یورپ کے بڑے حصے کو روندنے والے لوگ - اصل تاتار شاید وسطی ایشیا یا وسطی سائبیریا سے آئے -

چابک ، تسمہ

**Taws (e)**

اسکاٹ لینڈ میں لڑکوں کو سزا دینے کا تسمہ یا چابک

ٹھیکہ دار محاصل

**Tax farmer**

فرانس میں فرد جو حکومت سے محصول وصول کرنے کا ٹھیکہ لیتا تھا -

ٹیکسلا کی تہذیب

**Taxila civilization**

پانچویں صدی ق م کے شروع میں ٹیکسلا سوات ، چارسدہ اور تخت بائی میں پائے جانے والے کھنڈرات سے پتہ چلتا ہے کہ اس علاقے میں ایک نہایت ہی شاندار تہذیب پروان چڑھ رہی تھی - شہروں میں تجارتی مراکز ، رہائشی مکانات ، عبادت گاہیں ، محلات ، اسٹوپا اور خانقاہیں عام تھیں - اسٹوپا میں مردوں کی راکھ دفن کی جاتی تھی - ان کی تعمیر میں یونانی اور رومی اسالیب کا خاصا دخل تھا - اشوک کے زمانہ میں ٹیکسلا وانسرائے کا صدر مقام ہوا کرتا تھا - اسکندر اعظم کے حملے کے وقت یہ راجہ امبھی کا دارالحکومت تھا -

Marfat.com

Taxis

دستہ فوج

قدیم یونان میں دستہ فوج

Teknonymy

بیٹے کے نام پر باپ کا نام رکھنے کا رواج جیسے ابو یوسف

Teleologism

فلسفہ غایات

Teleologist

غایتیت پسند

Teleology

غایتیات ، غایتیت ، فلسفہ غایات

یہ نظریہ کہ کائنات کے تمام تغیرات کسی غایت یا مقصد کے تحت واقع ہوتے ہیں -

Temerity

جانبازی ، نڈر پن

Templar

بہادر

(۱) زائرین بیت المقدس کی حفاظت کرنے والے بہادر -

(۲) صلیبی جنگوں میں حصہ لینے والے عیسائی سپاہی -

Template

معبد

یہودیوں کے معابد میں سے کوئی ایک معبد -

Temple, fire

آتش کدہ

Temple, idol

بت کدہ

Temporal monarchy

دنیوی بادشاہت

Temporal salvation

دنیوی نجات

Ten Commandments/Decalogue

دس احکام

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے

دیے گئے دس احکام جن کی یہودیت کے اخلاق نظام میں بنیادی اہمیت ہے ۔

Tenancy — کرایہ داری ، مدت اجارہ ، لگان داری

Tenant farmer — مزارع ، کاشتکار

Tenant farming — مزارعی کاشتکاری

Tenant right — کرایہ دار یا لگان دار کا دوامی حق

Tenantry — کرایہ دار لوگ ، لگان دار لوگ ، رعایا

Tenement — (۱) جاگیر ، اراضی جو مالک کی تحویل میں ہو
(۲) امرا کا خطاب یا منصب

Tenure, barony of — بیرنی از روئے حقیقت اراضی

Tenure, feudal — جاگیر داری

Tenure, military — فوجی جاگیر
جو فوجی خدمت ادا کرنے سے مشروط ہو ۔

Tercentenary/Tercentennial — تین صد سالہ جشن

Tergiversator — مرتد
ایک بات پر قائم نہ رہنے والا ۔

Terminism — فلسفۂ اسمیت
یہ عقیدہ کہ ہر شخص کے لیے توبہ کا ایک محدود زمانہ ہوتا ہے ۔

Terminist — اسمیت پسند

Terror, Red — انقلابیوں کا عہد خون ریزی

Marfat.com

Terror, Reign of
(۱) عہد خونین
(۲) انقلاب فرانس کا زمانہ

Terror, The
(۱) عہد خونین
(۲) انقلاب فرانس کا زمانہ

Terror, White
رجعت پسندوں کا عہد خون ریزی

Tester
ہنری ہشتم کے زمانے کا شلنگ

Testudo
صف بندی
قدیم روم میں صف بندی جس میں سپاہی ڈھال سے ڈھال ملا کر صف بندی کیا کرتے تھے -

Tetrarch
عامل
قدیم روم میں صوبہ دار یا گورنر -

Teutonicism/Teutonism
ٹیوٹانی قوم کی خصوصیات

Thags, the
ٹھگ
اُنیسویں صدی میں ہندوستان میں قاتل اور ڈاکو جو چھوٹے چھوٹے گروہوں میں نقل و حرکت کرتے اور معصوم مسافروں کو گلے میں پھندا ڈال کر ہلاک کر دیتے - اُن کا مسکن زیادہ تر وسطی ہندوستان تھا - اُن کے خلاف ۱۸۳۰ء میں کارروائی کی گئی اور بڑی مشکل سے کرنل سیلمن اُن پر قابو پا سکا -

Thalamus
زنانہ
قدیم یونان کے مکانات کے اندر کا حصہ -

Thanage
رتبہ چودہری ، قلمرو چودہری

Thane/Thegn
اینگلو سیکسن دور کا موروثی اُمرا کا لقب

Marfat.com

The Gospel
انجیل

Theomaniac
جنون الوہیت

اپنے آپ کو خدا سمجھنے کا خبط ۔

Theomaniac
اپنے آپ کو خدا سمجھنے والا جیسے فرعون

Theophilanthropist
(۱) خدا کی محبت کے ساتھ بنی نوع انسان کے ساتھ محبت کا اُصول اپنانے والا

(۲) خدا کا اقرار مگر وحی کا انکار کرنے والا

Theological strife
مذہبی منافشہ

Theology
علم دین ، الٰہیات ، دینیات ، مذہبیات

Theology, natural
فطری دینیات

یہ عقیدہ کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت کا ذریعہ مشاہدہ فطرت اور عقل ہے ۔

Theology, positive
مثبت دینیات

دین جو وحی اور تنزیل پر مبنی ہو ۔

Theology, revealed
مثبت دینیات

دین جو وحی اور تنزیل پر مبنی ہو ۔

Theorbo
سارنگی

سترہویں صدی کی ایک سارنگی جس کی دوہری گردن ہوتی تھی ۔

Three Emperors' League
تین شہنشاہوں کی لیگ

آسٹریا ۔ ہنگری ، جرمنی اور روس کے درمیان غیر رسمی سمجھوتہ جس کا سرکاری طور پر ۱۸۷۲ء میں اعلان کیا گیا ۔ اس کا مقصد

Marfat.com

تینوں کے درمیان امن قائم کرنا تھا - ۱۸۷۷ء - ۱۸۷۸ء کی روسی ترک جنگ کی وجہ سے اس پر ضرب کاری پڑی اور ۱۸۷۹ء میں یہ جرمنی اور آسٹریا کے معاہدہ کے بعد ختم ہوگیا -

**Three Holy Children**

تین مقدس بچے

تین یہودی جن کو جلا وطنی کے دوران میں ایک خوفناک آگ میں بنوکد نصر نے ڈال دیا لیکن اُن کو ایک فرشتے نے زندہ نکال لیا - اُن کے نام عذرا ، ہانیشاہ اور مشغل تھے -

**Thug**

ٹھگ

تیرہویں سے اُنیسویں صدی تک ہندوستان میں ڈاکو اور قاتل -

**Thuggee**

ٹھگی ، بدمعاشی

ٹھگ کا لوٹنے اور قتل کرنے کا اقدام -

**Thumb-screw**

انگوٹھا توڑ

قدیم زمانے میں مجرموں کو سزا دینے کے لیے اوزاروں سے اُن کے انگوٹھے دبا کر توڑ دیے جاتے تھے -

**Tiara**

تاج ، پوپ کا منصب ، دستار

**Tiarad**

تاج دار ، کلاہ پوش

**Ticket-of-leave-man**

زیرنگرانی رہائی پانے والا

برطانیہ میں ایسا مجرم جسے جیل سے اس شرط پر رہائی ملتی تھی کہ وہ اچھا کردار اپنائے گا اور باقاعدگی سے پولیس کو رپورٹ کیا کرے گا -

**Tiger**

سائیس

برطانیہ میں فٹن گاڑی کا سائیس جو پیچھے نشست پر کھڑا رہتا اور اُس کا مالک گاڑی چلاتا -

Marfat.com

Tilbury — ٹلبری

اُنیسویں صدی میں برطانیہ کی ایک ہلکی گاڑی جس میں دو نشستیں ہوتیں اور اُس کے دو پہیے ہوتے ۔ اس کا چھت نہیں ہوتا تھا ۔

Tillage — کاشتکاری ، زراعت

Tiller — کاشتکار

Tilt — نیزے کا وار کرنا ، برچھی چلانا

Tinderbox — سوختہ دان

ڈبیا جس میں چقماق کو سوختے پر رگڑ کر آگ نکالتے ہیں ۔

Timurids — تیموری خاندان

امیر تیمور (۱۳۳۶ء - ۱۴۰۵ء) کا قائم کردہ خاندان جس کی سلطنت اُس کی وفات پر دریائے فرات سے دریائے سندھ تک پھیل گئی ۔ پندرہویں صدی کے وسط میں یہ انتشار کا شکار ہوگئی ۔

Tippet — (۱) بے آستین کی نیم قبا
(۲) زنانہ گلوبند

Titan — یونانی دیومالا کے مطابق ۱۲ مرد اور عورت جنوں میں سے ایک جن

Tithing — دس افراد کی مجلس

برطانیہ میں دس افراد کی مجلس جس کا ذکر بادشاہ نٹ (۱۰۱۷ء - ۱۰۳۵ء) کے مجموعۂ قوانین میں ملتا ہے ۔ بارہ برس سے زائد عمر کے افراد کے لیے اس میں شرکت لازمی قرار دی گئی ۔

Titles of sovereignty, nobility and honour — اقتدار اعلیٰ ، عالی منشی اور عظمت کے القاب

Marfat.com

اعلیٰ ترین لقب یعنی شہنشاہ بنیادی طور پر فوجی نوعیت کا حامل تھا ۔ یہ آ گسٹس سیسزز اور بعد میں رومی اور بازنطینی سلطنتوں کے فرمانرواؤں نے اختیار کیا ۔ یہ لقب شارلیمان کو ۸۰۰ء میں دیا گیا اور ۱۸۰۴ء میں نپولین نے اختیار کیا ۔ ۱۸۷۷ء میں ملکہ وکٹوریہ نے قیصرۂ ہند کا لقب اختیار کیا ۔ مقدس رومی سلطنت میں شہنشاہ اور بادشاہ سے نیچے القابات یہ تھے :۔ ہرزوگ ، فلزگراف ، مارکگراف لینڈ گراف اور گراف ، بیرن اور فیرہر ، رٹر اور پری فکس ریچز ۔ انگریزوں کے القاب یہ تھے :۔ پرنس ، ڈیوک ، مارکوئیس ، ارل ، وائی کاؤنٹ ، بیرن ، بیرونٹ اور نائٹ ۔

Toc H

جنگ عظیم اول کے دوران میں یہ انجمن اس غرض سے قائم ہوئی کہ اس وقت کے دوستانہ تعلقات آئندہ برقرار رکھے جائیں ۔ اس کی شاخیں کئی ایک ممالک میں قائم ہوئی ۔

Toga

چوغہ ، ٹوگو

قدیم روم میں ہر طبقے کے افراد (مرد اور عورتیں) یہ لبادہ پہنتے ، بعد میں اسے صرف مرد ہی پہنا کرتے ۔ اس کے رنگ سے اُس فرد کے منصب کا اندازہ ہو جاتا ۔ اس کے علاوہ کناروں پر رنگدار حصہ بھی ہوتا یا کشیدہ کاری کی جاتی ۔ ایک مدت تک یہ قیصر روم کے وائسرائے کا تقریبات کا لباس رہا ۔

Tols

ٹولس

سنسکرت کے مکاتیب جو کہ ہندوانہ نظام تعلیم کی خصوصیت تھی ۔ یہ مکاتیب چلانے والے پروفیسروں (جن کو ادبا پا کاس کہا جاتا تھا) کے گھروں پر ہی قائم ہوتے ۔ وہ اپنے خرچ سے ان کو چلاتے ۔ وہ طالب علموں کو اپنی طرف سے رہائش ، خوراک حتیٰ کہ بعض دفعہ کپڑے بھی مہیا کرتے ۔

Toltec

ٹولٹیک

چھٹی اور آٹھویں صدی عیسوی کے درمیان میکسیکو کی ایک قدیم

Marfat.com

تہذیب ۔ اس دور میں لوگ دھاتوں کو پگھلا کر اوزار بناتے اور عظیم الشان عمارتوں میں رہائش رکھتے ۔ وہ سورج کی پرستش کرتے تھے اور انسانی قربانی پیش کرتے ۔ ۱۱۱۶ء کے لگ بھگ ٹولان کی تباہی کے بعد اس تہذیب کا خاتمہ ہوا ۔

ٹوماراس
Tomaras, the

گیارہویں صدی عیسوی میں دہلی کے علاقے پر حکومت کرنے والے راجپوت ۔

دوزخ ، جہنم
Tophet

بیت المقدس کے قریب وادی ہنوم جہاں کوڑا کرکٹ جلانے کے لیے ہمیشہ آگ روشن رہتی ۔

ٹوک
Toque

سولہویں صدی میں مردوں کے زیر استعمال ہیٹ جس کا تنگ چھجا ہوتا تھا ۔ اسے خوبصورت پر سے سجایا جاتا ۔

سنگ پشت
Tortoise

قدیم روم میں سپاہیوں کی ڈھال سے ڈھال ملا کر کی ہوئی صف بندی ۔

ٹوری
Tory

(۱) امریکہ میں وہ شخص جس نے انقلابی جنگ (۱۷۷۵ء - ۱۷۸۳ء) کے دوران میں تاج برطانیہ کی حمایت کی ۔

(۲) آئر لینڈ میں سترہویں صدی میں وہ جلاوطن جو برطانوی آباد کاروں کو لوٹتے اور ہلاک کر دیتے ۔

(۳) برطانیہ میں سیاسی گروہ کا رکن جس نے ۱۶۷۹ء میں وگ کوششوں کی مخالفت کی کہ وہ جیمز دوم کی تخت نشینی کو روک سکیں ۔ ۱۶۸۸ء کے شاندار انقلاب کے بعد بیشتر ٹوریوں نے کلیسائے انگلستان کی حمایت کی ۔ انھوں نے تخت نشینی کے لیے وراثت کے حق کی بھی

Marfat.com

حمایت کی - ۱۷۱۰ء - ۱۷۱۴ء تک وہ ہارلے اور بولنگ بروک کے تحت برسر اقتدار آئے لیکن اپنے جیکوبی رجحانات کے باعث برطرف کر دیے گئے - ۱۷۶۰ء میں اُن میں سے بیشتر نے 'بادشاہ کے دوست' نامی انجمن میں شرکت کر لی - ۱۸۳۰ء میں وہ اقتدار سے دوبارہ ہٹائے گئے تو یہ قدامت پسند جماعت کے ساتھ وابستہ ہو گئے -

ٹوری کی اصل آئرش زبان میں ہے بمعنی ڈاکو -

Toryism
ٹوریٹ ، قدامت پسندی

Toupee
کاکل ، زلف ، وگ

اٹھارویں صدی میں امریکہ میں ایسی وگ لگانے کا عام رواج فروغ پا رہا تھا -

Tournament
نمائشی نیزہ بازی

قرون وسطیٰ میں نائٹوں کے فن سپاہ گری کی نمائش -

Tourney
فن سپاہ گری

Tower
برج ، مینار

Town
فصیل دار

آبادی جس کے گرد فصیل ہو -

Town crier
ڈھنڈورچی

قرون وسطیٰ میں امریکہ کے شہروں میں کوئی اعلان کرنے والا (منہ سے) سرکاری اہل کار -

Toxophilite
تیر اندازی سیکھنے والا

Toy soldier
کھلونے کا سپاہی

اس فوج کا سپاہی جسے کبھی لڑنا نہ پڑتا ہو -

Marfat.com

Tradition — روایت

(۱) احکام الٰہی جو فریسیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئے تھے۔

(۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی تعلیمات جن کو قلمبند نہیں کیا گیا تھا۔

(۳) رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال۔

Traditional collectivism — روایتی اجتماعیت

Traditional maxisms — روایتی مقولے

Traditional syndicalism — روایتی سند کائیت

Traditionalism — روایات پسندی ، روایات پرستی

Traditionalist — روایات پرستانہ

Train — افراد ، گاڑیاں اور جانور جو کسی فوج کے عقب میں رسد اور اسلحہ وغیرہ لے کر جاتے تھے۔

Train band — رضا کار فوج

یو ایس اے میں سولھویں اور سترہویں صدی میں ملیشیا۔

Transit duty — راہیانہ ، راہداری محصول

ایک ملک سے گزر کر سامان لے جانے پر ٹیکس

Transport — (۱) مجرم کو عبور دریائے شور کی سزا دینا

(۲) کالے پانی کی سزا کا مجرم

Treadmill — چکی چلانا

کسی چکی پر افراد کو کام پر لگانا کہ وہ اس کے اردگرد کولہو کو کھینچتے رہیں۔ ایسا سزا پانے والے افراد سے کام لیا جاتا۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| Treason | (۱) نابالغ بادشاہ کی شادی میں بغیر مطلوبہ منظوری کے اعانت کرنا |
| | (۲) ولی عہد کی بیوی کی بے حرمتی کرنا ۔ |
| Treason, high | ملک یا وقت حاکم سے غداری |
| Treason trials | مقدمات غداری |
| Treasure | خزانہ ، گنج |
| Treasurer | خازن ، گنجور ، خزانچی ، تحویل دار |
| Treasurership | خازن کا منصب ، خزانچی کا عہدہ |
| Treasure trove | گنج دفینہ ، جس کے مالک کا پتہ نہ ہو |
| Treasury note | سرکاری نوٹ |
| | برطانیہ میں ۱۹۱۴ء - ۱۹۱۸ء کے درمیانی عرصہ میں خزانے کا ایک پونڈ یا دس شلنگ کا جاری کردہ نوٹ ۔ |
| Tree | (۱) سولی ، صلیب |
| | (۲) شجرہ نسب |
| Trench | خندق ، خندق کھودنا |
| Trencher | خندق کھودنے والا |
| Trencher companion | طفیلی رفیق |
| Trial | محاکمہ ، آزمائش ، دادرسی ، مقدمہ کی سماعت |
| Trial by battle | فیصلہ بذریعہ مبارزت |
| Trial by combat | فیصلہ بذریعہ مبارزت ، تلوار کا فیصلہ |

Marfat.com

Trial by ordeal — فیصلہ بذریعہ عذاب جسمانی

Triarchy — سہ عملی ، تین افراد کی حکومت

Tribal council of elders — قبائلی جرگہ

Tribal law — قبائلی قانون

Tribal practice — قبائلی رواج ، قبائلی معمولات

Tribal uprisings — قبائلی شورشیں

Tribesmen — ہم قبیلہ

Tribunal — ٹربیونل

مقامی کمیٹی جو جنگ عظیم اول کے دوران میں (یو ایس اے میں) فوجی خدمات سے مستثنیٰ ہونے والوں کی درخواستوں پر غور کرتی تھی ۔

Tribunate — (۱) وکیل جمہور کا منصب یا فریضہ

(۲) وکیل جمہور کے عہدے کی مدت

Tribune — (۱) وکیل جمہور

قدیم روم میں عوام کا نمائندہ جو حکومت کے مقابلہ میں لوگوں کے حقوق کی حفاظت کرتا تھا ۔

(۲) قدیم روم میں وہ افسر جسے سال میں دو ماہ لشکر کی قیادت کرنا پڑتی تھی ۔

Tribuneship — وکیل جمہور کا عہدہ

Tributariness — باج گزاری ، خراج گزاری

Tributary state — باجگزار ریاست

Marfat.com

Tribute — خراج ، جزیہ ، خراج عقیدت

Tricolour — ترنگا ، تین رنگی جھنڈا سہہ رنگا علم

برابر سائز کے تین رنگدار حصوں والا پرچم خاص کر فرانسیسی انقلاب کے دوران میں استعمال کیا گیا ۔ سفید ، نیلا اور سرخ رنگوں والا قومی جھنڈا ۔

Trierarch ( - K - ) — کپتان

قدیم یونان میں سہ طبقہ جنگی جہاز کا کپتان

Trierarchy — کپتانی

قدیم یونان میں سہ طبقہ جنگی جہاز کے کپتان کا عہدہ

Trinitarian — تثلیثی ، معتقد تثلیث

تثلیث پر یقین رکھنے والا

Trinitarianism — تثلیث پر یقین

Trinity — تثلیث ، تین ہونا

